امپورٹڈ کاغذ جدید ایڈیشن

مکتوبات وبیاضِ یعقوبی

اور آپ کے مجرب

عملیات وتعویذات وطبی نسخہ جات

حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی کے مکتوبات اور آپ کی
قلمی بیاض کے پانچوں حصے جس میں تصوف وسلوک، سفرنامے اور تاریخی
حالات، منظومات اور آپ کے مجرب عملیات وتعویذات اور طبی نایاب ونادر
نسخوں کا مجموعہ

قلمی بیاض: استاذ العلماء حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی
حواشی وترتیب: حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی
حواشی متعلقہ طب: جناب حکیم محمد مصطفیٰ صاحب بجنوری

دار الاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان 2213768

مکتوبات و بیاضِ یعقوبی

اور آپ کے مجرب

عملیات و تعویذات و طبّی نسخہ جات

استاذ العلماء حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ کے مکتوبات اور آپ کی قلمی بیاض کے پانچوں حصے جس میں تصوف و سلوک، سفرنامے اور تاریخی حالات، منظومات اور آپ کے مجرب عملیات و تعویذات اور طبّی نایاب و نادر نسخوں کا عجیب و غریب اور نادر مجموعہ جو عرصہ سے نایاب تھا

قلمی بیاض: استاذ العلماء حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ

حواشی و ترتیب: حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ

حواشی حصہ طب: جناب حکیم محمد مصطفیٰ صاحب بجنوریؒ

ناشر

دار الاشاعت

مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی

فون ۲۱۳۷۶۸

اشاعت اول
باہتمام محمد رضی عثمانی
طباعت
کتابت محمد یوسف شیدائی
ناشر دارالاشاعت کراچی

علماء دیوبند کے علوم کا پاسبان
دینی وعلمی کتابوں کا عظیم مرکز ٹیلیگرام چینل
حنفی کتب خانہ محمد معاذ خان
درس نظامی کیلئے ایک مفید ترین
ٹیلیگرام چینل

ملنے کے پتے
دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی
ادارۃ المعارف ڈاک خانہ دارالعلوم کراچی ۱۴
مکتبہ دارالعلوم ڈاک خانہ دارالعلوم کراچی ۱۴
ادارہ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی ۔ لاہور

PRINTED AT : TANVEER PROCESS LIAQUATABAD KARACHI. PHONE : 416729

عرض ناشر

خدا کا شکر ہے کہ دارالاشاعت کراچی کو اپنے قیام کے وقت سے ہی اکابر علمأ کی سرپرستی حاصل رہی ہے اور قیام پاکستان سے قبل ہی سے یہ ادارہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی زیر سرپرستی محقق اور مستند علمأ کی گراں بہا تصانیف کی اشاعت کی خدمت انجام دے رہا ہے لیکن سخت افسوس ہے کہ شوال ۱۳۹۶ھ میں حضرت مفتی صاحب قدس سرہ کے انتقال سے جہاں پورے عالم اسلام کو نقصان پہنچا ہے دہاں اس ادارہ کو بھی سخت دھچکا پہنچا ہے اور یہ ادارہ جو تقریباً ساٹھ سال قبل دیوبند میں حضرت مفتی صاحبؒ نے قائم کیا تھا اب اپنے سرپرست سے محروم ہوگیا انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور حضرت مفتی صاحبؒ کی دعاؤں کے بھروسہ امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی یہ ادارہ اسی طرح خدمات انجام دیتا رہے گا ۔

اس ادارہ کا مقصد شروع سے ہی یہ رہا ہے کہ محقق ومستند علمائے حقانی خصوصًا، سلسلہ ولی اللہی اور اکابر دیوبند کی تصانیف جو صحیح دین ومذہب اور اسلامی تعلیمات میں پوری پوری رہنمائی کرتی ہیں ۔ ان کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی جائے چنانچہ یہ محض خدا کا فضل اور بزرگوں کی دعاؤں ہی کا نتیجہ ہے کہ یہ ادارہ اپنے اس مقصد عظیم میں کافی حد تک کامیاب رہا ہے ۔

لیکن سخت افسوس کا مقام ہے کہ یہ اکابر اور محقق علمأ جو پوری امت مسلمہ کے محسن اعظم ہیں ان کی علمی کاوشات اور تصانیف ناپید ونایاب ہوتی جا رہی ہیں ۔ اور کوئی ادارہ یا ناشر اس طرف توجہ نہیں کرتا ۔ کیونکہ ان میں تجارتی فائدہ کی امید بہت کم ہے ۔ لیکن ہم نے محض اللہ تعالیٰ کی مدد کے بھروسے اکابرین دیوبند کی نایاب کتب کی اشاعت کا ایک جامع پروگرام مرتب کیا ہے فی الحال سیدالطائف حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ کی نایاب کتابوں کی اشاعت شروع بھی کردی ہے اور اس سلسلے کی چند کتب، شائع بھی ہوچکی ہیں زیر نظر کتاب مکتوبات اور بیاض یعقوبی اس یگانہ روزگار ہستی کی یادگار ہے کہ ایسی جامع ہستی صدیوں میں پیدا ہوتی ہے ۔ یعنی استاذالاساتذہ حضرت مولانا محمد

یعقوب صاحبؒ جو دارالعلوم دیوبند کے سب سے پہلے شیخ الحدیث ہوئے اور جو فرزند ہیں مولانا مملوک العلی صاحبؒ کے اور شاگرد رشید ہیں حضرت شاہ عبدالغنی صاحب محدث دہلویؒ کے اور خلیفہ مجاز ہیں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے اور ہم عصر و پیر بھائی۔ مولانا محمد قاسم نانوتوی اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے اور جو استاد ہیں مولانا اشرف علی تھانویؒ اور شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحبؒ کے آپ ۱۳ صفر ۱۲۴۹ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ۳ ربیع الاول ۱۳۰۲ھ مطابق دسمبر ۱۸۸۴ء میں وفات پائی آپ بہت بڑے عالم و فاضل اور اعلیٰ پائے کے محدث و فقیہ اور کامل درجے کے مرشد و شیخ اور صاحب کشف و کرامات اور مستجاب الدعوات تھے۔

آپ کی تصانیف میں ایک تو سوانح قاسمی ہے جو مختصر ہونے کے باوجود دریا بکوزہ کا مصداق ہے اور جس کی شرح مولانا مناظر احسن گیلانی نے بنام سوانح قاسمی تین ضخیم جلدوں میں تحریر فرمائی ہے۔ دوسری ضیاء القلوب فارسی مصنف حضرت حاجی امداد اللہ کا عربی ترجمہ ہے جو ابھی تک شائع نہیں ہو سکا۔

تیسری یہ زیر نظر کتاب مکتوبات و بیاض یعقوبی ہے جس میں ابتداء میں حضرت کے مکتوبات ہیں، جو تصوف و سلوک اور شریعت و طریقت کے جامع ہیں۔ اور آخر میں آپ کی قلمی بیاض ہے، جس میں مختلف یادداشتیں اور تاریخی معلومات اور سفرنامے اور آپکی اردو شاعری و منظومات اور آپ کے مجرب عملیات و تعویذات اور طبی نایاب و نادر نسخوں کا مجموعہ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے مرتب فرما دیا ہے۔

یہ کتاب آخر میں ۱۹۲۹ء میں تھانہ بھون سے شائع ہوئی تھی اور بیحد مقبول ہوئی تھی لیکن اب گذشتہ تیس سال سے یہ علمی ذخیرہ بالکل نایاب تھا۔

اب خدا کا شکر ہے کہ یہ نادر کتاب دارالاشاعت کے زیر اہتمام شائع ہو رہی ہے امید ہے کہ شائقین اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائینگے۔ جو لوگ اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ ناشر احقر محمد رضی عثمانی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کے نقش قدم پہ چلنے اور اپنے دین کی زیادہ سے زیادہ خدمت انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بندہ محمد رضی عثمانی

۱۵ محرم الحرام ۱۳۹۷ھ مطابق ۶ جنوری ۱۹۷۷ء

فہرست مضامین مکتوبات و بیاض یعقوبی

عنوان	صفحہ
عرض ناشر	۳
نسب نامہ و مختصر تاریخی حالات	۱۳
تاریخی حالات از حکیم امیر احمد عشرتی	۱۵
التماس از طرف محمد قاسم نیانگری	۲۱
دیباچہ " " "	۲۴
فاتحہ الحواشی تمہید حصہ دوم مکتوبات یعقوبی از مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانویؒ	۲۹
مکتوبات یعقوبی حصہ اول	
پہلا خط بنام محمد قاسم صاحب نیانگری	۳۱
دوسرا خط " " "	۳۲
تیسرا خط	۳۷
چوتھا خط (تقلید کے متعلق بہترین بحث)	۴۳
خط نمبر۵	۴۵
خط نمبر۶	۴۷
خط نمبر۷	۴۸
خط نمبر۸	۵۱
خط نمبر۹	۵۲
خط نمبر۱۰	۵۵
خط نمبر۱۱	۵۷
خط نمبر۱۲	۵۸
خط نمبر۱۳	۶۰
خط نمبر۱۴	۶۲
خط نمبر۱۵	۶۵
خط نمبر۱۶	۶۵
خط نمبر۱۷	۶۸
خط نمبر۱۸	۷۰
خط نمبر۱۹ زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص درود شریف	۷۰
خط نمبر۲۰	۷۶
خط نمبر۲۱	۷۷
مکتوبات یعقوبی حصہ دوم	
مکتوب نمبر۲۲	۷۹
مکتوب نمبر۲۳	۸۱
مکتوب نمبر۲۴	۸۲
مکتوب نمبر۲۵	۸۳
مکتوب نمبر۲۶	۸۷
مکتوب نمبر۲۷	۸۸
مکتوب نمبر۲۸	۸۹
مکتوب نمبر۲۹	۹۰
مکتوب نمبر۳۰	۹۱
تعبیر خواب	۹۴
مکتوب نمبر۳۱	۹۴

عنوان	صفحہ
مکتوب ۳۲	۹۶
مکتوب ۳۳	۹۸
مکتوب ۳۴	۱۰۱
تعبیر خواب	۱۰۳
مکتوب ۳۵	۱۰۴
مکتوب ۳۶	۱۰۵
مکتوب ۳۷	۱۰۶
مکتوب ۳۸	۱۰۹
مکتوب ۳۹	۱۱۱
مکتوب ۴۰	۱۱۲
مکتوب ۴۱	۱۱۳
مکتوب ۴۲	۱۱۴
مکتوب ۴۳	۱۱۴
مکتوب ۴۴	۱۱۵
مکتوب ۴۵	۱۱۶
مکتوب ۴۶	۱۱۷
مکتوب ۴۷	۱۱۸
مکتوب ۴۸	۱۲۰
مکتوب ۴۹	۱۲۱
ترکیب سورۂ یٰسین برائے کشائش رزق و حصول نوکری	۱۲۴
مکتوب ۵۰	۱۲۵
مکتوب ۵۱	۱۲۶
مکتوب ۵۲	۱۲۸
مکتوب ۵۳	۱۳۰

عنوان	صفحہ
ترکیب حبس دم	۱۳۲
مکتوب ۵۴	۱۳۳
مکتوب ۵۵	۱۳۴
مکتوب ۵۶	۱۳۵
مکتوب ۵۷	۱۳۸
مکتوب ۵۸	۱۳۸
مکتوب ۵۹	۱۳۹
مکتوب ۶۰	۱۳۹
مکتوب ۶۱	۱۴۰
مکتوب ۶۲	۱۴۳
مکتوب ۶۳	۱۴۵
مکتوب ۶۴	۱۴۶
خاتمۃ الحواشی مکتوبات یعقوبی	۱۴۸
تمہید بیاض یعقوبی مولانا اشرف علی تھانویؒ	۱۴۹
حصہ اوّل تاریخیات	۱۵۱
کیفیت سفر عرب نومبر ۱۸۶۰ء	۱۵۱
حالات سفر	۱۶۶
حال منازل و تعداد و دوری در خشکی از نانوتہ تا فیروزپور	۱۶۷
حالات سفر دوم حج ۱۲۶۳ھ	۱۷۴
ولادت مولانا محمد یعقوب صاحب	۱۷۵
وفات زوجۂ اولیٰ مولانا محمد یعقوب صاحب	۱۷۵
نکاح ثانی مولانا محمد یعقوب صاحب	۱۷۵

عنوان	صفحہ
وفات جناب مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ	۱۷۶
ولادت حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ	۱۷۶
انتقال صاحبزادہ مولانا محمد یعقوب صاحب	۱۷۶
وفات زوجہ ثانیہ مولانا محمد یعقوب صاحب	۱۷۶
وفات مولانا محمد یعقوب صاحب	۱۷۷
وفات دختر مولانا محمد یعقوب صاحب	۷۷
حصہ دوم — علمیات یعنی فوائد علمیہ	
سند کتب حدیث	۱۷۸
بعض مسائل تصوف	۱۸۸
حساب صاع کا جو رمضان ۱۲۸۹ھ میں کیا	۱۸۹
حصہ سوم — عشقیات یعنی تصوف و رقاق	
قصیدہ لامیہ در مدح حضرت حاجی صاحبؒ	۱۹۰
قصیدہ میمیہ در نعت سید الابرار	۱۹۶
قصیدہ بائیہ	۲۰۷
دیگر مثنوی	۲۰۸
مثنوی دیگر	۲۰۹
غزل	۲۱۲
شجرہ منظوم مخدوم و مکرم مولوی محمد قاسم نانوتویؒ	۲۱۲
مخمس بر مثلث شجرہ حضرت حاجی صاحبؒ	۲۱۲
فائدہ متعلق شجرہ مذکور	۲۱۳
شجرہ مثلثہ از حضرت حاجی صاحبؒ	۲۱۳
فائدہ متعلقہ بہ شجرات مذکورہ	۲۱۳

عنوان	صفحہ
شجرہ دیگر مختصر	۲۱۴
شجرہ مختصر مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی	۲۱۵
شجرہ مصنفہ میاں عبد السمیع رامپوریؒ	۲۱۶
غزل در توحید	۲۱۷
غزل بہ تبدیل قافیہ	۲۱۷
نعت شریف عربی	۲۱۸
اشعار گفتہ در راہ مدینہ منورہ	۲۱۸
شجرہ پیران قادریہ	۲۱۹
غزل و متفرق اشعار	۲۲۲
حصہ چہارم — عملیات یعنی رقی و عزائم	
اصل کلی نقل عن کتاب درۃ الآفاق فی علم الحروف	۲۲۱
ترکیب دعا حرز یمانی	۲۲۳
طریق زکوٰۃ چہل و یک اسماء عظام	۲۲۳
فتیلہ نیلگون	۲۲۶
عمل منقول شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ، برائے ام الصبیان	۲۲۷
ایک اور عمل برائے ام الصبیان	۲۲۷
عمل برائے لاغری کودک (بچہ)	۲۲۸
عمل برائے مسان	۲۲۸
عمل برائے حفاظت زراعت	۲۲۹
عمل برائے حب	۲۲۹

عنوان	صفحہ
دوسرا عمل حُب	۲۳۰
برائے مقہوری اعدار	۲۳۰
چور کو حاضر کرنے کا عمل	۲۳۰
ترکیب نقش قل ہو اللہ برائے حاجت و کشائش	۲۳۱
دو آدمیوں میں جدائی کا عمل	۲۳۱
برائے ادائے قرض	۲۳۱
برائے روکید اعدار	۲۳۲
طریق استخارہ	۲۳۲
تعویذ محبت	۲۳۲
تسخیر حاکم کے لئے	۲۳۲
عمل زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	۲۳۳
نقش دو پایہ برائے کشائش	۲۳۴
ایک اور عجیب عمل	۲۳۴
مرگی کے لئے عمل	۲۳۵
عمل برائے آسیب	۲۳۵
فتیلہ آسیب زدہ کے لئے	۲۳۵
نقش برائے دفع آسیب	۲۳۶
نقش برائے استماعہ	۲۳۶
فتیلہ آسیب منقول از مولانا اسحاق صاحبؒ	۲۳۶
نقش وغیرہ برائے آسیب	۲۳۷
فہرست اسمائے کواکب بقیہ ایام	۲۳۷
وظیفہ برائے کشائش	۲۳۸
وظیفہ برائے حُب	۲۳۸
عمل یاعزیز و سورۂ لایلاف	۲۳۸
برائے تھفیلہ	۲۳۹
ترکیب چلّہ	۲۳۹
عمل حاجت برآری و دفع سحر	۲۴۰
عمل برائے بواسیر	۲۴۰
درد آدھا سیسی کی جھاڑ	۲۴۱
عمل و نقش برائے سحر	۲۴۱
دیباچہ حصہ پنجم بیاض یعقوبی	۲۴۳

حصہ پنجم — طبیات
یعنی نسخہ جات و ادویات

نوٹ ضروری

از مولانا حکیم محمد مصطفیٰ صاحب میرٹھی۔
اس فہرست میں اکثر نسخوں کے سامنے بین القوسین ۱-۲-۳ کے ہندسے ڈالے گئے ہیں اس سے مراد نسخوں کے اعلیٰ و اوسط و ادنیٰ درجہ کا بیان ہے۔ یہ درجے حکیم مصطفیٰ صاحب نے سہولت مستفیدین کے لئے اپنے قیاس سے ڈالدیئے ہیں اور ہر جگہ دوسری قوس میں ایک کے ہندسہ کے ساتھ الف اور دو کے ہندسے کے ساتھ ب اور تین کے ہندسے کے ساتھ ج لکھ دیا ہے کیونکہ ہندسہ بعض دفعہ

مشتبہ ہو جاتا ہے۔

تریاق ذراع الصحۃ مہر محمد باقر (برائے قوت) وخواص — ۲۴۹

ترکیب ساختن مروارید درگا باشی — ۲۵۲

طلائے جہت عنین (۲) ب — ۲۵۲

روغن عقرب برائے سنگ مثانہ و درد گردہ (۲) ب — ۲۵۲

طلاء مقوی باہ و گردہ (۳) ج — ۲۵۲

ترکیب ماء اللحم بنابہ مقوی اعضاء رئیسہ و باہ (۲) ب — ۲۵۳

روغن شونیز برائے قوت بسیار نامرد کو مرد بنانے والا — ۲۵۴

مقوی بغایت (۳) ج — ۲۵۴

مقوی مبہی ممسک (۲) ب — ۲۵۴

روغن افیون برائے درد ہر قسم — ۲۵۵

کشتہ حجر الیہود (۳) ج — ۲۵۵

برائے قوتِ باہ (۲) ب — ۲۵۵

کشتہ فولاد طلاء — ۲۵۵

ترکیب کشتہ یاقوت — ۲۵۶

برائے طحال (۳) ج — ۲۵۶

روغن طلائے مقوی (۲) ب — ۲۵۶

ترکیب روغن موم برائے وجع المفاصل (۱) الف — ۲۵۶

حبوب مبہی و مقوی و ممسک (۱) الف — ۲۵۷

کشتہ پوست بیضۂ مرغ (۲) ب — ۲۵۷

حلوائے مرغ مقوی (۲) ب — ۲۵۷

معجون مہاذیر بغایت مقوی و مبہی — ۲۵۷

حلوائے مرغ کڑکناتہ مقوی مشتہی و مبہی (۲) ب — ۲۵۸

درد چشم کیلئے بے مثال (۳) ج — ۲۵۸

قطور کہ در اضاف درد چشم نافع (۲) ب — ۲۵۹

طلاء برائے رمد اطفال (۲) ب — ۲۵۹

دوا برائے رمد و سبل و جرب و بیاض و ظفرہ (۳) ج — ۲۵۹

دوا برائے سبل مزمن و دمعہ و سلاق و درد بیخ و جرب — ۲۵۹

شیاف زیتی برائے خارش و سلاق و دیگر امراض چشم (۲) ب — ۲۶۰

برائے سلاق و دیگر امراض چشم (۲) ب — ۲۶۰

شیاف تالیف حضرت قدس سرہٗ برائے امراض چشم (۲) ب — ۲۶۰

شیافِ احقر برائے امراض چشم و حارۂ چشم (۲) ب — ۲۶۱

خضاب مجرب — ۲۶۱

نسخہ مقوی باہ و ممسک (۲) ب — ۲۶۱

نسخہ حب ممسک (۳) ج — ۲۶۱

نسخہ طلاء بے شہود و آبلہ (۲) ب — ۲۶۲

نسخہ طلاء (۳) ج	۲۶۲	ترکیب تیزاب نوشادر	۲۶۹
معجون خبث الحدید مفید مرض استسقاء (۲) ب	۲۶۲	کشتہ نقرہ	۲۶۹
برائے ام الصبیان وڈبہ از قرابادین کبیر (۲) ب	۲۶۳	دوا برائے بواسیر خونی وبادی	۲۶۹
		دوا برائے سرفہ شدید	۲۶۹
شیاف برائے بیاض دسبل وغشاوہ وناخنہ ودمعہ مقوی چشم (۲) ب	۲۶۳	دوا برائے درد سر	۲۶۹
		دوا برائے بواسیر	۲۷۰
کحل یعنی سرمہ کا نسخہ	۲۶۳	دوا برائے ذیابطیس	۲۷۰
نسخہ سفوف برائے جریان منی (۳) ج	۲۶۳	نسخہ جذام	۲۷۰
نسخہ برائے قوت دماغ (۲) ب	۲۶۳	دوائے سوزاک	۲۷۰
ترکیب کاشت تخم چار	۲۶۴	منجن برائے درد دندان وورم لثہ	۲۷۱
تصعید دار شکیہ وسنکھیا (۲) ب	۲۶۴	دوسرا منجن مسوڑھوں کے خون اور ورم کیلئے	۲۷۱
دوا برائے خارش (۲) ب	۲۶۵	خاصیت نسخہ عجیب	۲۷۲
قبل ابیض	۲۶۵	دوا برائے طاعون وامراض مختلفہ	۲۷۲
ترکیب مقوی عجیب (۲) ب	۲۶۵	نسخہ شنگرف برائے ضعف اعصاب	۲۷۲
برائے جریان مجرب و آزمودہ پیر جی احمد حسن	۲۶۶	نسخہ برائے اطفال	۲۷۳
		سرمہ مقوی بصر	۲۷۳
برائے جریان وازدیاد منی (۳) ج	۲۶۶	طلاء برائے رمد	۲۷۳
طلاء مجرب مذکور مجرب	۲۶۷	ہلاس برائے نزلہ مفید	۲۷۳
کشتہ پارہ مقوی باہ (۱) الف	۲۶۷	ترکیب جغرات شیریں	۲۷۴
دوا برائے عض کلب الکلب (۲) ب	۲۶۷	ترکیب روغن تلخ برائے خوردن	۲۷۴
برائے برآوردن آواز امعاء	۲۶۷	ترکیب اچار شلغم	۲۷۴
نسخہ طلاء حکیم عبد الغفور	۲۶۸	ترکیب جوزی	۲۷۵
نوشادر کا تیزاب	۲۶۹	ترکیب حبشی	۲۷۵

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
نسخہ طلاء عمدہ	۲۷۵	برائے سم وزغہ وغیرہ	۲۷۹
ترکیب کشتہ سیم	۲۷۵	دوا برائے سم الفار	۲۷۹
ترکیب کشتہ فولاد	۲۷۵	ملمع دروغ الحیات	۲۷۹
سونے کا کشتہ	۲۷۶	صرع خورد و کلاں و سرسام بلغمی	۲۷۹
نسخہ آتشک نہایت مجرب	۲۷۶	برائے فالج و لقوہ و امراض بلغمی و باردہ	۲۷۹
برائے سرخی و غبار و دھند و امراض چشم	۲۷۶	برائے امراض بلغمی و ضعف معدہ و ضعف	۲۸۰
کاجل برائے عوارض چشم	۲۷۷	باہ و اوجاع مفاصل وغیرہ	
نسخہ سنک	۲۷۷	کشتہ ہڑتال گودنتی معمول	۲۸۰
نسخہ عرق برائے قوت باہ وغیرہ	۲۷۷	مجلوق دست کیلئے بہترین نسخہ	۲۸۰
طلاء مجرب	۲۷۷	عرق معمولی ہیضہ	۲۸۱
نسخہ گٹھیہ باد و اعضائے باد گرفتہ	۲۷۷	برائے نفث الدم عجیب ہے	۲۸۱
دوا ضیق النفس	۲۷۸	دستوں کے لئے دوا	۲۸۱
دوا برائے بد	۲۷۸	نسخہ برائے آتشک	۲۸۱
دوائے سوزاک	۲۷۸	نسخہ حبوب برائے امراض اطفال	۲۸۲
پچکاری سوزاک	۲۷۸	خارش کیلئے بہترین دوا	۲۸۲
کلہب کلب جانوران	۲۷۸	نسخہ عجیب و مفید	۲۸۲
دوا ذیابیطس	۲۷۸	نسخہ نادرہ	۲۸۳
دوا مقوی و مغلظ منی	۲۷۸	دوا برائے آتشک	۲۸۳
دوا ضیق النفس	۲۷۸	روغن بہروزہ برائے آتشک	۲۸۳
بنج رسہ	۲۷۸	و سوزاک و استحاضہ از نجو خاں	
پھولہ و ناخنہ و دھند و امراض چشم کیلئے	۲۷۹	حبوب مفید ہیضہ وبائی خواہ امتلائی	۲۸۳
دوا برائے طحال	۲۷۹	مرہم برائے ضرب و زخم مولوی جمال الدین	

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
دوا برائے بواسیر خونی و بادی	۲۸۴	یا حی یا قیوم	۲۹۰
برائے سرخ بادہ متفرح	۲۸۴	ترکیب مومیائی آخون فضل احمد	۲۹۰
حبوب ہیضہ تجویز خود بہت مفید	۲۸۴	نسخہائے عجیب و مفید	۲۹۱
نسخۂ عجیبہ و مفیدہ	۲۸۵	نسخہ قلاع نافع از حکیم یوسف خاں	۲۹۱
نسخے مراہم	۲۸۵	نسخہ قلاع از قرابادین قادری مجرب	۲۹۲
مرہم از مولوی احمد حسن	۲۸۶	نسخہ جذام	۲۹۲
مومیائی معمولی مسمی بہ کالی دوا	۲۸۶	حبوب برائے خشکی اطفال	۲۹۲
طلاء برائے مجلوق	۲۸۶	حب برائے امساک	۲۹۲
نسخے برائے آتشک	۲۸۷	برائے عقر کلب کلب	۲۹۳
کشتہ سفید شنگرف	۲۸۷	نسخہ برائے سوزاک	۲۹۳
کشتہ سرخ شنگرف	۲۸۸	نسخۂ عجیب	۲۹۳
دوا برائے آتشک	۲۸۸	نسخے مارگزیدہ	۲۹۳
روغن مصالحہ	۲۸۸	برائے استحاضہ مجرب	۲۹۳
برائے داد و چپلہ و سوختہ	۲۸۸	برائے طحال از مولوی معشوق علی	۲۹۳
فرزجہ برائے اخراج جنین میت بسرعت	۲۸۹	بحمد اللہ بیاض کی نقل تمام ہوئی	۲۹۴
نسخہ مومیائی مصنوعی	۲۹۰	ضمیمہ بیاض	۲۹۴
دوسرا نسخہ مومیائی سید احمد مدنی	۲۹۰	عمل نقل مرض منقول ۸ رمضان سنہ ۱۳۰۱ھ	۲۹۴
مرجان مصنوعی	۲۹۰	ختم کتاب	۲۹۵

نسب نامہ و مختصر تاریخی حالات

1. جناب قاضی میران بڑے
2. قاضی جمال الدین صاحب
3. قاضی امان اللہ صاحب
4. مفتی مبارک صاحب
5. قاضی ظلہ صاحب
6. شاہ محمد صاحب
7. مولوی محمد ہاشم صاحب
8. شیخ محمد مفتی صاحب
9. شیخ ابوالفتح صاحب

قاضی میران بڑے ابن قاضی مظہر الدین صاحب کا سلسلہ نسب چودہ ، واسطوں سے خواجہ یوسف سے ملتا ہے اور خواجہ یوسف کا چار واسطوں سے شیخ رکن الدین سمرقندیؒ سے اور وہ پوتے ہیں شیخ اسمٰعیل شہید کے اور وہ بیٹے ہیں شیخ نورالدین قتال کے اور انکا سلسلہ نسب بارہ واسطوں سے شیخ قاسم سے ملتا ہے اور وہ پوتے ہیں حضرت ابوبکر صدیقؓ خلیفہ اول رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور وہ گیارہ واسطوں سے اولاد میں نضیر بن کنانہ ملقب بہ قریش کے اور اٹھارہ واسطوں سے اولاد میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور وہ بیٹے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اور وہ آٹھ واسطوں سے اولاد میں حضرت ہود علیہ السلام کے اور چار واسطوں سے اولاد میں حضرت نوحؑ کی اور وہ پوتے ہیں حضرت ادریس علیہ السلام کے اور وہ سات واسطوں سے اولاد میں حضرت شیث علیہ السلام کی اور وہ بیٹے ہیں حضرت آدم علیہ السلام کے واللہ اعلم بالصواب ۔

شیخ علاؤالدین صاحب

شیخ محمد بخش صاحب

شیخ غلام شاہ صاحب

شیخ اسد علی صاحب

جناب حکیم عبداللہ صاحب

جناب حکیم غلام مشرف صاحب

جناب مولوی احمد علی صاحب

جناب مولانا مولوی مملوک علی صاحب مدرس اعلیٰ مدرسۃ العالیہ دہلی

جناب حکیم ولی محمد صاحب

جناب حکیم امانت علی صاحب

جناب حافظ محمد حسن صاحب

جناب حافظ لطف علی صاحب

شیخ الوقت سالک دہم مجذوب جناب مولانا مولوی حافظ حاجی محمد یعقوب صاحب متخلص بہ گمنام مدرس اول مدرسہ عربیہ دیوبند جالئے مدفن نانوتہ ۔

آپ کے صاحبزادہ حکیم معین الدین صاحب کو فن طب میں کامل دستگاہ د اطراف و جوانب میں شہرت حاصل ہے ۔

جناب حکیم دیوان عبد السمیع صاحب مرحوم جائے مدفن سہارنپور در باغ کاظم علی صاحب مرحوم ۔

کاتب الحروف احقر الزمان ننگ خاندان رند نام کنندہ نکونام چند، خادم الاطبا امیر احمد عشرتی عفا اللہ عنہ

مولانا مولوی حافظ حاجی محمد مظہر صاحب جائے مدفن سہارنپور مدرس اول مدرسہ عربیہ سہارنپور ۔

آپ نے لاولد انتقال کیا ۔

استاذی مولانا مولوی حافظ حاجی محمد احسن صاحب متخلص بہ احسن پروفیسر گورنمنٹ کالج بریلی مصنف احسن القواعد جائے مدفن دیوبند متصل قبر محمد قاسم صاحب مرحوم ۔

آپ کے صاحبزادہ مولوی حافظ محمد اسمٰعیل صاحب قانون گوئے ضلع میرٹھ

استاذی مولوی حافظ حاجی محمد منیر صاحب مرحوم ہیڈ مولوی گورنمنٹ اسکول وغیرہ صاحب سراج السالکین وغیرہ ۔

آپ کے صاحبزادہ حافظ محبوب الرحمن صاحب

قدوۃ السالکین عمدۃ العارفین شیخ الوقت عالم فاضل مولانا مولوی حافظ حاجی محمد قاسم صاحب محدث بانی مدرسہ اسلامیہ عربیہ، دیوبند جائے مدفن دیوبند بجانب شمال از محلہ دیوان ۔

آپ کے صاحبزادہ مولوی حافظ احمد صاحب مہتمم مدرسہ عربیہ دیوبند ۔

احقر کا ان بزرگان سے ایک تعلق تو یہ ہے کہ جو بذریعہ نسب نامہ ظاہر ہے۔ دوسرا سلسلہ یہ ہے کہ حضرت مولانا مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم میری والدہ کے حقیقی پھوپھی زاد بھائی تھے۔ حضرت مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب احقر کے والد کے پھوپھی زاد بھائی تھے حضرت مولوی محمد مظہر صاحب و مولوی محمد احسن صاحب و مولوی محمد منیر صاحب مرحومین میری والدہ صاحبہ کے ماموں تھے۔ احقر کے نانا جناب مولوی شاہ امین الدین خاں صاحب مرحوم صدیقی ہیں۔ شاہ امین الدین صاحب اولاد قاضی میران بڈنے سے صدیقی نسب حنفی مذہب نقشبندی مشرب تھے۔ آپ کے اجداد میں سے شیخ جمیل الدین صاحب کو زمانہ شاہی میں خطاب خاں نسلاً بعد نسل مرحمت ہوا تھا چنانچہ اسوقت تک یہ خاندان جمیل خانی کے لقب سے مشہور ہے۔

جناب شاہ صاحب مذکور باوجود صاحب وجاہت دنیا و صاحب اولاد ہونے کے تارک الدنیا و تارک الوطن ہو کر شاہ مجدد صاحب الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ شریف میں بحالت غربت فقیرانہ صورت میں تاحیات گوشہ نشین اور مقیم رہے اور وہیں رحلت فرما کر مدفون ہوئے۔ آپ کے مریدوں میں سے مولوی عبدالعزیز صاحب مرحوم ملازم پٹیالہ کالج آپ کے خلیفہ اچھے بزرگ تھے جب تک آپ نے تارک الدنیا ہو کر فقیری اختیار نہ کی تھی اسوقت تک آپ کے مزاج کی یہ کیفیت تھی کہ مسجد کو جب آتے تھے تو گھوڑوں پر سوار ہو کر آتے تھے اور آپ کے سامنے سے ہو کر کوئی شخص آپ سے آگے مسجد میں داخل نہیں ہو سکتا تھا۔

توضیح جناب شیخ ابوالفتح کے دو صاحبزادہ یکے شیخ علاء الدین دیگرے حکیم عبداللہ حکیم عبداللہ کے تین پوتے۔ یعنی مولوی احمد علی مولوی حکیم ولی محمد۔ حافظ محمد حسن۔

(نوٹ) ہر ایک شخص کی جملہ اولاد کے نام نہیں لکھے گئے صرف کاتب کو مولوی محمد یعقوب صاحب کا نسب نامہ ظاہر کرنا مقصود تھا ان کے ضمن میں ان کے معاصرین مشاہیر کا بھی تذکرہ معلوم ہوا کہ تعلقات اور دوسرے بزرگان معلوم ہو جائیں اور ان صاحبان کے ضمن میں احقر نے اپنے لئے بھی مناسب سمجھا کہ اپنا سلسلہ بھی ظاہر کر دے کہ اس خادم کو ان جملہ حضرات سے کیا کیا تعلقات واقعی حاصل ہیں۔

تاریخی حالات

عمدۃ الملوک والسلاطین یمین الملک شاہزادہ نظام خاں المعروف سلطان سکندر لودی نوراللہ مرقدہ نے حضرت مولوی محمد یعقوب صاحب مرحوم کے اجداد میں سے جناب قاضی مظہر الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو جن کا مزار مبارک جہان آباد میں ہے ۸۱۱ھ میں سمرقند سے طلب فرما کر شرف حضوری بخشا علاوہ دیگر اعزاز ہائے فراواں کے عہدۂ قضا جہان آباد ارزانی فرمایا چونکہ مقام نانوتہ قریبًا وسط کاٹھا میں واقع ہے اور یہاں کے اہل ہنود اقوام راجپوت وگوجر وروڑہ وغیرہم کا بہت جتھا تھا اور یہ لوگ نہایت سخت وسرکش متعصب بدخواہ مسلمان تھے پس ان لوگوں کی خودسری مٹانے اور اس علاقہ کو مطیع و منقاد کرنے کی جہت سے جناب قاضی مظہر الدین کے صاحبزادوں میں سے صاحبزادہ قاضی میران بڈے صاحب کو واسطے اقامت وسکونت قصبہ نانوتہ کے ارشاد شاہی ہوا اور علاوہ املاک وجاگیرات کے عہدۂ قضا وہاں کا مرحمت فرمایا گیا۔

اس وقت عہدہ قضا سے یہ مقصود نہ تھا جو زمانہ حال میں جہال نے سمجھ رکھا ہے کہ قاضی کا کام صرف نکاح خوانی کرنا اور اس کی اجرت ایک روپیہ وصول کرنا ہے۔ نہیں بلکہ سلاطین ماضیہ کے زمانہ میں محکمہ قضا ایک جوڈیشل محکمہ سے بڑھ کر محکمہ تھا۔ جس کو دیوانی وفوجداری کے کامل وسیع اختیارات حاصل تھے اور تمام نظم ونسق اس علاقہ کا اس کے سپرد ہوتا تھا۔ جیسا کہ اس زمانہ میں قریبًا بعض بعض جگہ ڈپٹی کمشنر ونکو خاص اختیارات حاصل ہوتے ہیں علاوہ اسکے ان کو مذہبی اختیارات بھی حاصل ہوتے تھے۔

اسوقت تک مولانا مرحوم اور ان کے متعلقین کی سکونت قصبہ نانوتہ ہے البتہ ہم میں سے ایک صاحب جناب قاضی میران بڈے کی اولاد سے جو غالبًا شاہزادہ اسلام خاں ابن سلطان ابراہیم لودی کے زمانہ میں مقام کڑا مانک پور تشریف لے گئے تھے اور وہیں قیام پذیر رہے جنکا اب ہم کو حال معلوم نہیں کہ وہاں ان کا سلسلہ اولاد قائم ہے یا منقطع ہوگیا۔

بعد زوال حکومت لودھیان قاضی میران بڈے کی اولاد پر مصائب جانکاہ پیش آئے لیکن انہوں نے اپنی قدیمی دلیری وجوانمردی کے باعث نہایت صبر واستقلال کیساتھ ان تمام مصائب کو برداشت کیا۔ منجملہ ان کے ایک بڑی مصیبت یہ تھی کہ انہیں اقوام ہنود کا ٹھانے جو بوجہ قدیمی تعصب مذہبی کے مسلمانوں سے عمومًا اور متوسلان حکومت لودھیان سے خصوصًا خصومت

شدید رکھتے تھے اولاد قاضی میرآن بڈے کے استیصال کرنے میں کوئی دقیقہ نہ رکھ چھوڑا یہانتک کہ صغیر سن بچوں تک کو قتل کر دیا اپنے نزدیک انہوں نے ایسا نہیں چھوڑا کہ کوئی متنفس بھی کسی وقت میں مدمقابل ہو سکے۔ لیکن قدرت خداوندی اس امر کی مقتضی تھی کہ اولاد قاضی میرآن بڈے کا سلسلہ مٹنے نہ پائے کیونکہ اس کوان سے مولانا محمد یعقوب مرحوم وغیرہم جیسی صورتیں جلوۂ ظہور میں لانی مقصود تھیں۔

پس ایک عرصہ دراز بعد انقلاب زمانہ نے دوسرا دور پلٹا یعنی شدہ شدہ دور حکومت شاہ اورنگزیب عالمگیر بادشاہ خلد آشیان کا آپہنچا اسوقت میں ایک صاحب نے اولاد قاضی میران بڈے سے جو نہایت زبردست خوش الحان حافظ قرآن تھے فریادی بنکر لشکر عالمگیر میں پہنچے اور ایک سردار لشکر کے یہاں رہ کر متلاشی وقت رہے اور کسی فرد بشر پر انکشاف نہ فرمایا کہ میں کون ہوں اور کس واسطے آیا ہوں حتی کہ ۱۰۶۸ھ کا مہینہ رجب ختم ہو کر شعبان شروع ہو گیا۔ اسوقت بادشاہ نے سرداران لشکر کو جمع فرما کر ارشاد فرمایا۔ چونکہ ماہ رمضان المبارک قریب ہے اور صعوبت سفر شبانہ روز بدستور قائم ہے آئندہ سامان قیام بظاہر معلوم نہیں ہوتا ہم کو نماز تراویح میں کلام مجید کا سننا ضروری امر ہے اسلئے مناسب ہے کہ بہت جلد ایسا حافظ تلاش کیا جائے جو بدولت کو صرف ایک شب میں کلام مجید کامل سنا دیوے چنانچہ بفور استماع ارشاد شاہی تلاش شروع ہو گئی باوجودیکہ اسوقت ہزارہا حافظ قران مجید موجود تھے لیکن کسی کی ہمت و جرأت نہ ہوئی کہ شاہ عالمگیر کا پیش امام ہو کر ایک شب میں پورا قران شریف سنا دیوے یہانتک کہ شعبان قریب ختم ورمضان شروع ہونے پر ہوا اسوقت دوبارہ تاکید شاہی شدید ہوئی جس سے لشکر میں سخت اضطراب و بے چینی پیدا ہوئی ہر شخص خائف تھا کہ بوجہ نہ ملنے ایسے حافظ کے دیکھئے کیا عتاب شاہی نازل ہوتا ہے۔ اس حالت سراسیمگی میں جبکہ تاریخ ۲۸ شعبان ۱۰۶۸ھ کو نواح گوالیار چنبل کے کنارے لشکر عالمگیر پڑا ہوا تھا تو ان حافظ صاحب نے اپنے سردار سے عرض کی کہ آپ اس قدر کیوں پریشان ہیں میں ایک شب کی تراویح میں بادشاہ کو کلام مجید سنا دونگا آپ اطلاع کر دیجئے کہ حافظ آگیا ہے چنانچہ یکم تاریخ کو آپ نے نہایت خوش الحانی کے ساتھ پورا کلام مجید بلا عاید ہونے تشابہ کے بادشاہ کو سنا دیا بادشاہ نہایت خوش ہوئے۔ اب وہ موقع جسکی حافظ صاحب کو دشمنوں سے انتقام لینے کی تلاش تھی ہاتھ آیا۔ شاہ عالمگیر سے گذشتہ واقعات راجپوتان وگوجران کاٹھا کے ظلم و ستم کا بیان کر کے دادخواہ ہوئے۔ چنانچہ فی الفور بحکم شاہی یک دستہ فوج ہمراہ حافظ صاحب آیا اور ان سب کا قلع قمع کیا۔

مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب حضرت قاضی میران بڈے سے چودھویں پشت میں تاریخ ۱۴ صفر

۱۲۴۹ھ کو پیدا ہوئے۔ آپ نجیب الطرفین صحیح النسب حنفی المذہب چشتیہ مشرب تھے آپ کے نانا جناب مولوی حکیم ولی محمد مرحوم صدیقی اور دادا آپ کے مولوی احمد علی مرحوم صدیقی تھے سن تمیز کے پہنچنے پر بعد حفظ کلام مجید علوم ظاہری آپ نے اپنے قبلہ وکعبہ حضرت مولانا مولوی مملوک علی رحمۃ اللہ علیہ مدرس اعلی مدرسہ عالیہ دہلی سے حاصل فرمائے اور بعد فارغ التحصیل ہونے کے اولاً آپ اجمیر شریف میں تیس روپیہ کے ملازم ہوکر تشریف لے گئے اسوقت آپ بہت کم سن تھے پرنسپل اجمیر نے آپ کو دیکھکر کہا کہ حقیقۃً مولوی تو بہت اچھا ہے مگر نوعمر کم سن ہے۔ آپ کی ذکاوت وذہانت و فہم وفراست کے تجربہ کر لینے کے بعد بلا اطلاع آپ کے پرنسپل اجمیر نے گورنمنٹ میں سفارش کر کے آپ کیلئے ڈپٹی کلکٹری کا عہدہ منظور کرا لیا. بعد منظوری جب آپ کو اس عہدہ پر مامور ہونیکی اطلاع کی تو آپ نے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا. اس کے کچھ عرصہ بعد آپ سو روپیہ ماہوار پہ بنارس بھیجے گئے. وہاں سے پھر ڈیڑھ سو روپیہ کی تنخواہ پر ڈپٹی انسپکٹری پر سہارنپور تشریف لائے پھر کچھ عرصہ بعد غدر ۱۸۵۷ء کا واقعہ پیش آیا اسکے فرو ہونے کے بعد آپ کو چھ مہینہ کی تنخواہ نو سو روپیہ بھیجا گیا اور اصلی جگہ پر بلائے گئے آپ نے وہ نو سو روپیہ واپس فرمایا اور کہا کہ میں نے ان چھ مہینے میں کچھ کار سرکار انجام نہیں دیا اسلئے میں یہ روپیہ نہیں لے سکتا اور نیز ملازمت سے بھی استغنائی ظاہر کی اور متوکلاً متفرق کار کرتے رہے بعد ازاں حسب ارشاد جناب مولانا مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم وغیرہ مدرسہ عربیہ دیوبند میں صرف چالیس روپیہ پر تعلق گزراوقات کا فرمایا۔ ہر چند کہ چند مقامات سے بڑی بڑی تنخواہ پر انکو بلایا گیا مگر کچھ التفات نہ فرمایا آپ کو ماہ ذیقعدہ وذالحجہ ۱۳۰۱ھ میں نہایت صدمہ جانکاہ کا سامنا ہوا چار لڑکے اور بیوی کا انتقال فرمانا کچھ ایسا صدمہ نہیں جس کا ہر ایک معمولی انسان متحمل ہو سکتا ہو خصوصاً مولوی علاءالدین جوان العمر فارغ التحصیل صالح عالم باعمل کے انتقال نے آپ کو بہت کچھ صدمہ دیا۔ ۳ ربیع الاول ۱۳۰۲ھ کو آپ نے بھی اس دار ناپائیدار کو ترک فرمایا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مدفن آپ کا خاص قصبہ نانوتہ جانب شمال لب سڑک خام جو سہارنپور کو جاتی ہے باغ میں واقع ہے اور وہیں حضرت مولوی محمد منیر رحمۃ اللہ علیہ۔ یہیں الٰہی بخش مرحوم نداف جو آپ کے پیر بھائی تھے مدفون ہوئے۔ آپ کے صاحبزادوں میں سے اسوقت صرف اخی المعظم جناب حکیم معین صاحب حیات ہیں ان کو فن طب میں کامل دستگاہ ہے اطراف وجوانب میں انکی طبابت کی شہرت ہے آپ کے ہمشیرزادہ استاذی مولانا مولوی پیرجی ابو محمد عبداللہ انصاری انبہٹوی۔ ومولوی خلیل احمد صاحب و مولوی رشید احمد صاحب سالم انصاری انبہٹوی صاحب المدینۃ دارالاسلام۔ ان کو فن ترجمہ میں اعلی درجہ کی دستگاہ حاصل ہے۔ آپ کے شاگرد ومرید اچھے اچھے مشاہیر بنگال۔ پنجاب پشاور پورب وغیرہ میں بیشمار موجود ہیں جن میں سے صرف قرب وجوار کے چند اسماء یہ ہیں مولوی اشرف علی صاحب تھانوی۔ مولوی محمود حسن صاحب دیوبندی استاذی مولانا محمد عبداللہ صاحب انصاری۔ استاذی مولوی حکیم حسین شریف صاحب بنگلوری۔ استاذی مولانا مولوی منفعت علی صاحب دیوبندی۔ استاذی مولانا مولوی محمد مراد صاحب مقیم مظفرنگر مولوی احمد حسن صاحب امروہی مولوی امیرباز

خاں صاحب سہارنپور وغیرہم آپ نے باطنی علم کی تحصیل حضرت قبلہ عالم حاجی امداداللہ صاحبؒ تھانوی ثم مہاجر مکی سے فرمائی تھی آپ نے دو مرتبہ حج ادا فرمائے۔

نانوتہ | یہ امر کہ کس نے اور کسوقت میں آباد کیا اسوقت لکھنا دشوار ہے مگر یہ کہنا کہ یہ قصبہ بہت پرانا پختہ تعمیرات کا ہے کچھ بیجا نہ ہوگا یہ قصبہ تحصیل دیوبند ضلع سہارنپور میں دہلی سے جانب شمال ۸۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے جس کے حدود اربعہ یہ ہیں۔

شمال سہارنپور گنگوہ غرب ۱۲ میل
۱۸ میل | نانوتہ | جنوب تھانہ بھون
دیوبند شرق ۱۶ میل ۹ میل

اس قصبہ کے تین طرف ہوکر شرق بغرب نہر جمن شرقی گذری ہے شاہدرہ دہلی سے سہارنپور تک لائٹ ریلوے گئی ہے درمیان میں نانوتہ کے نام سے اسٹیشن قائم ہے بغرض رفع حوائج ضروریہ ہمہ اقسام ایک مختصر سا بازار واقع ہے سنیچر کے روز پینٹھ لگتی ہے اسمیں ڈاکخانہ۔ تھانہ واقع ہیں اس کا بہت بڑا حصہ کورٹ کے نام سے منہدم و مسمار پڑا ہے۔ اس قصبہ میں پیشتر پانچ قوموں کا زمینداره تھا۔ شیخ۔ سید۔ پٹھان گوجران و گوران کا رقبہ اس کا پیشتر ۵۰ ہزار بیگہ تھا لیکن بعد انتظامات مناسبہ کم ہوتے ہوتے اسوقت صرف ۱۰۳۰۰ بیگہ پختہ جسکی مالگذاری تقریبًا سمہ ہزار ہے ہے اس قصبہ کے ۵۲۰ کھاتہ کھیوٹ ہیں اسوقت پرانے زمینداروں کا کثیر رقبہ بنیوں کا زمیندارہ ہوگیا اور جو باقی ہے وہ تلف ہوتا جاتا ہے۔ سید صاحبان کے تین گروہ ہیں بخاری۔ ترمذی۔ سبزواری پیشتر یہ سب اہل تسنن تھے زمانہ شاہ فرخ سیر سے شیعہ ہونا شروع ہوئے۔ اسوقت جملہ صاحبان شیعہ ہیں۔ پٹھان کاکرزئی شروانی سب سنی المذہب ہیں چند بزرگان دین مثل سید احمد صاحب مرحوم معروف بہ دادا میرانجی وغیرہ کے بہت پرانے مزارات ہیں۔ اس قصبہ کے شیخ سیدوں کا علم و فضل و طبابت دور دور مشہور تھا۔ یہ قصبہ نہایت شاداب ہے چہار طرف باغات آم قلمی و دیسی عمدہ عمدہ قسم کے اور لوکاٹ بکثرت ہیں۔ لیکن ترشادہ بہت کم ہے خاص قصبہ و مفادضات قصبہ میں عمدہ عمدہ اقسام کا چاول پیدا ہوتا ہے جن میں سے دو قسمیں بمثیل ہیں کہ جنکا جواب ٹانڈہ وغیرہ میں بھی نہیں اُوکھ یعنی گنا کئی قسم کا ہوتا ہے اور پونڈہ بہت اچھا خوش مزہ ملائم ہوتا ہے۔ کپاس مرچ باجرہ۔ ارہر کی پیداوار کم ہے گیہوں چنا اچھا ہوتا ہے مکا جوار کابلی چنا سفید کی پیداوار بدرجہ اوسط قصبہ کی پرانی یادگاروں میں علاوہ چند مکانات کے سید زید صاحب مرحوم صوبہ دار صوبہ اوجین کا محل پرانی یادگار ہے واللہ اعلم بالصواب باقی آئندہ بشرط موقع۔

راقم

احقر الناس حکیم امیر احمد عشرتی صدیقی نانوتوی برادر زادہ حضرت مولانا صاحب مرحوم

تمہید کتاب از جانب امیر احمد

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ اس کتاب کی اشاعت سے مقصود کیا ہے؟ خود نفع اٹھانا اور دوسروں کو نفع پہنچانا۔ یہ کتاب کیا ہے؟ آیات ربانی کا خلاصہ، احادیث محمدیؐ کا لب لباب مثنوی معنوی کا جوہر، حضرات صوفیائے کرام کو رہنما، حقیقت و حامیان شرع مبین کو بیاض موعظت مبتدیان راہ طریقت و سلوک کو دستور العمل جو حضرت حاجی الحرمین الشریفین حکیم حاذق مولانا مولوی حافظ **محمد یعقوب** گمنام محدث مدرس اوّل مدرسہ عربیہ دیوبند رحمۃ اللہ علیہ کے ستر خطوط کے ذریعے سے جو آپ نے ۱۲۸۲ھ سے ۱۳۰۱ھ تک اپنے مرید خاص جناب قاضی محمد قاسم نیانگری کو ارقام فرمائے تھے ظاہر ہوا ہے۔ ہر ایک خط بجائے خود دفتر معرفت کردگار ہے ایک ایک لفظ اور ایک ایک حرف قند مکرر کا حکم رکھتا ہے۔ حضرت مولانا مرحوم سے کوئی ایسا ہوگا جو واقف نہ ہو آپ کے صدہا مرید اور شاگرد اور آپ کے شاگردوں کے شاگرد بلاد ہندوستان و کابل و بخارا وغیرہ میں موجود ہیں آپ جمیع علوم معقول و منقول میں فاضل اجل و عالم متبحر ہونے کے علاوہ سالک و مجذوب بھی تھے۔ اور نیز جیسا کہ آپ روحانی طبیب تھے اسی طرح ظاہری امراض کا بھی علاج فرماتے تھے آپ نہایت خوش وضع خوش خلق خوشخو خوش لہجہ خوش گفتگو تھے اپنے خاندان کے سب چھوٹے بڑوں میں ممتاز و سربرآوردہ تھے۔ آپ کے رعب و جلال کا اثر خاندان ہی نہیں بلکہ شہر بھر کا ہر متنفس قبول کئے ہوئے تھا حتیٰ کہ جناب مولانا مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم بھی آپ کے جلال کو مانتے تھے آپ بڑے صاحب کمال و مکاشفات تھے۔ آپ سے بہت پیشینگوئیاں صادر ہوئیں جن میں سے بعض کا ظہور ہوچکا جو باقی ہیں انکا انتظار ہے آپ اپنے ان ستر خطوط کی نسبت ایک صاحب کو یوں ارقام فرماتے ہیں۔

جو تحریرات میاں قاسم نے نیانگر میں جمع کی ہیں واقعی وہ مجموعہ عجیب ہے مگر میاں چھپنا تو ایک امر بہت بعید ہے اور نقل دشوار ہے میرا خود اس کی نقل کو جی چاہتا ہے شاید اوروں کو نفع پہنچے اور اس ناکارہ کو ثواب ملجائے اگر تمہیں فرصت ہو تو نقل اس کی کرلو انشاءاللہ تعالیٰ بہت مفید ہوگا والسلام۔ پس عبارت مذکور خود اس کی شان و منزلت ظاہر کررہی ہے کہ وہ مجموعہ خطوط کیسا کچھ دلچسپ و عجیب و غریب ہے ہر ایک متنفس اس سے دینی و دنیاوی فائدہ کثیر اٹھا سکتا ہے۔ ہر چند کہ قبل اس کے

بعض حضرات نے چند مرتبہ اس کے طبع کرانیکا قصد کیا لیکن لکل امر مرهون باوقاتها کامیابی نہ ہوسکی اب اس مرتبہ احقر کو جو کارہائے دینی و دنیوی میں سخت نا قابل ہے اور آج تک کوئی نیکوکاری عمل میں نہیں آئی ہمیشہ فکر معاش ونفس امارہ کے ہاتھوں مغلوب رہا۔ خیال آیا کہ اور تو کچھ ہو نہیں سکتا اس کی اشاعت پر ہی کوشش کی جائے کیونکہ نیکوں کا ذکر بھی کار نیک ہے شاید یہی میرے لیے باعث بہبودی و نزول رحمت ذوالجلال ہو۔ بامید حصول ثواب جیسا کہ خود مولوی صاحب مرحوم کی تحریر مسطورہ سے مترشح ہے۔ دست ہوس کو بڑھا کر حضرت مکرمی و معظمی جناب اخی مولانا مولوی ابو محمد عبداللہ انصاری انبہٹوی کی خدمت مبارک میں گزارش کر کے حصول اجازت سے متمتع ہوا لیکن مجھ کو میری بے بضاعتی حارج ہو کر سد راہ ہوئی کیونکہ یہ مجموعہ بہت بڑا ہے جس کا چھپوانا آسان کار نہیں بڑا سرمایہ درکار ہے۔ آخرش انتخاب کی طرف طبیعت مالوف ہوئی لیکن انتخاب کر دوں تو کیا کروں ہر ایک نعمہ کی نسبت یہ ہے کہ کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست۔ اسے پر درد گار میں حیران ہوں کہ کس کو لوں اور کس کو چھوڑ دوں ایک ایک سے نفیس و اعلیٰ تر ہے اب کہ نہ انتخاب کی جرأت نہ جملہ طبع کرانے کی طاقت اگر کسی دوسرے وقت کا انتظار کرتا ہوں۔ تو اس چنان و چنیں میں ضائع ہو جانے کا اندیشہ۔ آخرش یہ تدبیر سوچی کہ بلا انتخاب ایک سرے سے حسب ترتیب جناب قاضی محمد قاسم صاحب مرحوم نیا نگری جو اس مجموعہ کے بانی ہیں چند حصوں میں منقسم کر کے وقتاً فوقتاً زیور انطباع سے آراستہ کرتا رہوں اسمیں مجھ کو و نیز شائقین کو بھی سہولت واقع ہو اور حضرت مولانا صاحب کا یہ فیض باطنی ابد الآباد تک قائم رہے آمین ثم آمین۔

خدمت میں جمیع ارباب کرم کے گزارش ہے کہ جو حضرات اس گنجینۂ بے بہا سے مستفیض و بہرہ ور ہوں۔ وہ صاحب اس ناچیز کو مع میرے اہل و عیال کے اپنی دعا میں شامل فرمالیا کریں کہ اللہ تعالیٰ جمیع دینی و دنیوی فوائد و راہ مستقیم اپنی بارگاہ ازلی سے عطا فرمائے اور علم و عمل و راہ مستقیم کی توفیق رفیق بخشے آمین ثم آمین ؎

چشم دارم کہ گاہ گاہ مرا — از سر روئے التفات مرا
یاد سازی کہ روز و شب خرم — باشم در روئے فرخی بینم

احقر خادم الاطباء حکیم احمد عشرتی صدیقی نانوتوی برادر زادہ مولانا مرحوم
و احقر محمد شبیر علی مدیر رسالہ النور تھانہ بھون شائع کنندہ بار دوم ادنیٰ غلام مولانا مرحوم

التماس از طرف محمد قاسم نیانگری

خاکسار محمد قاسم بن شیخ خواجہ محمد عرف خواجہ بخش بن شیخ خدا بخش بن شیخ عبدالرحیم بن شیخ محمد بن شیخ محمد صادق بن شیخ شاہ محمد ساکن قدیم دارالخیر اجمیر شریف نے اپنے والد بزرگوار سے سنا ہے کہ اول بزرگ مقام اوچھ سے دہلی میں آکر آباد ہوئے اور دہلی سے اجمیر شریف میں آباد ہوئے ثم قصبہ جیتارن ماڑواڑ ثم نیانگر بیاور ضلع اجمیر شریف میں آباد ہوئے۔ اور احقر محمد قاسم کے جدامجد شاہ محمد متواطن دارالکرامت اجمیر شریف بعہد شاہ عالمگیر بادشاہ دہلی کہ رانکی رسائی دربادشاہی ہونے کی وجہ سے، ایک دہنہ چاہ مع موازی یازدہ بیگہ موضع کوچیلی وایک دہنہ چاہ مع دہ بیگہ اراضی موضع ناریلی متعلق حویلی دارالخیر اجمیر بصیغہ معافی عطا ہوئی تھی جن کی اسناد احقر کے پاس موجود ہیں اور وہ اسناد جناب مخدومنا مولانا محمد عبداللہ صاحب انصاری نے بھی ملاحظہ فرمائی ہیں جسوقت عملداری سرکاری انگریزی اجمیر میں ہوئی جن اشخاص معافیداران وجاگیرداران نے اپنی اپنی اسناد سرکار انگریزی میں پیش کردیں ان کی املاک بحال ہوگئیں اور یہ اسناد احقر کے والد بزرگوار کے ننہیال اجمیر میں تھیں اور احقر کے جدو والد جیتارن ماڑواڑ میں تھے کسی نے سرکار میں پیش نہ کیں ورنہ ملک عطیہ شاہی بحال ہوجاتی مشیت ایزدی اسی طور تھی جسوقت سے شہر نیانگر آباد ہوا ہے (جسکو عرصہ تقریباً ستر سال کا ہوا ہوگا) اسی وقت سے یعنی شروع آبادی نیانگر سے میرے جد شیخ خدا بخش و والد بزرگوار یہاں آکر آباد ہوئے اور ہمارے یہاں علاوہ کام خراد کے کام ہاتھی دانت کی چوڑیاں چیرنے کا ہوتا ہے اُس زمانہ میں کام چرائی چوڑیوں ہاتھی دانت کا بہت کثرت سے تھا۔ کیونکہ اس کام میں گنجائش بھی تھی بعد ازاں حکام وقت مہربانی و مشیت ایزدی سے میرے والد شیخ خواجہ بخش ۱۸۷۳ء میں ممبر میونسپل کمیٹی بیاور مقرر ہوکر عرصہ بارہ سال تک ممبر کمیٹی رہے اور ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری میں والد کو ایک سند مطلا حاشیہ سرکار سے عطا ہوئی تھی (اس وقت احقر بھی اس جلسہ میں ہمراہ والد کے موجود تھا) اور ۱۸۸۶ء میں بحین حیات اپنے والد بزرگوار کے احقر ممبر کمیٹی مقرر ہوکر عرصہ نو سال تک کار خدمت انجام دیتا رہا۔

اور ۱۲۷۵ھ سے بعہدہ نائب قاضی بغرض انجام دہی کار نکاح خوانی و نماز عیدین شہر نیانگر و پرگنہ بیاور بذریعہ سند سرکاری بہ نیابت جناب قاضی منیر الدین صاحب اجمیر کی طرف سے اب

تک مقرر ہے چونکہ یہ احقر بھی کثیر العیال ہے اور انواع و اقسام کے تفکرات میں مبتلا ہو رہا ہے رہاں تک جو آبا و اجداد سے لگا کر اپنی رسائی دنیوی تھی وہ بخیال دنیوی ظاہر کی گئی، اب احقر نے اپنے جوش بوالہوسی سے جو ذریعہ رسائی اپنی کا بدرگاہ مجیب الدعوات مالک الملک خالق کائنات بتوسل حضرت مولائی مرشد مولانا محمد یعقوب صاحب علیہ الرحمۃ پیدا کیا ہے بغیر از فضل و کرم اس مالک الملک و بدون وسیلہ مرشدان طریقت کے اس بارگاہ عالی میں کس کی رسائی ہو سکتی ہے چونکہ یہ احقر بدنام کنندہ نام بزرگان جیسا تھا ویسا ہی اب تک بوالہوس رہا کیونکہ ؎

ہزاروں مر گئے اس جستجو میں ۔۔۔ نہ پایا بھید پر اس کا کسو نے

سبحان اللہ جس کی دستگیری وہاں تک ہو کر رسائی ہو جاوے زہے قسمت اس کی مگر رسائی کے ساتھ قبولیت بھی ضرور ہے چونکہ اس کی بارگاہ عالی سے ہر کس و ناکس امید رکھتا ہے کہ بارگاہ عالی اس کی ایسی بلند شان و بے نظیر ہے کہ وہ بندۂ ناکارہ کو بھی اپنی رحمت کاملہ و شان کریمی سے بوسیلہ مرشدان طریقت سرفرازی عطا فرمائے اور رسائی قبولیت دونوں حاصل ہو جاویں تو کوئی جگہ دوجہ مایوسی کی نہیں ہے۔

کیونکہ ؎ اسے فضل کرتے نہیں لگتی بار ۔۔۔ نہ ہو اس سے مایوس امیدوار

کوئی عمل و بندگی اپنی قابل اعتبار تو نہیں ہے کیونکہ بہر حال اس کا فضل و کرم درکار ہے ۔ اور بتوسط حضرت مولانا مرشد نامرحوم کے جناب مخدوم مکرم مولانا عبد اللہ صاحب انصاری ہمشیرزادہ حضرت مولانا مرحوم کے احقر کے حال پر کمال توجہ و شفقت فرماتے ہیں اور خاص توجہ ولی و اخلاق کریمانہ سے احقر کے غریب خانہ پر کئی مرتبہ تشریف فرما چکے تھے اور اب بھی رونق افروز ہیں خداوند تعالی سے دعا و التجا ہے کہ ان بزرگان و پیشوایان طریقت کے صدقہ سے خداوند عالم مجھ غریب کے حال پر رحم فرما کر مجھے اور میری آل و اولاد و برخورداران عبد الحق و عبد القیوم و عبد الرزاق و عبد الحکیم و عبد الرحیم و دختران برادرزادہ و امام الدین و دیگر عزیزان متعلقین و جمیع مسلمانان باشندگان شہر نیانگر بیاور جو احقر سے محبت قلبی یا بظاہر محبت و اندرونی شاید بمقتضائے بشریت بغض بھی رکھتے ہوں اور جنہوں نے بہ پیش امامی احقر کے اقتدا کر کے نماز پڑھی ہو نیز و جمیع امتیان محمدی کو نجات و مخلصی عطا فرما کر فارغ البالی و غنائے ظاہری و باطنی عطا فرمائے و نیز سب کا حسن خاتمہ سلامتی ایمان کے ساتھ اپنی یاد و عرفان و ذوق و شوق میں فرما دے آمین ثم آمین ۔ و نیز جس قدر میرے عزیزان و خویشان

وبرادران ونور چشمی بی بی مریم ووالدین بزرگان آبائی واجدائی ومتعلقین خویشں واقارب وبزرگان وپیشوایان سلسلۂ طریقت وجمیع استادان مولوی وزیر علی صاحب متوطن بوڑیہ[1] سہارنپور و مولوی احسان علی صاحب اجمیری ومیانجی علی بخش اجمیری ومیر غالب علی نارنوی وابتدائی استاد میاں اشرف وولی محمد صاحبان سواران رسالہ وغیرہم وقاضی منیر الدین صاحب چشتی اجمیری ودیگر محبان جو اس دار فانی سے رحلت فرماگئے ان کو جنت الفردوس واعلیٰ علیین میں درجہ عطا فرمادے اوران کی مغفرت فرماکران کی قبروں کو نور اپنے سے منور فرمادے۔ اور سب کے حال پر رحم فرمادے آمین ثم آمین۔

اس مجموعہ کی نقل کرانیکا خود حضرت مرشدنا صاحب مرحوم کا بھی ارادہ تھا علاوہ ازیں چند بار کئی صاحبان نے اسکے چھپوانیکا قصد کیا یعنی منشی عبدالکریم صاحب فروغ دیوبندی کا اسکے طبع کا ارادہ ہوا تھا بعدازاں مولوی معین الدین صاحب ابن مولانا مرحوم کا۔ بعدازاں حکیم عبدالقیوم صاحب متوطن اجمیر کا بھی قصد طبع کرانیکا ہوا۔ بلکہ ایک نقل مجموعہ ہذا کی مولوی ظہور الاسلام صاحب تحصیلدار سکندرآباد کے پاس اسی غرض سے لیکر بھیجی تھی مگر یہ سب صاحبان اپنے اپنے ارادہ میں ناکام رہے۔ اور اب جناب مولانا صاحب مخدوم مکرم مولوی محمد عبداللہ صاحب کا قصد طبع کرانیکا ہوا خداوند تعالیٰ آپ کو اپنے ارادہ میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ جو خداوند تعالیٰ کو ہے وہ بہتر ہے مرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولیٰ۔ تاریخ ۱۲ رجب المرجب ۱۳۲۱ھ راقم احقر محمد قاسم عفی اللہ عنہ

---

[1] بوڑیہ سہارنپور سے جانب غرب تقریباً تیرہ چودہ کوس کے فاصلہ پر ہے ۱۲ منہ

دیباچہ

الحمد للہ رب العٰلمین و العاقبۃ للمتقین و الصلوٰۃ
والسلام علی رسولہ الکریم محمد و علیٰ اٰلہ و اصحابہ
اجمعین ○

امابعد بندۂ آثم محمد قاسم عفی اللہ عنہ حنفی قادری چشتی صابری بن خواجہ محمد عرف خواجہ بخش سکنہ نیا نگر ضلع اجمیر شریف بخدمت ناظرین باتمکین التماس کرتا ہے کہ اس عاجز کے زمانہ طفولیت میں جناب فیض مآب مولانا مرشدنا مولوی حاجی حافظ محمد یعقوب صاحب صدیقی ساکن نانوتہ ضلع سہارنپور دام برکاتہم وکرامتہم خلف الرشید حضرت استاد العلماء مولانا مولوی مملوک علی صاحب مرحوم مدرس اعلیٰ مدرسہ دہلی۔ کہ اجمیر شریف کے مدرسہ میں مدرس اوّل تھے اور میرے بہنوئی میاں غلام حسین صاحب مرحوم کے اور جناب مولانا صاحب ممدوح کے باہم نہایت درجہ ارتباط تھا۔ غرضیکہ بعد تشریف لے جانے جناب کے اجمیر شریف سے اکثر اوقات زبانی میاں غلام حسین صاحب کے اوصاف حمیدہ حضرت مولانا صاحب ممدوح کے سنا کرتا تھا۔ محبت قلبی تو اسی زمانہ سے پیدا ہو گئی تھی مگر اتفاق بیعت ایک اور بزرگ سے ہو گیا زمانہ طالب علمی میں ماہ ذی الحجہ ۱۲۷۶ھ میں جناب مولوی مرشدی حاجی محمد امیر علی صاحب صدیقی دام ظلہم متوطن قصبہ رہتک ضلع حصار۔ رونق افروز نیا نگر ہوئے اور مسجد کلاں نیا نگر میں وعظ فرمانے لگے وعظ بہت خوبی کے ساتھ فرماتے تھے علم وعظ گوئی میں یکتائے زمانہ تھے و اکثر مردمان شہر نیا گر ان کے وعظ کی تاثیر سے مرید ہو گئے یہ احقر بھی جناب مولوی صاحب کے مریدوں میں داخل ہو گیا اور

خاندان قادریہ میں بیعت حاصل کرلی جو بارہ تسبیح مندرجۂ شجرہ بعد مرید ہونے کے تعلیم ہوئی تھیں وہ طوطے کی طرح کئے گیا وہ زمانہ اوائل عمر کا تھا الا دریافت و تحقیق کی اس فن سلوک میں کچھ تمیز نہیں تھی نہ اس زمانہ میں ایسی صحبت دیکھی نہ کوئی کتاب سلوک کی مطالعہ میں آئی جناب مولوی صاحب موصوف کو وعظ گوئی سے فرصت نہ تھی دن بھر قریب آدھی رات تک قال اللہ و قال الرسول میں گذر جاتا تھا۔ چند مدت کے بعد جناب موصوف نیا نگر سے رخصت ہو کر اجمیر میں چند مدت قیام پذیر رہ کر وطن مالوفہ کو تشریف فرما ہوگئے اس کے بعد ۱۲۸۱ھ میں دوسری مرتبہ یہاں رونق افروز ہوئے مگر آپ کا کام وہی وعظ و نصیحت کا رہا اور یہ عاجز ناواقفی و کج فہمی اپنی کے سبب وہ راستہ کو جس کے لئے مرید ہوا کرتے ہیں کچھ دریافت نہ کر سکا اور اکثر مسائل دینیہ کے جن میں کہ فی زمانہ گفتگو ہے تفتیش و تحقیق میں اوقات ضائع ہوئی پھر جناب مولوی صاحب ممدوح چند مدت کے بعد تشریف فرمائے وطن مالوفہ ہوگئے اور اب تک پھر اتفاق تشریف لانے کا نہ ہوا اکثر آمد و رفت جھانسی، گوالیار کے ضلع میں آپ کی ہے بعد اس کے چند رسالہ علم سلوک کے مثل "قول الجمیل" "ترجمہ شفاء العلیل" "و معمولات مظہریہ" "و سمجھ بوجھ" اس عاجز کے مطالعہ میں آئے ان کے مطالعہ سے کچھ طبیعت پر ایک طرح کی ہوس شوق پیدا ہوئی اور جب مطلب معلوم نہ ہوتا تو دل گھبرانے لگتا۔ اور جو دعا حاشیہ سمجھ بوجھ اور متن میں سات مرتبہ سورۂ الحمد و چند ابیات التجا بجناب باری تعالیٰ کے درج ہیں۔ ایک مدت تک معمول رکھا

ابیات ؎

کہ اے معبود برحق اے مرے رب
کوئی بندہ ہو جو تیرا مقرب
اب اس عاصی کو تو اس سے ملادے
جمال پاک اس کا تو دکھادے
کہ میں صحبت سے اس کی بہرہ ور ہوں
وسیلہ سے بس اس کے تجکو پاؤں

اس مناجات کی یہ تاثیر ہوئی کہ جو محبت قلبی و روحی حضرت فضیلت پناہ حفیظ اللہ

کمالات دستگاہ امام السالکین پیشوائے عارفین جناب مولانا مرشدنا مولوی حافظ حاجی محمد یعقوب صاحب ادام اللہ فیضہم و برکاتہم سے تھی اب اثر اس کا ہونے لگا اور جوش محبت حضرت ممدوح پہ دل بیتاب پر بڑھنے لگا یہاں تک غلبہ محبت کا ہوا کہ گویا جناب مولانا صاحب ممدوح بدوں دیکھے بھالے میری آنکھوں کے سامنے رونق افروز رہتے تھے اور کئی مرتبہ عالم رویا میں زیارت و قدمبوسی حاصل ہوئی چنانچہ اس زمانہ ۱۲۸۳ھ سے نیاز حاصل ہوئی اور جو جو باتیں اپنے دل مضطرب میں از قبیل اختلافات و تنازعہ مسائل دینیہ و طبع پر پریشانی کے خطور کرتیں بلا تامل حضرت ممدوح کو اپنا پیشوا اور رہبر تصور کرکے آپ سے دریافت و تحقیق کر لیتا تو آپ کی ذات فیض آیات بصدور جوابات حسب دلخواہ کے دل کو تسلی و تشفی ہو جاتی اور جو عنایات بزرگانہ و شفقت مربیانہ اور اخلاق کریمانہ سے تحریر جوابات ہر ایک امر مستفسرہ کے احقر کو بے دیکھے بھالے مستفیض و فیضیاب فرمایا ہے وہ مطالعہ ہر ایک مفاوضہ سے عالیہ سے ظاہر ہو سکتا ہے اگر جناب مولانا صاحب جیسے شفیق رہبر پیشوا اس عاجز کو نہیں ملتے تو خدا جانے اب تک طبیعت کس رنگ ڈھنگ پر ہو جاتی جو التجا مندرجہ کتاب "سمجھ بوجھ" کی تھی وہ مقبول ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے پیشوا اور رہبر کامل حسب دلخواہ ملا دئے غرض کہ حضرت کے جوابات کا مجموعہ رفتہ رفتہ ایک ذخیرہ ہدایت کا ہو گیا اور حفاظت کے ساتھ مطالعہ میں آیا اور آیا کرتا ہے۔

قطعہ تاریخ ۱۲۸۳ھ

شروع جمع مضمون کتاب پاک ہذا کا
کہ جس میں نیک باتوں کا رویہ خوب ظاہر ہے
سوال سال تاریخی کیا تو بے سر جور آج
قلم نے در جواب اسکے کہا ملفوظ ظاہر ہے

چونکہ صرف لقائے پاک حضرت مولائی مرشدی ممدوح کا نصیب نہ ہوا تھا سو خدا تعالیٰ ذوالمنن کے فضل و کرم سے اشتیاق ایسا بڑھا کہ نصف ماہ شوال ۱۲۹۵ھ میں براستہ دہلی و میرٹھ بعد طے کرنے سفر تخمیناً ایکسو پچہتر کوس کے تاریخ بیسویں شوال ۱۲۹۵ھ یوم جمعہ شب شنبہ مابین نماز مغرب و عشاء کے قصبہ دیوبند ضلع سہارنپور خاص کر چھتہ کی مسجد میں قدمبوسی و زیارت و دیدار فیض آثار حضرت

سے مشرف ہوا اور اذکار و اشغال معمولہ خاندان امدادیہ کہ اکثر متعلق طریقہ چشتیہ صابریہ و قادریہ سے ہیں اس عاجز نے حضرت کے وسیلہ سے سند کر کے تعلیم و تلقین پائے اور رسالہ ارشاد مرشد مصنفہ سیدنا و مولانا قطب العالم سیدی و سندی مرشد المرشد حضرت حاجی امداد اللہ صاحب تھانوی زاداللہ کرامتہم مقیم مکہ معظمہ زاد اللہ شرفاً تعظیماً حضرت سے اور اجازت حزب البحر مع شرح فارسی حضرت نے ازراہ کرم بخشی کے احقر کو اپنے پاس سے مع ارشاد مرشد عطا فرمایا اور رسالہ ضیاء القلوب بزبان فارسی تصنیف حضرت حاجی صاحب ممدوح کا بہ سبیل ڈاک کے مرحمت فرمایا اور شجرہ متعلق خاندان عالیہ موصوفہ اور اکثر اوراد و وظائف بھی عطا فرمائے۔ کہ جس کا شکریہ احقر سے ادا نہیں ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اس ذات بابرکات و فیض آیات کو ساتھ اس فیض رسانی کے قائم و دائم سلامت باکرامت رکھے اور احقر روسیاہ گنہگار شرمسار کو مع متعلقین و متوسلین اس خاندان پاک کے اوپر راہ مستقیم کے قائم رکھ کر آخر کو اپنی یاد و شوق میں خاتمہ بالخیر نصیب فرمادے آمین ثم آمین عرصہ چھ روز تک آپ کی خدمت بابرکت میں حاضر و فیضیاب ہو کر بروز جمعہ بوقت آٹھ بجے دن کے تاریخ ۲۷ ویں شوال المعظم ۱۲۹۵ھ حسب اجازت حضرت کے دیوبند سے رخصت ہو کر تاریخ ۲۹ شوال بروز یکشنبہ بسواری ریل واپس اپنے وطن نیانگر میں بخیر و عافیت تمام آگیا اب تاریخ ۔ ا ربیع الاول ۱۲۹۷ھ کو ارادہ مصمم ہوا کہ مفاوضات فیض آیات کو جن میں مضمون میں ہر ایک نوع کا موجود ہے اور واسطے اس احقر کے اور نیز دیگر طالبین حق کے گویا ایک دستور العمل ہو گیا اور فی الحقیقت یہ مکتوبات ملفوظات ہیں اور ہنوز ناتمام ہیں۔

ملفوظات یعقوبی اسم قرار دیکر ترتیب وار جمع کر دیئے ہیں شعر از طبع زاد ملاں عبداللہ نیانگری ڈونگری والہ شعر۔

چو کردم از پے تامش تفکر با خوش اسلوبی
ز غیب آمد ندا ایں ست ملفوظات یعقوبی

تاکہ آیندہ زمانہ میں اپنے تئیں اور نیز طالبین صراط مستقیم و احباب و عزیزان اپنے کے کارآمد ہوں اور مطالعہ ان کے سے سعادت دارین کی حاصل کرنے کے لئے ایک وسیلہ و ذریعہ گردانی راقم و آثم کو دعاء خیر سے یاد فرمائیں دعا الھم احسن عاقبتنا فی الامور کلھا واجرنا

من خزی الدنیا و عذاب الآخرۃ۔

قطعہ تاریخ ترتیب کتاب از طبع زاد ملاں عبداللہ ساکن نیانگر

قطعہ

شکرانہ واہب العطیات — جس سے ہے کتاب کو مباہات
ترتیب کتاب کا سن وسال — ڈھونڈا تو عیاں ہوا فیوضات

۱۲۹۷ھ

فَاتحَۃُ الحَوَاشِیُ

مع

تمہید حصۂ دوم

مَکتُوبَاتِ یَعقُوبِیَہ

اما بعد الحمد والصلوٰۃ اس کے قبل ایک حصہ استاذی حضرت مولٰنا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علام الغیوب کے مکتوبات کا مطبع احمدی علی گڑھ میں باہتمام وترتیب حکیم امیر احمد عشرتی طبع ہوچکا ہے جو مشتمل ہے اکیس خط پر اور گو اس میں گیارہواں نمبر دو خطوں پر ہے مگر سولہواں نمبر کسی خط پر نہیں اس لئے کل اکیس ہی رہے۔ اور اسی حصہ کی تمہید میں ناقل نے بقیہ مکتوبات کے موجود ہونے کی اطلاع کے ساتھ ان کے نہ چھاپ سکنے کا عذر کیا ہے جس کو دیکھ دیکھ کر طبیعت کو اس بقیہ کے حاصل کرنے کے لئے بےچینی ہوتی تھی حسن اتفاق سے وہ بقیہ بمع اصل مطبوعات کے دستیاب ہوگئے۔ یہ سب مکتوبات خاص حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ کے دست مبارک کے لکھے ہوئے ہیں جس کو احقر خوب شناخت کرتا ہے اور مکتوب الیہ یعنی منشی محمد قاسم اجمیری مرحوم کے صاحبزادہ قاضی عبدالحق سلمہ کے پاس محفوظ تھے قاضی صاحب نے بعضے بذریعہ ڈاک بذریعہ ایک عزیز مہمان کے عطا فرمادیئے جزاہم اللہ تعالیٰ جو بعد نقل واپس کردیئے گئے۔ ان میں سے جو چھپ چکے ہیں ان سے تو صرف مطبوعہ کا مقابلہ بغرض تصحیح کرلیا گیا جو بالکل اخیر میں منضم ہے اس مقابلہ میں بعض مقامات وقلیل ما ہی ایسے بھی نظر پڑے جہاں مطبوع کی عبارت مناسب تھی اور اصل میں سہواً کچھ تسامح ہوگیا ہے اس اختلاف کو اس صحتنامہ کے متصل بعنوان نسخہ کے ظاہر کردیا ہے بوجہ ادب کے۔ اور غیر مطبوعہ کو نقل کراکر اس کو حصہ دوم قرار دیا گیا۔ جو بائیسویں نمبر سے شروع کیا گیا تاکہ حصہ اول سے سلسلہ مرتب رہے۔ مجموعہ عدد سب کا (۷۴) ہے اور حصہ اول کی تمہید سے جو ان کا عدد ستر معلوم ہوتا ہے اور اس کے خاتمے

جسمیں مضامین کی فہرست ہے سوان مکتوبات زائدہ میں سے بعض تو دستیاب نہیں ہوئے اور دو مکتوب بوجہ اشتمال حالات خانگی قصداً درج نہیں کئے خیر جتنے بھی ہیں نعمت عظمیٰ ہے ان مکتوبات کا مفید اور ضروری ہونا تفصیلاً ان کے ملاحظہ سے اور اجمالاً خود صاحب مکاتیبؒ کی بھی شہادت سے (جو حصہ اول کی تمہید میں منقول ہے من قولہ جو تحریرات الی قولہ بہت مفید ہوگا) منکشف ہوگا۔ غرض دونوں انکشاف اجمالی و تفصیلی اس شعر کے مصداق ہیں ؎

آفتاب آمد دلیل آفتاب　　　گر دلیلت باید از وے رو متاب

ان مکتوبات کے ساتھ ایک عجیب پرچہ نظر سے گذرا یعنی اکھاڑہ کے مختلف حالات کے متعلق دعائیں خاص حضرت کے دست مبارک کی لکھی ہوئی چونکہ اس کے چھوڑنے کی کوئی وجہ نہ تھی بلکہ اس سے حضرت کی جامعیت اور زندہ دلی و اخلاق کی ایک عجیب شان معلوم ہوتی ہے اسلئے اس کو اخیر میں ملحق کر دیا فقط۔

(کتبہ اشرف علی منتصف صفر ۱۳۳۶ھ)

نوٹ | ان مکاتیب سابقہ فی الطبع ولاحقہ فی الطبع کے متعلق جمع کے وقت ہی سے خیال تھا کہ بعض بعض مقامات حل طلب کا تحشیہ کیا جاوے مگر اتفاقات مانعہ کے سبب توقف ہوتا رہا۔ بحمد اللہ تعالیٰ اب نصف صفر ۱۳۴۲ھ کو (کہ جمع کے وقت سے پورے سات سال ہوتے ہیں) اس تحشیہ کا سلسلہ شروع ہوا اتمہا اللہ تعالیٰ بالخیر اور نام ان حواشی کا حظوظ خوبی بر خطوط یعقوبی کئی مہینے پہلے سے سوچ لیا تھا۔

(اشرف علی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آغاز کتاب

پہلا خط برادرم عزیز ولی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ وابقاہ۔ بعد سلام مسنون واشواق مشحون مطالعہ کریں۔ تمہارے کئی خط پے در پے میرٹھ ہوکر میرے پاس آئے اتفاقات سے بندہ ان دنوں دیوبند اور نانوتہ میں رہا اور کچھ ایسے شغلے پیش آئے تھے کہ پہلا خط کا جواب لکھنا بہت دشوار تھا آخری خط تمہارا رجسٹری شدہ میرٹھ سے ہوکر آیا اور اس سے پہلا خط چند روز پہلے اس سے کہیں کہیں ہو کر آیا تھا۔ مگر مجھے سوائے نام نیانگر کے کوئی پتہ تمہارا یاد نہ تھا اب یہ سوچا کہ تم عرس[عہ] میں آ ڈگے اسلئے یہ خط معرفت میاں لال محمد بساطی کے بھیجتا ہوں۔ اے عزیز یہ محبت تمہاری خدا واسطے کی ہے خدا اس کو ترقی دے حدیث شریف میں آیا ہے کہ ارواح کے لشکر جیسے جیسے ہیں جو اصل میں ایک دوسرے کی شناخت رکھتے ہیں ان کی آپس میں الفت ہو جاتی ہے اور جن میں شناخت آپس کی نہیں ہوتی مختلف رہتے ہیں یہ معرفت اصلی روحی ہے کہ تمکو اس گنہگار کے ساتھ ربط بے دیکھے ہوا اگر یہ تمہاری نیت ذر قصد محض خیر اور بالکل خوبی ہی خوبی ہے اور خدا تعالیٰ تم کو اس کا ثواب عطا فرمائے گا مگر کسی کا حال[عہ] بے تجربہ اور برتے معلوم نہیں ہوتا بزرگوں کے کلام نقل کرنے سے کیا ہوتا ہے دیکھو طوطا کیسا ہو بہو آدمی کی بولی بولتا ہے کیا وہ آدمی ہو جاتا ہے؟ آدمی مشتاق اس کا ہو جو آپ صاحب کمال ہو نقل کرنے والے کو کیا دیکھئے اصل کو ڈھونڈیئے تم اس عاجز کا حال اہل اجمیر سے معلوم کرو کہ کس قدر ابتر تھا کہ ستار[سہ] اور راگ ناچ میں گذرتی تھی

عہ قولہ عرس میں آ ڈگے الخ۔ اس وقت تک مکتوب الیہ کو حضرت سے خاص تعلق نہ ہوا تھا جیسا کہ تاریخ کتابت خط ہذا وزمانہ ابتدائی تعلق مذکورہ تمہید مکتوبات کے تطابق سے ونیز خود اس خط کے مضمون سے بھی معلوم ہوتا ہے اب یہ سوال نہیں ہو سکتا کہ حضرت نے اپنے مرید کے لئے شرکت عرس کو کیسے گوارا فرمایا ۱۲ حفلوظ عہ قولہ کسی کا حال بے تجربہ الخ کیسے کام کی بات ہے جسکا لحاظ پیر کی تلاش کرنیوالوں کو ازبس ضروری ہے اس کے اہمال سے غلطی عظیم میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

سہ قولہ ستار اظہار معصیت کے شبہ کا جواب بعد میں خود ذکر فرمایا ہے فی قولہ تمہارے رفع اشتباہ کیلئے الخ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

نماز و جماعت و تقوے و طہارت سے کچھ بحث نہ تھی اب ہر چند کہ بظاہر ان باتوں سے توبہ کی اور حضرت مرشد العالم حاجی صاحب مدظلہ کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا مگر اصلی بات کہاں بدلتی ہے ویسا کا ویسا ہی رہا۔ البتہ ظاہری ریا پردہ ان عیوب کا ہو گیا یہ اس کی ستاری کی شان ہے ورنہ عالم الغیوب خوب جانتا ہے کہ باطن اس ناپاک کا کیسا کچھ خراب ہے یہ روسیاہ اس قابل نہیں کہ کوئی اس کی صحبت میں آوے تم نے سنا ہوگا کہ بروں کا پڑوس بھی خراب کرتا ہے اس لئے بنظر خیر خواہی تمہیں اپنا حال لکھا ہر چند ظاہر کرنا اپنے عیبوں کا بھی عیب اور گناہ ہے مگر تمہارے رفع اشتباہ کے لئے یہ کچھ لکھ دیا اب اس عاجز کو تم ایسا بھول جاؤ کہ گویا کبھی یاد بھی نہ تھا۔ اور تمہاری تحریر سے تمہاری نیت خیر اور خوبی حال سمجھ میں آئی۔ اللہ جلشانہ زیادہ ترقی کرے اور ثبات قدم نصیب کرے میاں غلام حسین کو میرا سلام پہنچانا اور یہ کہنا کہ تمہاری خیریت معلوم ہوئی خدا تم کو خوش رکھے، میں احباب اجمیر کو بھولا نہیں، مگر ملاقات قسمت کی بات ہے خدا پھر حاضری اس بارگاہ کی نصیب کرے کہ تم لوگوں سے بھی ملاقات ہو۔ بھورے خاں کو بعد سلام مضمون واحد پہنچانا فقط یکم رجب ۱۲۸۳ھ راقم محمد یعقوب دیوبند مسجد چھتہ۔

دوسرا خط برادرم عزیز القدر گرامی شان منشی محمد قاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ از احقر محمد یعقوب بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ بعد عرصہ کے تمہارا خط آیا۔ میں تو سمجھا تھا کہ تم نے میرا کہنا مان لیا۔ اور ویسے ہی عمل کیا خیر بہرحال سوال کا جواب ضرور ہے عزیز من راہ محبت بہت نزدیک مگر نہایت دشوار گزار۔

(بقیہ حاشیہ) جسکا حاصل یہ ہے کہ بضرورت دینیہ جائز ہے خواہ اپنی ضرورت ہو جیسے اصلاح چنانچہ بہت صحابہ نے حضور اقدس ﷺ کے دربار میں ایسا کیا آپ نے ان پر منہی عنہ کا سا نکیر نہیں فرمایا اور خواہ دوسرے کی ضرورت ہو جیسے دفع تلبیس نیز اظہار اجمالی و اظہار تفصیلی میں بھی تفاوت ہے جیسے اپنے کو عاصی کہنا درست ہے اور ان معاصی کی تفصیلی واقعات کہ فلاں روز ایسا کیا تھا یہ نادرست ہے ۱۲ مفلو ظ سے قولہ اصلی الخ اس میں ایک مسئلہ کی تحقیق ہے کہ ریاضت کے دو اثر ہیں اعمال پر ترک کا اور اخلاق پر دکہ وہ اصول ہیں اعمال کے اور اصلی بات سے یہی مراد ہے) ضعف و اضمحلال کا کہ اس کو اعتدال بھی کہتے ہیں باقی اخلاق کا ازالہ و استیصال کہ مادہ ہی نہ رہے یہ نہیں ہوتا اور یہی معنی ہیں اس حدیث کے کہ اذا سمعتم بجبل زال عن مکانہ فصدقوہ واذا سمعتم برجل زال عن جبلۃ فلا تصدقوہ اور راز اس میں یہ ہے کہ مادہ کا درجہ کسی خلق کا بھی مذموم نہیں ہاں اس کے مقتضا پر عمل

بقیہ اگلے صفحہ پر

۵ سعدیا کنگرۂ عشق بلند است بلند دست ہر بوالہوس آنجا بہ فضولے نرسد

اور یہ راہ آسان[۱] ہے بلکہ بہت آسان ہے۔ مگر نہایت ہی دور۔ ہرچند اس راہ کے دو قدم ہیں۔ مگر ہر قدم لکھوک منزل اور کروہ کا ہے جس کی دستگیری ہو جائے ایک پل میں طے ہو۔ اور جس پر عنایت نہ ہو ایک آڑا اور ایک کانٹے میں الجھ کر عمر کھو دے خلاصہ اس طول کا یہ ہے کہ اس بارگاہ عالی میں قبولیت حاصل ہو اگر دیکھے کہ وصول وہاں تک میسر نہیں اور اگر غور کیجئے تو مطلوب حقیقی قبول ہے نہ وصول۔ دیکھو چور کمند لگا کر خوابگاہ شاہی میں جا سکتا ہے مگر جب خبر ہو جائے جوتیاں کھاوے۔ اور غلام خاص کہ خدمت سے برسوں کی راہ ہو اور خدمات نمایاں بجا لاوے، ہردم مقبول بارگاہ ہے۔ ہرچند بظاہر دور ہے مگر اس کا ہر کام مقبول ہے۔ اور اگر وصول اور قبول باہم جمع ہوں تو سبحان اللہ محبوبیت سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں اور راہ وصول کا خلاصہ خودی کو چھوڑنا ہے۔ کہ علاج اس کا متقدمین کے نزدیک وہ ہے جو ''منہاج العابدین[۲]'' میں مذکور ہے۔ اور متاخرین کے نزدیک کثرت ذکر اور کم کھانا۔ کم سونا۔ کم بولنا۔ اور کم خلق سے ملنا۔ اس کی اصل ہے کہ غلبۂ ذکر میں سب صفائی[۳] ایک ہی ساتھ ہو جاتی ہے اور مشغولی ذکر کی کم سے کم ایک پہر یعنی آٹھواں حصہ شب و روز کا چاہیئے اور اعلیٰ یہ ہے کہ ایک تہائی آرام کرے اور تہائی ذکر میں گزارے۔ اور ایک تہائی میں حقوق خلق اگر ذمہ ہوں ادا کرے اور کچھ علائق نہیں رکھتا ہے تو اس کو اوراد و وظائف میں گزارے اور اول ابتداً ذکر جہر لسانی پھر جہر کے ساتھ، ذکر خفی بھی کرے۔ اس

(بقیہ حاشیہ) کرنا یہ مذموم ہے اسی کے ازالہ کا انسان مکلف ہے باقی کثرت ترک سے کہ ریاضت کی حقیقت ہے خود اقتضا بھی ضعیف ہو جاتا ہے اور یہ ضعف معین ہوتا ہے ترک کا پس اگر بعد ریاضت کے کچھ اثر اقتضا کا پائے ریاضت کو بیکار و ضائع نہ سمجھے ۱۲ حفظ[۵] قولہ کہنا مان لیا یعنی مجھ سے استفادہ کا قصد چھوڑ دیا جس کا مشورہ پہلے خط میں ارشاد فرمایا تھا ۱۲ حفظ۔ (حاشیہ صفحہ ہٰذا) [۱] قولہ یہ راہ ۱۲ مراد طریق سلوک بالاعمال و اصلاح الاعمال الظاہرۃ والباطنۃ ۱۲ حفظ [۲] قولہ جو منہاج العابدین الخ مراد اصلاح اخلاق جدا جدا ۱۲ حفظ [۳] قولہ سب صفائی اس میں دو شرط ہیں ایک یہ کہ معاصی سے بالکلیہ اجتناب ہو دوسرے یہ کہ بقدر ضرورت اخلاق کی بھی اصلاح ہوتی رہے گو اس میں اتنی تدقیق نہ ہو جیسی منہاج العابدین وغیرہ میں مذکور ہے کہ ذکر و فکر کے طریق میں زیادہ تدقیق کو شاغل عن المقصود قرار دے کر اسکی طرف زیادہ التفات کو منع کیا گیا ہے ۱۲ حفظ

کے بعد مراقبات اس کے بعد انشاءاللہ تعالیٰ وہ امور ہوتے ہیں کہ وہی خود رہبر ہو جاتے ہیں اور ان سب امور میں اتباع شرع شریف اور استقامت راہ سنت پر لازم ہے ورنہ سب باتیں بیکار ہوتی ہیں اور اگرچہ وصول[1] ہو مگر وہی چور کا سا قصہ ہوتا ہے اور راہ قبول منحصر اتباع سنت پر ہے۔ ظاہر میں، باطن میں، عقیدے میں، عمل میں، بدعات اور رسوم اعراض کرنا اس زمانہ میں اتباع سنت کی اصل ہے طالب کو لازم ہے کہ ہر امر حکم خدا و رسول پر اور اقوال علماء حقانی پر جانچ لے اور اس کو حق سمجھے اور اعتقاد کرے اگر توفیق عمل کی پاوے شکر بجالاوے نہیں تو اپنے آپ کو قصوروار اور نابکار سمجھے اور عجز و زاری میں عمر گزارے اور زنہار زنہار[2] راہ تاویل کی نہ چلے اور برے عمل کر کر اپنے آپ کو بھلا نہ بتاوے کہ یہ اصل تمام شیطان کے مکروں کی ہے اور اپنے ان دوستوں کو یہ سب مضامین پہنچا ئیو کہ عشق ایک[3] ہی چیز ہے جدھر متعلق ہو۔ فرق تعلق کا ہے۔ اس کا شکر کرو اور اس کو رائگاں نہ کھوؤ۔ چند اشغال جو احقر لکھتا ہے کیجو۔ یہ خط یہاں تک تمام ہو کر ایک مدت پڑا رہا۔ اور احقر کو بوجوہ چنداں اس کے لکھنے کی مہلت نہ ہوئی غالباً تمہارا انتظار حد سے گزرا ہوگا۔ اور محمول بے اعتنائی پر کیا ہوگا کیا کیجئے بقول مولانا[4] روم۔

---

[1] قولہ اگرچہ وصول ہی ہو۔ اس وصول کی تفسیر اس مکتوب میں اوپر آئی ہے یعنی خودی کو چھوڑنا جس کا حاصل تقویت نسبت عبد مع الحق ہے اور صرف یہ مقصود نہیں یہ اہل باطل کو بھی ہو جاتی ہے مقصود قبول ہے جیسا اس خط میں مصرح ہے جس کا حاصل نسبت حق مع العبد ہے اوّل نسبت کو فنا سے دوسری نسبت کو رضا سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے ۱۲ حظوظ [2] قولہ زنہار راہ تاویل کی نہ چلے۔ یہ اس مرض پر تنبیہ ہے جس میں ایک عالم مبتلا ہے خصوص اہل علم کا طبقہ کہ اپنی کسی غلطی کا اعتراف نہ کریں گے سب میں تاویل کریں گے جس کے صاف معنی یہ ہیں کہ ان سے کسی علمی و عملی غلطی کا صدور ہی نہیں ہوتا اور جو تاویل شرعی ضرورت سے ہو جس کا منشا دین ہی ہوتا ہے نفس نہیں ہوتا وہ اس سے مستثنیٰ ہے وہ حقیقت میں تاویل نہیں تحقیق ہے۔ ۱۲ حظوظ [3] قولہ عشق ایک ہی چیز ہے۔ غالباً یہ تمہید ہے علاج عشق مجازی کی جیسا آگے طریق علاج سے بھی معلوم ہوتا ہے ۱۲ حظوظ [4] قولہ بقول مولانا روم یہ جبر محمود کہلاتا ہے جس کا حاصل ہے اپنے کمالات کی نفی جس میں اپنی صفت اختیار بھی داخل ہے اس کی نفی بھی کمال ہونے کی حیثیت کی جاتی ہے اور اس کا مقابل جبر مذموم ہے جس کا حاصل ہے اپنے نقص کی نفی یعنی اگر کوئی معصیت ہو (بقیہ اگلے صفحہ پر)

ــه اے رفیقاں راہ ہارا بست یار آہوئے لنگیم او رشیر شکار
جز بہ تسلیم و رضا کو چارۂ در کف شیر نر خونخوارۂ

بالجملہ اب یہ لکھنا مقصود ہے کہ وہ چند باتیں جن کو میں لکھتا ہوں موافق فرصت اور دل لگنے کے کرنی چاہئے۔ ایک کثرت تلاوت اسم یا وَدُودُ ؔ کی بے قید کسی پرہیز اور کسی شرط کے ہر وقت اور ہر لحظہ اور بطور وظیفہ کے ایک ہزار بار ہر روز بالضرور پڑھنا چاہیئے اور یا مقلب القلوب ایک سو بہتر [۱۷۲] بار اس کے ساتھ پڑھے۔ اور اگر کسی وقت خلوت ممکن ہو تو ان اسمائے کو دو سو تین سو بار بتصور مطلوب تلاوت کرلے اور خداوند کریم سے دعا کرے کہ الٰہی مجھ کو بت پرستی سے چھڑا کر حق پرستی نصیب کر۔ اور اپنے غیر سے روگرداں کر کے اپنی طلب اور عشق عنایت فرما۔ اور جس صورت کے ساتھ دل کو ربط ہے اس کو حجاب نور مطلوب حقیقی خیال کرے اور یہ خواہش کرے کہ یہ پردہ میرے حق میں رہزن نہ ہو۔ اور مجھ کو دریافت اصل حقیقت سے غلطی میں نہ ڈال اور اگر فرصت ملے تو بارہ سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ بحضور و تصور لا مقصود کے بآواز نرم و حزین پڑھے۔ اور اگر یہ عدد ایک وقت میں ممکن نہ ہو تو شب و روز میں بہ حسب فرصت دو بار یا تین بار کر کے پورا کر لے اور کسی قدر درود شریف کہ کم پانچ سو مرتبہ سے نہ ہو اور اسی قدر استغفار ہر روز وظیفہ کرلے بلکہ اگر اور وظیفہ

(بقیہ حاشیہ) عیب جو کہ نقص ہے صادر ہو جائے تو اس میں اپنے اختیار کی نفی کرنا پس اختیار جو کہ تعلق بالنقص کے سبب نقص تھا اس کی نفی کی پس اختیار میں دو حیثیت ہیں ایک حیثیت کمال ہونے کی اس حیثیت سے اس کی نفی جبر محمود ہے اور ایک حیثیت ہے نقص ہونے کی اس حیثیت سے اس کی نفی تفویض مذموم ہے ۱۲۔

ــه قولہ یا ودود۔ و یا مقلب القلوب یہ مراد نہیں کہ اس محبوب کی مودت کی تحصیل اور اس کے قلب کی تحویل کی نیت سے پڑھے۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ اپنے ساتھ حق تعالیٰ کی مودت کی تحصیل اور اپنے قلب کی خلق سے خالق کی طرف تحویل کی نیت سے پڑھے چنانچہ آگے دعا کے مضمون میں اس کی تصریح ہے کہ الٰہی مجھ کو بت پرستی سے چھڑا کر الی قولہ اپنی طلب اور عشق عنایت فرما اسی طرح آگے جو ارشاد ہے کہ تبصور مطلوب یہ تصور بھی اس حیثیت سے نہیں کہ مطلوب مطمح ہو جاوے بلکہ اس حیثیت سے ہے کہ یہ حجاب مرتفع ہو جائے چنانچہ قریب ہی اس کی بھی تصریح ہے فی قولہ یہ پردہ میرے حق میں رہزن نہ ہو ۱۲ حفظہ۔

قضا ہو تو یہ دونوں قضا نہ ہوں ان کو اصل سمجھے اور ہر وظیفہ کے اوّل و آخر میں درود شریف گیارہ گیارہ بار بالضرور پڑھے اگر اس عرصہ میں صحبت کسی صاحب باطن تبع شرع کی نصیب ہو تو اس کی خدمت غنیمت سمجھے ورنہ بظاہرؔ سب سے حسن ظن رکھے اور ان کے قول و فعل پر اعتماد نہ رکھے عمل اور عقیدہ اور رسم موافق شرع کے کرے۔ ذرا مخالفت نہ کرے اللہ جلشانہ ہم سب کو سب سمیت اپنی مرضی پر قائم رکھے۔ اور نفس و شیطان کے پھندوں سے چھڑا کر خاتمہ بخیر نصیب کرے۔ اگر کبھی یاد آوے تو اس نا کارہ کو سب دوستوں سے امید دعا خاتمہ بخیر کی ہے تم نے اسم مبارک حضرت پیر و مرشد کا پوچھا تھا نام نامی ان کا مخدوم عالم قطب اقطاب غوث زماں حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مدظلہ العالی ہے پہلے تھانہ بھون میں تشریف رکھتے تھے وہ ہمارے وطن سے سات کوس ہے اب مکہ شریف میں مقیم ہیں کہ ہزاروں کوس کی راہ ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ طلب اسؔ راہ کی غایت مطلوب ہے۔ اور بڑی نعمت اس کا شکر یہ ہے کہ اس کو ضائع نہ کرے اور اگر کچھ حاصل نہ ہو تو گھبراوے نہیں ؎

چوں نشینی بر سر کوئے کسے ؎ عاقبت بینی تو ہم روئے کسے
گفت پیغمبر کہ چوں کوبی درے عاقبت زاں در بروں آید سرے
سائۂ حق بر سر بندہ بود عاقبت جوئندہ یابندہ بود

ہمت عالی رکھے اور خواب و خیال اور کشف و کرامت کی حقیقت کچھ نہ سمجھے اور ان کو کچھ شمار نہ کرے اور ان کا ہونا نہ ہونا ایک جانے بلکہ نہ ہونے کو فراغ خاطر کا سبب سمجھے اور اگر احیاناً کوئی خواب ایسی نظر آوے کہ کچھ انوار دیکھے یا زیارت بزرگوں کی ہووے یا کوئی

؎ قولہ ورنہ بظاہر الخ۔ شیخ کامل کے میسر ہونے کے قبل تک کے لئے کیسا پاکیزہ و مفید اور احتیاط کا دستور العمل ہے پریشان حال اس کی قدر جانتے ہیں ۱۲ ملفوظ۔

؎ قولہ طلب اس راہ کی و قولہ گھبراوے نہیں۔ سبحان اللہ کیا اکسیر تعلیم ہے آدھے سلوک سے زیادہ اس میں مضمر ہے عمل کرے تو قدر ہو ۱۲ ملفوظ ؎ قولہ فراغ خاطر کا سبب۔ ان مسائل کی قیمت کس زبان سے ظاہر کروں اور ان سے جو حالت وجد کی مجھ پر گذرتی ہے کس طرح سمجھاؤں کیا جواہر بھر دیئے ہیں اور آگے جو فرمایا ہے اسکو مبارک سمجھے اس سے مطلوبیت لازم نہیں آتی غرض مقصودیت کی نفی ہے اور محمودیت کا اثبات ۱۲ ملفوظ۔

نعمت حاصل ہو اس کو مبارک سمجھے اور سوتے وقت آیۃ الکرسی عظیم تک اور درود شریف اور الم نشرح ستر۷۰ بار اور سبحان اللہ ۳۳ بار اور الحمد للہ ۳۳ بار پڑھا کرے اسکی برکت سے اچھی خوابیں نظر آیا کریں گی اور چاہیئے کہ ہر حال طلب کم نہ ہو باقی زیارت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ وقت اور نصیب پر منحصر ہے ہر چند اس کیلئے بہت طریقے لکھے ہیں اور بزرگوں سے پوچھے مگر بات وہی ہے کہ نصیب سے تعلق ہے اور وقت پر موقوف ہے والسلام

مورخہ ۱۵ ربیع الثانی ۱۲۸۴ھ

تیسرا خط بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علیہ۔ بعدہ برادرم عزیز القدر طالب صادق سالک راہ حق منشی محمد قاسم مد اللہ عمرہ و زاد قدرہ و بلغہ الی ما یرضاہ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرماویں۔ آپ کا خط بجواب نامۂ احقر آیا مضامین طول طویل اس کے واضح ہوئے۔ ان دنوں ان اضلاع میں بیماری بخار و لرزہ عام ہو رہی ہے۔ احقر بھی برائے چندے مبتلا تپ لرزہ رہا۔ انہیں دنوں تمہارا خط آیا جواب لکھنے میں ہر چند جلدی کی مگر اتنی دیر ہوئی۔ اور بسبب قلت فرصت اور کاہلی طبیعت احقر کو خط لکھنا نہایت دشوار ہے تمہاری تاکیدوں کی جہت سے اتنا لکھنا معاف فرماویں در باب فرقہ وہابیہ اور بدعتیہ کے جو کچھ لکھا ہے احقر کے نزدیک طرفین

سے قولہ اس کی برکت سے۔ خاصیت بیان کرنے سے اسکا مقصود ہونا لازم نہیں آتا خصوص جب کہ اوپر اسکی مقصودیت کی نفی تصریحاً فرمادی گئی ہو باقی یہ کہ خاصیت کس مصلحت سے بتائی گئی ممکن ہے کہ کسی خاص طالب کی کسی خاص حالت سے شیخ کو اندازہ ہوا ہو کہ یہ غیر مقصود اس کے لئے مقصود کی طرف متوجہ ہو جانیکا ذریعہ ہو جاوے گا یہ شیخ کی رائے پر ہے ۱۲ حظوظ سے قولہ نصیب پر منحصر ہے۔ بڑی ہی غلطی کا ارتفاع ہے لوگ اس دولت کو اختیاری سمجھ کر عدم حصول سے بے حد پریشان ہو رہے ہیں اس میں ان کی اس ضیق سے نجات ہے ۱۲ حظوظ۔ سے قولہ معاف فرمائیں اللہ اکبر شیخ جو کہ مستحق ناز ہے طالب کے ساتھ اس نیاز سے پیش آوے اس سے بڑھکر انکسار و حسن اخلاق کیا ہوگا۔ مجکو بیساختہ مولانا کے اشعار یاد آگئے سے آنکہ از کبرش دلت لرزاں بود۔ چوں شوی چوں پیش تو گریاں شود۔ آنکہ از نازش دل و جاں خوں بود۔ چونکہ آید در نیاز او چوں بود۔ مدعیان حسن اخلاق اسکو دیکھیں تو معلوم ہو کہ ان میں الفاظ ہی الفاظ ہیں بقول مولانا سے تو بیک زخمے گریزانی ز عشق۔ تو بجز نامے چہ میدانی ز عشق۔ ۱۲ حظوظ۔

خالی از تعصب عہ نہیں اور راحقر مولوی اسمٰعیل صاحب شہید کو اور اس خاندان کے علماؒ کو اپنا پیشوا سمجھتا ہے اور بے تعصب ان کی باتیں موافق قرآن و حدیث کے پاتا ہے۔ اور ان کے مخالفین کو حق سے برکران اور ہٹ دھرمیاں کرتے دیکھتا ہے۔ اور ہر چند اصل میں وہابیہ جو فرقہ عرب میں گذرا اور اب تک ان کے لوگ باقی ہیں ان کی نسبت حکایتیں بہت سی بری سننے میں آئی ہیں مگر اس فرقہ کے بعض لوگوں سے جو ملاقات ہوئی تو جیسا سنا تھا ویسا نہ پایا۔ بلکہ سوائے لامذہبی اور تشدد بعض امور میں۔ کوئی خرابی ان کے اندر نہیں دیکھی مگر اب وہابیہ ان کا نام ہے کہ پانچ وقت کی نماز کی تاکید کریں اور ناچ نہ دیکھیں اور ڈھولک نہ سنیں ریشم پہننے سے پرہیز کریں اور پیران عظام کو خدا کا بندہ اور اس کے حکم کے آگے عاجز سمجھیں۔ اور کسی کی سوائے خدا کے نذر نہ کریں اور منت نہ مانیں اور بدعات کو بدعت کہیں اور راہ سنت کی تلاش کریں۔ برادر عزیز تمام بزرگان دین علما ہوئے یا درویش شرک اور بدعت کے ہی رفع کے لئے ساعی رہے ہے ان کی کتابیں اور ملفوظ اب بھی کہیں کہیں باقی ہیں اور اتباع شرع شریف کو اصل تصوّف کی سمجھا ہے اور کتابوں کے باب میں جو تم نے استفسار کیا ہے یہ سب کتابیں بہت خوب ہیں ان کو دیکھا کرو۔ اور قرآن شریف کا ترجمہ اور کسی کتاب حدیث کا ترجمہ اگر وہاں کوئی استاد عہ مل سکے تو اس سے پڑھ لو۔ نہیں آپ مطالعہ کیا کرو۔ اور ان دوست کا حال جو لکھا ہے یہ رعب محبت کے لوازم سے ہے ع

باد جود دست زمن آواز نیاید کہ منم

محبت میں یہی اصل ہے کہ محبوب کے سامنے محو جائے اور سب خواہشوں کو

عہ قولہ خالی از تعصب نہیں۔ مراد عوام ہیں گو نام کے اہل علم ہوں خواص حقیقی مراد نہیں ۱۲ حظوظ۔

عہ قولہ کوئی استاد الخ۔ بڑے کام کی بات ہے اکثر لوگ اس سے غافل ہیں اور غلطیوں میں پڑتے ہیں بے استاد کے خود مطالعہ کرنے میں غلط فہمی سے محفوظ نہیں رہ سکتا اور اس سے شبہ نہ ہو کہ اس کے بعد خود مطالعہ کی اجازت ہے کیونکہ یہ اجازت مقید ہے ایک قید کے ساتھ وہ قید یہ ہے کہ جہاں شبہ رہے استاد سے جب کبھی میسر ہو رجوع کرے دلیل اس قید کی استاد کی ضرورت کا ثابت ہو جانا ہے ۱۲ حظوظ۔

کوگم کردے۔ ورنہ محبت ناقص ہے کیونکہ اس صورت میں محبوب وہ خواہشیں ہیں نہ وہ یار دل نواز حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو عاشق ہو اور گناہ سے بچے یعنی عفت اور پاکیزگی اختیار کرے اور اپنا حال چھپادے اگر مر جائے گا تو شہید ہوگا۔ اور فرق تعلق کا جو پوچھا ہے یہ بات ایک مثال سے سمجھ میں آسکتی ہے۔ مثلاً ایک شخص ہو کہ بیماری صفرا کے سبب اس کا ذائقہ تلخ ہو رہا ہے تو اب وہ ہر مٹھائی کو تلخ سمجھتا ہے اب اگر فرض کرو کہ کوایسا ہی اصل پیدائش سے ہو تو ظاہر ہے کہ وہ کبھی لذت شیرینی سے آگاہ نہیں ہو سکتا۔ اور جو کوئی صحیح وسالم ہوگا اور فرض کرو کہ قند سیاہ کھا کر لذت اٹھاتا ہے تو بے شک اگر وہ قند مکرر کھاوے گا تو نہایت لذت پاوے گا۔ مثلاً عنین یعنی نامرد کے نزدیک عورت اور دیوار برابر ہے اور جو مزاج صحیح رکھتا ہے اور نامرد نہیں ہے وہ ہر دم متلاشی عورت کا ہوگا بالجملہ طلب جمال اور تعلق طبیعت کا اس طور پر کہ مغلوب کی ایک کیفیت ہو جائے یہ علامت اس بات کی ہے کہ یہ شخص مزاج صحیح وسالم رکھتا ہے اور جمال اصلی کا اگر اس کو ادراک ہوا اور آنکھ قلب کی کھلے اور حسن غیبی اس کے سامنے جلوہ گر ہو تو ہزار جان سے عاشق زار ہو جاویگا اور اس کیفیت میں سرشار خمار تا آخر دم بلکہ ابدالآباد تک رہے گا۔ اسلئے مبارکبادع ہر عاشق کو اس کا عشق اگر چہ ایک پتھر کا ہی ہو اور یہی مطلب ہے اس قول مشہور کا عشق مجازی نردبان حقیقی ہے۔ اور ایک یہ بھی بات ہے کہ آدمی کو تعلق اغیار حجاب جمال حقیقی ہو رہا ہے اور جب عشق آیا اور سب تعلقات کو قطع کر دیا تو اب یہ ایک تعلق بہت جلد سہل دور ہو سکتا ہے۔ اسواسطے کہ ہر جمال پر تو اس نور حقیقی کا ہے اور بعد غور سمجھ کا

ع قولہ اس لئے مبارکباد ہر عاشق کو اس کا عشق کیا اچھی تحقیق ہے عشق مجازی کے پسندیدہ ہونے کی یعنی فی نفسہ وہ پسندیدہ نہیں ہے بلکہ اس حیثیت سے کہ وہ علامت ہے اس شخص کے مزاج صحیح وسالم رکھنے کی الی آخر ما قال آنفا پس اگر ادراک جمال حقیقی تک مفضی نہ ہو تو پھر پسندیدہ نہیں اور اس کے بعد جو دوسری حکمت بیان فرمائی ہے بقولہ ایک یہ بھی بات ہے الخ یہ مشہور حکمت ہے اور بزرگوں کے کلام میں بھی مذکور ہے مگر حکمت اول غالباً حضرت رح کی منفردات علوم میں سے ہے واللہ اعلم ۱۲ محفوظ۔

ہی فرق ہے اور اشعار مثنوی کے جو مرقوم تھے ان میں اشارہ اوّل بیت میں پختگی کی طرف ہے کیونکہ بوالہوسی اور عشق میں فرق ہے اور دوسرے شعر کا یہ مطلب ہے کہ آدمی پابند صورت اگر طالب حق ہے تو یہ نردبان ہے ورنہ حجاب اور یہ اشارہ نقد ایمان کے جانے رہنے سے ہے۔ شریکوں سے مراد افراد عالم ہیں کہ طلب مطلوب میں سب گرم ہیں مگر دیکھئے وصول کسے نصیب ہو اور قبول کون پاوے مطلب یہ ہے کہ اگر عالم کی کسی چیز سے تجھے کچھ کلفت ہو تو صبر چاہیئے کیونکہ طالب کو رنج و راحت پر نظر نہ کرنا چاہیئے یا مراد شریکوں سے نبی آدم خاص ہوں مطلب واضح ہے فرق عشق ؔعہ اور فسق میں یہ ہے کہ ہوائے نفس عشق میں مغلوب ہوتی ہے اور فسق میں غالب چنانچہ اگلے شعر میں اسی غلبہ کو ہستی سے چھوٹنا کہا ہے۔ اور فسق کی اصل یہ ہے کہ جیسے بھوکے کے آگے مَنجن اور جو کی روٹی شدت بھوک میں ایک ہو جاتے ہیں اور چند لقمے ہر ایک کے جب پیٹ میں گئے تو وہ جوش جاتا رہا۔ یہ فسق ہے۔ اور عشق یہ ہے کہ سمندر کے پانی کی طرح جتنا پئے اور پیاس دونی ہو اور یہ جو فرماتے ہیں کہ یہ عشق نہیں بلکہ خمار گندم ہے یہ اشارہ شہوت کی طرف ہے کہ کھانے سے پیدا ہوتی ہے اور اس میں باریک اشارہ آلودگی کی طرف ہے کہ حضرت آدم گندم کھانے کی جہت سے بسبب آلودگی کے جنت سے نکلے اور یہ جو صورت پرستی فرمائی ہے۔ اے برادر مبتدی کو ہی ظاہر ؔعسہ کی نقش ونگار اور متوسط کو انوار و اسرار اور منتہی کو نسبت بے رنگ مگر یہ سب صورت پرستی ہے۔ عالم معنی وہم و خیال سے منزہ اور برتر ہے اور یہ مصرعہ یوں ہے۔ تا نہ آں نور البصر پیدا کنی۔ یعنی وہ نور البصر جو جمال حقیقی کی طرف نگراں ہو بدون اُس کے دعوئے عشق کا رسوائی ہے۔

عہ قولہ فرق عشق اور فسق میں ۱ خ۔ سبحان اللہ کیا اچھی تحقیق ہے۔ اور آگے کیا اچھی مثال ہے۔

عسہ قولہ مبتدی کو ہی ظاہر کے نقش ونگار ۱ لخ قابل وجد تحقیق ہے صورت کی اتنی تعمیم شاید کسی کی نظر سے نہ گزری ہو۔ انوار و اسرار تک کا حجاب ہونا تو محققین سے سنا تھا مگر نسبت بے رنگ کا حجاب ہونا بہ ہے ملم و لطیق مگر ہے عین تحقیق کیونکہ وہ بھی اس کا ہی خیال ہے جو کہ اس کی صفت ہے اور اس کی صفت کے حجاب ہونے میں کیا کلام ہو سکتا ہے ۱۲ حنلوظ۔

کیونکہ طالب عزیز کا ہے درستی عہد و پیمان کا اشارہ توحید کی طرف ہے کہ سالک کو پیش آتی ہے اور جب تک یہ نہ ہو ایمان تقلیدی ہے اور خدائے تعالیٰ کو واحد سمجھنا پورا پورا نہیں ہر چند نجات ہو مگر عرفان نہیں اور سماع کے باب میں جو دو بیت فرمائے یہ سماع سماع چنگ و رباب نہیں بلکہ یہ ہے جو شیخ سعدیؒ نے فرمایا ہے ؎

بر آواز دولاب مستی کنند ۔

میں نے اپنے^عہ حضرت پیر و مرشد سے سنا ہے یوں فرماتے تھے کہ راگ سننا مبتدی کو مضر ہوتا ہے کیونکہ اس کو صفائی نہیں ہوتی اور منتہی کو کچھ حاجت نہیں رہتی ہر سمت اس کے لیے سماع موجود رہتا ہے بلکہ اکثروں کو مینہ برسنے کی آواز پر۔ قرآن شریف سننے سے اور کسی شعر پڑھنے یا سننے سے کیفیت ہوتی دیکھی ہے۔ اوراد کا شروع کر دینا خوب ہوا جو وظیفہ ایک وقت پورا نہ ہو سکے اس کو دوسرے وقت پورا کر لینا چاہیئے درود شریف اور استغفار بھی بہتر ہے۔ اور کلمہ شریف کے ذکر میں ہر دس عدد کے بعد تخمیناً^عہ ایک بار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہے اور وظائف میں تقدیم و تاخیر اور وقت کے آگے پیچھے ہونے کا مضائقہ نہیں اور برادرم مہربان خواب^عہ ایک امر بے اعتبار ہے خاص کر ہم جیسے آلودہ لوگوں کا اگر خواب اچھا نظر آوے تو شکر ادا کرنا چاہیئے ورنہ کچھ اس کی طرف التفات نہ کرو۔ اور در باب نوکری کے جو لکھا ہے۔ اے عزیز یہ نوکری اچھی نہیں ہے آدمی کو تلاش حلال چاہیئے۔ عمدہ سب سے مزدوری اور ہاتھ کا کام

عہ قولہ میں نے اپنے حضرت سے الخ حقیقت میں خاتمۃ التحقیقات ہے اور اس سے اگر متوسط کے لئے نافع ہونے کا احتمال ہو تو جواب یہ ہے کہ مبتدی یہاں مقابل منتہی کے ہے تو متوسط کو بھی شامل ہے اور وجہ ضرر دونوں میں مشترک ہے۔ اور وہ قبل رسوخ نسبت کے مشغولی بغیر ہے جس کو سماع سے تقویت ہو جاتی ہے ۱۲ حفظو ظ۔ عہ قولہ تخمیناً۔ سبحان اللہ ایک ایک لفظ میں علوم ہیں تخمیناً میں یہ بات بتلادی کہ گنتی کے پیچھے نہ پڑے کہ تشویش ہے جو مخل مقصود ذکر ہے۔ ۱۲ حفظو ظ۔ عہ قولہ خواب ایک امر بے اعتبار۔ یاد رکھنے کے قابل تحقیق ہے۔ جس سے ان لوگوں کی غلطی ظاہر ہوتی ہے جو اس پر دار مدار سمجھتے ہیں ۱۲۔ حفظو ظ۔

ہے۔ اور نوکری اگر اچھی ہو بعد اس کے ہے۔ سرِدست تم جو کچھ کرتے ہو کئے جاؤ۔ اور اس علاقہ کو برا سمجھو اور اللہ جلشانہ سے دعا کرو کہ وہ تم کو اس سے نجات دے اور رزق حلال سے وسعت دے اگر کوئی صورت تجارت کی بن سکے تو وہ کر لو ہر چند فکر سود و زیان ایک بڑا مشغلہ ہے مگر بہر صورت حلال ہے۔ اور یاد رہے کہ نصیب سے زیادہ کسی کو کسی صورت سے نہیں ملتا۔ مگر آدمی طلب حلال میں کیوں کوتاہی کرے۔ اور مناسب ہے کہ ہر روز ایک وقت معین پر موت کو یاد کر لیا کرو اس طرح کہ نقشہ اپنے مرنے کا جی پر جم جاوے اور زیارت قبور احیاناً کرتے رہو اور عوام مومنین کے مقابر میں بھی کبھی کبھی جا کر ان کو فاتحہ اور ثواب سے یاد کرو اور اپنی موت کو یاد کرو۔ اور جو کچھ تم نے بیان اشتیاق اور ارادہ آنے کا لکھا ہے اور حقیقت میں تم کو اس روسیاہ سے ایسی ہی محبت ہے مگر ملاقات میں جلدی نہ کرنا چاہیئے اگر مقدر میں ہے تو نصیب ہو جائے گی ورنہ قیامت بہت قریب ہے ہمارا تمہارا وہاں کا وعدہ ہے اللہ ہم سب کو اپنی رحمت سے بخشے اور فضل کرے آمین۔ اور بدون فراغ اشغال ضروری اور بغیر اجازت والد کے سفر کا قصد مت کرنا اور استخارہ کے باب میں جو لکھا ہے احیاناً وہ استخارہ جو مالابدمنہ میں لکھا ہے کر لیا کرو اور ایک ترکیب یہ ہے کہ والشمس اور واللیل اور والضحیٰ اور والتین اور قل ہو اللہ سات سات بار پڑھ کر باوضو روبقبلہ سو رہے سات روز اس عمل کو کرے انشاء اللہ اشارۃً[سے] یا صریح خواب میں ارشاد ہو جاتا ہے فقط والسلام اور بھورے خاں کو بعد سلام واضح ہو کہ لایلاف ستر بار ہر روز پڑھ لیا کرے وسو بار یا سلام انشاء اللہ تعالیٰ اس بلا سے نجات ہو جائے گی کثرِ استغفار

عہ قولہ سرِدست الخ کیسی گہری تحقیق اور حکیمانہ تعلیم ہے جس کا راز دہ ہے جو میں نے اپنے قبلہ و کعبہ سے سنا ہے کہ تشویش فی الرزق بعض اوقات کفر تک پہنچا دیتی ہے اور معصیت اہون ہے کفر سے مگر اسکے معصیت ہونے سے بے فکری یہ خود عملاً کفر ہے اس کا علاج آگے تعلیم فرمایا فی قولہ اس علاقہ کو برا سمجھو اور اللہ جلشانہ سے دعا کرو ۱۲ محفوظ عہ ہر چند فکر سود و زیان الخ۔ اس فکر کا مضر ہونا بھی فرما دیا اور حرام سے ضرر میں کم ہونا بھی بتلا دیا محقق کی یہی شان ہے کہ حقائق پر نظر کر کے عمل کا مشورہ دے ۱۲ محفوظ۔

سے قولہ اشارہ یا صریح خواب الخ۔ اس سے کافی ہونا لازم نہیں آتا شہادت قلب

اور صدقہ دفعہ بلا کے واسطے اکسیر ہے اور احقر بھی دعا کرتا ہے خدا قبول کرے۔

مکرر منشی محمد قاسم صاحب کی خدمت میں عرض ہے کہ یہ ناکارہ ہر چند بظاہر متہم نیکی کے ساتھ ہو مگر حقیقت حال عالم الغیب خوب جانتا ہے تم اپنے واسطے شیخ کامل مکمل کی تلاش رکھو اور مجھے انشاء اللہ خیال رہے گا۔ یہ عاجز خود درماندہ شرمندہ بارگاہ خداوندی اور خدمت پیران عظام سے ہے خود لائق اس کے ہے کہ کوئی خدا کا بندہ خدا کے واسطے اس کی دستگیری کرے دوسرے کا کیا دستگیر ہو اور جو خود بیمار مرتا ہو وہ کسی کا کیا علاج کرے۔

ے آنہا کہ ز من خدائے من می بیند گر مغ بیند بصحبتم نہ نشیند

باقی جو تم نے لکھا اس کا اپنی سمجھ اور دانست ناقص کے بموجب جواب لکھدیا اور تم جانتے ہو کہ علم اور شئے ہے اور عمل اور شئے علم سے بدون عمل کے کچھ حاصل نہیں خاص کر جب علم بھی ناتمام اور ناقص ہو تو سراسر بیکار ہے اور آدمی کو چاہیئے کہ ہر فن میں جب تلاش کرے بدون کسی کامل کے متوجہ نہ ہو کہتے ہیں خاک از تودۂ کلاں بردار۔

اگرچہ بعض دفعہ طالب اپنے حسن ظن اور عقیدت کے سبب ہر چند شیخ ناقص ہوا ہے کمال کو پہنچ گئے ہیں مگر یہ نادر ہے بات وہی ہے کہ بدون شیخ کامل واصل کے سلوک بیکار ہے آیندہ اختیار ہے اللہ بس باقی ہوس۔

خط چہارم | برادرم عزیز القدر گرامی شان منشی محمد قاسم صاحب سلمہ۔ بعد سلام مسنون از محمد یعقوب مطالعہ نمایند۔ خط تمہارا طول طویل آیا۔ مجمل جواب میری رائے ناقص کی موجب جو ہے لکھتا ہوں بات یہ ہے کہ طریق دین کے اتباع کا دو طرز میں منحصر ہے ایک اجتہاد یعنی مسائل جزئیہ کو قرآن و حدیث سے سمجھ کر نکالنا اور ان کا حکم حلال و حرام جواز ناجواز فرض سنت مستحب حرام مکروہ کہنا اس طریق کے لئے علم کامل اور عقل سلیم اور تقویٰ منجملہ شرائط ہے اور زبان عرب سے باصولہ وفروعہ آگاہ ہونا اور محاورات عرب پر عبور ہونا اس کی اصل ہے۔ دوسری طرز تقلید ہے اس کے یہ معنی کہ جب آپ قرآن حدیث سے بسبب قصوران شرائط کے یا بسبب اس کے کہ علمائے قدیم جو کچھ کر گئے اس سے زیادہ گنجائش نہیں تو ان علما کے قول کو لینا اور اس پر عمل کرنا۔ اور زمانہ

صحابہ میں راہ اجتہاد علمائؒ کا کام تھا اور عوام کسی نہ کسی کی تقلید کرتے تھے اور زمان تابعین اور تبع تابعین میں بہت سے مذاہب ہوئے اور کتنے ہی علمائؒ نے اجتہاد کیا اور مسائل استنباط کئے مگر راہ عوام کی تقلید ہی تھی جب دورہ علم کا تمام ہوا اور شیوع جہل اور اتباع ہوا کا ہوا ہمارے علمائے وقت کے اجماع سے چار مذہب جو مشہور ہیں مقبول ہوئے اور اجتہاد کو بے حاجت سمجھ کر اور کچھ بے سامانی کی جہت سے چھوڑا اور عوام کو انہیں مذاہب کی تقلید کی طرف ہدایت کی اب کوئی ان سے بڑھ کر کچھ کر نہیں سکتا۔ رہی یہ بات کہ کوئی حدیث مخالف اس مذہب کے کسی کتاب میں نظر آئی یا کسی عالم سے سن لے تو عامی کیا کرے میری رائے ناقص اسمیں یہ ہے کہ جو علم نہیں رکھتا وہ تقلید نہ چھوڑے کیونکہ اس کی سمجھ جیسے پہلے ناقص تھی اب بھی ناقص ہے اور کتب حدیث میں ایسی حدیثیں ہیں کہ چاروں مذہب کے علمائؒ ان کی تاویل کرتے ہیں اور ظاہر پر ان کے عمل نہیں اور راہ تاویل کی بہت واضح ہے اس پر منحصر نہیں کہ فلاں شخص نے جو سمجھا وہ تو صحیح اور باقی غلط اس لئے کسی حدیث کو سن کر عام آدمی کو نہیں چاہیئے کہ اس حدیث پر اپنی سمجھ کے موجب عمل کرے اور تقلید چھوڑے اور اگر کسی عالم سے اس کے ایک معنی سنے ممکن ہے کہ دوسرے معنی اس کے ایسے ہوں کہ اُس عالم نے نہ سمجھے ہوں یا اس عالم کے نزدیک مقبول نہ ہوئے دوسرے نے قبول کئے ہوں اور اگر اس نے وہی کیا جو اس عالم سے اس حدیث کے باب میں سنا تو یہ شخص اس مسئلہ میں اس عالم کا مقلدؑ ہوا اور اس کو تلفیق کہتے ہیں کہ کہیں کسی کے تابع اور کہیں کسی کے پیرو اور یہ راہ علماء حقانی کے نزدیک مقبول نہیں کیونکہ اس میں راہ ہوائے نفسانی کا کشادہ ہوتا ہے کہ آدمی دین سمجھا کرے اور تبع خواہش کا رہے اور اگر عالم کو حدیث

ع اس مسئلہ میں اس عالم کا مقلد ہوا الخ۔ یعنی اس حدیث کے مدلول کی تعیین میں تقلید کی اور قبول روایت میں تقلید مراد نہیں ۱۲ منہ

نوٹ:۔ اس مکتوب چہارم میں تقلید کی بحث بے نظیر ہے جو بڑے بڑے دفاتر میں بھی نہیں ۱۲

سلہ نئی روشنی والے اس سے سبق لیں۔ (امیر احمد)

صحیح ملے اور معنی اس کے بے تاویل اس کی سمجھ میں آئے تو اس کی تلاش کرے کہ فلاں امام نے باوجود ہونے ایسی حدیث کے اس کا کیوں خلاف کیا تو اگر معلوم ہو کہ وہ امام اس حدیث کے اور معنی کہتا ہے یا اس کا مقابلہ کسی دوسری حدیث سے کر کے جواب دیتا ہے یا تائید اپنی سمجھ کر قواعد کلیہ شریعت سے کرتا ہے تو ایسے وقت میں عالم کو جائز نہیں کہ اپنی سمجھ کے بھروسہ تقلید چھوڑ دے اور اگر معلوم ہو کہ اس امام کو یہ حدیث پہنچی نہیں یا شرح صدر ہو جاوے کہ اس امام نے اس مسئلہ کے سمجھنے میں غلطی کی تو بے شک وہ عالم اس حدیث پر عمل کرے مگر عام لوگوں کو اس کی تقلید کرنی نہیں پہنچتی کہ اور علماء کی سمجھ چھوڑ کر اس عالم کا اتباع کریں۔ ہاں مگر کسی کو اس حسن ظن میں شرح صدر ہو جائے کہ احتمال خطا اٹھ جائے تو وہ ایسے عالم کی تقلید کرے اور پہلے کی چھوڑ دے بہ حال جب سن چکے تو اب احقر کی رائے ناقص کے موجب کوئی مرتبہ اجتہاد نہ رکھتا ہو اور جو کچھ پاوے اور سنے اس پر عمل کرے۔ احقر اس کو مسلمان اور طالب دین کا جانتا ہے مگر تھوڑا سا بے سمجھ اور غلطی پر اللہ اس کی اس غلطی کو معاف کرے اور جب تک کوئی ایسا امر اس کی نسبت یقیناً معلوم نہ ہو کہ بقول اپنے مجتہد کے وہ مفسد نماز یا ناقص وضو ہو یا نجس ہو تو نماز پڑھنی اس کے پیچھے جائز ہے اور اگر احتمال ان امور کا ہو یا شک تو بھی جائز ہے اور تفتیش کی حاجت نہیں اور اگر یقیناً ان امور سے کوئی امر معلوم ہو تو البتہ اس کے پیچھے نماز نہ پڑھے یا پڑھی ہو تو پھیر لے بلکہ میری رائے یہ ہے کہ نماز پڑھ لے اور احتیاط کے واسطے پھیر لے یہ اجمالی جواب تمہارے سوالوں کا ہو گیا زیادہ فرصت نہیں احقر کو معاف رکھو۔

<u>خط پنجم</u> | برادرم مہربان عزیز القدر گرامی شان منشی محمد قاسم صاحب سلمہ ربہ۔
از محمد یعقوب بعد سلام مطالعہ کریں۔ بخشی جی آئے جو چیزیں تم نے بھیجی تھیں پہنچیں بہت طبیعت خوش ہوئی اور ان چیزوں کو دیکھ کر یاد زمانہ جمیر رہنے کی اور وہاں کے دوستوں کو یاد کرتا رہا جزاکم اللہ خیر الجزا۔ تم نے اطاعت والد کی ادھر کے ارادہ نہ کرنے میں کی۔ یہ بہت خوب کیا آدمی طالب دین اور راہ حق کا رہے کہیں ہو اس کی دستگیری

غیب سے ہو جاتی ہے۔ میاں عبدالسلام کا ایک خط آیا اس سے معلوم ہوا کہ تمہارے پہلے خط کا جواب جس میں جواب اجمالی تمہارے سوالوں کا مندرج تھا اب تک نہیں پہنچا اب اتنی مہلت تو نہیں کہ پھر وہ سب مضمون لکھا جاوے مگر یہ واضح ہو کہ اگر عالم تقلید چھوڑے کسی امام کی پھر کسی دوسرے کی تقلید کرے۔ یا خود اجتہاد کرے ہر چند اس زمانہ میں نہ ایسے عالم اور نہ ایسا علم کہ رتبہ اجتہاد کا ہو مگر پھر بھی گنجائش ہے اور جاہل اگر تقلید چھوڑے تو کیا کرے اور اگر یہ کرے کہ جو مل گیا حنفی ہو یا شافعی عالم سے مسئلہ پوچھ لیا اور عمل کیا اگر یہ شخص ہوائے نفس سے خالی اور بالکل دین کا طالب ہو تو شاید کچھ ٹھکانا لگ جائے اور نہیں تو یہ مجتہد مقلد ہوائے نفس کا ہو گا جہاں آسانی دیکھے گا وہ اختیار کرے گا اور نفس یہ دھوکہ دے گا کہ یہ اتباع سنت اور راہ تحقیق ہے ہر کام بدون استاد کے نہیں آتا دین کا کام تو بہت باریک ہے اور مسئلہ سمجھنا بہت مشکل بڑے بڑے علماء نے لا اوری اور لا اعلم کہا ہے اس باب میں خدا انصاف دے اور دھوکے سے بچائے میری رائے ناقص میں یہ حال اس زمانہ کا مصداق ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول مبارک کا۔ واعجاب کل ذی رائے برایہ یعنی اور خوش ہونا ہر رائے والہ کا اپنی رائے سے یعنی اپنی عقل کے گھمنڈ میں عاقلوں کا دامن چھوڑ دے اور بے عقلی کی جہت سے اپنی عقل ناقص کو کامل سمجھے[1] میں پوچھتا ہوں کہ ایک شخص مثلاً مجھ جیسا کوئی کم علم بمقابلہ کسی بڑے عالم کے یوں کہے کہ میری رائے تو یہ ہے تو کیا سب اس کو نہ کہیں گے کہ واہ کیا کہنا ہے آپ کا اور آپ کی رائے کا۔ اور بھلا کون سنے گا ہاں مگر وہی جو مجھ جیسے کم عقل کم علم کو عاقل تمام اور عالم کامل سمجھتا ہو اور ہر سمجھ کے صحیح غلط ہونے کا احتمال ہے اور جب تک اس فن کے استاد اس کی صحت غلطی نہ بتلاویں لائق اعتبار نہیں کوئی اگر کہے کہ صاحب صریح حدیث اور آیت کا مضمون کیا ہم نہیں سمجھتے اور کیا ہم اتنے بھی نہیں اور آخر دین تو سب خاص و عام کے لئے ہے۔ اور قرآن و حدیث سیکھنے کا سب کو حکم ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ باتیں سب صحیح

---

[1] نئی روشنی والے اس سے سبق لیں۔ (امیر احمد)

ہیں مگر یہ کہئے کہ آپ کی سمجھ کی صحت کی کیا دلیل ہے اور دین سب کیلئے عام ہے مگر
اس طرح کہ جاہل عالموں کا دامن پکڑیں اور ان کے کہنے کو سر دھریں اور کم علم بڑے بڑے
عالموں کی تقلید کریں اور ان کے پیرو بنیں اور قرآن حدیث اول جیسا چاہیئے سیکھ لو
پھر اگر یہ کہو تو بجا ہے یہ تو نہیں کہ نہ تم لفظ کے معنی سمجھو اور نہ معنوں کی کیفیت اور نہ مضمون
کا حاصل اور نہ مطلب کا خلاصہ اور نہ غرض اور نہ مقصد کلام کا اور اگر کہیں کہ ہم ان سب
باتوں میں طاق ہیں اور ہم کو ان امور میں کوتاہی نہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ اس کی کیا
دلیل اور کون سا استاد اس فن کا تمہارے کلام کی تصدیق کرتا ہے۔ باقی رہی یہ
بات کہ حنفی شافعی۔ محمدی ہیں یا نہیں تو میاں اسے ہر کوئی جانتا ہے کہ اجمیری دہلوی
کے مقابل ہے کہ عربی ترکی کے اور ہندی اجمیری کے مقابل نہیں۔ عربی ترکی کے ہے
تو اب جو لوگ حنفیوں کو مقابلہ میں محمدیوں کے سمجھتے ہیں تو وہ لوگ مسلمانوں کی تکفیر
کرتے ہیں اپنے ایمان کی خیر منائیں اور اپنی خبر لیں۔ قریشی صدیقی اور فاروقی ہوتے
ہیں۔ اور ہندی اجمیری اور دہلوی ایسے ہی محمدی حنفی اور شافعی اور امام ابو حنیفہ
اور امام شافعی کون ہوتے ہیں اگر محمدی نہ ہوں کہ ہم ان کا اتباع کریں۔ اسحاق نیوٹن
اور پوپ الکزنڈر سے جیسا ہم کو علاقہ نہیں ویسا ہی درصورت محمدی نہ ہونے کے ابو حنیفہ
اور شافعی سے کچھ علاقہ نہیں یہ کلام محض دہو کہ ہے اللہ بچادے فقط اگر وہ خط پہنچا
ہوگا تو انشاء اللہ اس سے حل سب امور کا ہو گیا ہوگا۔ اور یہ میری رائے ناقص ہے
یہ مطلب نہیں کہ سب اس کو مانیں اگر سمجھ میں آوے بہتر ورنہ کالائے بد بریش خاوند

والسلام مع الاکرام ۲۹ شوال ۱۲۸۹ھ

خط ششم[۶]

مہربان من عبدالسلام صاحب بعد سلام مسنون معلوم فرماویں
میری ان کی ملاقات خطی ہے زیادہ ان کے بھلے برے سے آگاہی نہیں اور کام میرا
نصیحت کا ہے اجمالاً اور بشرط علم تفصیلاً اور ہدایت اللہ کے اختیار ہے اور ہر ایک سمجھ اور
راہ جدا ہے اور معاملہ خدا کے ساتھ جدا آدمی دین کی تلاش کرنے اور وساوس شیطانی
اور فریب نفس سے مامون نہ ہو کبھی دین سمجھے اور الٹا گمراہی میں پڑ لے اتباع

انبیا علمائے ربانی اسی مرض کی دوا ہے۔

مکتوب ہفتم | برادرم عزیزم طالب صادق مخلص برگزیدہ مشتاق اہل اللہ مرد جند اللہ منشی محمد قاسم سلمہ۔ بعد سلام مسنون از محمد یعقوب مطالعہ نمایند تمہارا خط بعد مدت آیا اوّل خط جو تمہارا آیا تھا اس کا جواب بہ سبب اس کے کہ بدون طول تقریر نہ ہوسکتا تھا مدت تک اس انتظار میں پڑا رہا کہ فرصت ہو تو کچھ لکھوں مگر میرا حال کچھ اس درجہ پریشان ہے نہ اپنے ہی کام کا نہ کسی کے کام کا بہر حال جو کچھ تم نے چند باتیں پوچھی ہیں اُن کا جواب مجملاً لکھتا ہوں کم کھانے کی مقدار نصف شکم متوسط ہے کہ آدھی بھوک کھائے اور آدھا پیٹ خالی رکھے جتنی مقدار خوراک شکم سیری ہو اس کو اپنے لئے مقرر کر کے اس کا نصف کچھ کم و زیادہ انداز رکھے مگر مبتدی کو خاص کر جو ذکر جہر کرے تہائی بھوک رہنا اور دو تہائی کھانا چاہیئے اور اول ہی غذا کو کم نہ کر دے بلکہ انداز سمجھکر لقمہ دو لقمہ ہر روز کم کرے اور بعضوں نے لقموں کا حساب کیا ہے کہ متوسط لقمہ ۴۰ عدد کمال شکم سیری کا ہے اس کا نصف ۲۰ اور دو تہائی ۲۶ مگر یہ حساب سب مزاجوں میں برابر نہیں آتا آدمی اپنی خوراک کو اول آزمائے پھر اسی حساب پر کم کر دے اور ملنا نہ ملنا اس سے یہ غرض ہے کہ بدوں حاجت ضروری کسی سے نہ ملے اور دوستوں سے ملنا اور جس سے جی دین کی طرف متوجہ ہو اور والدین اور اہل و عیال سے ملنا یہ ضروریات میں داخل ہے مگر نہ اتنا کہ طلب میں خلل ڈالے اور کام دنیاوی یا دینی کا حرج ہو باقی ان لوگوں سے کہ ان کے سوا ہوں علی الخصوص جن کی ملاقات سے رغبت دنیا پیدا ہو نہ ملنا بہتر ہے اور خلق اللہ کا نظر کے سامنے گزرنا جب تک دل کو مشغول نہ کرے مضر نہیں اپنی طرف سے قصد تماشہ کا نہ کرے آخر یوں تمام عالم نگاہ کے سامنے رہتا ہے اور اگر نفس سرکش نہ مانے تو جس جگہ دھوکہ معلوم ہو ایک نظر سے زائد نہ دیکھے اور اگر دیکھا تو اپنے آپ کو خطاوار اور گنہگار سمجھے اور اس عمل سے توبہ اور استغفار واجب جانے اور کثرت ذکر میں نماز فرض اور نفل اور تلاوت قرآن شریف اور مسنون دعاؤں کا پڑھنا اور

ذکر جہر اور خفی اور فکر ذکر جیسے دھیان پاس انفاس کا یا ذکر خیالی یہ سب ذکر میں داخل
ہے اپنے اوقات کو ان چیزوں سے فارغ نہ رکھے اور مشغولی مدد شب و روز کی تقسیم
درصورت تہائی کے یوں ہے کہ نصف شب کو اٹھے اور جب چھٹا حصہ رات کا باقی رہے
پھر سو رہے اور طلوع صبح صادق پر اٹھے اور بعد نماز تا طلوع آفتاب مشغول رہے پھر
چاہے کچھ کام کرے یا سو رہے مگر یہ طریق نہایت مشکل ہے دوسرا یہ کہ بعد نماز عشاء
فوراً سو رہے اور دو پہر سو تا رہے جب ڈیڑھ پہر رات باقی رہے جاگے اور صبح تک
مشغول رہے بعد طلوع آفتاب اختیار ہے پھر نماز عصر سے غروب تک اور بعد مغرب
سے عشاء تک اگر مشغول رہے تو یہ حساب پورا ہوتا ہے اور یہ اندازہ ہے کچھ گھڑی گھنٹہ
کی حاجت نہیں اور چھٹے حصہ کا حساب یوں ہے کہ چار گھڑی رات رہے سے اٹھے اور
چار گھڑی دن چڑھے تک مشغول رہے بعد اس کے خواہ بعد عصر سے مغرب تک یا مغرب
سے عشاء تک مشغول رہے اور یہ جو روایات میں کراہت ذکر جہر کی آئی ہے اس میں بعض
علماء متاخرین نے غلطی کھائی ہے مراد اس روایت کی یہ ہے کہ وہ ذکر جس میں بیان آیا
ہے جیسے سبحان ربی العظیم اور سبحان ربی الاعلیٰ۔ رکوع اور سجدہ میں اور جیسے التحیات
اور درود اور دعا جیسے سبحانک اللہم اور آمین یا بعض دعائیں جو نوافل میں پڑھنی آئی ہیں
ان میں جہر مکروہ ہے مگر جہاں صریح جہر آیا جیسے تکبیر تشریق اور اذان و تکبیر وغیرہ باقی ذکر
جداگانہ اس کی کراہت کی کوئی روایت نہیں اور ان روایتوں میں وہ مراد نہیں اور مشائخ
چشتیہ اور قادریہ رحمہم اللہ تمام مقلد حنفی مذہب کے نہیں گزرے مگر متاخرین اور اصل
بات وہ ہے جو اوپر مذکور ہوئی۔ غرض ذکر جہر جائز ہے اور بضرورت مستحب ہے اور یہ
بات بعضے علمائے حنفیہ نے لکھی بھی ہے اور دنیا کے کاروبار آدمی اسواسطے کرے کہ اس
کے ہاتھ پاؤں بیکار نہیں۔ ان سے کچھ محنت کرکے خدمت والدین اور نفقہ اہل وعیال کا
حاصل کرے مگر نہ اتنا کہ اسی میں لگتا ہو رہے کہ یہ علامت غفلت کی ہے اور اس صورت میں
یہ مشغولی دنیا کی دین ہی کے کاروبار کے شمار میں آوے گی بلکہ کھانا پینا بھی اسی نیت سے
کرے کہ یہ حکم خداوندی ہے۔ اور بنانا نیچہ اور ڈبہ اور تجارت تمباکو کی مکروہ ہے اگر

کچھ اور کام ہو سکے تو افضل ہے اور بدرجہ ناچاری اس کو اختیار کرے اور بہتر اپنے واسطے نہ سمجھے ترقی رزق کے لئے بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یا وہاب چودہ سو چودہ بار پڑھے اور بعد اس کے یہ دعا سو بار پڑھے یا وھاب ھب لی من نعمۃ الدنیا والاخرۃ انك انت الوھاب اور سورہ اذا جاء نصر اللہ بعد نماز صبح ۲۱ بار اول آخر درود ۲۱ بار بعد ظہر ۲۲ بار اور بعد عصر ۲۳ بار اور بعد مغرب ۲۴ بار اور بعد عشاء ۲۵ بار اول و آخر درود ان کے برابر پڑھے یہ دونوں وظیفے بے کسی شرط کے مداومت کرے انشاء اللہ رزق واسع ملے گا۔ اور بعد نماز صبح ۱۰۰ بار یا مغنی اور گیارہ بار سورۂ مزمل بھی ترقی رزق کو بہت نافع ہے مشغولی ہر دم اور زیادتی شوق کے لئے پاس انفاس سے کوئی چیز بہتر نہیں۔ مگر اس کی مشق میں اول بہت دشواری ہوتی ہے ہمت چاہیئے آدمی جیسا بے تکلف سانس لیتا ہے اس کو تھوڑا سا آمد و رفت میں زور دے یعنی کھینچے اور بقوت چھوڑ دے اور اندر کے سانس میں اللہ اور باہر کے سانس میں ہو کا تصور کرے اول اول خلوت میں اس عمل کو اتنا کرے کہ گرمی آجاوے یا آواز پیدا ہو جاوے پھر اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے غرض ہر حال میں اس کا تصور جمائے رکھے اول دھیان کی ضرورت ہوتی ہے پھر بے دھیان ذکر جاری ہو جاتا ہے۔ ترقی علم و حکمت کے لئے بہتر اس سے کوئی عمل نہیں کہ ہر کام دین کا اخلاص سے کرے۔ اور اپنی بندگی اور احتیاج اور خداوند کریم کا مالک الملک ہونا اور کمال استغناء کا دھیان کرے بلکہ یہی عین حکمت اور خلاصہ تمام علوم کا ہے اور خوابوں کے دیکھنے کے لئے الم نشرح ۱۱ بار سوتے وقت پڑھ کر سینہ پر دم کر لینا اور ذکر کے دھیان میں سو رہنا بہت نافع ہے اور نصیحت عام یہ ہے کہ بندگی کو اپنا ضروری کام جانے اور ذوق و شوق کو پونجی راہ طلب کی اگر یہ موجود ہوں شکر الٰہی کرے اور نہ ہوں تو اس غم سے خالی نہ ہو ؎

گر نہ داری شادئی از وصل یار　　　　خیز بر خود ماتم ہجران بدار

دو باتیں طالب کو اور بھی بہت ضروری ہیں ایک تلاوت قرآن شریف کہ کم سے کم ایک سیپارہ روز پڑھے اگر حافظ ہو تو نفل میں پڑھے اور نہیں تو دیکھ کر اور دوسرے

روزہ نقل کہ ہر مہینہ میں تین روزے تیرھویں چودھویں پندرھویں کو رکھے اور نوافل صلوٰۃ جو آئے ہیں جیسے اشراق کی دو رکعت اور چاشت کی چار اور چھ اوابین اور تہجد کی چار سے دس تلک ان سب پر یا جتنے پر ہو سکے مداومت ہو تو کیا کہنا غرض کہ جو کام ہو سکے دوام اس میں شرط ہے اور اسی لئے اتنا کام مقرر کرے کہ نباہ سکے اور ایک دو دن کیلئے تاثیر کچھ ظاہر نہیں ہوتی فقط از دیوبند مدرسہ عربی ۴ ار رجب روز شنبہ ۱۲۸۵ھ۔

آٹھواں خط برادر دینی محب یقینی طالب صادق عنایت فرمائے دور ماندگان منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ۔ محمد یعقوب بعد سلام مسنون عرض کرتا ہے۔ خط تمہارا اخیر شعبان میں آیا اس زمانہ میں امتحان مدرسہ کا ہو رہا تھا۔ فرصت نہ تھی پھر رمضان شریف کے سبب اتفاق خط لکھنے کا نہ ہوا۔ اب بعد رمضان خیال تھا کہ جواب لکھوں مگر خوب یاد نہ رہا کہ تم نے تصور شیخ کو پوچھا تھا۔ اے برادر تصور شیخ متقدمین صوفیہ نے جو لکھا ہے اس میں یہ قید کی ہے کہ محبت و تعظیم ہو اور اس سے زیادہ جو کچھ امور ہوئے بعضے متاخرین نے بفرط محبت یا بطرز غلط فہمی کے وہ سب امور اصل تصور شیخ سے باہر ہیں اور جن لوگوں نے کہ منع کیا اس آخر کو منع کیا نہ اول طریق کو۔ اور اصل یہ ہے کہ جیسے تصور دیوار و در کا بلکہ اپنے کسی آشنا کا۔ بلکہ اپنے کسی معشوق کا ممنوع نہیں۔ تصور شیخ کا کہ اس سے محبت دینی ہے ممنوع نہیں۔ ہاں اس کو حاضر و ناظر سمجھنا یا ممد و معاون جاننا۔ یا فرط تعظیم کہ عبادت کے مرتبہ کو پہنچادے کرنا یہ امور شرکیہ سب ممنوع ہیں قاعدہ یہ ہے کہ جس چیز سے آدمی کو لگاؤ ہوتا ہے اس کا تصور ہوا کرتا ہے۔ اور جس چیز کا اکثر تصور کرے اس سے ایک لگاؤ ہو جاتا ہے اور محبت اور عقیدت کا مضبوط ہو جانا اور طبیعت کا ایک جانب لگجانا اس راہ میں نہایت مطلوب ہے اسلئے ان بزرگواروں نے اس کو تجویز کیا ورنہ طالب خدا کو سوا خدا کے کسی سے کیا کام پڑا ہے بلکہ اتنی توجہ ہر چند شرعاً ممنوع نہیں مگر طریق صوفیہ کہ صفائی توحید پر اس کی بناء ہے اس کے خلاف ہے کہ اتنا بھی خیال غیر کا رہے اسی امر کی طرف مولانا روم اس شعر میں

اشارہ کرتے ہیں ؎

چوں خلیل آمد خیالِ یارِ من صورتش بت معنیٔ او بت شکن

اے برادر بندگی اور خدمت مطلوب ہے اور یہ سب حیلہ اور وسیلہ کی باتیں ہیں ہوں یا نہ ہوں ہر زمانہ میں طرز تصوف کا بدلا اور ہر شیخ نے ایک جدا طریق پیدا کیا ہے اس زمانہ میں اتباع سنت اور استقامت شریعت پر اصل ہے اور بہتر سے اور پہلے جب تک ان سے کچھ خرابی نہیں نکلتی تھی جائز تھے اب وہ مکروہ ہیں کہ منشا کسی خرابی کے ہیں اوّل تو تصور کوئی چنداں امر ضروری نہیں اعتقاد اور محبت اور توحید مطلب کافی ہے اور اگر ہو تو محبت اور تعظیم سے ہو اور اس سے زیادہ سراسر خرابی ہے حاجی عبدالسلام کو بعد نیاز کے کہیو کہ بندۂ خدا بعد فرمان برداری خداوندی خدمت والدین واجب اور فرمانبرداری ان کی ضروری تمہارے والد نہایت ضعیف آفتاب لب بام ہیں تمہاری ہر دم منتظر ان کو اپنا منتظر بنا کر تم کیا ثواب حاصل کرو گے اگر وہ یوں ہی تم سے ناخوش چلدئے الاہم فالاہم پر کار بند ہونا چاہیئے والسلام ۱۵ ؍ شوال ۱۲۸۵ھ روز جمعہ ۔

نواں خط ۹ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ۔ محمد یعقوب کی طرف سے برادرم محب واثق طالب صادق اہل اللہ نجیتہ کار عالی ہمت نیک کردار محمد قاسم اطال اللہ عمرہ ۔ وبلغہ الی ما یتمناہ ۔ بعد سلام مسنون کے مطالعہ کریں تمہارے خط متواتر پہنچے مگر بسبب قلت فرصت اور کاہلی کے جواب نہ لکھا ایک روز قصد جواب لکھنے کا کیا تو یہ یاد نہ آیا کہ تم نے کیا کیا پوچھا تھا تصور شیخ کا مضمون یاد آیا تو اس کا جواب لکھا اب تمہارے امور مستفسرہ کا جواب لکھوں ۔ اشتغال قادریہ میں مقصود اصلی ضرب اور وزن ہے اس لئے ان کے اشتغال ایک ضربی اور دو ضربی اور سہ ضربی اور چار رکنی اور شش ضربی اور ہشت ضربی مقرر ہیں اور غرض ضرب سے طبیعت غفلت زدہ کا مضمون ذکر سے متنبہ ہونا ہے اور ضرب سے اشارہ مقصود ہے یہ غرض نہیں کہ سر کو بہت جنبش دے اور بہت قوت کرے اور آواز معتدل چاہئے مگر دو ضربی

اور سہ ضربی میں اخیر کا لفظ بہ نسبت اوّل کے قوت سے کہے اور مقصود داہنے بائیں سے جانب داہنے اور بائیں یعنی ذرا داہنی طرف کو منہ کرکے کہے اور بائیں طرف کرکے کہے اور سب میں وقف کرے ضمہ ظاہر نہ کرے اور بلا فصل سے یہ غرض ہے کہ مثلاً چار ضربی میں چار دفعہ اسم ذات کا ایک دورہ ہے ان چاروں کو بدون توقف کے کہے اور اسی طرح سب کو قیاس کرلے اور یہ غرض نہیں کہ سانس نہ توڑے بلکہ ہر ضرب پر سانس جدا کر دے اور ذکر اسم ذات میں خیال وجود اور حضور الٰہی کا رکھے اور تصور نور کا کرے کہ قلب سے جوش کرتا ہے اور اوپر کو اور گرد کو پھیلتا بلند ہو جاتا ہے اور نفی اثبات میں تصور کرے لا الٰہ کے اندر لا معبود کا مبتدی اور لا مقصود کا متوسط اور لا موجود کا منتہی اور الا اللہ کے ساتھ ذات پاک بے کیف یعنی بیچوں بچگوں جامع جمیع صفات کمال کا خیال کرے ہمارے بزرگوں کے نزدیک مبتدی کے حق میں بہتر نفی اثبات سے کوئی شغل نہیں مگر بعضی طبیعتوں کو اور بعضے وقتوں میں مناسبت اسم ذات کے ساتھ ہوتی ہے اگر شیخ مناسب سمجھے تو اس کی اجازت دے اس لئے خاندان چشتیہ صابریہ میں شغل بارہ تسبیح کا اصل ہے۔ اور مبتدی سے منتہی تک سب کو مفید صورت اس کی یہ ہے کہ دو تسبیح نفی اثبات کی اور چار اثبات مجرد کی یعنی الا اللہ کی اور چھ اللہ اللہ پہلے کو ضمہ اور دوسرے کو وقف اور ایک تسبیح اسم ذات مجرد کی کہ اللہ وقف کے ساتھ کہے اور اللہ بضم مجہول اسم ذات ہے وقف اس میں نہیں درصورتیکہ اسکے بعد کچھ کہے تو اس طرح پڑھے نہیں وقف کرے جیسے اللہ اکبر یا اللہ اللہ اس میں ہے کو ضمہ دے اور آخر کو وقف کرے۔ اور اللہ ہو کے معنی یہ ہیں کہ ذات پاک بیچوں بچگوں جامع جمیع صفات کمال معبود حقیقی کہ یہ معنی اللہ کے ہیں ایسا ہے کہ پردہ غیب جلال میں چھپا ہے۔ آنکھ اور خیال اور وہم اور عقل اور فہم اس کے ادراک سے عاجز ہے یہ ہو کے معنی ہیں اور ہو ضمیر غائب کی ہے جیسے آں فارسی میں اور وہ ہندی میں کہ اشارہ چھپی چیز کی طرف ہے اور تاثیر ان دونوں ذکروں میں ایک سی ہے مگر سالک کے لئے کثرت اللہ کی موجب جذب کی ہوتی ہے مراد

جذب سے بے ہوشی اور جنون نہیں بلکہ عنایت الٰہی کا متوجہ ہونا کہ بندہ کو اپنی طرف لگائے اور اپنی سمت کو کھینچ لے اور کثرت اسم ذات سے اول انوار اور ظہور اسرار کا بہت ہوتا ہے اور آخر کو جذب اور ذکر پاس انفاس میں مقصود دوام ذکر ہے کہ ذکر مثل طبیعت کے ہو جاوے۔ اور بے ارادہ اور بے قصد جاری ہو اور اس میں وہی تصور ذات پاک اور مرتبہ غیب کا چاہیے اور یہ بات جو مشہور ہے کہ ذکر اللہ ہو سے ویرانہ ہو جاتا ہے غلط ہے البتہ اس کے یہ معنی ہیں کہ قلب سالک میں جو خناس کا لشکر آباد ہے وہ درہم برہم ہو جاتا ہے اور وہاں بجز ذکر روز و شب محبت کے کچھ نہیں رہتا اس کو چاہو کوئی ویرانہ کہو یا آبادی نام کہے ورنہ احادیث سے ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ بنیاد اس عالم کی ذکر سے ہے اور جب تلک دنیا میں خدا کے نام لینے والے رہیں گے دنیا آباد رہے گی اور جب یہ نہ رہے قیامت آجائے گی۔ وظیفہ یا دہاب کے واسطے چنداں خلوت شرط نہیں البتہ ذکر کے لئے خلوت شرط ہے کیونکہ بے خلوت تاثیر پوری ظاہر نہیں ہوتی اور اصل کام کرنا ہے خلوت و جلوت سب زائد ہیں اگر کسی کو مجمع میں رہنا اور بازاروں میں بیٹھنا اور خلق سے مشغول رہنا ذکر سے غافل نہ کرے وہ خلوت میں ہے غرض یہ ہے کہ پریشانی ہجوم اشغال کی بذریعہ خلوت کے موقوف ہو تو ذکر کی تاثیر ظاہر ہو ورنہ غرض ذکر سے ہے نہ خلوت سے اور ذکر جہر تنہائی میں اسی واسطے ہے کہ شرم بھی نہ آئے اور دل اور کسی طرف مشغول نہ رہے۔ آخر شب میں یا اول روز میں الگ مکان میں کرنا چاہیئے اور اچھے کام میں شرم کیا ہے خدا توفیق رفیق رکھے شرم کے واسطے اور بہت سے کام ہیں جن میں شرم کرنی چاہیئے اور نوافل میں کوئی صورت معین نہیں۔ جو اتفاق ہو پڑھو اور اگر اکتفا سورۂ اخلاص اور اور معوذتین پر رہے تو بھی کچھ مضائقہ نہیں مگر بدلتے رہنا بہتر ہے اور پہلے خط میں تم نے عرضی لکھنے بھیروں کے تھان کے باب میں پوچھا تھا یہ گناہ کبیرہ ہوا توبہ کرنی چاہیئے اور خداوند کریم سے عہد کرو کہ پھر تائید کفر میں دم یا قدم یا قلم نہ ہلاؤ۔ یہ مضامین پہلے خط کے جواب میں اور تمہارا اشتیاق بہت معلوم ہوا اللہ کریم اپنی محبت

عنایت کرے یہ ناکارہ قابل ملاقات نہیں باتیں بنانا اور بات ہے اور اچھا ہونا اور بات ہے مگر یہاں اور چند بزرگ ایسے ہیں جیسا تم نے خیال باندھا ہے البتہ ان کی زیارت اس وقت میں مغتنمات سے ہے غرضکہ اگر والدین کی رضا اور اجازت ہو اور کوئی حرج نہ ہو اور سامان بن پڑے تو کبھی ارادہ کیجئو بندہ مانع نہیں مگر رضا والد کی شرط ہے اور کتاب "دافع الفساد" کا جو مضمون لکھا ہے بہت درست اور صحیح ہے ۔ کنز الدقائق فارسی بہت خوب ہے ۔ مگر جو لاہور کی چھپی ہوئی ہے اس کے حاشیہ پر اور اوراق زائد پر روایتیں نقل کی ہیں بالکل غیر معتبر ہیں ۔
کنز الدقائق اردو جس کا نام "احسن المسائل" ہے یہاں ملتی ہے اس کی قیمت دو روپیہ ہے اور مظاہر الحق کے ملنے کی بھی امید ہے کہ بعد تلاش ملے اور شاید دس روپیہ یا کچھ کم زیادہ کو ملے اور ہدایت الائمہ کبھی میں نے دیکھی سنی بھی نہیں فقط والسلام تاریخ چاہ محمدی کے ایک مصرعہ میں بہت عمدہ بہ ہے ۔ (یہ چشمہ فیض یہ بہا ہے) ۔
۱۳ ذیقعدہ ۱۲۸۵ھ ۔

دسواں خط [۱۰] برادرم دینی با اخلاص محب یقینی با اختصاص سلمہ اللہ و بلغہ الی ما یتمناہ ۔ بعد سلام مسنون واشواق مشحون مطالعہ فرمائیں ۔ تمہارے خطوط متواتر آئے ایک بار ٹکٹ آٹھ آنے کے اور بعد میں ٹکٹ دو روپیہ کے پہنچے وجہ دیر جواب کی یہ ہوئی کہ اوّل خط کے پہنچنے پر والد حاجی عبد السلام کے بجنور کو گئے اور بندہ نے وہ مضمون ان کی خدمت میں لکھا انتظار جواب کا رہا ۔ اور وجہ اس تردد کی یہ ہوئی کہ بعضے دوستوں کی زبانی معلوم ہوا کہ حاجی عبد السلام کو اپنے والد سے رنج بہت اس شتہ کے تھا اور اسی سبب سے یہ نکل گئے تھے اور اگر اس نکاح کی خبر اُن کو ہوئی کہ ان کی بھتیجی عمدہ حافظ نذیر احمد ان کے بھانجے سے بیاہی گئی ہے تو وہ کبھی نہ آویں گے میں اس انتظار میں رہا کہ دیکھوں ان کے والد کیا لکھتے ہیں ۔ مگر نہ انہوں نے جواب لکھا اور نہ خود اب تک آئے اب میری رائے میں یہ مناسب معلوم ہوا کہ یہ خبر حاجی عبد السلام کو دینا بہتر ہے ۔ کوئی بات چھپنے والی نہیں اور یہ ان کو میری طرف سے

مسے بعد سلام معروض ہو کہ نافرمانی والد کی اور ان سے رنج رکھنا ایسے امر میں جس میں شرعاً ان کو بالکل اختیار تھا سراسر خلاف حکم اللہ اور رسول کے ہے اور موجب رسوائی دنیا اور آخرت کی آگے تم دانا ہو اپنے بھلے برے کو سمجھوگے اور میں اس قصہ سے بے علاقہ محض ہوں پہلے بھی اور اب بھی جو کچھ لکھا محض للہ فی اللہ لکھا۔ ترجمہ کنز کا تو ملا مگر مظاہر حق اندنوں بہت کمیاب ہے اگر چھپے گی تو انشاء اللہ سستی ملے گی پہلے چھ سات روپیہ کو ہاتھ آجاتی تھی اب دس پندرہ کی خبر سنتے ہیں اس لئے چندے تامل کرنا بہتر ہے اور شرح فقہ اکبر کی میں نے دیکھی نہیں۔ غرض مختصر یہ ہے کہ اگر کتابیں عمدہ عقائد اور فقہ اور سلوک کی ملیں تو اس پر عمل کرے۔ نہیں کسی عالم متدین با انصاف کی خدمت سے فیض اٹھاوے اور در صورت نہ ہوتے ان امور کے یہاں عزم بالجزم کر لے۔ کہ میں حق کا تابع ہوں جدھر ہو اور جب واضح ہو جاوے۔ اور جب کبھی حق بات معلوم ہو جاوے اپنی قدیمی بات چھوڑ کر اس کا تابع ہو جاوے یہ امر اصل ہے ہدایت کی کیونکہ اکثر مانع رہ ہدایت سے اتباع رسم قدیم کا ہوا کرتا ہے اور اتباع رسم بدون اس عزم کے چھوٹ نہیں سکتا۔ اگر جہل بھی مانع راہ حق ہے مگر جب خبردار ہوتا ہے تو اکثر پہلی بات چھوڑ کر جو کچھ معلوم ہوا اُس کا اتباع کیا کرتا ہے اور یہ بات تجربہ سے بخوبی واضح ہے ایک بات اور قابل بیان کے ہے کہ بہت باتیں زمان قدیم اور حال کے باقتضائے وقت مختلف حکم رکھا کرتی ہیں۔ اور وجہ اس کی یہ ہوتی ہے کہ نام ان چیزوں کا وہی ہوتا ہے اور حقیقت بدل جاتی ہے اور ظاہر ہے کہ حکم حقیقت پر ہے نام پر نہیں مثال اس کی قبروں پر جانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے پہلے اس غرض سے مروج تھا کہ وہاں جا کر مردوں کو یاد کرتے اور طرح بطرح کے اشعار درد آمیز پڑھتے اور روتے اور چلاتے اور خاک اڑاتے اور اقسام طرح کی واہیات کرتے آپ کے زمانہ میں ممانعت ہو گئی کہ کوئی قبروں پر نجایا کرے جب وہ عادت متروک ہو گئی اور قلوب اہل اسلام کے مصفا ہو گئے اور رجوع الی اللہ میسر ہوا آپ نے اجازت دی اور فرمایا کہ پہلے تم کو میں نے زیارت قبور سے منع کیا تھا اب جایا کرو اور بعض

روایتوں میں ہے کہ قبروں پر جانا دل کو نرم کرتا ہے اور موت یاد دلاتا ہے۔ اس سے وجہ اور حکمت قبروں پر جانے کی معلوم ہوگئی۔ اب اخیر زمانہ میں بجائے یاد کرنے موت کے جو کچھ لذائذ ظاہری قبر کی زیارت میں میسر آسکے کہیں جمع نہیں ہوسکتی علمائے زمانہ نے اسے منع کیا۔ تو اب عرسوں کا جانا اسی نام سے مشہور ہے کہ زیارت قبور ہے اور حقیقت اس کی بدل گئی یہ بہت عمدہ قاعدہ ہے بھلی بری بات کی پہچان کا اور جواب ہے اکثر اعتراضوں کا جو اکثر ناواقف اس وقت کے علما پر کرتے ہیں کہ کیا پہلے عالم نہ تھے اور یہ باتیں تو قدیم سے چلی آتی ہیں حاصل سب کا یہ ہے کہ آدمی فکر آخرت کرے اور خلق کے جھگڑوں کو ان کی سپرد کرے مسافر راہ گیر کو کسی کے جھگڑے۔ اور تحقیق اور تفتیش حق و باطل کو مقدمات سے کیا کام اس کا کام یہ ہے کہ اپنی راہ لگے اور راہ حق واضح ہے جہاں اشتباہ ہو تحقیق کرے اور کام لگے راہ بدون چلے قطع نہیں ہوتی کتنا ہی تحقیق کرے اس سے کام نہیں نکلتا خداوند کریم نیک توفیق عطا فرمائے اور طریق دین پر ثابت قدم رکھے احقر کو بھی دعا سے یاد رکھو کہ طالب ذین کی دعا قبول ہوتی ہے ٹکٹ ۸ میں سے جو محصول میں سے بچے ملفوف ہیں اور ایک ٹکٹ اس خط پر لگا دیا۔ ۱۱ محرم ۱۲۸۶ھ اپنے والد اور بھائیوں اور بخشی جی کو سلام کہنا۔

گیارھواں خط عنایت فرمائے من مہربان و مشفق برادرم منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد سلام مسنون و اشواق مشحون مطالعہ فرمائیں بہت دنوں سے تمہارا کوئی خط نہیں آیا مجھے بھی اتفاق خط لکھنے کا نہیں ہوا۔ بتاریخ پنجم ربیع الاول بروز چہارشنبہ شیخ رحیم الدین صاحب والد حاجی عبدالسلام نے چندروز بیمار رہ کر بقضائے الٰہی انتقال کیا اور وہیں مدفون ہوئے اگر حافظ عبدالسلام وہاں تشریف رکھتے ہوں تو یہ خط ان کی خدمت میں گزرانا چاہیئے ان کے سب اقربا کی اور نیز میری طرف سے بعد سلام گزارش کرنی چاہیئے کہ اب تم ارادہ آنے وطن کا کرو تمہاری شرط پوری ہوئی تمہارے سوا تمہارے گھر میں اور کوئی نہیں آئندہ تم مختار ہو۔ اور بعد سلام یعقوب یوں عرض کرتا ہے تمہارے والد نے تم سے ناخوش انتقال کیا اور غالباً تم بھی کسی

بے وجہ شرعی ان سے اب تک ناخوش ہو موت بہت نزدیک ہے اس کا فکر کہ وعاقل را حرفے بسے۔ اس ملک میں گرمی کی شدت ہے باوجود شروع موسم کے بارش کا پتہ نہیں۔ نرخ روز بروز گراں ہوتا جاتا ہے یہاں کی تول سے نرخ گندم ۵ اثار ہے خدائے کریم رحم فرمائے۔ راقم محمد یعقوب از مدرسہ عربی دیوبند۔

خط بارھواں [۱۲] برادرم مہربان عزیز از جان طالب صادق منشی محمد قاسم سلمہ اللہ واطال اللہ عمرہ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ کریں۔ تمہارا خط آیا امور مندرجہ معلوم ہوئے۔

تمہارے خط آنے سے پہلے ایک خط تمہارے نام لکھا تھا پہنچے گا انشاء اللہ حاجی عبدالسلام کے والد شیخ رحیم الدین صاحب نے بمقام بجنور بروز چہارشنبہ ۵ ربیع الاوّل انتقال کیا اور حافظ نذیر احمد کے پاس چند روز سے گئے ہوئے تھے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حاجی عبدالسلام صاحب کو بعد سلام کے مضمون تعزیت کہہ دینا چاہیے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ تمہارے والد تمہارے مشتاق اور شکایت مند جہاں سے اٹھے۔ اور لوگ کہتے ہیں کہ تم کو بھی ان سے کچھ کدورت تھی اور وجہ کدورت کوئی امر شرعی موجبہ نہیں معلوم ہوا۔ اس احقر کو کمال افسوس ہے للہ فی اللہ آپ کی خدمت میں عرض کیا اس کا فکر لازم ہے۔ موت بہت قریب ہے اور معاملہ وہاں کا بڑا کٹھن خداوند کریم توفیق نیک عطا فرمائے اور مکر وفریب نفس شیطان کے سے بچائے آمین اس ناکارہ کو بھی دعا خیر سے یاد فرماویں۔ تم نے اے میاں محمد قاسم در باب سماع اموات کے پوچھا ہے۔ برادرم عزیزیہ مسئلہ زمان صحابہؓ سے اب تک مختلف فیہ ہے اور ہر ایک گروہ اپنے دلائل قرآن حدیث سے ذکر کرتے ہیں اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایات کتب فقہ میں جو مذکور ہیں ان سے بھی کچھ ایسا ہی سمجھ میں آتا ہے کہ مردے سنتے نہیں مگر احقر کے نزدیک تحقیق یہ ہے کہ مردے سنتے ہیں۔ اور خاصکر اولیاء اور انبیاء کو اس باب میں ایک شان جدا ہے کہ تفصیل اس کی طویل ہے۔ اور یہ خلاف جو اوائل سے اواخر تک رہا اوائل کا خلاف تو کچھ نزاع لفظی معلوم ہوتی ہے اور متاخرین نے

ان کے اقوال کی پرورش کی ہے اور امام صاحب کے اقوال کا میری رائے ناقص میں یہ مضمون ہے کہ عرف عام میں بات کرنا اور کہنا سننا اس کا نام ہے کہ زندگی میں جو لوگ آپس میں کرتے ہیں اور مردوں کا سننا ایک بات علاوہ ہے ایسے اگر کوئی کہے کہ اگر میں زید سے بولوں تو میرا غلام آزاد ہے اور بعد مرنے کے اس کے جنازہ پر یا اس کی قبر پر جاکر سلام علیک کرے یا کچھ خطاب کرے تو غلام آزاد نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ کلام کرنا نہیں اس لئے کہ مردے سنتے نہیں اور جن صاحبوں نے یہ کہا کہ بدن نہیں سنتا اور روح سنتی ہے اس کے معنی بھی کچھ ایسے ہیں جس سے سننا اور دیکھنا نکلتا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب تلک میرے حجرہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مدفون تھے تو میں بے تکلف آیا جایا کرتی تھی اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدفون ہوئے تو میں اپنے کپڑے درست کر کے جاتی تھی اور اگر کوئی یہ کہے کہ یہ تو نبی اور اولیا تھے میں کہتا ہوں حدیث شریف میں آیا ہے کہ قبر پر نہ بیٹھے کہ اس سے مردہ کو ایذا ہوتی ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ بیٹھنے سے مراد پاخانہ کے لئے بیٹھنا ہے اور اسی طرح غالبًا پیشاب کرنے کی ممانعت مقابر میں آئی ہے کہ مُردوں سے شرم کرنی چاہیئے اور بہت سی احادیث واقوال ایسے ہیں کہ گنجائش تاویل کی نہیں رہی یہ بات کہ استعانت قبر سے یا اہل قبر سے کیسی ہے تو اے برادر استعانت مردہ سے زندہ کی استعانت پر قیاس کرنا بے عقلی ہے۔ استعانت زندوں سے بات کلام ہاتھ پاؤں کے کاموں سے ہوتی ہے اور مردہ اس میں معذور ہے باقی رہی دعا تو وہ البتہ ممکن ہے دعا[ع] کی اگر استدعا کرے تو جائز ہے مگر قبر پر کرے نہ کہ دور سے اور شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جو فرمایا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ روح زندگی میں جسم سے علاقہ رکھتی تھی اب بعد مرنے کے بھی ایک علاقہ ہے اگر یہ جسم ایک جگہ میں محفوظ رہے گا تو روح کا ایک مکان بسبب اس علاقہ کے معین

ع قولہ دعا کی اگر استدعا کرے الخ جواز یعنی عدم معصیت سے مفید ہونا لازم نہیں آتا اس کے لئے مستقل دلیل کی حاجت ہے جواز تو صرف محذورات نہ ہونے سے ہو سکتا ہے خواہ عبث ہی ہو اور جب تک یہ نہ ثابت ہو جاوے کہ اموات کو اذن ہوتا ہے زائرین کی فرمائش کے موافق دعا کرنے کا تب تک یہ استدعا عبث ہی ہے ۱۲ حفظہ

رہے گا نہیں تو روح بے نشان ہے یہ علاقہ گیا تو روح اس عالم سے بے علاقہ ہو گئی اور فیض سننے سے علاقہ نہیں رکھتا وہ ایک چیز اور ہے مکان سے اور وقت سے اور کپڑہ سے بھی فیض ہوتا ہے قبر میں تو وہ جسم ہے جس میں روح ایک مدت تک رہی ہے اس سے اگر فیض ہو تو کیا عجب ہے اور بعض لوگوں کو جو بطور خرق عادت اہل قبور سے تعلیم علم یا جواب مشورہ وغیرہ امور حاصل ہوتے ہیں وہ ایک فیض غیبی ہے کہ اہل استعداد کو بوساطت بعضی ارواح کے ہو جاتا ہے اور تفصیل اس کی طویل ہے پھر لکھوں گا۔ اپنے والد اور بخشی غلام علی صاحب اور عنایت فرمایوں کو سلام علیک پہچائیو عریضہ محمد یعقوب از دیوبند مدرسہ عربی۔ اگر تاریخ بن پڑی تو انشاء اللہ پھر لکھوں گا۔

۱۴ ربیع الاول ۱۲۸۶ھ

خط تیرھواں ۱۳ برادرم عزیز القدر عزیز شان طالب صادق سلمہ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ کریں خط تمہارا آیا سب حال معلوم ہوا۔ جو مسئلہ تم نے پوچھا ہے اس کا جواب اس حدیث سے نکلتا ہے لا یشکر اللہ من لا یشکر الناس یعنی اللہ کا شکر نہیں کیا جس نے آدمیوں کا شکر نہیں کیا اور اطاعت والد یا استاد کی شکر ہے اور شکر موجب برکت دارین کا ہوتا ہے اور جب کوئی اولاد یا شاگرد سے پھر جاتا ہے تو ناشکر ہوتا ہے اور یہ ناشکری آدمیوں کی ناشکری اللہ جلشانہ کی ہے اور اللہ جلشانہ کی طرف سے فیض علم کا اور رزق کا بند ہو جاتا ہے اور عقوق والدین کو کبیرہ علمائے نے سمجھا ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ باپ بیٹے کو محروم الارث کر دیتا ہے اور اسے عاق کرنا کہتے ہیں شرعًا اس کی کچھ اصل نہیں اور مرتکب کبیرہ کا امام مقرر کرنا بہتر نہیں اور اگر امام ہو تو نماز اس کے پیچھے جائز ہے۔ اور دوسرے مسئلہ کا جواب اگر ایک شخص کی دو لڑکیاں ہوں اور ایک شخص ایک لڑکی سے نکاح کرے اور اس شخص کا بیٹا دوسری سے نکاح کرے تو یہ صورت شرعًا جائز ہے جو رشتہ حرام ہیں ان میں سے یہ رشتہ نہیں۔ اور سوتیلی خالہ یعنی مائی مادر کی بہن یہ کوئی رشتہ نہیں اور جواب ذکر کے مقدمہ میں یہ ہے کہ نشست چار زانوں بیٹھے اس طرح کہ انگوٹھا داہنے پاؤں کو بائیں گھٹنے کے اندر کی جانب

ایک رگ ہے اس کے اوپر اور انگلی پاؤں کی اس کے نیچے رکھے اور بایاں پاؤں دہنے گھٹنے کے نیچے رکھے اور دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں پر رکھے اور کمر کو سیدھی رکھے اور بوقت مدالا کے تمام جانب بدن کی موڑ سے فقط گردن ہی کو نہ موڑے اور ضرب بھی اسی طرح کرے اور جہر متوسط سے ذکر کرے امید اللہ جلشانہ کے فضل سے یہ ہے کہ چند روز میں حرارت قلب میں پیدا ہو جائے اور ذکر میں لذت آنے لگے اور جس جگہ ذکر میں لذت معلوم ہو وہاں دمادم بے تعداد اُسی ذکر کو کرے اور یہ بھی یاد رہے کہ یہ سب ترکیبیں ایسی ہیں جیسے صیاد کا جال بچھانا یا سائل کا مانگنا اگر شکار آتا ہے یا بھیک ملتی ہے محض فضل الہی سے ملتی اسیطرح طالب کو چاہیئے کہ اپنے آپ کو اور اپنی محبت کو اور مرشد کی تعلیم کو اور شرائط کے ادا کو وسیلہ عرش رحمت کا سمجھے اور امیدوار فضل الہی کا رہے اور اگر اثر میں دیر ہو تو گھبراوے نہیں استقامت ہر فن میں اصل ہے۔ بعضی بات ہر فن میں تل اوجھل پہاڑ ہوتی ہے اور وقت پر سمجھ میں آجاتی ہے یونہی بتلانے سے نہیں آتی۔ اسیطرح اس فن کا بھی حال ہے اور تصور مرشد کا وقت ذکر کے بہت نافع ہوتا ہے مگر نہ اسطرح کہ اس کی تصویر کھینچ کر سامنے رکھے یا اسکی صورت ہو بہو خیال میں باندھے بلکہ اس طرح کہ جیسے عاشق معشوق کو یاد رکھتا ہے یا جیسے شاگرد وقت کام کے استاد کی ہٹوتی کا خیال رکھتا ہے اور یوں تصور کرے کہ فیض خداوندی بواسطہ اس پرنالہ کے مجھ تک پہنچتا ہے اور محمد رسول اللہ نفی اثبات کی تسبیح میں جب دس بارہ بار کلمہ کہہ لے تب ایک بار محمد رسول اللہ کہے اور اسوقت اسی تصور مرشد کو بطور نیابت اور قائم مقام کے تصور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کرے آپ منبع ہدایت اور چشمۂ فیض ہیں اور اس کی مثال ایسی ہے کہ جو شخص کوتوال یا حاکم کسی شہر کا حکم مانتا ہے وہ حقیقت میں بادشاہ کا حکم مانتا ہے اور تابعدار حاکم کا تابعدار بادشاہی کہلاتا ہے اور اللہ میں ضمہ کی حاجت نہیں وقف کرے اور اول و آخر ۲۱-۲۱ بار درود شریف پڑھے۔ اور ۲۱-۲۱ بار استغفار اور سات بار یہ دعا بھی پڑھے اللھم طھر قلبی عن غیرک ونور قلبی بنور معرفتک ابدا یا اللہ

یا اللہ یا اللہ اور جیسے اجازت مجھے میرے بزرگوں سے پہنچی ہے بندہ تم کو اجازت دیتا ہے کہ مشغولی اللہ کے نام کی کرو خداوند کریم تم پہ یہ کام آسان کر دے اور فیوض غیبی سے مشرف فرماوے اور اس ناکارہ ننگ دو جہان کو اگر یاد رہے تو اوقات ذکر میں دعاء خیر سے یاد رکھیں اور اس شغل میں طبیعت کو گرمی پیدا ہو جائے اور کچھ اثر ظاہر ہو تو خلوت کو بڑھا دینا بہتر ہوگا۔ اور کثرت دعا اور التجا جناب باری میں اور محنت اور مشقت کو رائیگان اور بیکار گننا اور امیدوار اس کے فضل کا رہنا بہتر ہے اور اگر بن پڑے تو خیال پاس انفاس کا ہر وقت رکھا کرو ہر دم آتے جاتے کے ساتھ اللہ اللہ کا دھیان رہے تاکہ دم خود بخود ذاکر ہو جائے اور اگر یہ سردست نہ ہو سکے تو ذکر جہر ہی پر محنت کرو انشاء اللہ تعالیٰ تمہاری محنت رائیگاں نہ جاوے گی فقط والسلام

۱۳ ربیع الثانی ۱۲۸۶ھ

خط چودھواں ۱۴ محمد یعقوب نانوتوی عفی اللہ عنہ بخدمت برادرم عزیزم طالب صادق مردراہ منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون معروض کرتا ہے آپ کے تین خط متواتر احقر کے پاس آئے اول بار اتفاق سے بخار آیا تھا پھر کچھ نقاہت رہی کچھ قلت فرصت کا اور کچھ کاہلی بعد میں جو خط آیا تو میں پھر مکرر بیمار ہو کر کچھ نقاہت باقی تھی وطن گیا تھا خط یہاں رکھا رہا جب پھر دیوبند واپس آیا پھر بیمار ہو گیا اور وہی اسباب و موانع پیش آئے۔ جب تیسرا خط آیا ان دنوں کچھ ایسا مشغلہ رہا کہ امروز فردا میں آج تک جواب تعویق میں رہا امید ہے کہ برادرم عزیز اس ناکارہ کاہل وجود کو معاف رکھیں تم نے ذکر اللہ اللہ میں چند باتیں پوچھی ہیں۔ ذکر اسم ذات مکرر میں پہلے لفظ پر ضرب چاہیے اور دوسرا بے ضرب اور اسم ذات مجرد میں بھی ضرب چاہیئے اور ضرب الف لام پر رکھے اور اسم ذات مکرر میں دونوں اسم ذات ایک سانس میں رکھے پھر سانس لے کر کے ایک بار ایک سانس میں بس کرتا ہے البتہ اسم ذات مجرد میں اگر چند بار ایک سانس میں کہہ جاوے تو مضائقہ نہیں ورنہ اس کو بھی ایک ہی سانس میں ایک بار کہے اور اسم ذات مکرر میں یہ تصور چاہیئے کہ ظاہر و باطن اللہ ہے یا اول و آخر اللہ ہے اور تہجد کا وقت

بہت عمدہ ہے اگر اسوقت توفیق ہو تو بہت اچھا ہے نہیں تو بعد نماز صبح یا مغرب اور
تہجد کے وقت کی فضیلت سورہ مزمل کے ترجمہ سے واضح ہو گی اور شروع میں تہجد کی
نماز فرض تھی اب نفل ہو گئی۔ مگر سب سنن سے افضل ہے۔ دوسرے تم نے حال اپنی معاش
اور تنگی کا لکھا ہے۔ برادرم عزیز نصیب سے زیادہ کسی تدبیر سے نہیں ملتا عمل ہو یا تعویذ
اور طریق انبیاءؑ کا یا توکل ہے یا تسبب بلکہ تسبب ہی غالب حال ان کا رہا ہے تم بھی اللہ
کے فضل کے بھروسہ کوئی مختصر سا حیلہ طلب رزق کا کرلو خدائے تعالیٰ اس میں برکت دے
گا اور میرے گمان میں نوکری سب سے آسان ہے جیسا تم کرتے تھے ویسا ہی کام کرتے
رہو اور جو کچھ میسر آوے خدا پر بھروسہ کر کے کھا پی لو اور وطن میں اور اپنے متعلقوں میں
اور والدین کی خدمت میں ہی رہنا بہتر ہے سفر کا ارادہ مت کرو خاصکر اس روسیاہ کے
ملنے کے ارادہ سے کہ بحسب ضرورت تمہارے پوچھنے کی ضرورت سے کچھ اوٹ پٹانگ
جواب لکھ بھیجتا ہوں ورنہ باللہ العظیم کہ حال میرا نہایت ابتر ہے لایق صحبت نہیں خدانخواستہ
ایسا نہ ہو کہ کچھ تمہیں اس نالائق کے پاس رہنے سے کوئی ضرر ہو اور خدائے تعالیٰ ہر جگہ موجود
ہے اور اپنے یاد کرنیوالے کے قریب تم اسی حال پر استقامت کرو انشاءاللہ تعالیٰ فتح
باب اور کشائش ہو گی اور استقامت سب امور میں بہتر ہے۔ متلون آدمی سے نہ
کار دنیا بن سکے نہ کار دین۔ اور ان دنوں کچھ احقر کو ایسی پریشانی پیش ہے کہ اس کے سبب
اپنے قیام اور سفر میں متردد ہے۔ بلکہ جب تک میں خود اپنے مقام اور نشان سے اطلاع
نہ دوں تم خط نہ لکھیو اور میں خدا چاہے تو ماہ شوال میں اس کے حال سے تم کو آگاہی دوں
گا اور عمل غنائے ظاہری اور قلبی کے لئے ایک یہ ہے کہ سورۂ مزمل ہر روز گیارہ بار
پڑھ لیا کرو ہر نماز کے بعد دو بار اور عشا کے بعد تین بار یا ایک ہی وقت گیارہ بار پوری
کر لیا کرو اور گیارہ سو بار یا مغنی بہ تصور التجا بارگاہ عالی میں جیسے مانگنے والا مانگتا ہے
تو اس کو سخی اور داتا اور نواب اور بادشاہ کہہ کہکر اپنا مطلب عرض کرتا ہے اس طرح
اس وظیفہ کو کر لیا کرو امید ہے کہ غنائے ظاہری و قلبی میسر آوے یہ عمل بہت مجرب ہے
اور دست غیب وغیرہ کے عمل اوّل تو بہت دشوار ہوتے ہیں اور اگر بن بھی پڑے تو شرعاً

اس کے جائز ہونے میں کلام ہے اور کیمیا مفقود۔ اور جو اس طلب میں بنام مہوس مشہور ہیں بوالہوس ہیں نہ دنیا کے نہ دین کے۔ احوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غور سے دیکھو کہ آپ نے غنا کو نہیں قبول فرمایا اور ایک نکتہ عجیب یاد آیا کہ آدمی کتنا ہی غنی ہو جائے غنی نہیں ہوتا تم چند مالداروں سے مل کر پوچھ لو وہ تم سے زیادہ حاجات بیان کریں گے کہ پوری نہیں ہوتی اور اس کے غم میں ہیں راحت انشاء اللہ تعالیٰ اگر فضل الٰہی سے بخشے گئے تو جنت میں ملیگی دنیا جائے کشاکشی کی ہے یہاں راحت کہاں تم نے آخر خط میں حال انتقال اپنی ہمشیرہ کا لکھا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اللہ بخشے اور درجہ عالی دے۔ برادرم عزیز موت نہایت سخت چیز ہے اور کمال یقینی اور آدمی اس سے نہایت غافل اور بڑا بے پروا آنسو آنکھوں میں شدت نزع اور شرم گناہوں سے آجایا کرتے ہیں یہ علامت بخشش کی ہے۔ بڑی بات یہ ہے کہ آدمی جب دنیا سے اٹھے اپنے مالک سے غافل نہ ہو اگر گنہگار شرمندہ ہے کچھ خوف نہیں خدا نخواستہ اگر مال و منال کی حسرت یا اہل وعیال کی محبت یا اپنے بیگانوں کے رنج مفارقت میں دم آخر ہوا تو جائے حسرت ہے اور کمال خوف ہے۔ موت یاد کرنے کا وقت جب نماز عشاء سے فارغ ہو کر سب ضروریات سے فارغ ہو اور لیٹے اسوقت سیدھا بشکل مردہ کے لیٹے اور اپنے آپ کو وقت موت کا تصور کرے اور توبہ اور استغفار کر کے سو رہے وہاں کی گرانی سن کر بہت تشویش تھی اب الحمدللہ امید ارزانی کی ہے یہاں اب دوسرا سال ہے کہ دس گیارہ سیر سے نوبت نہیں بڑھتی ان دونوں دس سیر ہیں گیہوں اور اسی قیاس پر سب غلہ بلکہ تمام اشیاء گراں ہیں اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم کرے۔ احقر نے علاقہ مدرسہ کا بعض وجوہ سے چھوڑا اب دیکھئے تقدیر کدھر لے جائے سردست رمضان وطن میں گذارنے کا خیال ہے اور اس میں بھی تردد ہے اس لئے انشاء اللہ تعالیٰ میں اپنے حال سے بعد رمضان شوال میں تم کو اطلاع دوں گا اور اگر نوبت سیاحی کی آئی تو کیا عجب کہ وہاں تک بھی پہنچ رہوں۔ والسلام اوقات یاد الٰہی میں اس روسیاہ کو دعاء خاتمہ بخیر سے یاد کرنا عمر سب بیکار گذر گئی دیکھئے آخر

کیسا ہو ترجمہ غنیۃ الطالبین میری نظر سے اب تک کہیں نہیں گذرا اگر کہیں حال معلوم ہوا اور یاد رہا تو اطلاع کروں گا ۔ رقیمہ محمد یعقوب از دیوبند مدرسہ عربی ۔

۱۹ شعبان ۱۲۸۶ھ

خط پندرھواں [۱۵] برادرم عزیز القدر گرامی شان طالب صادق منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ بعد سلام مسنون وادعیہ ترقیات روز افزوں مطالعہ فرمادیں ۔ خط تمہارا آیا حقیقت میں اس عاجز سے ایفاء وعدہ میں کوتاہی ہوئی معاف فرمادیں وجہ اس کی یہ ہوئی کہ رمضان پھر ارادہ کہیں کا نہ ہوا اور نیت اعتکاف کی تھی بعد رمضان ۔ بعد بہت سے بکھیڑے کے پھر دیوبند کے مدرسہ میں ناچار آنا پڑا وہاں پہنچ کر یوں قصد رہا کہ اگر کچھ سبیل خرچ کی ہو تو حج کو چل دو مگر اس کی کوئی صورت بن نہ پڑی اور طبیعت بدستور اب تک پریشان ہے بعد نیام یقینی کے خیال تھا کہ تم کو لکھ بھیجوں مگر حسب عادت قدیمی کاہلی میں گذری ۔ اتفاقاً عید الضحٰی میں نانوتہ گیا رہا تمہارا خط دیوبند سے پہنچا کئی دن کے بعد آج یہاں آکر تمہارا جواب لکھا تمہاری زوجہ مرحومہ کے انتقال کی خبر دیکھ کر بہت کلفت ہوئی اللہ تعالیٰ اس کو جنت نصیب کرے اور پسماندوں کو صبر عطا فرمائے اور صبر جمیل اور نعم البدل اپنے لطف سے دے اے برادر دنیا جائے گذران ہے آگے پیچھے کا فرق ہے ۔ سب کو یہی راہ پیش ہے آدمی دوسرے کا کیا غم کرے اگر اپنا ہو سکے تو فکر کرے نہیں تو اس کا غم کافی ہے اس عاجز کو اب اپنا اتنا غم ہوا ہے کہ محض عنایت الٰہی شامل حال ہے کہ اپنے ہوش و حواس سے ہوں اور کچھ یاس و تمنا مل کر تسلی کا باعث ہیں اور غفلت وکمی دریافت حال ہر دم کی تائید کرتے ہیں اللہ تعالیٰ تم کو کہ طالب صادق ہو مطلوب حقیقی تک رسائی دے آمین اس درماندہ کو بھی دعا سے یاد رکھو فقط والسلام

خط سولھواں [۱۶] بخدمت اعز برادران منبع اشفاق منشی محمد قاسم ادام اللہ شوقہ ۔ از کمترین بندگان محمد یعقوب بعد سلام مسنون اشواق مشحون کے معروض ہے تمہارا خط جواب خط احقر کے آیا جزاکم اللہ خیرا پرچہ علیحدہ کا جواب علیحدہ ہے حال حاجی عبد السلام کا معلوم ہوا ۔ وہ لوگ منتظر جواب ہیں اگر جواب نہ آیا اور خط بھیجیں گے اور

حال قصد عرب کا یہ ہے کہ ایک مہربان کے ہاتھ کچھ اپنا حال پریشان حضرت کی خدمت میں معروض کیا تھا آپ کی طرف سے ایسا ارشاد ہوا کہ یعقوب اگر امسال یہاں آجاوے تو بہتر ہے چنانچہ انھیں مہربان نے مجھے لکھ بھیجا اب اسوقت سے یہی عزم بندھا ہے اول خیال تو پہلے بھی تھا مگر بے سامانی کے سبب رہ گیا تھا اب کی بار بھی بظاہر صورت سامان کی کچھ نہیں دیکھئے کیا پیش آوے اپنے ارادہ سے کیا ہوتا ہے جناب مولوی محمد قاسم صاحب امسال تشریف لے گئے تھے عنقریب ان کے واپس تشریف لانے کی خبر ہے ان کی معرفت غالباً کچھ اور بھی حال معلوم ہوگا اور جانا نہ جانا احقر کا اس پر متحقق۔ انشاء اللہ ہو جائیگا خدا چاہے تو وقت تصمیم عزم تم کو بھی اطلاع ہوگی اور بندہ کا ارادہ تنہا ہے اور ارادہ قیام بھی بہت نہیں اور اب عرب کیا دور رہا ہے ۲۰ روز میں بآرام تمام بذریعہ ریل اور دخانی جہاز کے پہنچنا ممکن ہے البتہ خرچ کثیر چاہیئے اور اس سال تو کرایہ جہاز دخانی چالیس روپیہ سے زائد نہ تھا بلکہ بعضے پچیس ہی دے کر گئے اور کرایہ ریل غالباً ؎۱۳ روپیہ اس صورت میں خرچ بھی چنداں نہیں مگر تہیدستوں کو اتنا بھی مشکل ہو رہا ہے اللہ کریم مدد فرمائے اور انشاء اللہ تعالیٰ جب میں روانہ ہوں گا تم کو اطلاع دوں گا اور جو امورات اس وقت کے مناسب ہوں گے عرض کروں گا مولوی محمد احسن صاحب اور مولوی محمد منیر صاحب بریلی کالج میں نوکر ہیں اور ان کا ایک چھاپہ خانہ ہے جس کا نام مطبع صدیقی ہے یہی ان کے لئے نشان ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اگر میری صورت روانگی ہوئی مولوی محمد احسن صاحب کو تمہارے باب میں لکھدوں گا۔ تم نے جو حال لکھا یار عزیز خدام رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا و آخرت کی مثال ایسی فرمائی ہے جیسے اونٹ اور اس کی مینگنی جس کے پاس اونٹ ہو اس کی مینگنی کی کچھ کمی نہیں بلکہ خواہش بھی نہیں ہوتی اور مینگنی چننے والے کو اونٹ نصیب ہونا معلوم اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عورت سے سبب نکاح کبھی رغبت مال کی ہوتی ہے اور کبھی خواہش جمال اور کبھی دین تو اے طالب حق دین والے کو لے اور خوبصورتی کی ماہیت اور حقیقت میرے نزدیک کیا بلکہ سب عقلاء اس کو جانتے ہیں کہ موافق آنا ہے اپنے جی کے اور طبیعت ہر آدمی کی جدی ہوتی ہے جیسے کسی

کو کھانے میں میٹھا زیادہ مرغوب ہے اور کسی کو نمکین اسی طرح آنکھ کسی کی سرخ و سفید کی طالب ہے اور کسی کی حسن نمکین پر گرتی ہے اور کسی کی نظر رنگ کی فریفتہ ہے اور کسی کی خواہش ناز و انداز سے وابستہ اور جب لطافت طبع زیادہ ہوتی ہے تو جمال ظاہری کے ساتھ خوبی باطنی مطلوب ہوتی ہے حتیٰ کہ اگر کوئی خرابی نظر آتی ہے تو طبیعت کو نفرت ہو جاتی ہے اگر کھانا خوش رنگ خوشبودار بغایت لذیذ خوشگوار میں عین کھانے کے وقت یہ یقین ہو جائے کہ اس میں کوئی ناپاکی ملی ہوئی ہے تو عجب نہیں کہ اسے قے ہو جاوے اور سب کھایا پیا اس کے ساتھ نکل جاوے اور اس کا رنگ و روپ اور خوشبو اور لذت طبیعت کو روک نہ سکے ہاں حریص کثیف الطبع کو اگر ایک درجہ رغبت کی ملجاوے تو کتنا ہی کوئی امر خلاف طبع اس کی پیش آوے اس کی طلب میں فرق نہیں آتا یہ بات جو میں نے لکھی انشاء اللہ تعالیٰ اس مادہ فاسد کو تمہارے خیال میں سے نکال دیگی اور مجھے اللہ جل شانہٗ کی قدرت کاملہ سے یہ امید ہے کہ جو شخص بوجہ حلال تمہاری قسمت میں ہوا ہے وہ بوجہ حسن باطنی تمہارے حق میں ایسا مطلوب اور دلفریب واقع ہو کہ حسن ظاہری کی اس کے سامنے بات پھیکی ہو جاوے اور اگر یہ میرے خیالات کام نہ دیں اور رغبت قدیم جمی ہوئی تہ دل کی نہ نکلے علی الخصوص جب ادھر سے بھی سلسلہ جنبانی ہوتی ہو تو حقیقت میں ظاہر ہیں دشوار ہے تو تم اس عمل کی جو میں لکھتا ہوں چند روز مشق کیجیو امید فضل الٰہی سے یہ ہے کہ تمہارا قلب اس کدورت سے صاف ہو جائے اور وہ یہ ہے کہ کسی فراغت کے وقت خلوت میں بیٹھ کر اس کی صورت کا تصور کرو اور خیال میں یا زبان سے لا الہ الا اللہ کہو اور وقت لا کہنے کے اس صورت کو کھینچ کر پیچھے پشت کے پھینکدو اور الا اللہ کے ساتھ مطلوب حقیقی کو بے کیف تصور کر کے قلب پر ضرب کرو چند بار جس کی مقدار ۱۰۰ ہو اس کو کرو اول طبیعت کم جمے گی پھر دو چار روز میں وہ کوہ تمثال پر کاہ کی طرح لا کے ساتھ اُٹھ جائیگا اور اگر دور کرنا اس کا دشوار ہو اس سبب سے کہ وہ مطلوب ہے تو یوں کیجیو کہ زبان سے لا مطلوب الا اللہ اور اس صورت میں اتنا خیالی نظر کو جاؤ کہ گویا نظر اس کے اندر گھستی ہے اور طالب حقیقت کی ہے یہاں تک کہ نظر تمہاری تم کو اندر نفوذ کرتی معلوم ہونے لگے

اسوقت یوں خیال کرو کہ بلا ہی۔ عدم[1] ہے کچھ نہیں اور یہ بات تم کو اوّل بڑنگ اندھیرے کے معلوم ہوگی پھر اس کے بعد ایسا نظر آوے گا کہ کچھ نہیں رہا جب یہ نوبت آوے تو وہ خیال خود بخود دفع ہونے لگے گا اور مجھے امید فضل الٰہی سے ایسی ہے کہ اس مشقت کی کچھ ضرورت نہ ہو یہ ایک خیال ہے یوں ہی رفع ہو جائے گا مگر ہمت ہر کام میں شرط ہے اور آدمی کے تمام کام خیال پر مبنی ہیں والسلام اور کثرت اس دعا کی چند روز بہت نافع ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ ولا ملجأ ولا منجأ منك الا الیك عریضہ محمد یعقوب۔

۳ صفر ۱۲۸۲ھ۔

مکتوب ستره ۱۷ مشفقی مکرمی منشی محمد قاسم دام لطفہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمائیں خط تمہارا بعد مدت آیا غنیمت ہے تمہاری خیریت دریافت کرنے سے خوشی ہوئی دربابِ اسقاط کے جو تم نے لکھا حقیقت یہ ہے کہ دعا و تعویذ اور دوا و علاج سب حیلہ ہیں موثر حقیقی جسکے اثر کو اجازت فرما دیوے اثر کرے اکثر بزرگوں کے نزدیک یہ طریقہ دعا و دوا میں مروج ہے کہ اس کے ساتھ التجا اور الحاح جناب باری عز اسمہ میں کرتے ہیں کہ الٰہی اس اسم کو یا دوا کو تاثیر دے اور اس بندہ کو شفا بخش غرض کہ ہر مرض اور حاجت میں ایسے طریقہ پر عمل ہے مگر شفا شافیٔ مطلق کے ہاتھ ہے یہ تعویذ و گنڈہ مسان کے واسطے ہے شاید کوئی اور خلل ہو موافق رائے طبیب کے مسہل وغیرہ سے تنقیہ کرنا چاہیے اور اس ملک میں گلقند املتاس کے پھولوں کا اکثر جائے حاملہ عورتوں کو موافق ہوا ہے اور یہ نرمی مادہ کو نکال دیتا ہے اور اب تک پھول امید ہے کہ ملیں گے اگر رائے طبیب ہو تو پھول املتاس کے لے کر تین حصہ اسے مٹھائی ملا کر خوب مل کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھو خوراک ہر روز دو تولہ تک ہے۔ اعراب اسمأ اصحاب کہف کے یوں ہیں مَکْسَلْمِیْنَا یَمْلِیْخَا کَشْفُوْطَطْ طَبْیُوْنَسْ کَشَا فَطْیُوْنَسْ اَذَرْ فَطْیُوْنَسْ یُوَانِسْ کَلْبُهُمْ قِطْمِیْر۔ مسئلہ جمعہ کا جو تم نے استفسار کیا ہے اصل اس کی یہ ہے کہ چند شروط خاص مذہب حنفیہ کی ہیں اور جمعہ کا فرض ہونا قطعی ہے اور شروط اختلافی ہیں ایسی جائے احتیاط شرط ہے۔ علمأ حنفیہ نے اس مسئلہ میں تقلید ائمہ باقی کی کی ہے اور اسی سبب جمعہ کو بجماعت اور خطبہ کے

---

[1] اصل میں اسی صورت سے تھا شاید یہ لا ہے عدم ہے (اشرف علی)

ادا کرتے اور اگر ظہر پڑھتے ہیں تو بنظر احتیاط یہ معنی نہیں کہ جمعہ اور ظہر دونوں مشکوک ہیں بلکہ جمعہ غالبًا صحیح ہے اور چار رکعت ظہر کی احتیاط ہے اسی لئے اس کو بجماعت ادا نہیں کرتے اور کوئی کرے تو اس کی غلطی ہے اور حنفیوں کی کتابوں میں بھی یہ روایت ملتی ہے کہ اگر حاکم اعلی مسلمان نہ ہو تو اس سے یوں کہیں کہ ہمارے واسطے ایک حاکم مسلمان مقرر کردے اور اگر وہ نہ کرے تو مسلمان اپنا ایک سردار مقرر کرلیں جو جمعہ کا اہتمام کردے اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو مسلمان جمع ہوکر ایک کو امام مقرر کرکے نماز پڑھیں اس روایت پر کوئی جمعہ ایسا ہوگا جو درست نہ ہو چنانچہ ملک خطا میں جب کفار غالب ہوئے تو وہاں کے علمائے نے جمعہ ترک نہیں کیا اور دہلی میں جب مرہٹہ کی عملداری ہوگئی تھی تو بعضے علماء نے جمعہ ترک کرنا چاہا تھا اس زمانہ میں شاہ عبدالعزیز صاحب نے اس امر کا فتوی دیا کہ جمعہ ترک کرنا نہ چاہیئے اس لئے کہ اختلافی مسئلہ ہے غرض کہ جمعہ ہونا بہت طرح سے قریب یقین ہے بعد جمعہ پڑھ لینے ہی کے ظہر پڑھ لینا احتیاط ہے جیسے جس نماز میں واجب ترک ہو جاوے اس کا ہٹا لینا احتیاط ہے اسی لئے اس نماز میں نئے آدمی کو شریک ہونا نہ چاہیئے اگر کوئی احتیاط نہ کرے اور ظہر نہ پڑھے تو اس کے ذمہ کچھ لازم نہیں اور جو احتیاط کرے اس سبب سے اس کے جمعہ میں کچھ تردد نہیں باقی رہا فرض ظہر کے ساتھ اس کی سنتوں کا پڑھنا چنداں ضرور نہیں اگر کوئی پڑھے کچھ منع کی جگہ نہیں مگر سنت جمعہ کی ترک نہ کرے اور چار رکعت احتیاط جو پڑھتے ہیں ان میں چاروں میں صورت ملا لینا بھی احتیاط ہے اگر کوئی فرض کی طرح پڑھے تو کچھ حرج نہیں فقط بارش یہاں بھی کم تھی اساڑھ کا مہینہ خالی گیا مگر اب دس بارہ روز سے خوب بارش ہوئی اور نرخ جو پندرہ سیر ہو گیا تھا اب اٹھارہ سیر ہے امید ہے کہ اللہ تعالی نے قحط سے بچا لیا فقط تعویذ کے باب میں جو تم نے پوچھا ہے اب اس کا کھول رکھنا بہتر ہے اور بوقت ضرورت پھر استعمال کا مضائقہ نہیں فقط غلام حسین اور اپنے والد اور سب دوستوں کو کہو۔ ان دنوں میرا خیال تھا کہ تمہیں خط لکھوں اچانک خط تمہارا آگیا ضرورت یہ تھی کہ جب بندہ اجمیر میں تھا ان دنوں مولوی ارشاد حسین صاحب نے چار نسخے مختلف

امراض کے نہایت مجرب بتلائے تھے ایک نسخہ تو خوب یاد ہے اور میرا معمول ہے تین نسخے بھول گیا ایک بالکل بھول گیا اور دو نا تمام یاد ہیں ایک نسخہ جو یاد ہے دانتوں کا منجن ہے اور دو نا تمام ایک طلاء ہے اور ایک آتشک کا ہے اور جو کاغذ مولوی صاحب نے عنایت فرمایا تھا وہ کھویا گیا۔ غرض یہ ہے کہ اگر کبھی مولوی صاحب سے ملاقات ہو تو یہ چاروں نسخے تحقیق کر کے مولوی صاحب سے لکھوا کر بھیج دیجیو اور یہ لکھو کہ مولوی صاحب کہاں ہیں ٹونک یا آبو یا وطن یا دورہ میں اور خط اس پتہ پر ان کے پاس پہنچ سکتا ہے ان کے خط میں انشاء اللہ سب یاد اور مشکوک مفصل لکھوں گا فقط والسلام۔

مکتوب ۱۸ اٹھارہ منبع اشفاق و اعطاف مجمع اخلاق والطاف دام لطفہ بعد سلام مسنون معروض ہے خط تمہارا آیا برادر من عذر ہر چند بظاہر تعلق یہاں کا اور قصد سفر کا کیا مگر اصل یہ ہے کہ پہلے میں جب وہاں تھا تو یاروں کا یار ہر بھلے برے کا شریک تھا اور اب ہر چند میرا باطن ویسا ہی ہے مگر یہ صورت منافقانہ کو تو بہ ظاہری کی جہت سے بنا رکھی ہے اب ان افعال کی مجوز نہیں اور وہاں علاوہ اس کے بہت بدعات مروج و شائع ہیں اگر ان کا شامل حال ہو تو بغایت ان کو بیہدہ اور اگر منع کروں تو ایک جھگڑا اور اگر منع نہ کروں اور شامل بھی نہ ہوں تب بھی خالی مناقشہ سے گذرتی نظر نہیں آتی۔ اسی سے گوشۂ عافیت پسند کیا اور مجھے وہاں آنے میں بہت خوشی تم جیسے اور میاں جمال الدین جیسے طالبان حق کی ملاقات کی ہے اور ایک یہ کہ ایک گونہ میری طبیعت کو اس ملک سے انس ہے ورنہ اور کوئی وجہ ادھر رغبت کی نہیں۔

مکتوب انیسواں ۱۹ برادرم مکرم منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ بعد سلام مسنون مطالعہ فرما دیں در باب اختلاف علمائے زمانہ کے اور بعضی کتابوں کے جو ایک دوسرے کی رد میں لکھی ہوئی دیکھی اور اپنے تردد کے باب میں جو تم نے لکھا ہے برادر من مسلمان کے واسطے قرآن شریف اصل ہے اور اس کا مضمون اتنا جو سہل ترجمہ سے سمجھ میں آتا ہے ہر کسی کے لئے حجت ہے اس کی بنا دیکھ لو کہ کس امر پر ہے شرک کی کون کون سی صورت کو رد کیا ہے۔ اور رسوم جاہلیت کو کیونکر اکھاڑا ہے اور اپنے زمانہ کے حالات کو ان احوال

کے ساتھ مطابق کر کے دیکھ لو وہ باتیں اب موجود ہیں یا نہیں تب یہ بات بخوبی واضح ہو جائے گی کہ حق کن لوگوں کا قول ہے ہاں ایک بات ملحوظ خاطر رہے کہ جب آدمی کوئی بات کہتا ہے تو اس کا نقشہ ایسا بناتا ہے کہ سننے والا اس کو قبول کر لے۔ تو اب یہ دیکھ لینا چاہیئے کہ وہ نقشہ جو ایسا ہے اس کی حقیقت کیسی ہے مطابق اس کے ہے یا مخالف مثال اس کی قرآن حدیث سے یہ ہے کہ عرب کے مشرک لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ اعتراض کرتے تھے کہ انہوں نے اپنے باپ دادا کی چال چھوڑ دی یہ کیا اُن سے کچھ زیادہ عاقل ہوئے اور یہ کیسے ناخلف پیدا ہوئے کہ اپنے باپ دادے کے طریقہ کو جھوٹا بتلایا اور انہیں جہنمی کہا اور یہ کہتے تھے کہ انہوں نے کنبوں میں تفریق ڈال دی اور رشتہ داروں میں ان سے سبب اختلاف پیدا ہوا اور ایک چال اور راہ کے دو راہ کر دیئے اور وہ لوگ ان سب باتوں میں اتنا تو بے شک سچ کہتے تھے کہ قدیمی مذہب اور رسوم ترک ہو گئے اور اپنے بڑوں کو گمراہ کہا اور آپس میں تفریق اور خلاف ہو گیا مگر یہ بات کہ یہ سب امور ہر جگہ اور ہر طرح بُرے ہی ہوا کرتے ہیں غلط ہے اگر حق کے سبب اپنوں سے جدائی ہو تو قصور اس کا ہے جو حق سے الگ رہا اور اس سبب حق والے لوگوں سے جدائی کی نوبت آئی۔ یا قصور حق والوں کا کہ انہوں نے برادری کیوں چھوڑی حق کو کیوں نہ چھوڑ دیا ایک تو یہ دوسرے قصہ مسجد ضرار کا جو سورۂ توبہ کے اخیر میں اس کا ذکر قرآن شریف میں ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ منافقوں نے ایک مسجد بنائی تھی اور غرض یہ تھی کہ ہمارا مجمع اور جمگھٹا یہاں رہا کرے اور ضعیف الایمان لوگ ٹوٹ کر ادھر آجائیں اور مسلمانوں میں صورت تفریق کی پیدا ہو جائے اور ظاہر میں یوں کہا کہ مسجد ہمارے گھروں سے دور ہے اندھیرے مینہ بوند میں مسجد کے ثواب سے محروم رہنا ہوتا ہے اس ضرورت کے رفع کے واسطے یہ مسجد بنائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا فریب واضح فرما دیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسجد کو ڈھوا دیا ان دونوں قصوں سے چند فائدے عجیب حاصل ہوئے ایک تو یہ کہ آدمی سے یہ ممکن ہے کہ بات کو برائی پر اور بری بات کو اچھی طرح پر بنا سکتا ہے مگر اس میں یہ بات ہوتی ہے کہ بات پوری پوری نہیں ہوتی

کچھ کہا اور کچھ نہ کہا ہوتا ہے۔ ایسی بات سن کر آدمی ان کے قول کو نہ دیکھے اس کی حقیقت پہ غور کرے اور سب بات کو خیال کرے تاکہ حق و باطل میں تمیز ہو دوسرے بہت دفع ظاہر اچھا ہوتا ہے اور باطن خبیث ظاہر تو صورت فعل کی اور باطن نیت ہوتی ہے اور یہ برائی باطن کی کبھی تو اس کام کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہے اور کبھی یوں ہوتا ہے کہ جب وہ بات شروع ہوئی تھی جب اس میں وہ خرابی نہ تھی بعد چند زمانہ کے وہ خرابی آ گئی نظیر اس کی زیارت قبور کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول منع فرمایا تھا تو وجہ اس کی یہ تھی کہ اکثر لوگ قبروں پہ جا کر نوحہ اور رونا پیٹنا کرتے تھے آپ نے اس سے روک دیا۔ جب لوگوں نے ان امور کو چھوڑ دیا تو آپ نے اجازت فرمائی اور یوں فرمایا کہ قبر کی زیارت سے دل نرم ہوتا ہے اور موت یاد آتی ہے۔ اب تم اپنے زمانہ کی قبور کی زیارت کو دیکھو کہ ان میں موت کی یاد ہوتی ہے یا کس غرض سے جاتے ہیں پھر سمجھو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت میں یہ جانا داخل ہے یا نہیں؟ اور جب وہاں ماتھا رگڑنا اور حاجات طلب کرنا اس پہ علاوہ ہو تو پھر دیکھ لو کہ اس اجازت سے اب اس کو کیا علاقہ رہا۔ تیسرا امر قابل سمجھ کے یہ ہے کہ شرع کے احکام جن چیزوں کی نسبت ہیں وہ احکام ان کی حقیقت سے متعلق ہیں اور جب وہ حقیقت نہیں رہتی تو وہ حکم بھی نہیں رہتا۔ مثلاً شراب حرام ہے تو اس کی حقیقت نشہ ہے جب شراب سرکہ ہو جائے یا نمک ڈال دیں اور نشہ دور ہو جائے تو وہ حلال ہو جاتی ہے تو اس سبب پر نظر کرنے سے یہ بات بخوبی سمجھ میں آ جاوے گی کہ بہت سی چیزوں کے اختلاف زمانہ سے حقیقت مختلف ہو جاتی ہے تو بیشک اس کا حکم بھی مختلف ہو جائے گا۔ مثلاً ملفوظات میں اکثر بزرگوں کے تاکید ہے کہ عرسوں کا قائم رکھنا چاہیے تو اب یہ دیکھنا چاہیے کہ اس زمانہ میں عرسوں کی کیا صورت ہوتی تھی یہی صورت تھی جو اب ہوتی ہے یا کچھ اور۔ اور یہ خرابیاں جو اب بروئے کار ہیں ان کا کہیں نام و نشان بھی نہ ہوتا تھا۔ یہ مجمع تماشا والوں کے اور ناچ و رنگ کو وہ لوگ جانتے بھی نہ تھے۔ اب تم قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر مضامین کو ملاتے جاؤ اور اپنے زمانہ کے حال پہ

غور کرتے جاؤ تب انصاف کرو گے اور فقہ کی روایت لکھ دینی سہل ہے مگر اس روایت کے مطابق اس زمانہ کے حال کو کر دینا ذرا مشکل ہے مثال اس کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عورتیں مسجدوں میں نماز کے واسطے حاضر ہوتی تھیں۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ممانعت کر دی اور جب عورتوں نے حضرت عائشہ رضؓ سے شکایت کی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یوں فرمایا کہ اب عورتوں نے جو وضع اختیار کی ہے اور جو باتیں ایجاد کی ہیں اگر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں یہ باتیں ہوتیں تو آپ بھی منع فرماتے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حقیقت اس امر کی بدل گئی جس کے سبب حضرت کے وقت میں اجازت تھی۔ اب وہ بات ہو گئی جس کو حضرت نے منع فرمایا اس سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ عورتوں کا جانا جب جائز تھا تو بدون شرط کے نہ تھا اب وہ شرطیں نہ رہیں اسی طرح اگر کسی بزرگ کے قول سے یا فعل سے ثبوت کسی امر کا معلوم ہو تو وہ دلیل اس بات کی نہیں ہوتی کہ وہ امر اب بھی ویسا ہی ہے اور اس کا حکم بھی وہی ہے اس امر کو حقائق شناس خوب جانتے اور سمجھتے ہیں اور جو لوگ ان کے مخالف ہیں یا تو جہل مرکب میں گرفتار ہیں اور یا جان بوجھ کر حق سے گریز کرتے ہیں علاوہ بریں حدیث شریف میں آیا ہے کہ حق ایک روشن بات ہوتی ہے یعنی اس کو سوا نظر صاف کے اور کسی دلیل کی حاجت نہیں اس سے یہ سمجھ میں آیا کہ باطل کے واسطے بہت بناوٹ اور تکلف درکار ہے چنانچہ تم انصاری اور اسلام کے مذاہب کی گفتگو اور ان کے دلائل کو دیکھو اور سنی شیعوں کی بحثوں کو خیال کرو یہ قاعدہ کلیہ ہر جائے پاؤ گے فقط مجھے امید ہے کہ یہ مجمل تقریر کافی ہو باقی رہی تصنیفات جناب مولانا محمد اسحاق مرحوم مسائل اربعین اور مائۃ مسائل وغیرہ وہ سب حدیث اور فقہ سے ماخوذ ہیں جناب مولوی صاحب کی عادت تھی کہ کبھی کوئی بات اپنی طرف سے نہیں فرمایا کرتے تھے جو کتابوں میں لکھا ہے وہ ہی نقل فرما دیتے تھے اور یہی طریقہ جناب مولوی قطب الدین صاحب کا ہے ان کی سب کتابیں ترجمہ کتب حدیث اور فقہ اور ان کی شرحوں کا ہے اپنی طرف سے کچھ نہیں

لکھتے جو کوئی شخص ان کی بابت گفتگو کرتا ہے وہ بڑا احمق ہے یا غرض اس کی یہ ہے کہ یہ لوگ قرآن حدیث فقہ کو نہیں سمجھتے ہیں خوب سمجھا ہوں تو اس کے واسطے اتنا کہنا بس کرتا ہے کہ ان لوگوں نے تمام عمر دین کی کتابوں کے پڑھنے و پڑھانے میں صرف کی اور بظاہر متقی اور دیندار لوگ تھے اب اگر ان کا قول ہدایت نہیں تو تم کسی ایسے اور کا قول لاؤ تو بسم اللہ ہم بھی دیکھیں گے باقی رہا بعضے مسائل اختلافیہ وہ ایسے ہیں کہ علما کے ان میں قول ہمیشہ سے مختلف ہوتے چلے آئے ہیں اگر کوئی احتیاط اور تقوے کو کام فرمائے تو جو امر دشوار ہو اس کو اختیار کرے نہیں تو سہل جانب کو کرے یا کسی عالم دیندار سے پوچھ لے جو وہ بتلائے اس پر عمل کرے۔ ہر کام میں استاد کی حاجت ہے اور دین کا کام تو بہت باریک کام ہے اور بھائی عمل کرنے کو تو راہ بہت صاف ہے اور درست ہے مگر جھگڑنے کو ایسے پہاڑ اور پتھر ہیں جن کا کچھ ٹھکانا نہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو لوگ حق سے باز رہتے ہیں ان کو جھگڑا نصیب ہوتا ہے آدمی اپنا کام کرے اس زمانہ میں دین پر قائم رہنا بہت دشوار ہوگیا۔ نکٹوں میں بیچارہ ناک والا نکو ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی پناہ دے اور صراط مستقیم پر قائم رکھے۔ اس کا خیال ہرگز مت کرو کہ اگر مجھے علم ہوتا تو میں ان کو خوب جواب دیتا اور ساکت کرتا جواب دینے والے جواب دیتے ہیں مگر یہ اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا ہے کہ اختلاف ہمیشہ رہیگا اور اللہ دوزخ کو بھرے گا ہونیوالا ہے اور فقہا کے کلام سے خاص کر متاخرین کے فتوؤں سے ہمارے علما محققین نے چند جگہ خلاف کیا ہے ایک اس میں سے ذکر جہر ہے۔ اور ایک سماع مجرد بے مزامیر ہمارے اساتذہ کے نزدیک مباح ہے اور متاخرین اس کی بھی حرمت کے قائل ہوئے ہیں ایسے مسائل میں اگر آدمی احتیاط کرے یا کسی سے تحقیق کرے بہتر ہے اور تعجب ہے کہ وہ بعد زمانہ شاہ عبدالعزیز کے کتابوں کو غلط بتلاتے ہیں خود تفسیر شاہ عبدالعزیز کی جس کا نام تفسیر عزیزی ہے اس میں یہ مسائل مذکور ہیں اور ان کے بہت سے فتوے مختلف مسئلوں کے مشہور ہیں اور اس زمانہ کے بعضے علما کا جو خلاف پر ہوئے ہیں

رد کیا ہے اور شاہ ولی اللہ صاحب کی تصانیف میں تو یہ امور مصرح موجود ہیں قصہ بہت طویل ہو گیا اللہ تعالیٰ ہدایت نصیب کرے اور وساوس شیطانی سے بچائے آدمی قرآن حدیث کو پیشوا بنا لے اور سب کو الگ کرے ان کی وضع پر جس کی چال ہو اس کو پیشوا جانے فقط اب تلک کچھ سامان سفر کا نہیں بنا دیکھئے مرضی الٰہی کیا ہے۔ اگر کچھ صورت ہوئی تو انشاء اللہ تعالیٰ تم کو اطلاع دوں گا اور حال میرا ویسا ہی پریشان چلا جاتا ہے اور کچھ ٹھور ٹھکانا نظر نہیں آتا دعا کیجئو کہ امداد الٰہی دستگیری فرمائے۔ اور اگر صورت سفر کی ہوئی تو جدھر مناسب ہو گا تمہارا حوالہ کر دوں گا مشکل یہ ہے کہ اس زمانہ میں اکثر عالم اور کامل لوگوں کو کچھ عام خلق کی طرف سے غفلت ہو گئی ہے اور یہ عاجز اول تو کچھ عالموں میں عالم نہیں اور پھر اس پر کاہل اور آپ بے عمل کسی کی کیا دستگیری کرے۔ اگر تم کوئی صورت ممکن ہوتی اور ادھر آتے تو یہاں چند عالم باعمل صاحب کمال تھے ان سے ملاقات ہوتی اور امید نفع کی تھی مگر ہر کام وقت پر منحصر ہے ان بزرگوں میں سے یہ نام یاد رکھو جناب مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی میرے ہمزلف اور پیر بھائی اور استاد اور استاد بھائی اور ہموطن اور قریب رشتہ دار ہیں بڑے صاحب کمال جامع معقول و منقول عالم ظاہر و باطن کے ہیں اور شیخ کامل مکمل مگر خلق سے نہایت متنفر اور یکسو۔ ان دنوں میرٹھ میں مطبع ہاشمی میں کچھ علاقہ کر لیا ہے وہاں تشریف رکھتے ہیں۔ دوسرے صاحب جناب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی یہ بھی احقر کے پیر بھائی اور استاد بھائی ہیں اور مثل مولوی محمد قاسم صاحب کے ہیں اور یہ دونوں صاحب ہمارے حضرت مخدوم حاجی امداد اللہ صاحب مدظلہ جو احقر کے پیر ہیں ان کی طرف سے خلیفہ اور صاحب اجازت ہیں۔ اور تیسرے مولوی مظہر صاحب جو پہلے اجمیر میں مدرس رہ گئے ہیں احقر کے بھائی اور وطن دار ہیں سہارنپور کے مدرسہ میں مدرس اول ہیں اور ان کے چھوٹے بھائی مولوی محمد احسن صاحب بریلی کے انگریزی مدرسہ میں مدرس ہیں اور ان کے سوا اور بہت سے عالم اس ضلع میں ہیں اور احقر کے چار لڑکے ہیں ایک کا نام معین الدین جو اجمیر میں پیدا ہوا تھا اس کی عمر سولہ برس کی ہے قرآن شریف حفظ کر لیا ہے اب جناب مولوی محمد مظہر صاحب کی

خدمت میں عربی پڑھتا ہے اس سے برس دن چھوٹا قطب الدین نام ہے اس نے قرآن شریف ختم کر لیا اب کے سال ان شاء اللہ کچھ اور پڑھنا شروع کرے گا۔ اس سے چار برس چھوٹا علاؤ الدین نام ہے وہ قرآن شریف حفظ کرتا ہے سات سپارہ اس نے حفظ کئے ہیں اور ایک چھوٹا لڑکا تیسرے برس میں ہے اس کا نام جلال الدین ہے اور ۲ میں غرق ہو کر مر گیا۔ اور ایک شمس الدین نام جلال الدین سے بڑا قریب برس دن کا مر گیا اور ایک لڑکی صدیقہ نام جو معین الدین سے بڑی تھی غدر کے دنوں میں مر گئی تھی اب ایک لڑکی فاطمہ نام جلال الدین سے تین برس بڑی ہے یہ ہے اولاد احقر۔ اور میری بہنوں کی اولاد میں دو لڑکے جوان عالم فارغ التحصیل قریب تکمیل کے ہیں۔ ایک مولوی عبداللہ جن کی عمر بیس اکیس برس کی ہے۔ بہت نیک طینت اور دیندار آدمی ہے۔ احقر کے شمول میں رہتا ہے اور گویا میری ہی اولاد میں شمار ہے احقر سے ہی اکثر پڑھا ہے اور دوسرا خلیل احمد اس نے کچھ احقر سے اور اکثر سہارنپور کے مدرسہ میں جناب مولوی محمد مظہر صاحب سے پڑھا ہے اور اب بھی وہیں پڑھتا ہے یہاں پر برسات بہت اچھی ہے نرخ گندم ۲۴ ثار گھی ۲ ثار تیل ۲۰ ثار ہے تم نے جو در باب زیارت کے لکھا ہے اے برادر یہ دولت عظیم نصیب سے ملتی ہے اور عمل اعمال سب بہانے ہیں یہ درود شریف ورد کرو شاید نصیب جاگ جاوے احقر کو بھی یاد رکھیو اگر وہ دولت میسر ہو یہ بے نصیب اب تک اس نعمت سے بے نصیب رہا ہے اور اپنے اندر قابلیت ایسی نہیں دیکھتا کہ اس کی آرزو کروں درود شریف یہ ہے اَللّٰھُمَّ صلی علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وسلم ایک سو ایک بار بعد نماز عشاء کے پڑھ لیا کرو کیا عجب ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ نعمت نصیب فرماوے۔

۱۸ رجمادی الاول سنہ ۱۲۸۸ھ

خط بیسواں [۲۰] منبع الطاف و اعطاف برادرم منشی محمد قاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں خط تمہارا بجواب احقر آیا۔ جو کچھ تم نے درباره اپنی سمجھ کے لکھا ہے بہت خوب ہے اللہ تعالیٰ جس پر حق واضح کر دے جس راہ سے چاہے کر

---

۲ ایک لڑکا علاؤ الدین سے بڑا قطب الدین سے چھوٹا فرید الدین نام دو سال ہوئے کہ تالاب ۲

دے اور جو مسئلہ تم نے پوچھا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات کسی جگہ حدیث میں مصرح مفصل موجود نہیں مگر قواعد شرع کا اقتضاء یہ ہے کہ ثواب پہنچانا حقیقت میں اپنا استحقاق اوروں کو دیدینا ہے تو اسلئے جتنا ثواب اس عمل کا اس کرنے والے کو ہوتا۔ وہی جتنوں کو یہ چاہے پہنچ جائیگا اور اس کی نیت کی خوبی کا اثر ہے کہ اس کو بھی اس ثواب پہنچانے کا ثواب ہوگا جیسے کسی چیز کے دینے کا ہوتا ہا یہ امر کہ بعضی احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے وہ بات خاص معلوم ہوتی ہے جیسے قل ہو اللہ کا ثواب تہائی قرآن کا ہوتا ہے اور یہی قول فیصل ہمارے استادوں کا ہے اور بعضے بزرگوں کے مکاشفے بھی اس کے مؤید ہیں واللہ اعلم اور جس حدیث میں ثواب پہنچانا مردوں کا وارد ہوا ہے غالباً اس میں قل ہو اللہ اور معوذتین اور الحمد کا پڑھنا فرمایا ہے ہرچند وہ حدیث ضعیف ہے مگر فضائل اعمال میں مقبول ہے۔ ۳۰ رجمادی الثانی ۱۲۸۸ھ

خط اکیسواں | بنام اشفاق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں

خط تمہارا آیا در باب علاقہ درگاہ جو کچھ تم نے لکھا عزیزمن اس میں یوں مصلحت معلوم ہوئی اور بعد استخارہ یہی خیال میں آیا کہ میں بذات خود اپنے لئے اس کی خواستگاری بشرط بھی نہ کروں۔ احتمال ہے شاید شرط وقوع میں آجائے پھر جائے انکار نہ ہو اور غالباً اجمیر رہ کر ساٹھ روپیہ سے کم میں میری گذر نہ ہو پہلے پچیس روپیہ مہینہ کا میرا خرچ تھا اور میں تنہا تھا اور وطن کو پندرہ روپیہ ماہوار بھیجتا تھا اور اب گھر پہ بھی مجمع جب سے زیادہ ہے اور بہ نسبت سابق اب ہر چیز کی گرانی ہے اور میرے ایک دو لڑکوں میں سے کوئی رہے گا اور یہاں وطن کی بات ہے بہت سی چیزوں میں تخفیف ہے۔ ہاں اگر ممکن ہو تو برخوردار مولوی عبداللہ کے واسطے تم بھی سعی کیجیو اس کا اب نکاح ہو گیا ہے اور اس کو اب تلاش وطلب ہے۔ اور شغل کے باب میں جو تم نے استفسار کیا ہے جس دم میں یہ ترکیب جب کرنی چاہئے کہ کچھ مشاق ہو جائے اول میں اتنا کافی ہے کہ بوقت صبح سویرے تنہا بیٹھ کر آنکھ بند کر کے زبان کو تالو سے لگادے اور سانس کو اوپر کھینچ کر سینہ میں بھرا لے کہ کچھ جنبش نہ ہو پھر سر کو قلب کی طرف جھکا کر لا کو دہنے مونڈھے تک کھینچے اور

آلہ کو وہاں خیال کرکے سر کو بائیں طرف کو لاوے الا اللہ کو قلب میں خیالی ضرب لگائے اوّل بطرز مشق ایک سانس میں تین بار کہہ کر باہستگی سانس کو ناک کی راہ چھوڑے ایسا کہ اگر کوئی پاس بیٹھا ہو تو اس کو اطلاع نہ ہو پھر جب سانس ٹھکانے لگجاوے تب دوسرا دم کرے اس طرح دس بار کرے اور ہر روز ایک بڑھاتا رہے یا دو تین روز میں ایک بار بڑھاوے جب اس میں اتنا مشاق ہو جائے کہ ایک سانس میں دو سو بار کہہ سکے جب اس قسم کا شغل کرے جس کو تم نے پوچھا ہے۔ اور اگر حبس نہ کرے تو خواہ خفی خواہ سر خواہ جہر لا کو قلب سے یا بائیں گھٹنے سے کھینچ کر دہنے مونڈھے پر لاوے یہاں سانس کو چھوڑ دے دوسری سانس سے الا اللہ قلب پر ضرب کرے اس میں سانس دوبار لیا جاتا ہے اوّل مبتدی کو یہ شغل کرنا چاہیئے جب ذکر جہر میں گرمی پیدا ہو جائے تب شغل حبس کا ایک وقت کرے جب اس کو منتہی تک پہنچا دے تب شغل سرپایا جس کو تم نے پوچھا ہے کرے۔ ترتیب ہر چیز میں لحاظ رکھنی بہتر ہے اگر تم کو شوق ہو تو اوّل حبس کو کرو جب وہ پورا ہو جاوے تب لکھو ترکیب سرپایہ کی مفصل لکھی جائیگی مگر میری رائے ناقص میں اس زمانہ کے مناسب ذکر جہر بصورت معتدل ہے جتنا ہو سکے کرے جو شغل کہ نہایت قوت چاہتے تھے وہ تو متروک ہو گئے ہیں مگر اب ایسے شغل کہ تھوڑی سی مشقت سے ہوتے ہیں ہم لوگوں سے نہیں ہو سکتے اس واسطے ذکر جہر ہی مناسب ہے اور خفی کے لئے پاس انفاس اگر یہ بھی نباہے جاوے تو غنیمت ہے۔ فقط

مکتوبات حصّہ دوم

حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ

بنام قاضی محمد قاسم نیانگری

مکتوب ۲۲ | ۲۵ر ذی الحجہ سنہ ۱۲۸۳ھ ۔ مخزن الطاف عزیز القدر طالب صادق محب واثق دام الطافہم بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرمادیں ۔ خط تمہارا بعد مدت آیا احقر بتقریب عید الضحیٰ وطن گیا ہوا تھا وہاں سے آکر خط تمہارا ملا حال علاقہ اجمیر کا معلوم ہوا الخیر فیما وقع ۔ میرے گمان میں محتاط آدمی کا وہاں گزارا مشکل ہے اور جو کچھ حال وبا اور بخار وغیرہ اس طرف کا لکھا ۔ عزیز من یہ شامت اعمال ہم گنہگاروں روسیاہوں کی ہے عالم فتنہ وفساد سے ایسا پُر ہے کہ کیا عجب قیام قیامت ہو جاوے ۔ یہ بھی رحمت ارحم الراحمین کی ہے کہ نہ آسمان سے پتھر برسے اور نہ کوئی طوفان آتا ہے اور نہ آگ برستی ہے یہ اس کی رحمت ہے وبا میں مرنا مسلمان کے حق میں شہادت ہے ایسے اوقات میں راضی بقضا رہنا اور جزع فزع نہ کرنا عین ایمان ہے ۔ یاد رکھنا موت اور خوف عذاب کا ہونا نشانی ایمان کی ہے موت سے غافل ہونا عاقل کا کام نہیں اور عذاب الٰہی سے مامون ہونا ایمان سے بعید ہے اللہ کریم نے اپنی خوشنودی کو ان اعمال میں جن کا حکم ہوا ہے چھپا دیا ہے اور اپنے غضب کو ان کاموں میں جیسے منع کیا ہے چھپایا ہے ۔ احتیاط تو یہی ہے کہ کوئی قصور نہ ہو اور اگر ہو تو اس کی تدبیر کرے ورنہ اپنے آپ کو مورد عتاب گنے اور فضل الٰہی سے مایوس نہ ہو یہ کلمۂ توحید لا الہ الا اللہ ۔ محمد الرسول اللہ کہنا کہ بنائے اسلام ہے اگر مرتے دم تک سلامت لے گئے اور اس پر مر گئے تو بہت کچھ ہے ورنہ ہم لوگ نماز روزہ جو کرتے ہیں کس کام کا ہے ۔ کیڑے لگا اناج اُگتا نہیں پھل کہاں سے

دے۔ یہ اعمال ہمارے ہزاروں عیب سے پُر ہیں۔ بارگاہ خداوندی کہ پاک مطلق ہے وہاں لائق قبول کے کیونکر ہو مگر اس کی بے نیازی اور شان بلند سے یہ امید ہے کہ کیا عجب ان کو بھی قبول فرمالے اس کی شان کے مناسب تو کسی کی بھی عبادت نہیں نبی ہو یا ولی ہو تو جو ایسا بلند شان اور بے پرواہ ہو وہ اگر بُروں کو بھی قبول فرمالے تو کیا عجب ہے۔ بارگاہ بلند خداوندی میں ہر کوئی قصوروار ہے اور اپنی نجات میں اسی کی رحمت کا امیدوار ہے بڑی سے بڑی عبادت لائق بھروسہ کے نہیں اور بڑے سے بڑا گناہ ناامید نہیں کرتا۔ ایمان خوف ورجا کے بیچ میں ہے کفر اور شرک بڑھ کر کوئی گناہ نہیں کہ ابدالآباد کو رحمت خداوندی سے دور پھینک دیتا ہے۔ اگر عمر بھر دنیا کے کوئی برے کام کرے اور مرتے دم اس سے باز آوے اور کلمہ توحید پر مر جاوے نجات پاوے۔ اے برادر جگہ مایوسی کی نہیں وہ بارگاہ جہاں انبیأ اور اولیا کو امید کی جگہ ہے ہم جیسے گنہگار روسیاہ تباہ کار لوگوں کو بھی امید ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے مرتے دم تک اس کلمۂ توحید پر سلامت رکھے کہ اسی پر خاتمہ ہو جاوے اور بیشک آدمی ہونا بہت مشکل ہے اور جو کچھ کتابوں میں لکھا ہے وہ ان لوگوں نے اپنے حوصلہ کی موجب لکھا ہے۔ کروڑ پتی لکھ پتی کو مفلس سمجھتا ہے اور لکھ پتی ہزاروں والے کو بے قدر گنتا ہے اور ہزاروں والا سیکڑوں والے کو کچھ نہیں سمجھتا۔ اور حقیقت میں مفلس وہ ہے کہ جس کے پاس کچھ نہ ہو اور مالدار وہ ہے جس کے پاس سب کچھ ہو۔ خداوند کریم غنی ہے اور ہم سب مفلس۔ اور ہماری نسبت ہمارے زمانہ کے اولیأ غنی ہیں اور ان کی نسبت پہلے زمانہ کے اولیأ اور ان کی نسبت ان سے پہلے کے اور ان کی نسبت انبیاء سے قیاس پر حال سمجھنا چاہیئے۔ غرض جب تلک یہ ٹوٹا پھوٹا ایمان باقی ہے ہزاروں امیدیں لگی ہیں۔ مایوسی کی جگہ نہیں۔ مفلس حقیقی وہ ہے جو ایمان سے بے نصیب ہے مگر ایمان کام کا وہی ہے کہ مرتے دم سلامت رہے۔ دیکھئے اسوقت جانکاہ میں کیا پیش آوے۔ اے بھائی غم ایمان کا اصل سب کی ہے تو نماز روزہ کو کیا کہتا ہے۔ اگر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ سلامت لے گئے تو ہماری بڑی معراج ہے اور سب آدمیت اور ولایت حاصل ہے

اور نہیں تو کچھ بھی نہیں اور جو کچھ حال تم نے محمد صالح کے خواب کا پوچھا ہے۔ برادرِ عزیز یہ کوئی شخص کذاب مفتری ہے محمد صالح نام کوئی بزرگ مدینہ شریف میں نہیں اور نہ یہ کاغذ عرب سے آیا اور نہ عرب میں کچھ اس کی خبر۔ واللہ اعلم یہ کون شخص ہے دو تین سال کے بعد ایک اسی مضمون کا کاغذ آتا ہے اور اکثر پنجاب کی طرف سے یہ شور اٹھتا ہے۔ اے برادر یہ بالکل جھوٹ اور افترا خدا رسول پر ہے۔ اللہ اُس شخص کو توبہ نصیب کرے۔ بے شک علامات قیامت کے بہت ظاہر ہیں مگر دیکھئے کہ کب ہو ابھی بہت باتیں باقی ہیں جن کا وعدہ صحیح حدیثوں میں ہوا ہے اور آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا سب سے پچھلی علامت قیامت کی ہے فقط والسلام اپنے والد اور بھائیوں کو اور سب دوستوں کو سلام مسنون کہیو۔

مکتوب ۲۳ | موصولہ ۲۳ / رجب ۱۲۹۰ھ۔ مشفق و مکرم مخزن الطاف و کرم دام الطافہم

بعد سلام مسنون عرض ہے کہ پہلے آپ کا خط بہ استفسار مسئلہ جمعہ آیا تھا اس کا جواب مفصل روانہ کیا تھا کہ دوسرا خط پہنچا اس خیال سے جواب اس کا نہ لکھا کہ وہ خط پہنچ گیا ہوگا اب خط آیا تو اس سے معلوم ہوا کہ وہ خط نہیں پہنچا۔ اللہ جانے کیا آفت آئی اب یہ خط بے رنگ روانہ کرتا ہوں خدا کرے پہنچے۔ جمعہ کے باب میں مختصر یہ ہے کہ علمائے حنفیہ نے شرائط جمعہ کے جو مقرر کئے ہیں ان میں سلطان بھی ہے اور اس ملک میں سلطان اہل اسلام نہیں تو موافق اس مذہب کے جمعہ نہ ہو گا۔ اور باقی ائمہ نے کچھ شرط نہیں کی تو جمعہ ہو گا مگر علمائے حنفیہ نے لکھا ہے کہ اگر حاکم اعلیٰ کافر ہو تو مسلمان اپنے لئے حاکم نائب سلطان کی درخواست کریں کہ وہ اہتمام جمعہ کا کیا کرے اور جو یہ بھی نہ ہو تو مسلمان اپنا ایک حاکم اپنی مرضی پر اس کام کے لئے مقرر کریں اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو جب مسلمان مجتمع ہو کر ایک امام کر کے جمعہ پڑھ لیں گے تو جمعہ منعقد ہو جائیگا۔ اس روایت پر کوئی جمعہ اس ملک کا خالی نہیں رہتا البتہ بہ لحاظ اس شرط کے احتیاطاً فرض ظہر بے جماعت پڑھ لینے کا حکم کیا ہے۔ غرض کہ باتباع تینوں اماموں کے یا بنظر اس روایت کے جمعہ ہو جاتا ہے اس کے ہونے میں کچھ تردد نہیں جس پر یہ کہا جاوے کہ شک سے نماز نہیں ہوتی۔ اور احتیاط

بنظر اس شرط کے ہے۔ اور اگر کوئی احتیاط نہ کرے تو عنداللہ معذور ہے۔ اور یہی فتوی شاہ عبدالعزیز صاحب کے زمانہ میں ہوا تھا۔ جب مرہٹے دہلی پر غالب آگئے تھے اور بادشاہ باقی نہ رہا تھا۔ اور سنا ہے کہ جب تاتار میں کفار کا غلبہ ہو گیا تھا اس زمانہ میں وہاں کے علماء نے کہ حنفی مذہب تھے جمعہ نہیں چھوڑا غرض کہ اس ملک میں جمعہ چھوڑنا کسی طرح جائز نہیں اور فرض جمعہ ہی کے ادا ہوتے ہیں اور نماز ظہر پڑھنا ایک احتیاط ہی ہے۔ اور جو کوئی نماز ظہر کو جماعت سے پڑھتے ہیں غلطی کرتے ہیں۔ اور چاروں رکعت کا بھرا پڑھنا اور نیت آخر ظہر کی جو ذمہ پر ہے کرنا یہ سب احتیاط اس امر کی ہے کہ یہ نماز درصورت جائز ہونے جمعہ کے لغو نہ ہو یا کوئی قضا ظہر ہو جائے یا نفل ہو جائے۔

احقر کو اس مسئلہ میں اتنا معلوم ہے امید ہے کہ کافی ہو اور جھگڑے کبھی طے نہیں ہوتے اور نہ جھگڑنے والوں کا پیٹ بھرے۔ ان کی تم مت سنو فقط اپنے والد اور بھائیوں کو اور سب احباب کو سلام کہیو۔

مکتوب ۲۴ موصولہ ۸ ذیقعد ۱۲۹۰ھ۔ منبع اشفاق مخزن الطاف برادرم عزیز منشی محمد قاسم بعد سلام مسنون التماس ہے خط آپ کا پہنچا حال قیام جناب مولوی ارشاد حسین صاحب کا معلوم ہوا۔ خط ان کی خدمت میں آج روانہ کیا ہے۔ دو مسئلہ جو تم نے پوچھے ہیں ان کا جواب یہ ہے کہ نماز تہجد میں قرأت کی کچھ تعیین نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم اور اصحاب رضوان اللہ علیہم بڑی بڑی سورتیں پڑھتے تھے۔ اور بعضے بزرگوں نے تمام قرآن ختم کیا ہے۔ سنت یوں ہے کہ جتنا قرآن آدمی کو یاد ہو اس کو ہر روز یا چند روز میں پڑھ لیا کرے اور ترکیب قل ہو اللہ کی گھٹا بڑھا کر عمل مشائخ رحمہم اللہ کا ہے۔

ایک بزرگ سے سنا ہے کہ اگر حاجت دنیاوی کے واسطے پڑھے اوّل بارہ بار پڑھے اور پھر گھٹاوے۔ اور اگر حاجت دنیاوی کے واسطے پڑھے اوّل ایک بار پڑھے اور پھر بڑھاوے اور یہ بھی معمول مشائخ رحمہم اللہ میں سے ہے کہ بارہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص تین بار پڑھے۔ اور عدد رکعات حدیث میں مختلف آیا ہے سنت یہ ہے کہ چار سے کم نہ پڑھے اور دس سے یا بارہ سے زیادہ نہ پڑھے اور اس سے کم و بیش جائز

ہے چاہے دو پڑھ لے یا جتنی جی چاہے اُتنی پڑھ لے کچھ حرج نہیں۔ اور دوسرے مسئلہ کا جواب یہ ہے کہ ہاتھی دانت پاک ہے اور تر ہونے سے ناپاک نہیں ہوتا۔ اور عاج جس کی کنگھی حضرت خاتون جنت رضوان اللہ کی تھی اس میں اختلاف ہے کہ وہ ہڈی کسی دریائی جانور کی ہوتی ہے یا دانت ہاتھی کا۔ قول اوّل کو ترجیح ہے اور دانت پہننا جائز ہے مگر اس ملک میں مشابہت کفار کی ہے پرہیز افضل ہے اور حال مشفقی میاں غلام حسین کا معلوم ہوا اللہ تعالیٰ ہر بلا و آفت سے پناہ میں رکھے دفع اعداء کے واسطے اللھم انا نجعلك فی نحورھم ونعوذ بك من شرورھم ہر نماز کے بعد تین بار پڑھ لیا کریں اور سورہ لایلاف قریش ستتر بار ہر شب پڑھیں۔ اور اگر آیت کریمہ لا الٰہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین کا ختم چند آدمی مل کر جے دن میں ہو سکے سوا لاکھ بار پڑھ لیں تو بہت نافع ہو۔ اور سنت بعد جمعہ دونوں روایت آئی ہیں چار بھی اور دو بھی علما نے جمع کو افضل سمجھا ہے یعنی چار اور دو چھ پڑھ لے۔ اور اس ملک میں بھی دو سال سے گرانی ہے کچھ بیشی ہوتی رہتی ہے۔ ان دونوں نرخ گندم ۱۷ یا ۱۸ آثار ہے مگر مونگ ماش اور موٹھ ۳۰ آثار ہے۔ باقی اشیاء بدستور گراں ہیں دیکھئے کب تلک یہ صورت رہے یا مآل کیا ہو۔ فقط اور سب کو سلام کہیو۔ علی الخصوص اپنے والد اور بھائیوں کو۔ یہ خط کئی دن ہوئے شروع کیا تھا آج فرصت کئی دن میں ہوئی اب ختم کر کے روانہ کرتا ہوں۔

مکتوب ۲۵ موصولہ ۲۳ رجب ۱۲۹۳ھ یہ مکتوب چند سوالات کے جواب میں ہے پہلے سوال کا خط اور پھر جواب کی نقل ہے۔

بجناب حضرت مولانا صاحب قبلہ ارباب فضائل وکعبہ اصحاب فواضل حضرت مولوی حافظ محمد یعقوب صاحب دام ظلکم۔ احقر العباد محمد قاسم بعد آداب بصد نیاز کے عرض رسا ہے جناب من دریافت کرنا مسائل مندرجہ ذیل کا احقر کو ضرور ہے ترصد کہ جواب با صواب سے مشرف فرمائیے۔

سوال (۱) مہر شرعی کتنی قسم کا ہے۔ اور جس کسی کا عقد نکاح بلفظ مہر شرعی کے

بلا تعداد ہوا ہو تو عورت کس قدر مہر لینے کی مستحق ہے۔

مسئلہ (۲) مہر مثل عورت کے باپ کی قوم کے مہر کو کہتے ہیں یا اور مہر معجل وہی ہوتا ہے جو اسی وقت ادا کر دیا جاوے یا اور کوئی۔ اور مہر معین اسی کو کہتے جس کی تعداد مقرر ہو جاوے یا اور کچھ۔ علاوہ اس کے اور بھی کوئی قسم مہر کی ہے یا بس۔

مسئلہ (۳) ایک شخص مرگیا اور مال منقولہ غیر منقولہ جائداد اپنی چھوڑ گیا۔ دو پسر دو دختر ایک زوجہ اس کے پیچھے باقی رہے۔ مثلاً پانصد روپیہ کی جائداد ہے ہر ایک کا حصہ جائداد میں کس قدر ہے اور من جملہ دو بیٹوں کے ایک بیٹا میت کا مر گیا۔ جو بیٹا مرا اس کا بیٹا یعنی پوتا میت کا موجود ہے۔ اس جائداد میں اس کا کتنہ حصہ ہے۔ پوتا دعویدار تقسیم جائداد موروثی کا اپنے چچا و پھوپا و دادی سے ہے۔ اور دادی یعنی زوجہ میت کا یہ عذر ہے کہ مہر میرا میرے شوہر کے ذمہ تھا اس کے عوض میں یہ جائداد مجھ کو شوہر میرے نے دے دی اور مہر ضما کا میرا تھا ثبوت مہر ضما کا عورت کے پاس نہیں ہے۔ اور مہر مثل عورت کے باپ کے قوم کا بھی ثبوت نہیں ہو سکتا کہ کوئی عورت کے باپ کی قوم کی یہاں میسر نہیں آسکتی البتہ عورت کے شوہر یعنی میت کے بھائی ہیں مثلاً ان کا مہر سو یا سوا سو روپیہ کا ہے۔ اور اس عورت نے بعد فوت ہونے شوہر اپنے کے نکاح ثانی ہمراہ برادر شوہر متوفی کے کر لیا۔ اور نکاح ثانی کا مہر ماعسے کا بندھا یہ صورت اس مسئلہ کی ہے اور میت کا پسر زندہ اور دونوں دختران تائید کلام والدہ اپنی کی کرتی ہیں پوتا ان سب سے دعویدار تقسیم جائداد کا ہے تو اس صورت میں پوتا کس قدر حقدار حصہ جائداد موروثی کا ہے اور عورت میت کا مہر کس قدر شرع سے مل سکتا ہے یعنی مدعی کی دادی کا عذر مہر ضما کی نسبت لائق پذیرائی کے ہے یا نہیں اور ہے تو کتنا ہے فقط والداد برادران و امام الدین برادر زادہ کی طرف سے تسلیم نیاز اور بخدمت شریف صاحبزادگان جناب کے سلام نیاز تاریخ ۱۷ رجب ۱۲۹۳ھ از نیا نگر ضلع اجمیر

شجرہ نسب



مدعی   ۲، ۳، ۴ و ۵ مدعا علیہم

دعویٰ تقسیم جائداد مورث اعلیٰ۔

جواب حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ

جواب سوال (۱) مہر کم سے کم حنفیوں کے نزدیک دس درہم کا ہے جس کے قریب تین روپیہ کے ہوتے ہیں اور زیادہ کی حد نہیں اور اکثر مراد مہر شرعی سے یہی ہوتا ہے اور کبھی مراد اس سے یعنی مہر شرعی سے مہر مسنون یعنی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ازواج مطہرات اور صاحبزادیوں کا مقرر فرمایا ہے ہوا کرتا ہے اور اس کی مقدار پانسو درہم ہیں جس کے قریب ایک سو تیس روپیہ کے ہوتے ہیں۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ اس ملک کا عرف اس باب میں کیا ہے عرف کے اعتبار پر حکم ہوگا اور اگر عرف نہ معلوم ہو یا کچھ عرف ہی نہ ہو دس درہم ہوں گے فقط

(۲) مہر شرعی معجل یعنی سر دست جو دیا جاوے یا جس کی ادا کی مدت مقرر نہ ہو جب چاہے عورت مہر اپنا وصول کرلے اور مہر موجل یعنی جس کے ادا کی مدت مقرر ہو جیسے دس برس یا غیر معین جیسے موت زوج اور زوجہ کی یا طلاق۔ اور ایک اصطلاح مہر مثل کی ہے یعنی اس جیسی عورت کا جو عرف میں مہر ہوتا ہو اور اس میں معتبر اس کے باپ کی جانب ہے نہ ماں

کی۔ اور اس جہت سے کہ مہر کا ذکر کرنا نکاح کے وقت لازم نہیں اگر مہر کا ذکر نہ ہوا ہو مہر مثل لازم آیا کرتا ہے ورنہ جو کچھ معین ہو کم ہو مہر مثل سے یا زائد جو باہم ٹھہر جاوے وہ لازم آتا ہے اور کوئی قسم مہر کی نہیں ہے فقط۔

(۳۳) یہ مسئلہ اڑتالیس سہام سے ہوا۔ چھ سہام زوجہ کو اور چودہ چودہ سہام دونوں لڑکوں کو اور سات سات دونوں لڑکیوں کو پہنچے اور وہ پوتا قائم مقام اپنے باپ کا ہوا اگر اس کا اور کوئی وارث نہ ہو اور یہ دادی حقیقی اس پوتے کی اس کے باپ کی حقیقی ماں نہ ہو ورنہ چھٹا حصہ اس کو ملے گا۔ اور اگر اور کوئی وارث ہوگا اس کا حصہ اس کو ملے گا باقی یہ پوتا اپنے حصہ کے موافق پائے گا۔ اور دعویٰ کرنا عورت کا کہ یہ جائداد بعوض مہر کے کہ وہ پانسو روپیہ ہے مجھے میرے خاوند نے دیدی ہے اگر ثابت ہو جاوے پھر کسی کو کچھ نہیں پہنچے گا۔ اور دعویٰ مہر معین کا ہے۔ اگر وہ پوتا یوں کہے کہ مہر اسقدر نہ تھا بلکہ اس سے کم تھا یا نکاح میں مہر کا ذکر نہ ہوا تھا تب تو مہر مثل کے تلاش کی حاجت ہے ورنہ کیا ضرورت ہے اور اس کی صورت یوں ہو سکتی کہ دیکھے ایسی عورت کا یعنی جیسا نسب جیسی عمر جیسے دیس کی ہے کیا مہر ہوا کرتا ہے وہی مہر ہوگا۔ اور اس صورت میں ایک اور بات بھی ہے کہ یہ پوتا جو دعویدار میراث کا ہے اس کا باپ مرنے سے پہلے موافق اپنے بھائی بہنوں کے مقر اور مصدق اپنی ماں کے دعوے کا تھا یا نہیں اگر مقر اور مصدق تھا تب پوتے کو کچھ دعوے کی گنجائش نہیں اور اگر وہ ساکت تھا یا مخالف تب البتہ گنجائش ہے اور در صورت صحت دعوے کے عورت کے ذمہ گواہ ہیں۔ اگر گواہ نہ ہوں اور پوتا کوئی مقدار معین مہر کی بتلاتا ہے اور اس کے گواہ اس کے پاس ہوں عقد کے یا اقرار عورت کے کہ میرا مہر اتنا ہے تو اس کے گواہ سنے جائیں گے ورنہ مہر مثل اگر عورت کی مطابق ہے اس کا کہا قبول ہوگا اور اگر اس پوتے کے مطابق ہے قول اس کا معتبر ہوگا اور دونوں سے قسم لی جاوے گی اور یہ دعوےٰ عورت کا کہ زوج یہ جائداد بعوض مہر مجھے دے گیا ہے مہر چاہے کم ہو یا زیادہ اس کے لئے بھی عورت کے ذمہ گواہ ہیں اور ورثہ پر قسم آوے گی فقط

حررہ محمد یعقوب نانوتوی عفی عنہ (مہر: یعقوب ۱۱۹۰)

مکتوب ۲۶ موصولہ ۲۶ محرم ۱۲۹۴ھ ۔ مشفق و مکرم عزیزم منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہم بعد سلام مسنون واشواق کے مطالعہ کریں ۔ بعد مدت خط تمہارا آیا ۔ اس راہ میں استقامت اصل ہے یافت و نایافت کے ساتھ کام نہ رکھے اور دروازہ کریم کا کھڑ کھڑائے جائے اس در سے کوئی محروم نہیں رہا تم بھی انشاء اللہ تعالیٰ محروم نہ رہوگے اور اب بھی محروم نہیں ہو ۔ توفیق دوام ذکر اللہ یہ کیا تھوڑی بات ہے یہ ناکارہ روسیاہ کہ مدت سے اس نعمت سے محروم ہے اب اس کو بھی غنیمت سمجھتا ہے کہ اس کا نام زبان سے لوں میاں ہم جیسے روسیاہ بھی بارگاہ میں قریب اور درجہ والے ہوں معلوم ۔ مگر ایک دھن لگی رہے تو کیا عجب ہے کہ کبھی کچھ پوچھ ہو جائے ہمارے طریقہ چشتیہ خصوصًا صابریہ میں سوائے درد و سوز اور اضطراب اور بے چینی اور کچھ مطلوب نہیں ۔ سو بحمد اللہ وہ تمہارے اندر معلوم ہوتا ہے جائے شکر ہے جتنا ذکر کی کثرت کروگے یہ بات بڑھے گی ۔ اور کچھ نظر آنا یا معلوم ہونا طالب اللہ کے طریقہ سے ایک الگ بات ہے کسی کو ہووے یا نہ ہووے برابر ہے ہاں اور تم نے مبتدی اور متوسط اور منتہی کے معنی پوچھے ہیں اور فنا اور بقا کے سمجھنے کا قصد کیا ہے سنو : مبتدی وہ ہے جس کے دل میں طلب اس راہ کی جوش کرے اور تلاش میں مصروف ہو اور موانع سے دامن چھڑادے ۔ اور متوسط وہ ہے کہ یہ طلب غالب آکر اس کی عادات قدیمہ کو بدل دیوے ۔ اور اثر اس کا اس کی حرکات و سکنات میں ظاہر ہو جاوے جن کی محبت پہلے تھی ان کی محبت نہ رہے یا ضعیف ہو جائے اور منتہی وہ ہے کہ سوائے یاد الٰہی کے کوئی بات اس کے دل میں نہ رہے ۔ اور ایسا غلبہ اگر روز کرتا ہے اور سب کو بھلا دیتا ہے اور اگر کچھ کمی ہوتی ہے تو یاد کسی کی آتی ہے مگر جیسے ہوا سے تنکا اڑتا ہے اس طرح اڑ جاتی ہے اور یہی معنی فنا کے ہیں جو لائق فہم کے ہیں یعنی محبت اور یاد غیروں کی فنا ہو جائے حتیٰ کہ اپنا خیال بھی اور یہ مطلب نہیں کہ موجود غیر موجود ہو جائے یہ بات محال ہے ۔ باقی وہ بات جو ان اشعار میں درج ہے اس کو اس مثال سے سمجھ لو کہ کشتی چلتی ہے اور اس کنارہ سے اس کنارہ پہنچ جاتی ہے اور بیٹھنے والا بیٹھا ہوا ہے حرکت تلک نہیں مگر اس کنارہ سے اس کنارہ پہنچ جاتا ہے دیکھ حرکت ایک ۔ اور متحرک دو ۔ یا یوں سمجھو کہ آفتاب

روشن ہے اور اس سے زمین روشن ہے۔ روشنی ایک اور روشن دو۔ معنی یہ ہیں کہ وجود ایک ہے کہ ذات باری کے لئے ہے اور اسی کا وصف ہے اور باقی موجودات زمین آسمان اسی کی بدولت اس وصف کے ساتھ موصوف ہے وصف ایک ہے اور موصوف دو ہیں۔ اور یہ مطلب نہیں کہ معاذ اللہ خدا اور بندہ ایک ہے یا ایک ہو جاتا ہے۔ باقی تفصیل ان مضامین کی موقوف ملاقات پر ہے روبرو بہت سے مضامین بیان ہو سکتے ہیں اور تحریر میں آنا دشوار ہے اور تم نے مراقبہ کو پوچھا ہے اب اتنا ہی مراقبہ کافی ہے کہ بعد تھوڑی دیر ذکر کر کر چپ ہو قلب کی طرف متوجہ ہو کر یہ دھیان کرو کہ ایک نور دل میں ہے یا کوئی گرمی یا جوش ہے یا اطمینان اور تسلی۔ اور جس وقت ذکر میں لذت اور مزہ آوے ذکر کو بڑھا دیوے معمولی عدد سے زیادہ کر دے بلکہ بے عدد جب تلک ذوق رہے ذکر کرتا رہے اور ذکر میں آواز خوش اور دردناک اختیار کرے اور مد کرے اور جب گرمی قلب میں بڑھے آواز کو بلند کرے اور اسم ذات میں اکثر ذوق شوق بڑھا کرتا ہے اور کسی وقت فرصت اللہ اللہ مکرر بے ضرب یا ضرب کے ساتھ یا اللہ مجرد بے ضرب یا ضرب کے ساتھ ذکر کرے اور باقی مراقبہ کی کیفیت اور ترکیبیں انشاء اللہ تعالیٰ بعد میں تحریر ہو سکیں گی فقط اپنے والد اور بھائیوں کو اور سب کو سلام کہیو۔

مکتوب ۲۷ موصولہ ۱۹ / صفر ۱۲۹۴ھ۔ عزیز القدر گرامی شان طالب مطلوب حقیقی سالک مسالک تحقیقی سلمہ و شرفہ ربی تعالیٰ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ خط آپ کا پہنچا قلت فرصت سے جواب میں دیر ہوئی عزیز من معنی نفی اثبات کے یہ نہیں کہ موجود کو معدوم کر دے بلکہ یہ معنی ہیں کہ غلط فہمی سے جس معدوم کو موجود سمجھ رہا ہے اور موجود کو معدوم اور حاضر کو غائب اور غائب کو حاضر اس کو صحیح سمجھ لے اور یہ بات پوری پوری بدون رفع حجاب ممکن نہیں التجا جناب باری میں کرو کہ الٰہی اس پردہ کو اٹھا دے اور وہ دھن لگا دے۔ امید ہے کہ اگر پورا نہیں ادھورا ہی سہی کچھ نہ کچھ اپنے مرتبہ کی موجب منکشف ہو جاوے گا مگر مطلب صوفیہ کرام علیہم الرحمۃ کا سمجھ لینا اول مناسب ہے ان کی غرض یہ نہیں کہ سوائے ذات پاک خداوندی معدوم محض اور ہر اعتبار سے ساقط اور ہر حکم سے

بے نصیب ہیں آخر یہ فرقہ فرقہ اسلامیہ ہے۔ انبیاء اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور ہوش وحواس والے ہیں دیکھتے ہیں سنتے ہیں کھاتے پیتے نکاح کرتے مال و اولاد رکھتے ہیں۔ تجارت زراعت معاملات کرتے ہیں۔ یہ کب ہوسکتا ہے بلکہ غرض ان کی یہ ہے کہ وجود حقیقی ذات پاک کو ہے اور مجازی اور ظلی اور اعتباری باقی موجودات کو اس کو ایک مثال سے خیال کر لو ہوا پر اگر انگلی سے لکھو اب ج۔ اب دیکھو کہ الف بے سے اور جیم سے متمیز ہے نہ الف جیم ہے نہ بے ہر ایک کا وجود جدا۔ حکم جدا۔ مگر جو یوں کہیں کہ الف کا وجود خیالی ہے سوائے انگلی کے کہ اوپر سے نیچے کو آئی اور کیا ہے صحیح ہے۔ اسی طرح ذات وصفات وافعال خداوندی کا یہ تمام عالم ایک اثر ہے اگر فیض وجود ایک آن اُدھر سے منقطع ہو جائے سب کی اصلی حقیقت نظر آجائے یعنی عدم محض ہو جاوے مگر اس وقت کون دیکھے اور کس کو دیکھے اس سے زیادہ یہ اسرار لائق بیان نہیں۔ اللہ تعالیٰ نصیب کرے۔ جب تلک واضح نہ ہو عقیدہ ظاہر شریعت پر رکھو اور تصدیق ان حضرات کی کرو اور اپنے قصور کے قائل اور حریص کشف حقیقت کے رہو۔ خداوند تعالیٰ کے در پر کسی کے سوال کا جواب لا نہیں ہوتا گھبرانا اور چھوڑ بیٹھنا نہ چاہیئے ؎

چوں نشینی بر سر کوئے کسے عاقبت بینی تو ہم روئے کسے

فقط والسلام ہاں مسئلہ لنگوٹ کا اس کی کہیں ممانعت نہیں ہے جب ناف سے گھٹنوں تلک چھپا ہو۔ اگر اوپر یا نیچے کچھ بندھا ہو کیا ڈر ہے فقط والسلام اور سب کو سلام خوب یاد آیا من عرف نفسہ فقد عرف ربہ یعنی اس بے نشان کا اس جہان میں یہ ایک نمونہ ہے۔ جیسے نفس یعنی جان اور حقیقت آدمی کی نہ عین جسم کی ہے نہ داخل نہ خارج اور یہ مکان اسی سے آباد اور اسی کے نور سے منور ہے۔ نہ جدا ہے نہ ملا ہے اور اول سالک کو نور نفس کا نظر آتا ہے اسی لئے فرمایا من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔ کہ کشف عالم غیب کی اول منزل یہی ہوتی ہے واللہ اعلم۔

مکتوب ۲۵ | موصولہ ۱۲ شوال ۱۲۹۴ھ۔ بمنبع اشفاق وعنایات منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہم۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ خط آپ کا رمضان شریف میں آیا تھا جب فرصت

نہ ملی بعد عید ارادہ سفر عرب مصمم ہوگیا قافلہ دسویں تلک روانہ ہونے والا ہے آج نویں تاریخ ہے۔ احقر بھی روانہ ہونے والا ہے۔ آپ نے پوچھا ہے کہ یہ لڑائی روم وروس وہی موعود لڑائی ہے یا نہیں؟ زمانہ بسبب ظہور علامات قرب قیامت وہی ہے مگر صورت اس لڑائی کی ویسی نہیں۔ کوئی قوم نصاری سلطان کی طرف ہوکر لڑتی نہیں جب یہ امر ظہور ہوگا تب البتہ وہی صورت ہے وہ اللہ جانے کب ہو جاوے۔ باقی پریشانی لاحاصل ہے بے شک زمانہ فتنہ کا خوفناک ہوتا ہے مگر خداوند کریم جس کو چاہتا ہے محفوظ رکھتا ہے تدبیر اس کی سوائے دعا اور التجا جناب باری میں اور کیا اور ہر وقت ڈرنا اور پھونک پھونک قدم رکھنا چاہیئے اور اتباع شرع کو اصل ایمان کی ہے اور جب ہی توبہ ہوتی ہے کیونکہ جب تلک گناہ کو گناہ نہ سمجھے اس سے باز آنا معلوم۔ حدیث شریف میں یہ دعا منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی ہے نعوذ باللہ من جمیع الفتن ما ظہر منہا وما بطن اس کو دوام کریں معنی یہ ہیں کہ پناہ مانگتے ہیں ہم ساتھ اللہ کے سب فتنوں سے جو ظاہر ہوں ان میں یا باطن۔ خیر بعضے اہل کشف کا گمان ہے کہ اگلی صدی کے شروع میں ظہور مہدی اور آثار قیامت موعودہ ظاہر ہوں گے۔ اور بعضوں نے یوں کہا ہے کہ وہ زمانہ ابھی دور ہے واللہ اعلم اگلی بات کہنی فضول ہے جو خدا چاہے سو ہو۔ بارش کی اس طرف نہایت قلت ہوئی شروع اساڑھ میں کچھ برس کر پھر تمام مہینہ نہ برسا اور ساون بالکل خالی گیا۔ آخری جمعہ کو بعد نماز اول آندھی اٹھی پھر عید تلک خوب مینہ برسا امید آگے کی ہوگی۔ ساونی نہایت کم کیا بالکل نہیں ہوئی ایکھ ضائع ہوگئی اناج اگر پیدا ہو جائے خلق بچ جاوے نرخ یہاں دس سیر تھا اب بارہ سیر ہوگیا اور ایک حال پر ٹھہرا ہوا ہے فقط سب کو سلام دعا جو تم نے بھیجا تھا پہنچا مدرسہ میں صرف ہوا۔ اب اگر خط لکھو مجھے لکھنؤ معرفت مولوی عنایت اللہ صاحب کے لکھیو۔

مکتوب ۲۹ موصولہ ۲۵ شوال ۱۲۹۴ھ مشفق ومکرم منشی محمد قاسم سلمہ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمائیں۔ خط تمہارا بجواب خط احقر پہنچا اب تلک صورت روانگی کی نہیں ہوئی تھی اب ٹول مرکب دخانی کا کیا ہے۔ اول تنق کے پچیس روپیہ اور

چھتری کے ۳۵۔ اور کوٹھری میں ایک آدمی کے ساٹھ روپیہ ہوئے تھے۔ اب نرخ گراں ہوگیا ہے اور جہاز بھر گیا ہے بظاہر خبر روانگی کی اٹھائیسویں شوال کو مشہور ہے مگر گمان غالب یوں ہے کہ یکم ذیقعدہ کو چلے اس جہازہ کا نام اگست ہے اور حاجی قاسم کے ٹھیکہ میں یہ معاملہ مولوی عنایت اللہ صاحب اور ان کے دلالوں کی معرفت ہوا ہے دو جہاز اور قریب ہی روانہ ہونیوالے ہیں نرخ یہاں اب کسی قدر ارزاں ہے آٹا گیہوں کا ۹ ثار ہے مگر موسم نہایت گرم ہے مینہ بعد عید کے نہیں برسا فقط والسلام سب صاحبوں کو سلام پہنچے۔

مکتوب ۳۳ مشفق و مکرم عزیز القدر طالب صادق منشی محمد قاسم صاحب ادام اللہ شوقہ وذوقہ۔ بعد دعوات مزید عمر و علم و عمل و سلام مسنون مطالعہ فرماویں خط تمہارا عین انتظار میں آیا۔ دھیان تھا کہ الٰہی کیا مانع ہوا ہے ظاہر ہوا کہ طبیعت اچھی نہ تھی اب الحمد للہ ساتھ ہی دریافت صحت سے اطمینان ہوا جو کچھ کیفیت دوام توفیق ذکر الٰہی کی لکھی ہے اس کے دریافت سے اس عاجز کو نہایت خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ ترقی دیوے۔

اور کمالات ظاہری و باطنی سے مشرف فرمائے تم نے اوراد کے باب میں پوچھا ہے درود شریف میں سو بار ضروری سمجھنا اور باقی کو موصوف ذوق اور فرصت پر رکھنا بہتر ہے اور ذکر کو مدد شد والیمنان کے ساتھ کرنا اصل سمجھو اگر بعد تہجد پورا نہ ہو بعد نماز صبح ورنہ بعد ظہر بعد عصر بعد مغرب غرض اسی طرح پورا کر لینا چاہیئے اور بوقت ذکر حرکت قلب کے طرف کچھ التفات مت کرو اور نہ اس کی فکر کرو با طمینان ذکر میں لگے رہو حرکت چشتیہ خاندان میں مقصود نہیں گرمی اور ذوق اور شوق اگر پیدا ہو اور درد اور قلق اور حزن و غم اور بیتابی بے چینی اور زور ہو جانا طلب کا اور اشتیاق کا اور کبھی اضطراب اور خفقان یہ آثار نسبت گرم کے ہیں اور اکثر ذکر کے وقت یا بعد ذکر ان کا ظہور ہوا کرتا ہے اور رغبت آواز خوش کی طرف اور لذت اس میں ہوا کرتی ہے۔ جب یہ علامتیں تمام یا کوئی اس میں سے ہو شکر الٰہی کرنا چاہیئے اور اگر کچھ ظاہر نہ ہو یا ظاہر کر ترقی نہ ہو یا کم ہو جاوے مایوس نہ ہوں اور کام میں مصروف رہیں کیونکہ محنت کسی کی اللہ کریم کے ہاں ضائع نہیں جاتی

ع چوں نشینی بمہ سر کوئے کسے　　　عاقبت بینی تو ہم روئے کسے

گفت پیغمبر کہ چوں کوبی درے
عاقبت زاں در بروں آید سرے

شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں ؎

طلبگار باید صبور و حمول
کہ نشنیدہ ام کیمیا گر ملول

اور یہ وہ کیمیا ہے کہ خاک سے روح پاک تیار ہوتی ہے اور بگولا ہوا کی قوت سے آسمان کو جاتا ہے۔ یہ آتش عشق اس خاک کو آسمان بلکہ عرش کو لیجاتی ہے اور وہاں پہنچاتی ہے کہ فرشتہ بھی وہاں پر نہ مار سکے ؎

ہمنے گمنام وہاں پاؤں جمائے اپنے
پا فرشتہ کا بھی جس جا پھسلتا دیکھا

اور جب ذکر غلبہ کرتا ہے ایک قلب کیا تمام جسم متحرک ہو جاتا ہے بلکہ آواز آتی ہے بلکہ ہر طرف سے آواز آتی ہے۔ اور ایسی آواز کا غلبہ اس قدر ہو جاتا ہے کہ نقارخانہ کی آواز اس پر غالب نہیں ہوتی اور یہ ثمرہ مشغولی ذکر اللہ کا ہوتا ہے اور اس کو سلطان الذکر کہتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ حسب خواستہ ایزدی ہے ظہور اسکا ہوگا اور بوقت فرصت ذکر آرہ کرتے رہو اور مراقبہ کسی قدر اگر طبیعت چسپاں ہو کر و خواہ کچھ معلوم ہو یا نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ سب کچھ معلوم ہونے لگے گا۔ اور جتنے ورد و وظائف تم پڑھتے ہو بہت ہیں ان میں سے جن پر مداومت ہو سکے رکھو باقی کو ترک کر دو اور تم نے اللہ الصمد کو اور یا حی یا قیوم کو پوچھا ہے اللہ الصمد کو پانسو بار اور یا حی یا قیوم کو گیارہ سو بار کا معمول ہے۔ اللہ الصمد اکثر بزرگوں کے نزدیک اسم اعظم ہے اور اس کو گداز گیٔ قلب میں نہایت تاثیر ہے اور مجاہدہ پر اس سے اعانت ہوتی ہے اور یا حی یا قیوم کی مداومت سے دل زندہ ہو جاتا ہے اور زندہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اثر ذکر اور مراقبہ کا جلد قبول کرنے لگے اور یا حی یا قیوم کو ضرب کے ساتھ بھی کیا کرتے ہیں ایک ضربی یا دو ضربی۔ ایک ضربی میں حی پر ضرب کرتے ہیں اور دو ضربی میں ایک ضرب حی پر اور ایک قیوم پر۔ کبھی فرصت میں اس کو بھی کر لیا کرو۔ تم نے پوچھا ہے کہ صبح اور شام کے وظیفہ کب تلک ادا کئے جائیں۔ بھائی اول روز صبح ہے اور اول رات شام جب تلک ممکن ہو ادا کر لیں اور یہ وظائف چلتے پھرتے کر لیا کرو بات چیت کرتے رہے اور

پڑھتے بھی رہے یوں آسانی ہوتی ہے جتنی قید زیادہ ہوتی ہے اتنا ہی کام دشوار ہوتا ہے اور پھر نبھتا نہیں اور اصل دوام اور نباہ ہے۔ تم نے ذکر ارّہ کے باب میں پوچھا ہے کہ یہ آواز سانس کی ہے یا کیا۔ اول آواز سانس کی ہوا کرتی ہے جب قلب میں حرارت آتی ہے قلب میں سے آواز نکلا کرتی ہے مگر ذریعہ سانس کا پھر بھی ہوتا ہے اور اس میں تصور اللہ ہو کا چاہیئے۔ اور آواز خود اس وضع پر ہو جاتی ہے اور جو دعائیں حدیث میں آئی ہیں ان میں سے صبح وشام کے وظیفہ میں کسی قدر جو پڑھتے ہو کافی ہیں اور سبحان اللہ وبحمدہ کی ایک تسبیح جو ارشاد مرشد میں ہے اس کے مقدم موخر ہونے کا کسی وظیفہ سے مضائقہ نہیں اور ایسا ہی سب وظائف میں اور دعائیں متفرق اوقات ظفر جلیل میں دیکھ کر یاد کرلو مگر ان کی قدر اتنی ہی رکھو کہ دوام ممکن ہو۔ باقی تم نے جو تیمم ضرورت غسل میں کیا جب مرض میں خوف ضرر ہو تب غسل کی جائے پر تیمم کرلے اور غسل اور وضو جیسے امر الٰہی ہے اور اس کے کرنے سے آدمی کو امید ثواب ہے ویسے ہی ہر تیمم سے امید قبول ہے اور یہ جو تم نے لکھا ہے کہ کاہلی سستی رہی اور اس میں اپنا معمول کرتا رہا اور شغل کو نہ چھوڑا یہ بڑی مردانگی کا کام ہے مبارکباد اللہ تعالیٰ مزید توفیق سے موفق کرے۔

ایسے ہی ہمت ہمیشہ رکھو ؎

ملنے نہ ملنے کا تو وہ مختار آپ ہے ۔۔۔ پر تجھ کو چاہیئے تگ و دو لگی رہے

طالب کا کام طلب ہے اور وہ وصول مطلوب قسمت سے تعلق ہے آدمی اپنا کام کرے انشاء اللہ تعالیٰ خداوند کریم کسی کی محنت رائگاں نہیں فرماتا فقط تمہارے متعلق مضامین تمام ہوئے میاں دوست محمد نے جو پوچھا ہے اس کا حساب یہ ہے کہ ان دنوں قحط کے سبب کہ ۱۲ آثار گیہوں ہیں سوا یا ڈیڑھ روپیہ کا اناج فی آدمی کا صرف ہوتا ہے اور ایک روپیہ کا گھی ایک روپیہ سے کچھ زائد مصالحہ ایندھن پکوانے کی مزدوری غرض تخمیناً چار روپیہ مہینہ میں صرف خوراک کی صورت ہے اور کھانا پکنے کی دو صورت ہیں۔ ایک بھٹیاری کے گھر اور دوسری کسی عورت کو پکانے کو مقرر کردیں کہ وہ اپنے گھر پکادیا کرے ہر چند تدبیر کی ہے مگر اب تک اس باب میں پورا انتظام نہیں ہے جیسے

جی چاہتا ہے ویسا بند و بست اس کا نہیں ہے مگر صورت گزارہ کی ہے ۔ اگر شوقین ہو اس کے لئے نور احت ہے ورنہ گھر کی سی آسائش دیو بند میں کہاں والسلام اور سب کو سلام کہو ۔ تعبیر خواب جدی پرچہ پہ لکھی ہے اور اسی پہ بھورے خاں کا جواب ان کو جدا کر کر دیجیو فقط اپنے والد اور سب دوستوں کو سلام پہنچا ئیو یہاں سب تم کو سلام کہتے ہیں ۔

تم نے لکھا ہے کہ بوقت مراقبہ تصور شعلہ کا نہیں آتا کچھ مضائقہ نہیں انشاء اللہ تعالیٰ سب کچھ ہونے لگے گا ۔ اتنا ضرور کرنا چاہیئے کہ دل ایک طرف لگا رہے انتظار نظر آنے شعلہ ہی کا سبھی خیالات متفرق نہ آویں اگر آویں ان کو لاحول پڑھ کر دفع کردو اور پھر متوجہ ہو جاؤ اول طبیعت کم جا کرتی ہے پھر بے تکلف دل کا خالی ہونا میسر ہوتا ہے ۔

تعبیر خواب

واللہ اعلم جو سمجھ میں آتا ہے وہ یہ ہے کہ بکری کا ملنا راہ میں اشارہ برکت کی طرف ہے سلوک میں برکت ہوگی ۔ تالاب اشارہ جماعت علماء کی طرف ہے ۔ چشمہ جاری درویش ہے جاری چشموں سے تالاب کو مدد ہوتی ہے جاری پانی تم کو ہاتھ آیا انشاء اللہ تعالیٰ فیض باطن پہنچیگا ۔ ٹیلہ پر چڑھنا بعد لا الہ الا اللہ کے ہے جتنا توحید میں قدم راسخ ہوا اتنا ہی اس پہاڑ کا چڑھنا آسان ہوا اور آواز غیبی مرشد کی ہدایت ہے کہ وہ مظہر اسم ہادی کا ہے اور فیض اس کا ہر دم طالبوں کو پہنچتا ہے اور ہر حاجت کے وقت امداد کرتا ہے یہ خواب امید ہے کہ موجب برکات کا ہو ۔

مکتوب ۳۱ موصولہ ۱۵ شعبان ۱۲۹۶ھ ۔ مخزن الطاف و اعطاف مظہر اشفاق و اخلاق طالب حق صادق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمادیں ۔

خط تمہارا آیا حزب البحر کی زکوٰۃ کا اتفاق نہ ہوا کیا خطرہ ہے وظیفہ دائمی سال بھر میں قائم مقام زکوٰۃ ہو جاتا ہے اور جو بات تم نے پوچھی ہے یہی کہ بعد غروب آفتاب تلک دن شمار ہوتا ہے اور شرع میں یہی معتبر ہے سوائے حج کے کہ وہاں رات دن کے تابع ہوتی ہے اعتکاف رمضان شروع ماہ ختم ماہ اسی قاعدہ پہ مقرر ہے کہ غروب سے پہلے مثلاً شعبان ہے جب چاند ہوا بعد غروب سے رمضان شروع ہوا اور جب ختم ہو گا ۔

غرضکہ مغرب سے تا اگلے دن کے عصر کے ختم تلک عدد معین پورا کرلے اور درود شریف ہر وظیفہ کے شروع میں بعد وطاق ضروری ہے جتنا ممکن ہو معاش کی طرف سے جو تم نے لکھا ہے اچھا ہوا جو کام پہلے کرتے تھے اس کو اختیار کیا اللہ تعالیٰ تشویش وافکار سے نجات دے اور اطمینان اور توکل نصیب کرے۔ کچہری کی چھٹی سے گھبراؤ نہیں کارساز موجود ہے بندہ کا کام انشاء اللہ تعالیٰ اٹکا نہ رہیگا۔ طبیعت آزادی طلب کو آزادی دو فکر سے اور تشویش سے نہ کہ کام سے کیونکہ نفس امارہ معطل ہو کر سوائے اپنی خواہشوں کے اور طرف نہیں لیجاتا مشغولی بہتر ہے مگر دست بکار و دل بیار چاہیئے جیسے پیاسا سوو ے جاگے چلے پھر بات چیت کرے ملے جلے دھیان پانی کا چھوٹتا نہیں ایسا ہی حال طالب حق کا ہونا چاہیئے ؎

آب کم جو تشنگی آور بدست ناکہ آبت جوشد از بالا و پست

اس سے خوشی ہوئی کہ امام الدین نے قرآن ختم کرلیا۔ دوہرانے کی ترکیب یہ اچھی ہے کہ ہر روز پاؤ سیپارہ یا تین رکوع یا زیادہ جیسا یاد ہو اور جیسی قوت ہو ہر روز صاف کرلیا کرے اور بعد مغرب نماز میں سنا دیا کرے اور جب تلک قرآن شریف صاف نہ ہولے اور کچھ مت شروع کراؤ۔ ہاں اگر وہ اپنے شوق سے اردو پڑھنے لگے تو راہ نجات کنز المصلی مفتاح الجنۃ چھوٹے چھوٹے رسالے پڑھا دینے چاہئیں بعد سنا دینے قرآن شریف کے رمضان میں اور چیز کا مضائقہ نہیں اور دعا ترقی حافظہ کے لئے جو حصن حصین اور بعض قرانوں میں چھاپی ہے وہ اگر پڑھ لے تو اچھا ہو۔ اور زکوٰۃ کے مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ زیور عورتوں کے باپوں کے گھر کا ہے اور جوان کے قوت بازو سے پیدا کیا ہوا ہے وہ ان کی ملک ہے بے شبہ اور جو زیور ان کے خاوندوں نے دیا ہے اس میں یہ شبہ ہے کہ اگر محض پہننے کے لئے دیا ہے عاریت ہے اور عرف اکثر ہند کا یہی ہے اس صورت میں وہ ملک خاوندوں کی ہے اور اگر بالکل دیدیا ہے تب ملک عورتوں کی ہے اب صورت زکوٰۃ کی یہ ہے کہ اگر ملک ایک شخص کی بقدر نصاب ہو یا زائد نصاب سے اور پورا برس اس پر گزر جاوے زکوٰۃ چالیسواں حصہ دینا واجب ہے۔ اور اگر کم نصاب سے ہے

زکوٰۃ اس میں آتی نہیں۔ اور دو کی یا تین کی ملک ملاکر نصاب پورا کرنا معتبر نہیں مشترک چیز میں حصہ کا دھیان کرلینا چاہیئے باقی تم نے جو بہ نسبت سماع کے لکھا ہے اصل یہ ہے کہ سماع حلال کا مضائقہ نہیں اور اس کی بھی مشغولی اور قصداً اچھا نہیں کیونکہ مبتدی کو مضر ہوتا ہے۔ اور سماع حرام اگرچہ سردست کوئی نفع بھی دے مآل اس کا برا ہے جو ہوگیا ہوگیا آئندہ ایسا قصد نہ کرنا چاہیئے بندہ سراپا گناہ ہے ہمارے خاندان میں بقصد سماع سننے میں طبیعت مکدر ہو جاتی ہے اور بعضی بار قبض واقع ہوکر نہایت ضرر واقع ہوا کرتا ہے اور بے قصد[ف] کہیں آواز کان میں پڑ جائے اس سے بعضی بار عمدہ حالت اور نفع ہو جاتا ہے آدمی وہی کرے جس میں امید نفع ہو۔ اور تم نے لکھا ہے رات کا اٹھنا نہیں ہو سکتا یہ رات کے چھوٹے ہونے کے سبب تھا اب رات بڑی ہونے لگی اب پھر اپنا کام شروع کردو۔ استقامت میں برکت ہے پانی کی کمی میں بہت موثر ہے اور کسی قدر کھانا بھی کم کرادے۔ کنویں کے بارہ میں سوائے دعا اور کیا ہو سکتا ہے۔ فکر تاریخ کی فرصت نہیں ملی۔ امتحان تحریری کل شروع ہونیوالا ہے اور امتحان تقریری دس روز سے شروع ہے اسی لئے جواب خط آج جمعہ کو ہی لکھ کر روانہ کرتا ہوں فقط سب کو سلام کہیئے اور سب سلام کہتے ہیں۔ دیوان جی کو پرچہ دے دیا تم نے اجازت سورہ یٰسین طلب کی تھی اجازت عام ہے اور ایسی ہی حزب البحر کی اجازت عام ہے جس کو چاہو اجازت دو

مکتوب ۳۶ موصولہ ۲۳ ربیع الاوّل ۱۲۹۶ھ مشفقی مکرمی منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمادیں۔ تمہارا خط مع مسودہ خطبہ مکتوب پہنچا۔ قلت فرصت کے سبب جواب میں دیر ہوئی مسودہ کو جمعہ کو دیکھ لیا تھا مگر جواب لکھنے کی فرصت نہ ہوئی اور کوئی خط جواب طلب پڑھے ہوئے تھے۔ رائے تمہاری درباب جمع کرنے ان مکتوبات کے مبنی محبت پر ہے اور نہ یہ عاجز کیا اور کیا اس کی تحریر۔ لائق رکھنے کے اور جمع کرنے کے عمدہ کلام اور اچھی تحریر ہوتی ہے۔ اب ان چند امور کا جواب لکھوں جو تم نے پوچھے ہیں۔ بعد مغرب جو چپ چاپ بیٹھے تو اس میں یہ تصور رکھے کہ فیضان الٰہی

ف قولہ بے قصد یعنی نہ سلنے کے قبل نہ سننے کے بعد ۱۲ انظوط

عرشِ اعظم سے بوسیلہ قلب شیخ مرشد کہ بمنزلہ پرنالہ کے ہے میرے قلب کے اوپر آرہا ہے
اور اگر تصور شعلہ چراغ کا یا نور سرخ کا ہوسکے کرے ورنہ تکلف نہ کرے۔ اور اگر خطرات
تشویش دیں تو لاحول پڑھ کر پھر اسی تصور کو جما دے۔ اور اگر قلب خطرات سے خالی نہ
ہو اور ہجوم ان کا موقوف نہ ہو ان کو منجملہ صنعت خداوندی سمجھ کر دفع نہ کرے اور یوں تصور
کرے کہ میرے پروردگار کی کیا کاریگری ہے کہ انسان کو ایسا ضعیف ان خطرات کے آگے
کر دیا ہے اور ان کو اس پر ایسی قوت دیدی ہے کہ اپنے قلب سے دفع نہیں کر سکتا۔ اور
اسی تصور میں مشغول رہے اور وقت ذکر اللہ اللہ کے احاطہ ذات پاک کا زمانہ کے اول و آخر
جو مضمون ہوالاول ہوالآخر کا ہے تصور کرے اور مکان کے اوپر نیچے جو مضمون ظاہر و باطن
کا ہے ملحوظ رکھے اور وقت ذکر اللہ یعنی اسم ذات مجرد کے اس آیت کا تصور کرے قل اللہ
ثم ذرہم فی خوضہم یلعبون۔ یعنی کہہ تو اللہ[1] اور چھوڑ دے ان کو اپنی فکر میں کہ کھیلتے
ہوں اور جب کسی قدر ذکر کر چکے تھوڑی دیر بامید فیضان وہی تصور آنے فیض کا قلب
مرشد سے کر کے بیٹھا رہے پھر ذکر الٰہی شروع کرے اور اگر اول ذکر سے کچھ اشعار صوبت خوش
سے پڑھ کر قلب کو نرم کرے تو مفید ہے۔ اور ذکر میں آواز نرم اور رسیلی رکھے تاکہ قلب بے
تکلف اس کا اثر قبول کرے فقط ہاں تم نے اپنی پریشانی لکھی ہے۔ بھائی دل ایک ہے
اس کے دو دلبر نہیں ہوسکتے جب ایک ہوگا وہ دوسرے کو کب جمنے دے گا اور اس کے
پاس ہونے کا کب روادار ہوگا۔ مگر معاش اور پرورش بچوں کی ناچاری ہے۔ اور جب
عادت زیادہ خرچ کی ہوتی ہے قلت پر صبر نہیں ہوسکتا۔ بناچار کچھ وقت اس کام
کے لئے رکھو اور اس کو امر ضروری مثل پاخانہ اور پیشاب کی ضرورت کے سمجھو اور قلت پہ
کچھ افسوس نہ کرو۔ گھر والے یا اجنبی اگر کچھ مانگیں اور پاس نہ ہو لطف سے عذر کر دو۔ اور نہ
ہونے میں کیا شرم ہے فقر ہمارے فخر الاولین والآخرین کا فخر ہے اگر چہ ہمارا دل نہ قبول
کرے اپنی حرص کے سبب مگر زبان سے تو کہہ لیں کہ ہمارا فخر ہے فقط سورۃ لیسین کا عمل
ایک چلہ پڑھ لو اور یہ دعا کرو کہ الٰہی روزی واسع کی کوئی سبیل سہل عنایت فرما دے۔

---

[1] قولہ کہہ تو اللہ یہ اقتباس من القرآن ہے تفسیر القرآن نہیں تفسیر میں تو انزل کا فاعل ہے ۱۲ حفظہ۔

امید ہے کہ کوئی صورت نکل آوے گی کچہری کا جانا اور مقدمات کے خلجان میں پڑنا فضول ہے روزی رازق حقیقی کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اگر یہ نہیں ہو سکتا یا کفایت نہیں ہوتی کوئی صورت انشاء اللہ نکل آوے گی فقط سب کو سلام اور سب کا سلام۔ میاں دوست محمد بعد سلام معلوم فرماویں یہاں طلبا کے کھانے کی وہی ایک صورت ہے کہ جب کوئی جگہ خالی ہو کہیں کسی کے گھر روٹی مقرر ہو جائے اکثر غریب غربا میں جو جوار یا جیرہ جو چنا ان کو میسر ہے جو آپ کھاتے ہیں طالبعلموں کو دیتے ہیں۔ جب کبھی ہو سکتا ہے یہی ہو سکتا ہے۔ اور ہم لوگوں سے کیا ہو سکتا ہے۔ جو بندگان خدا تھوڑا تھوڑا ہر طرف سے بھیج دیتے ہیں وہ ہم ایک انتظام سے اس کو کار خیر میں خرچ کر دیتے ہیں۔

فقط والسلام

مکتوب ۲۳ مشفق و مکرم مخزن لطف و عطف طالب صادق منشی محمد قاسم صاحب زاد اللہ شوقہ و ذوقہ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرماویں۔ تمہارا خط پہنچا پہلا خط تمہارا آیا تھا جواب انہیں دنوں لکھا تھا اللہ جانے پہنچا یا نہ پہنچا۔ انتقال میاں عبدالرحمٰن اور اس کیفیت کے ساتھ ایک نمونۂ قدرت و عنایت حق تعالیٰ شانہٗ کا ہے اس کی رحمت جب ہوتی ہے اس کے آثار ایسے ہی ہوا کرتے ہیں۔ بہتیرے اللہ کے بندے مقبول ایسے ہوتے ہیں کہ سوائے اللہ تعالیٰ اور کسی کو ان کے راز کی اطلاع نہیں ہوتی اور ان کی کیفیت دل کی کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ یا بعض اس کے خاص بندے کوئی اس کو نہیں پہنچاتا۔ اور مدار ساری عمر کا خاتمہ پر ہے دیکھئے اسوقت کیا رنگ ہو خاتمہ کے ڈر سے جگر آب اور سب حال خوب خراب ہے ساری عمر کا کیا کرایا ایک آن بھر میں اکارت ہو جاتا ہے۔ جو اس معرکہ سے ایمان سلامت لے گیا اس کو مبارکباد اور سو مبارکباد وہ ہمیشہ ہمیشہ کو نجات پا گیا اس کا کیا کہنا ہے۔ دیکھئے ہم اپنی روسیاہیوں کے پیچھے کیا رنگ لاویں اور کس طرح جاویں سوائے دعا اور التجا کیا چارہ ہے تم بھی اس ناکارہ درماندہ کے حق میں دعا کیجیو کہ اللہ تعالیٰ ایسے وقت نازک پر یاور و مددگار ہو اور ایمان سلامت لے جاویں۔ آمین۔ یا اللہ سب مسلمانوں کا ایمان پر ہی خاتمہ ہو۔ نوکری کا حال معلوم ہوا کیا

مضائقہ ہے اگر کچھ ہاتھ آگیا کچھ کام چل جاوے گا بے دھیان جو مل رہے اس کے قبول میں کیا انکار ہے۔ شغل حبس کا نفی اثبات کے طور پر شروع کیا اللہ برکت دے اب وقت گرمی کا آگیا ہے پسینہ بہت آیا کرتا ہے یہاں تلک کہ آدمی نہا جاتا ہے اور کپڑے قابل نچوڑ نیکے ہو جاتے ہیں اسوقت ہوائے سرد سے بچنا اور آب سرد کے استعمال سے پرہیز چاہیئے بدن کو پوچھ کر اور کپڑے سے ڈھانپ کر مکان خلوت سے باہر آوے۔ اور طریقہ سانس کے کھینچنے کا سینہ تلک ہے دل تلک نہیں۔ سانس سینہ تلک لاکر روک لے اور مدلا کا دل سے شروع کرکے اشارہ داہنے مونڈھے کی جانب کر کے اللہ کا تصور کر کے ضرب الا اللہ کا اشارہ دل پر کرے۔ مطلب ضیاءُ القلوب اور ارشاد مرشد کا سانس کا روکنا نہیں بلکہ لاالہ کا اٹھانا اور اس پر ضرب کرنا ہے۔ میری فہمید میں یوں آتا ہے کہ تم اسم ذات کو سو سے زیادہ بڑھاؤ بھلا دو سو تلک پہنچا دو اور شغل کے جمانے اور بے تکلف ادا ہونے کو اصل سمجھو بڑھانے کا فکر زیادہ مت کرو۔ ایک اور بات سب ذکر و شغل اور مراقبہ میں بلکہ نماز روزہ حج زکوٰۃ میں بندہ کو دھیان رکھنی ضرور ہے اور جو کام کرے اول دل کو اس مضمون پر خوب جمالے کہ میں بندہ ہوں اور اللہ جلشانہٗ وعم نوالہ کی عبادت میرے ذمہ لابدی اور اس کا ذکر میرے ذمہ اس طور کہ خطرہ غیر کا نہ ہو فرض عین مدام اور جو کچھ توجہ بہت یا تھوڑی ماسوی اللہ کی طرف ہوتی ہے یہ سراسر میرا قصور اور خطا۔ اور جو کام بھلا برا بندگی کا کرتا ہوں وہ لائق اس کی شان کے نہیں اس کے حکم کی فرمانبرداری اور اپنی بندگی کا اظہار اپنی لیاقت اور حوصلہ کی قدر اور قوت وقدرت کے اندازہ پر کر رہا ہوں۔ اب یہ تصور کہ میرے ذکر و شغل سے کوئی بات پیدا ہو یا مزہ آوے یا جذب قلبی پیدا ہو سراسر فضول ہے یہ اس کی عنایت ہوگی جو اس ذرہ کمتر کو باوجود ناکارہ اور آوارہ ہونے کے اور بے کسی لیاقت اور خوبی کے خاک مذلت سے اٹھا کر اپنے ذکر کی لذت سے سرفراز فرماوے اور اپنی عبادت کا ذوق دے اور اپنی بارگاہ تلک رسائی دے اور اگر یہ اور اس سے بڑھ کر کوئی عنایت ہوا پنا اس میں کوئی استحقاق اور اجارہ نہیں۔ یہ سراسر اسی کا فضل و کرم ہے جتنی توفیق پاؤ اس کا شکر کرو کہ میں ناپاک

کہاں اور یہ عنایت کہاں اور جو تقصیر اور کوتاہی ہو اس کو اپنے حق میں سراسر خرابی اور نقصان سمجھو اور جان لو کہ میری یہ لیاقت اور حوصلہ کی موجب معاملہ ہے۔ اسی سے پناہ مانگو اور اسی سے مدد چاہو اور اسی پر بھروسہ کرو اور کام کے پورے ہونے یا ناقص ہونے سے دل آزردہ مت ہو سے

ملنے نہ ملنے کا تو وہ مختار آپ ہے پر تجھ کو چاہیئے کہ تگ و دو لگی رہے

اس امر کو ہر بات اور حال میں خیال کر لیا کرو کہ بندہ کا کچھ حق اور اختیار نہیں کوئی دعوے کوئی حجت نہیں جو کچھ ہے اور ہو گا مالک کی رحمت اور اس کی عنایت ہے حال دل کا پریشانی اور استقلال اور مشغولی اور فراغ میں یوں چاہیئے کہ اپنے مطلب سے غفلت نہ ہو اور کیا ہے وہ تلاش اور طلب۔ بندہ کا کام تلاش و طلب ہے ملنا اس کا کام ہے۔ بندہ کی غرض بندگی سے ہے قبول فرمائے یہ اس کی نوازش و عنایت ہے رد کرے ہم اسی قابل اور اسی لائق ہیں۔ میرا مطلب تم سمجھ گئے ہو گے اور اس کلام پریشان اور مضمون متفرق سے غرض جو ہے وہ انشاء اللہ نشین دل میں ہو جائے گی اس ناکارہ کو بھی دعا سے یاد رکھو کہ پچاس کی عمر آئی اور یہ یوں ہی گنوائی لڑکپن کے خصال ہنوز ویسے ہی ہیں ایک وضع نہ بدلی ایک رنگ نہ پلٹا کیسی کیسی صحبتوں میں رہا مگر کسی کا کچھ اثر نہ ہوا۔ ہاں شقی کو کون سعید کر دے اصل کا بدل دینا اسی کا کام ہے۔ حضرت مخدوم العالم کی خدمت میں جو کوئی کچھ بھی رہ لیا اس پر ایک اثر ہو گیا کہ تمام عمر نہ گیا میں کم نصیب جیسا تھا ویسا ہی رہا یہ عمر بیہودہ کٹی اور آگے اب کیا امید اب قافیہ تنگ ہے۔ دیکھئے کلمہ زبان پر ہے اللہ تعالیٰ اسی پر خاتمہ کر دے آمین۔ تم بھی دعا کیجیو۔ ہاں تم نے معین الدین کے جودھپور جانے کی وجہ پوچھی ہے۔ بھائی! معین الدین مدتوں سے بیہودہ گھر بیٹھا تھا ہر کام سے جی چراتا تھا اتفاقاً میرے مہربان مکرم منشی عنایت حسین ساکن بلگرام ضلع فرخ آباد جو نرسنگھ گڈھ کی ریاست کے کامدار ہیں اجمیر سے ملنے کو آئے اور اپنے لڑکے کو مدرسہ میں چھوڑنا منظور تھا ان کی زبانی معلوم ہوا کہ وہ اپنی ریاست کی جانب سے جودھپور جانے ہیں۔ یہ نرسنگھ گڈھ بھوپال کے پاس ہے

اور جودھپور والے سے وہاں کی قرابت ہے شاید لڑکی بیاہی ہے اور ایسا ہی رشتہ اودھ پور سے ہے بالجملہ معین الدین کو انہوں نے اپنے ساتھ لے لیا کہ جہاں موقع ہوا کسی نہ کسی جگہ ان کا تعلق ہو جاوے گا۔ جودھپور پہنچنے کا خط آیا ہے ابھی راجہ کی ملاقات نہیں ہوئی وہ اجنٹ کے ساتھ ہے راہ میں ملے تھے جب وہ جودھپور آوے تب کچھ تجویز ہو۔ دعا کیجئو کہ اللہ اس بے ہودہ کو توفیق نیک دیوے اور کسی کام کا کر دے فقط سب کو سلام پہنچے اور سب کا سلام قبول ہو۔

مکتوب ۳۴ موصولہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۲۹۹ھ۔ مشفق و مکرم طالب صادق واصل واثق منشی قاضی محمد قاسم صاحب دام لطفہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرما دیں۔ تمہارا خط پہنچا شاہ محمد رضا صاحب کی خوابیں دیکھ کر اور کیفیات ان بزرگ کی سن کر طبع نہایت خوش ہوئی مگر اے عزیز تم کو اس ناکارہ درماندہ کی طرف حسن ظن ہے میں بیچارہ کہاں اور بزرگوں کے واقعات کی تعبیر کہاں۔ اے ایاز قدر خود بشناس۔ بندہ کا حال ایسا ہے جیسا کسی نے کہا تھا کہ پیش ملا طبیب و پیش طبیب ملا و پیش ہر دو ہیچ و پیش ہر دو۔ نہ علم میں کمال نہ عمل میں خوبی۔ اور تعبیر کے لئے مرتبہ کشف چاہیئے تا کہ سمجھے کہ حقائق نے غیب سے کیا صورت پکڑ کر ظہور کیا ہے اور تلونیات ان کی کس طور ہوئی ہے اور پھر عالم خیال نے اس کی کیا صورت بنا دی ہے اور اصل غیبی امر کتنا ہے اور ملاؤ خیال کا کتنا ہے تاہم بنظر مزاج داری حضرت شاہ صاحب اور تمہاری تحریک کے جو کچھ اس ناکارہ کے خیال ناقص میں آیا جدی پرچہ پر لکھ کر ملفوف کیا ہے۔ جو کچھ اس میں صحیح ہے وہ فیض بزرگوں کا ہے اور جو غلط ہے وہ اس ناکارہ کی اصلی قابلیت ہے۔ حال مقدمہ کا معلوم ہوا اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے جو کوئی ہو اس سے اپنا کام لے لے اللہ اعلم شاید بد بجانے میں کوئی بہتری ہو بہر حال دعا سے غفلت نہیں اور انتظار ختم مقدمہ کا ہے فقط والسلام۔ شاہ صاحب کی جناب میں سلام نیاز عرض کیجئو اور بندہ بھی مشتاق ہے مگر دیکھئے اگلی بات پہ پورا بھروسہ کرنا زائد ہے اللہ تعالیٰ راست لاوے۔ شروع محرم میں شاید دو چار روز کی دیر ہو یا را و مین دہلی یا بے پور ایک دو روز ٹھہرنا ہو اللہ اعلم۔ سب صاحبوں کو سلام کہیئو۔

تعبیر خواب

پہلے خواب کے تین جزو ہیں ایک یہ کہ قرآن شریف حفظ ہونے تلک قرآن کے حروف اڑ جائیں گے قرآن شریف کے اٹھ جانے کی جیسی کچھ روایات ہیں ان سے مراد یہ نہیں کہ حروف کاغذ سے مٹ جاویں اور یاد سینوں سے محو ہو جائے بلکہ غرض یہ ہے کہ دھیان مسلمانوں کا اس کی طرف سے کم ہو جاوے۔ یہی تفسیر حدیث میں آئی ہے چنانچہ عمل کی رو سے قرآن اب اٹھا ہوا ہے۔ معاملات میں بالکل ادھر کسی کو دھیان نہیں بعض معاملات اور نکاح وطلاق اور میراث وشفعہ میں جو کچھ باقی ہے بدولت قانون انگریزی کے ہے ورنہ مسلمانوں کی طرف سے یہ بھی اٹھا ہوا ہے۔ نماز روزہ میں جو لوگ مشغول ہیں اول تو عدد ان کا کم اور ان کو بھی پوری غرض یہ نہیں کہ موافق شرع ہو جو الٹا سیدھا کچھ کر لیا کفایت سمجھا۔ دوسرا جزو یہ ہے کہ مکانات اور درخت اڑتے ہوئے دیکھے اور حضرت عمرؓ کی جماعت میں سے سنا کہ دو فریق اڑ گئے ایک رہ گیا بندہ کے خیال ناقص میں یہ برکات کا اٹھ جانا ہے۔ ہر چیز میں بعض اجزاء پر برکت منحصر ہوتی ہے جس سے نفع اس چیز کا ظہور کرتا ہے۔ وہ برابر گرد باد کی طرح اٹھے چلے جا رہے ہیں اور جو کچھ کمی بیشی کی نسبت کہیں کچھ قیام ہے وہ کسی اچھے بندہ کی بدولت ہے تیسرا جزو جس میں اول اشارہ طلب شہادت کا اور اوسط شرکت نماز کی آخر ملاقات امام مہدی کی طلب ظاہر ہے۔ اور شرکت نماز کی استقامت سنت پر ہے۔ مگر قعدہ اخیرہ میں ملنا یعنی کچھ کوتاہی ہے اور ملاقات امام مہدی کی کیا عجب ہے نصیب ہو کیونکہ علامات اس کی بہت ظاہر ہیں اور مکشوف اولیاء کے مطابق کیا عجب ہے کہ اس صدی کے پہلے یا دوسرے سال میں ظہور ہو جاوے واللہ اعلم۔ اور یہ لازم ہے کہ تمام اہل خدمت اور اولیاء اللہ معلوم ہو ان کو یا نہ ہو اس زمانہ میں وہاں پہنچ جاویں گے۔ اس لشکر میں سائیس تک ولی کامل ہوگا واللہ اعلم۔

دوسرے خواب میں قابل تعبیر بات یہ ہے کہ آسمان اوپر گرا اور کچھ نہ معلوم ہوا یہ اشارہ اسی امر کی طرف ہے کہ نافرمانی خداوندی ایسی ہے کہ جیسے آسمان گرا اور آدمیوں پر وہ ایسا

آسان ہے جیسے گالا۔ حدیث میں آیا کہ گناہ کو ایسا سمجھتے ہیں جیسے مکھی آئی اور ناک پر بیٹھی اور اس کو اڑا دیا۔ اور جو آواز غیبی ہوئی وہ توفیق منجانب اللہ ہے اور تائید آسمانی ہے جس نے ایسے تنگ وقت میں دستگیری کی ورنہ ایمان کھو یا جانا عجب نہ تھا۔ تیسرے خواب کی تعبیر کی حاجت نہیں یہ بزرگ مجذوب معلوم ہوتے ہیں اس لئے کہ شکل میغ نسبت مجذوبیہ کی صورت پر ہے۔ باقی سب امور وصول فیض کے ہیں۔ الحمد للہ علی ذلک چوتھے خواب کے معنی رزق باطنی کے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ اس قحط کے زمانہ میں آپ کی ذات سے بہت لوگوں کو فیض پہنچے گا باقی جو شہادت کی آرزو قلب میں ہے اس کے متعلقات کا نظر آنا دلیل اس کے حصول کی ہے انشاء اللہ تعالیٰ اللھم ان کان صحیحا فمن فیوض کرمک والا فانا لعبد عاجز معترف بتقصیرہ فعفوا وغفرا

مکتوب ۳۵ موصولہ ۱۳ رجمادی الثانی سنہ ۱۳۰۱ھ مشفق و مکرم طالب صادق واصل واثق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ تمہارا خط بہت دن ہوئے کہ آیا تھا اور پہلے بھی اور بعد میں بھی حال رضا شاہ صاحب کا معلوم ہوا اور کیفیت عرضی وغیرہ کی بھی معلوم ہوئی۔ خیر اللہ نے سہل یہ بلا ٹالدی۔ احقر کی اب بھی رائے یہی ہے کہ وہ لڑکی کہیں نکاح کرلے تو اچھا ہو۔ رضا شاہ صاحب کی نسبت اس امر کا تعجب کیا ہے کہ ان کو طلب ہوتی اور محبت کا جوش ہوا۔ آدمی ان امور میں معذور ہے مگر اس کو اس فریب اور دھوکوں سے ظاہر کیا اور اس کے حصول کی فکر ایسی بری صورت سے کی یہ ان کی عقل کی خوبی ہے اگر وہ اس امر کو خوبصورتی سے کرتے اور راز دل چھپاتے بہت اچھا ہوتا تم نے ان کے معتقدین کی طرف سے جو لکھا ہے کہ ان کا اعتقاد ان کی طرف نہ رہا اور اب وہ تم سے طالب ہوگئے ہیں۔ بھائی یہ روسیاہ ان سے کہیں بدتر ہے وہ ایک ہی بلا میں مبتلا ہوئے یہ ناکارہ ایسی ایسی لاکھوں زنجیروں میں قید ہے۔ اور یہ ایک امر اتفاقی تھا گزر گیا اور شاید ان کو پھر خیال بھی نہ رہے اور یہ ناکارہ جن بھیڑوں میں پھنسا ہوا ہے ان سے نجات کی امید نہیں۔ مرید کے لئے عمدہ یہ بات ہے کہ اگر پیر کو دیکھے کہ راہ مستقیم سے لغزش کر گیا ہے اس کے لئے دعا اور التجا جناب باری میں کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس بلا سے

نجات دے کیونکہ یہ راہ طریقت کا امداد و اعانت کا ہے اور اتنی بات پر بد عقیدہ ہونا اچھا نہیں اُن صاحبوں کو احقر کا کیا حال معلوم ہے دو چار روز دیکھکر دھوکہ نہ کھاویں اگر حال واقعی معلوم ہو تو شاید خلق سنگسار کرے اور یہ لوگ جو بزرگوں کی جائے پر سجادہ نشین ہوتے ہیں اصل پیر نہیں ۔ پیر ہمارے وہ بزرگان خاندان ہیں ۔ بالجملہ ایسے واقعات سے اس سلسلہ کا قطع کرنا اچھا نہیں ۔ اگر اب کسی صورت سے طبیعت ادھر نہ جمے تو تم وہاں موجود ہو ہر اک کو اس کے مناسب حال وظیفہ تعلیم کر دو اللہ کے نام بتلانے میں کیا دریغ ہے احقر بھی سب کے حق میں دعا کرتا ہے اور سب صاحب احقر کے حق میں دعائے خیر سے یاد رکھیں فقط ۔

ہر چند رشتہ پیری مریدی کا ایک مستحکم رشتہ ہے مگر حکم شرع مقدم ہے یہ بے پردگی اسوقت احقر کے مزاج کے نہایت مخالف تھی مگر موقع کہنے کا نہ تھا اگر کہتا بے شک یہ سلسلہ بند ہوتا اور ان کو ناگوار ہوتا ۔ اور خدا جانے کس بات پر محمول ہوتا ۔ خیر جو کچھ ہوا ہو گیا اب اس امر کا لحاظ رکھنا چاہیئے ۔ اس ناکارہ سے اپنے بعض اقربا اور بعض اجنبی عورتیں بہت بیعت ہوئی ہیں مگر طریقہ پر وہ حسب شرع ان سے ہے ۔ آدمی شیطان کو دور نہ سمجھے اس ملعون نے بڑے بڑوں کو دے مارا ہے ہم جیسے کمزور کس شمار میں ہیں بلکہ ہماری کمزوری ہی کے سبب وہ ملعون ہمارے درپے سے نہیں جاتا ہے کہ ان کی کیا حقیقت ورنہ ہمارا کیا ٹھکانا تھا ۔ اور یہ ایک حفاظت الٰہی کا ظہور ہے اسی کی پناہ سے یہ سارا رنگ جما ہوا ہے فقط تمہارے خط کا جواب چند بار چاہا کہ لکھوں مگر اتفاق نہ ہوا آج حسب اتفاق یہ صورت بن پڑی جو مرضی اس کی وہی صحیح ۔ سب کو سلام کہئے یہاں سب خیریت ہے اور سب کی طرف سے سلام ۔

مکتوب ۳۶ موصولہ ۱۰ ر شعبان ۱۳۰۰ھ ۔ برادرم مکرم طالب صادق واصل واثق منشی محمد قاسم زاد اللہ مرتبتہ ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں ۔ خط تمہارا پہنچا تمامی کیفیت واضح ہوئی ۔ اولاد علی کے خواب میں تلقین ذکر سے مناسبت اس کی ظاہر ہے اس کو تم بارہ تسبیح صاف کرا دو اور یہ کہہ دو کہ اس امداد غیبی کا یہ شکر ہے کہ اس کو مداومت

کرو اور ترک نہ کرو۔ اگر ذوق شوق ہو تب بھی اور اگر وحشت اور کدورت ہو تب بھی
یہ مددِ غیبی ہے کہ مشکل اس ناکارہ کے ان کے حسنِ ظن کے موجب مشکل حل ہو گئی کیونکہ
کیونکہ ہادی وہی ہے اور تمام عالم اسی کا مظہر ہے۔ پیر اسم ہادی کا مظہر ہے۔ الحمد للہ
علیٰ ذالک۔ اور میاں عبد اللہ کو کہدو کہ بیعت تمہاری قبول کر لی اللہ برکت کر دے اور
درود شریف اور استغفار کا وظیفہ اور یا حی یا قیوم اور اللہ الصمد بتلا دو اور اگر شوق
ذکر کا کریں اللہ اللہ چلتے پھرتے بتلا دو کہ زبان سے کہتے رہیں اور جب بھول جاویں یا
کسی بات میں لگ جاویں پھر اللہ اللہ کرنے لگیں اور اپنے بھائیوں کو بھی یہی مضمون
فرما دو کہ بیعت تمہاری احقر نے منظور کر لی اور مناسب وظیفہ اور ذکر ان کو بتلا دو۔
اور لڑکی کے نکاح کر لینے سے بہت ہی جی خوش ہوا اللہ تعالیٰ اس کو توفیق نیک اور
ہدایت اپنے رستہ کی پوری عنایت فرما دے۔ احقر کی طرف سے اس کو مبارکباد
اس توفیق کی دیجیو۔ اور کہیو کہ شکر اس نعمت الٰہی کا ادا کرے اور تابعداری زوج کی
نہایت ادب سے کرے اور اپنے اس عمل کو مقبول بارگاہ خداوندی سمجھے اور وسیلہ اپنی
نجات کا جانے۔ اور درباب ملاں کے جو صورت ہوئی اس کو تم پر امت سمجھو انشاء اللہ
تعالیٰ کوئی لطیفہ غیبی ایسا ہو گا کہ یہ سب تشویشات دور ہو جاویں گی اور درباب عید کے
نہ تم اپنی طرف سے سامان کرو نہ دو کرنے کا فکر کرو وقت پر جو ہو گا ہو رہے گا۔ اللہ قادر
مطلق ہے اسی پر بھروسا کرو۔ میاں الٰہی بخش مرحوم کے انتقال سے رنج ہوا اللہ تعالیٰ
بخشے ہمارے پرانے یار تھے۔ اللہ تعالیٰ جنت میں مقام عالی نصیب کرے فقط علاء الدین
سلام کہتا ہے اور کہتا ہے کہ جب ہو سکے اس سامان کو بنوا کر روانہ کر دو فقط اور سب
کو سلام کہیو اپنے والد اور بھائیوں کو اور میاں اولاد علی اور عبد اللہ اور سب احباب کو
بندہ الٰہی خاں جمعدار کا ایک خط آیا تھا یہ ان کو بعد سلام فرما دو کہ جو وظیفہ تم پڑھتے ہو۔
جتنا ہو سکے کرتے رہو اور ترقی کے واسطے الحمد اکتالیس ۴۱ بار بعد نماز صبح پڑھو انشاء اللہ
ترقی ہو گی۔ بھورے خاں کو اور ان کے فرزند کو اور سب کو سلام

مکتوب ۳۷ | موصولہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۰۱ھ۔ مشفق و مکرم طالب صادق واصل واثق

قاضی محمد قاسم صاحب اوصلہ اللہ الی المعتنے ۔ بعد ادعیہ وافیہ وسلام مسنون مطالعہ فرمائیں
آپ کا خط پہنچا عجائب اتفاق سے ہے کہ چند بار خط لکھنا چاہا اور نہ ہو سکا اور آج
پھر شروع کیا ہے اللہ تعالیٰ پورا فرماوے ۔ جو کچھ اپنی پریشانی لکھی ہے بھائی بنائے
رنج توقع ہے اور یہ زمانہ اس قابل نہیں کہ کسی بار کی یاری یا کسی اپنے کی غمخواری کی
امید رکھی جائے ۔ اگر آدمی غور کرے تو ہر کسی کو طالب اپنی غرض کا پاوے گا ۔ اور جو
آدمی کسی کی طرف متوجہ ہے حقیقت میں اپنی غرض کی طرف متوجہ ۔ سوائے پاک پروردگار
کہ اس کی طرف سے نعمائے ظاہری اور باطنی جو ہر دم بے عدد و حساب آدمی پر بطور مینہ
برس رہی ہیں مبنی کسی غرض پر نہیں ۔ آدمی اسی کی طرف دل لگاوے اور اسی کی رحمت
پر خیال جماوے اور اسی سے اگر بن سکے بات بناوے تو البتہ اپنا مطلب پاوے ۔ اور
اگر یہ نہ ہو سکے تو جب سب کو دیکھ چکا اور ہر کسی کو آزمالیا اور سب کی قلعی کھل گئی اب
چاہیئے کہ ان کی طرف اپنا دل نہ پھنساوے ضرورت زندگی کے قدر ہر چیز اور ہر کسی
سے علاقہ رکھے اس کی مثال پاخانہ کی سی ہے جب بلا پیٹ میں زور کرتی ہے اس
کا دفع کرنا ضروری ہے اب برابر ہے کسی جنگل پہاڑ میں کسی زمین پہ دفع کر دے
یا کسی عمدہ مکان مرصع چوکی پر کسی طشت زریں میں ڈالدے ۔ ضرورت برابر دفع ہے
اور راحت برابر حاصل ۔ زینت ظاہری اور صورت کا فرق بھی ضروری ہے مگر دل
کسی طرف نہ لگاوے تم نے امامت کے باب میں لکھا تھا بے وجہ مت چھوڑو ایسا نہ
ہو کہ تم چھوڑ دو اور امام کوئی اور نا قابل ٹھہر جاوے اور نماز مسلمانوں کی تباہ ہو ۔ کام دین اور
خدا کا سمجھ کر کرو خلق کے رد و قبول سے نظر اٹھالو ۔ اور اگر کوئی ایسی بات ہو کہ بے تمہاری
سعی کے آپ تم پر سے یہ خدمت دور ہو جائے اس کا فکر مت کرو اور شکر الٰہی بجالاؤ کہ اچھی
نجات ملی ۔ اور وہ جو آنکھوں کا حال لکھا ہے ضعف دماغ ہی غالباً ہے کوئی حلوا یا مغزیات
کھاؤ اور دماغ کے علاج سے غفلت مت کرو ۔ کشتہ کا حال جو تم نے لکھا کہ کچا رہ گیا جو
بن گیا اس کو بقدر ایک رتی کے استعمال کرو مگر اس کے استعمال کے دنوں میں چکنائی زیادہ
کھاؤ ۔ اور غذا بھی بقدر ہضم پیٹ بھر کر کھاؤ ۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوت سب اعضا کو ملے گی

اور بھائی کو جو تم نے لکھا ہے کہ درد ہاتھ پاؤں میں ہو جاتا ہے اور ان کی آنکھوں کا حال بھی ایسا ہی ہے ان کو اب سردی میں گھی کوار کا حلوا بنا کر کھلاؤ۔ ترکیب یہ ہے کہ لعاب گھیکوار تار ڈالکر حلوہ بنالو اور مغزیات اور خوشبو تولہ تولہ بھر جیسے دونوں الائچی بادام پستہ کشمش جائفل جوتری لونگ اس میں کوٹ کر ملا دو اور پانچ تولہ کی قدر کھاؤ انشاءاللہ تعالیٰ بہت مفید ہوگا۔ اور اس مقدمہ کی نسبت جو لکھا ہے بھائی یہ زمانہ سراسر شر کا ہے اس میں امید بھلائی کی دشوار ہے یوں اللہ اپنے فضل سے کچھ زمانہ کی کیفیت بدل دے وہ اور بات۔ سوائے دعا اور التجا جناب باری میں اور کیا ہو سکتا ہے اور تم بعد مغرب بالضرور بیٹھا کرو گھبرانے کی بات کیا ہے آدمی دربار پر منتظر دیدار اگر عمر گزار دے گنجائش ہے ملنا نہ ملنا قابو سے باہر ہے اپنی طرف سے کوتاہی قصور ہے۔ تمہاری طرف اکثر دھیان رہتا ہے جی اب کے سال بھی بہت متوحش ہے مگر جتنا وحشت کا زور ہے زنجیریں بھی قوی ہوگئیں ناچار دم بخود کبھی کام میں کبھی بیکار گزار رہا ہوں دیکھئے تا آں کیا ہوتا ہے۔ بھائیوں کا جو حال تم نے لکھا ہے کہ اب تلک کچھ ذوق شوق نہیں ہوا قاعدہ ہے کہ طبیعت مکدر دیر میں شگفتہ ہوتی ہے کام کریں انشاءاللہ تعالیٰ فیض بارگاہ الٰہی سے تبصدق مقبولان بارگاہ خداوندی بہت کچھ پہنچے گا۔ درود شریف اور استغفار جو یاد ہے کافی ہے اسی کو پڑھا کریں اور استغفراللہ کی ہے کو فتحہ ہے ضمہ غلطی سے لکھا گیا ہوگا۔ اللہ اللہ یہ دونوں وقف بدون ضمہ کے سانس کے ساتھ کہنا پاس انفاس کی ایک ترکیب ہے۔ پاس انفاس کو مشائخ بہت طور سے کرتے ہیں بعض اللہ ہو بعض اللہ اللہ بعض ہو ہو بعض لاالٰہ الا اللہ۔ بعض ایک ایک سانس میں چند بار اللہ جلد جلد کہتے ہیں۔ چنانچہ حضرت نے ضیاء القلوب کے حاشیہ پر اس کو لکھا ہے۔ اتنا دھیان رکھنا مطلوب ہے کہ ذکر خدا ہر دم ہو وضع اور طرح چاہیے کچھ ہی ہو ذکر کریں جس طرح جی لگے اور آسانی معلوم ہو۔ لڑکوں کی کھانسی کی طرف سے تردد ہوا تم ان کو شہد کھلاؤ انشاءاللہ تعالیٰ نفع ہوگا اس وقت یہی دوا اچھی معلوم ہوتی ہے اور شاید وہ اچھے ہوگئے ہوں تب بھی چند روز شہد کھلا دو اس میں اللہ نے شفا رکھی ہے

فقط والد کو اور بھائیوں کو اور سب احباب کو سلام کہیو۔ اولاد علی کو امید ہے کہ شفا ہو گئی ہو سلام کہیو۔ علاء الدین دہلی گیا ہوا ہے ایک ہفتہ میں لوٹ آنے کا ارادہ تھا۔ بہت دنوں کے بعد آج یہ خط پورا ہوا احقر اس سال کسی طرف نہیں گیا سال بھر سے یہیں دیو بند ہے شاید حجاج کے جانے سے کسی کو شبہ ہوا۔ یہ خبر کس نے کہی۔

مکتوب ۳۶ موصولہ ۱۳ شوال ۱۳۰۱ھ۔ عزیز القدر گرامی شان برادرم عزیزم قاضی محمد قاسم صاحب زاد اللہ ذوقہ وشوقہ۔ بعد ادعیہ وافیہ وسلام مسنون مطالعہ کریں خط تمہارا سابق جو آیا تھا اس کے جواب میں دیر ہو گئی۔ میاں علاء الدین کا انتظار رہا وہ کچھ بیمار ہو گئے تھے ان کے گھر میں اور ان کی لڑکی بیمار ہو گئے میرے گھر میں بیمار تھی چنانچہ اب تلک بیمار ہے۔ اب یہ دوسرا خط آیا اس کا جواب لکھتا ہوں اس کے جواب میں بہت دیر ہو گئی۔ میاں ان دنوں کاہلی بہت ہو گئی ہے خاص کر لکھنا بہت ہی دشوار معلوم ہوتا ہے اور جو لکھتا ہوں غلط لکھا جاتا ہے جی بہت گھبرایا ہے حیران ہوں کام میرا لکھنا پڑھنا اور اب اس سے طبیعت کو تنفر ہوا ہے مآل کار کیا ہونا ہے۔ خیر الحمد للہ کہ تم کو عارضہ ثبور اور فساد خون سے اللہ تعالیٰ نے نجات دی اللہ تعالیٰ اسی طور تفکرات اور ظاہری پریشانیوں سے نجات دے بھائی اللہ تعالیٰ بندوں کے دل کو اپنی طرف سے نہ ہٹا وے۔ باقی سب سہل ہے اگر دل ادھر لگا ہوا ہے مآل اس کا ہر طور بہتر ہے راحت ہو مصیبت ہو طاعت ہو گناہ ہو رنج ہو کلفت ہو مرض ہو صحت ہو کچھ ہی ہو۔ اللہ سے مانگو اور میں بھی دعا کرونگا کہ اللہ تعالیٰ ان مخمصوں سے فراغت نصیب کرے اور اپنی طرف ہر طور پر متوجہ رکھے آمین تم بھی دعا کرو میرے لیئے کہ عمر آئی ہے آخر ہونے پر اور کام ادھورا رہا اور کچھ صورت پورے ہونے کی نہیں اس درد کو کس کے سامنے روؤں اور اس مرض کا کیا چارہ کروں۔ کوئی ایسا بھی نہیں کہ دو گھڑی درد دل اس کے سامنے کہکر دل خالی کر لیجئے انا للہ وانا الیہ راجعون اور تم پر جو کچھ پریشانیاں پیش ہوئیں یہ شامت اس پریشان کی ہے کہ تم کو محبت ہے اور اس کا اثر کت حالی ہے اللہ مجھے اور تمہیں دونوں کو اور سب احباب کو پریشانی سے بچائے آمین بارش اول رمضان سے قدرے ہوئی تھی پھر شروع رمضان میں ایسی تیز گرمی ہوئی کہ اللہ

پناہ مے پھر بارش متواتر ہوتی رہی ہے۔ ہر چند جھڑی لگ کر شدت گرمی کی فرو کرنیوالی بارش نہیں ہوئی مگر بہر حال جائے شکر ہے رمضان کے چاند میں اختلاف رہا آخر بدھ کا عزہ ثابت ہوگیا اور عید بلا خلاف جمعہ کو ہو گئی۔ الحمدللہ علی کل ذلک۔ میاں اسمٰعیل کو بعد سلام کے ان کے خوابوں کی تعبیر واضح ہو۔ یہ جو قبر میں سے چنگاریاں نکلنا اور اپنی پشت پر لگنا دیکھا ہے یہ تنبیہ اس بات کی طرف ہے کہ عذاب قبر جیسا تم نے دیکھا ہولناک ہے اور اس سے اپنے آپ کو بچانا چاہیئے۔ سورہ تبارک الذی بیدہ الملک کو رات کو ایک بار ہر روز وظیفہ کرنا عذاب قبر سے نجات دینے والا ہے پڑھا کرو۔ اور دوسرے خواب کی تعبیر یہ ہے کہ مردے مع ہمارے مسجد میں نماز پڑھ رہے ہیں انشاءاللہ تعالیٰ وہ لوگ مغفور ہوئے اور تم بھی ان کے ساتھ مغفور ہوئے اور خوبصورت عورت مع بچہ کے دنیا ہے اور اس کا پاؤں آلودہ قاسم کے کپڑے پر رکھ دینا اشارہ قدرے آلودگی دنیا سے ہے اور اس کا پھر چلے جانا بہت مبارک ہے کہ اس ناپاک سے اللہ نے نجات دی اور تیسرے خواب میں جو قبروں میں آگ جلتی اور دھواں نکلتے دیکھا وہ اول خواب کی مانند ہے اور تعمیر مسجد کے خیال سے اور تمنائے مال کے خیال سے اس کو کچھ علاقہ نہیں معلوم ہوتا ایک تنبیہہ غیبی ہے اور کنکھجورہ اور سانپ یہ مال دنیا ہے اس کا مار ڈالنا حاصل ہونا بوجہ حلال ہے کہ کچھ مضر نہ دے اللہ تعالیٰ رحمت فرما دے اور فراغت نصیب کرے فقط اپنے والد بزرگوار اور بھائیوں کو سلام مسنون پہنچاؤ اور برخوردار عبدالحق اور عبدالقیوم اور سب بچوں کو دعا عبدالحق کے پڑھنے سے جی خوش ہوا روان ہیں بھی انشاءاللہ تعالیٰ رواں ہو جاوے گا جب بچے آ گئے رواں آسان ہے عادت سے رواں کی مشق میں ذرا دیر لگتی ہے۔ اس کی تدبیر عمدہ یہ ہوا کرتی ہے کہ سبق کو حفظ سنے اور کچھ سورتیں یاد کرا دے تم خود اس کو پڑھانے ہو یہی اچھا ہے اسکول جانے سے کیا توقع نفع کی ہے صحبت وہاں کی بہت خراب ہوتی ہے جب اردو پڑھنی آ جاوے راہ نجات وغیرہ چھوٹے چھوٹے رسالے فقہ حدیث کے پڑھا دیجیو۔ میاں اولاد علی کو سلام پہنچے اب معلوم نہیں اُن کا کیا حال ہے۔ اطہر خاں صاحب ٹال والے اور سب احباب کی خدمت میں سلام

کہیو۔ ہم نے آگ جلانی سیکھی اور اس میں سے چند فوائد حاصل ہوئے آگ میں جلنے والی چیزیں تین قسم ہیں۔ ایک جیسے پھونس کہ جلے جلد اور بڑا شعلہ اُٹھے اور پھر چھائی ہو کر کچھ نہ رہے دوسرے پتلی لکڑی کہ پھونس کی نسبت کسی قدر دیر میں آگ کے اثر کو لے مگر پھونس کی طرح جلد بجھتی نہیں اس کی آگ دیر تلک قائم رہتی ہے۔ تیسرے موٹی لکڑی آگ بھی دیر میں قبول کرے اور آگ اس کی دیر پا ہو۔ حضرت شیخ عبدالقدوس رحمۃ اللہ علیہ نے بجواب حضرت شیخ جلال کہ انہوں نے لکھا تھا کہ مجھے دیر میں اثر ہوا تحریر فرمایا ہے آرے دیگ مرداں دیر پختہ می شود۔ یعنی اثر دیر میں قبول کیا۔ پھر اس کی آگ دیکھو آج تک بھڑک رہی ہے اور کتنوں کے گھر پھونک رہے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ پھونس ہو پھر چھوٹی چھپٹیاں پھر موٹی لکڑی۔ اس ترتیب آگ جلے تب کام نکلے۔ بہر حال اللہ کی رحمت بہت بڑی ہے۔ کوئی حال مایوسی کا نہیں ہے

ناامیدی را خدا گردن زدست که گنه مانند طاعت آمده ست

فقط کاغذ تمام ہوا اور نہ کچھ اور لکھنا باقی تھا۔ میاں علاء الدین نے اگر جواب لکھا غالباً جدا روانہ ہوا ان کے انتظار میں دیر کرنا فضول سمجھا فقط۔

مکتوب ۳۹ برادرم مکرم منشی محمد قاسم سلمہ ربہ۔ از محمد یعقوب نانوتوی بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرماویں۔ پہلے تمہارا خط متضمن خبر انتقال اہلیہ تمہاری کے آیا تھا چنانچہ جواب اس کا ان ہی دنوں روانہ کیا۔ اب ایک ضرورت سے تمہیں تکلیف دیتا ہوں کہ حاجی عبدالسلام کے متعلقین ان کے حال کی دریافت چاہتے ہیں اور ایک خط تمہارے پتہ پر روانہ کیا ہے اگر حاجی عبدالسلام کہیں پاس ہوں تو یہ خط ان تک پہنچا کر اور جواب حاصل کر کے روانہ فرمادیں۔ اور اگر کسی اور طرف گئے ہوں مناسب ہے کہ اس خط کو براہ ڈاک ان کے پاس لفافہ بدل کر روانہ فرمادیں اور ان کے حال قیام اور مقام سے مطلع فرمادیں اور اب احقر کا قیام دیوبند میں چندے اور ہے اگر پانچ چھ ماہ کے بعد منظور الٰہی ہے تو قصد عرب کا ضروری معلوم ہوتا ہے اگر سامان بن پڑا تو انشاء اللہ اس سال میں عازم ادھر کا ہوں گا تم بھی دعاء کیجئو کہ اللہ اس مشکل کو آسان کرے۔

فقط والسلام۔

مکتوب ۴۲ برادرم مکرم منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ کیجیں۔ تمہارا خط بعد رمضان کے جب میں وطن آیا تو مجھے ملاان دنوں کچھ ایسی طبیعت پریشان تھی کہ کسی کام کو جی نہ چاہتا تھا طوعاً وکرہاً مدرسہ کا کام شروع کیا بعداس کے یہ خط آیا اور تقاضائے جواب مسطور تھا۔ وہ خط پہلا تمہارا بہت دنوں تو جیب میں پڑا رہا مگر پھر کہیں کھوگیا مضمون بھی کچھ اس کا یاد نہ رہا۔ یہ خط جب سے آیا تھا بہت ارادہ تھا کہ جواب لکھوں گا مگر کشاکشی طبع وحشی اور ہجوم کاروبار سے یا مہلت نہ ہوتی تھی یا کاہلی لکھنے سے کرتا تھا۔ اب آج اتفاق سے یہ خیال آیا کہ کچھ لکھوں حال اس اطراف کا۔ قبل رمضان کثرت بیماری تھی مگر بحمداللہ میں بذات خود اچھا رہا اور اکثر متعلقین بیمار رہے اور اس سال میں بہت کچھ دست و پا مارے مگر کوئی سبیل سفر کی نہ بنی ناچار مدرسہ میں قیام کیا۔ اب پھر وہی جنون پختہ ہے اخیر برسات انشاءاللہ عزم سفر مصمم ہے اور اب کے بار کچھ فکر سامان اور قید کسی خیال کی نہیں اللہ تعالیٰ راست لاوے اور مولوی محمد قاسم صاحب اخیر محرم سال گزشتہ میں حج سے آئے تھے اور حضرت مخدوم پیرو مرشد مدظلہ کا شقہ بحکم قیام مدرسہ لائے تھے۔ بنابرآں نیت سفر ہرچند پختہ تھی مگر موقوف سامان پر رکھتا تھا کہ اگر ہوگیا تو جائے عذر رہے۔ مگر تقدیر الٰہی سے کوئی سبیل نہ ہوئی۔ اور کتابوں کے باب میں جو تم نے لکھا ہے بشرط یاد پھر کبھی اس کا جواب لکھوں گا اور پڑھنے کے لئے بعد قرآن شریف کے قلیل سی فارسی جس سے عبارت سلیس سمجھ میں آجاوے پڑھنی چاہیئے اور بعد اس کے صرف ونحو عربی اتنی جس سے عربی سمجھ میں آنے لگے۔ بعد میں پھر کچھ فقہ کچھ حدیث پڑھے اور اس زمانہ میں اردو میں اکثر دینیات کی کتابیں ترجمہ ہوگئی ہیں اگر فارسی عربی سے ہمت کوتاہی کرے تو کسی استاد سے ترجمہ قرآن شریف کا اور ترجمہ مشکوٰۃ کا اور ترجمہ کنز کا بہ تحقیق پڑھ لے علم دین اتنا بس ہے اگر اللہ توفیق عمل کی دے فقط اور مجھے چند بار خیال آیا کہ تم اینٹی میں روزگار تلاش کرو انشاءاللہ اللہ ترقی ہوگی اور امید ہے کہ روزگار ملجاوے کسی شخص کے وسیلہ سے

کسی حاکم سے ملاقات کرو اور اظہار کاردانی اور لکھنے پڑھنے کا کرو مجھے اللہ کے فضل سے یوں امید ہے کہ اگر اول کچھ امیدواری کرنی ہو یا قلیل تنخواہ ہو تو آخر میں بہت کچھ ترقی ہو گی اگرچہ یہ امر بظاہر ایک خیال خام ہے مگر خیال کرو کہ ساری دنیا خیال ہے فقط والسلام اور اب یہاں بیماری کثرت سے نہیں کہیں کچھ قلیل ہے اور نرخ بھی بہت ارزاں ہے۔ گیہوں ۲۵ ثار اور اسی قیاس پر سب چیزیں اور امید بڑھنے کی ہے۔ اور نصیحت کے واسطے موت کافی ہے اور غفلت کا سوائے ہوش کے کچھ علاج نہیں۔ ہر صبح صبح قیامت کا نمونہ ہے اور ہر شام شام عدم کی نقل ہے رات کو آدمی سوتا ہے مردہ کے برابر ہوتا ہے صبح اٹھتا ہے قبر سے سر نکالتا ہے کل کا کیا آج پھرتا ہے یہ تو یہاں موجود ہے آنکھ ہو تو دیکھے اور وہاں جو کچھ ہو گا اس کو سب کوئی دیکھیں گے آدمی کم ہمتی کو جواب دے اور آنے والی چیز کو آئی سمجھے اور جانے والی کو گئی ہوئی گنے اور کل کا فکر آج کرے فقط والسلام اپنے والد اور بھائیوں کو سلام کہیو۔ اجمیر کے دوستوں نے میرے لئے ایک علاقہ وہاں تجویز کیا تھا مگر مجھے پابندی یہاں کی اور خیال سفر مانع ہوا۔ اگر یہ صورت ہوتی تو تم سے ملاقات کی بہت اچھی صورت نکل آتی فقط محررہ ۵ صفر ۱۲۸۶ھ۔

مکتوب ۴۱ بخدمت منبع الطاف مجمع اعطاف مخزن اشفاق برادرم عزیزم منشی محمد قاسم سلمہ اللہ تعالیٰ والبقاہ بعد سلام مسنون اشواق مشحون کے معروض ہے۔ والا نامہ بعد مدت مدید پہنچا۔ بحمد اللہ تعالیٰ دریافت خیریت اس دیار سے حصول اطمینان ہوا۔ حال یہاں کا بحمد اللہ تعالیٰ مستوجب شکر ہے اس سال میں اس اطراف میں ہیضہ وبائی کی کثرت ہوئی خاص اس بستی میں بھی قریب دو مہینہ اس مرض کا زور شور رہا جس میں تین چار روز کمال شدت رہی مگر بچنے والے مرنے والوں سے بہر حال زیادہ رہے یہ ناکارہ مع جملہ متعلقین اس آفت سے محفوظ رہا۔ الحمد للہ علی کل حال۔ اور برخوردار امام الدین کا جو حال تم نے لکھا ہے یہ بخار غالباً چوتھیا مرکب ہے اگر تلی پر ورم ہو تو دلیل قوی ہے۔ بہر حال یہ دوا نہایت نافع ہے اس کو کھلائیو ترکیب دوا کی یہ ہے کوپل بیدانجیر یعنی ارنڈ اور نمک سانبھر دونوں مساوی اور آدھے وزن سیاہ مرچ ان سب کو باریک پیس کر بقدر کنار دشتی کے گولی

بنالیوے اور ایک گولی ہر دو وقت بعد کھانا کھانے کے اور جب وقت تپ کا قریب آوے تو بفاصلہ دو دو گھڑی کے تین گولیاں کھلا دیویں انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے استعمال میں یہ مرض بالکل رفع ہو جاوے اور کتاب مظاہر حق کے خریدنے سے خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ مبارک کرے۔ نول کشور کے چھاپے کی کتاب میں نے دیکھی نہیں مگر امید ہے کہ بہت غلط نہ ہو کام چل سکے گا۔ اور میاں غلام حسین کی تنخواہ کم ہو جانے سے رنج ہوا اللہ تعالیٰ روزی فراخ عنایت فرمائے استعفیٰ دینا مناسب نہیں کیا عجب ہے کہ بہر صورت ترقی کی ہو جاوے۔ یا مغنی گیارہ سو بار اور سورۂ مزمل گیارہ بار چند روز وظیفہ کرلیں اور احقر نے جناب مخدومی شاہ راج خانصاحب کی زیارت میرٹھ میں کی ہے نہایت بزرگ آدمی ہیں اور کمال متبع شریعت احقران کو اس زمانہ کے مستثنےٰ لوگوں میں سمجھتا ہے فقط ۲۱ ذی الحجہ ۱۲۸۹ھ۔

مکتوب ۴۲ مخزن اشفاق منبع اخلاق مکرمی منشی محمد قاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد سلام مسنون التماس ہے آپ کا خط مع استفتا آیا جواب کئی دن سے لکھا ہوا رکھا تھا فرصت خط لکھنے کی نہ ہوئی اس سے دیر ہوئی معاف فرماویں اور پہلا خط آپ کا طول طویل تھا اس میں کوئی امر ایسا جواب طلب نہ تھا اور چند روز یہی خیال رہا کہ خط لکھوں گا پھر بھول گیا حال اتصال ریل کا اجمیر شریف تک معلوم ہوا۔ کیا کیجئے قضا و قدر کے ہاتھ سب کارخانہ ہے اول تو قلت فرصت دوسرے ان دنوں کچھ دھن سفر عرب کی لگی ہوئی ہے شاید اگر وہ بر دئیے کار آیا سب حکایات خیالات غلط ہو جاویں گے ورنہ بشرط فرصت کبھی عزم انشاء اللہ تعالیٰ ادھر کا کروں گا۔ کیا کہئے اگر یہی راستہ بمبئی تک متصل ہوتا اسی جانب کو ارادہ کرتا جائے ناچاری ہے سب صاحبوں کی خدمت میں سلام پہنچائیو فقط۔

مکتوب ۴۳ برادرم مکرم منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ خط تمہارا تعزیت میں پہنچا اللہ تعالیٰ تم کو جزائے خیر دے تم نے حال مرض اس مرحومہ کا پوچھا تھا اول رجب میں کچھ خفیف بخار تھا کچھ علاج کیا کچھ نہ کیا تخفیف

ہوگئی تھی اخیر رجب بخار کی شدت اور یرقان ہوا اور کچھ صورت ورم معدہ کی بھی تھی اوّل شعبان بندہ علاج کی نظر سے نانوتہ گیا مرض کی شدت تھی علاج کرتا رہا کچھ تخفیف ہوتی تھی پھر مرض عود کرتا تھا اور بسبب حمل کے کوئی تدبیر کافی نہیں ہوسکتی تھی۔ دسویں کو بسبب امتحان کے بندہ دیوبند پہنچا بعد میرے بھائی نہال احمد صاحب کے گھر کی مستورات بنظر عیادت نانوتہ گئیں وہاں ان کی صلاح یہ ہوئی کہ اس کو ساتھ دیوبند لے آئیں یہاں علاج ہوتا رہا۔ ورم جگر اور ہاتھ پاؤں پہ ورم تمام ہوگیا۔ آخر شعبان میں مسہل دیئے کچھ تخفیف ہوئی ارادہ وطن کا تھا مگر ضعف کے سبب قصد نہ ہوسکا رمضان شروع ہوگیا تکالیف مرض کی کبھی کم کبھی زیادہ ہوتی تھیں بارھویں رمضان کو آٹھ مہینہ کا اسقاط ہوا ایک لڑکی پیدا ہوئی چھ پہر زندہ رہ کر مرگئی اسی شب کو اس کو بھی علامات ردی پیدا ہوئیں تیرھویں کو تمام روز بےچینی اور سوء تنفس میں کٹا چودھویں کی رات شام سے نبض ساقط ہوگئی۔ بعد نماز عشاء دس بجے قریب گیارہ بجے کے انتقال کیا صبح کو یہیں دیوبند ہی میں دفن کیا۔ اس کے تیسرے روز بندہ سب بچوں کو لے کر نانوتہ گیا اسی روز غالباً تمہارا خط آیا تھا یہ سبب تھا اس مضمون کا جو تم کو لکھا تھا۔ اور دیوبند میں قدیم سے ہم سے رشتہ داری ہے میری شادی میرے والد کے خالہ زاد بھائی کے ہاں ہوئی تھی۔ والدہ معین الدین کو اپنے باپ کے گھر سے بہت علاقہ تھا اسی کا یہ اثر تھا کہ یہیں انتقال کیا اور ماں باپ کے پاس دفن ہوئی فقط۔

مکتوب ۲۳ عزیز القدر گرامی شان طالب صادق عالی ہمت منشی محمد قاسم صاحب زاداللہ ذوقہ وشوقہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ تمہارا خط آیا میاں غلام حسین نے اچانک انتقال کیا اس خبر کو سن کر کمال افسوس وکلفت ہوئی اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت عام اور عنایت تام سے درجۂ عالی جنت میں دے۔ اعتبار خانہ کا ہے اور چھوڑ دینا رسوم کا بخوف الٰہی اس سے بڑھ کر اور کوئی عمل مقبول نہیں اس کے لئے بڑی عالی ہمتی چاہئے اللہ مغفرت فرمادے۔ اللہ ہم کو بھی ہوش نصیب کرے انا للہ وانا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ ان کے پسماندوں کو صبر کرامت فرمادے اور عافیت سے

زکھے بے شک ان کی والدہ کا حال جو ہو کم ہے۔ فرزند لائق تابعدار جوان اچانک یوں گزر جاوے خیر سوائے اس کے کہ ان کے لئے دعائے ثبات واستقامت۔ کی جاوے ان کو اس باب میں صبر دلانا[عہ] بھی غم پر برانگیختہ کرنا ہے۔ میاں لال محمد کے انتقال کی خبر سے اور طبع متوحش ہوئی ایسا سمجھ میں آیا کہیں اُس اطراف میں یہ صورت وباکی شروع ہوئی ہے یا کیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو بخشے نہایت عمدہ آدمی اور بڑے دوست اور علما کے خادم تھے انا للہ وانا الیہ راجعون فقط والسلام سب کو سلام کہنا کیفیت سالانہ مدرسہ کی تیار ہو چکی ہے اور روانہ بھی ہوئی پہنچ ہو گی اور کیفیت تعمیر اب تلک تیار نہیں ہوئی پہنچی ہو گی۔ اور کیفیت تعمیر اب تلک تیار نہیں ہوئی۔ اس سال میں بسبب کمی آمدنی کے تعمیر میں قرضہ بڑھ گیا ہے اللہ تعالیٰ امداد فرمائے۔ فقط

مکتوب ۴۵ مشفق ومکرم منشی محمد قاسم صاحب سلمہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمادیں آپ کا خط آیا تمام حال معلوم ہوا کیفیت مدرسہ اس سبب روانہ نہ ہو سکی کہ انتظار تیاری کیفیت تعمیر مدرسہ کا رہا وہ اب تیار ہوئی ہے اور تمہاری طرف سے تائید مد تعمیری میں ہوئی تھی اسلئے مہتمم صاحب نے بدون کیفیت تعمیر روانہ کرنا کیفیت سالانہ کا مناسب نہ سمجھا اب تمہارے محصول بھیجے ہوئے ہیں جسے نسخے دونوں کیفیتوں کے روانہ ہو سکیں گے آج روانہ ہوں گے آپ نے ایک بات پوچھی ہے کہ تدبیر حسن خاتمہ کیا ہے۔ بھائی بندہ کا سب کام مالک کے اختیار ہے سوائے اس کی التجا کے اور کیا تدبیر بن سکتی ہے اس کے در کا ملتجی کبھی محروم نہیں رہتا اور تم نے حال ایک علاقہ کا لکھا ہے اور مولوی عبداللہ کا حال پوچھا ہے وہ گلاوٹھی کے مدرسہ میں بیس روپیہ مشاہرہ پر مدرس ہیں اور وہاں خوش ہیں اور دوسرا بھانجہ میرا مولوی محمد خلیل سکندرآباد میں مدرس ہو گیا ہے۔ اولاد خاص میں سے میرے کوئی بچہ[عہ] کچھ پڑھا نہیں اور نہ لائق کسی کام کے قطب الدین

عہ قولہ صبر دلانا بھی الخ شدت صدمہ میں متعارف طریق سے قولاً صبر دلانا یہی اثر رکھتا ہے اسوقت عملاً صبر دلانے یعنی مغموم کو کسی شغل میں لگا دے جیسیں غم کا نہ ذکر ہو نہ فکر اور یہ مشورہ حضرت کے عالی درجہ کے حکیم ہونیکی دلیل ہے ۱۲ خطوط۔ عہ قولہ کوئی بچہ کچھ پڑھا نہیں۔ اسوقت تک ایسا ہی ہوگا ۱۲ خطوط۔

نئے کچھ ریاضی سیکھی شاید کوئی مدرسی دیہاتی مدرسوں کی مل رہے گی فقط

مکتوب ۴۶ منبع اشفاق والطاف مخزن اعطاف واخلاق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمادیں۔ خط تمہارا بنام بندہ پہنچا ادراک حال سے خوشی ہوئی بندہ بحمد اللہ تعالیٰ عرصہ پچیس روز کا ہوتا ہے کہ یہاں پہنچا در سفر خیر ختم ہوا۔ مزاج حضرت مخدوم العالم جناب حاجی امداد اللہ صاحب مدظلہ کا خوش وخرم پایا اور ایسے ہی چھوڑ کر روانہ ہوا اللہ تعالیٰ ایسا ہی رکھے۔ وباء مکہ بعد حج دو تین روز بشدت رہی مگر نہ ایسی کہ وہاں مشہور ہے بیس اکیس جنازے حرم میں آئے وہاں سینکڑوں کی نوبت ہوا کرتی ہے پھر تخفیف ہو کر موقوف ہو گئی۔ البتہ تپ ولرزہ قبل حج بھی اور بعد حج بھی رہا۔ ہمارے قافلہ کے بھی اکثر ساتھی مریض رہے مگر بندہ بحمد اللہ تعالیٰ اس سے بھی محفوظ رہا۔ البتہ بہ سبب قلت سامان اور اس لئے کہ اس سال کرایہ گراں ہوا بندہ مدینہ شریف کے سفر سے معذور رہا یہاں خدمت میں حضرت پیر ومرشد مدظلہ کی چند سے سعادت اندوز ہونا غنیمت جانا۔ پھر ہر چند تدبیر کی کہ صورت قیام میسر آئے مگر نہ ہو سکا ناچار بمعیت قافلہ روانہ ہو کر ویسا ہی وطن کو واپس پہنچا۔ اثنائے راہ میں جہاز میں طبیعت جناب مولوی محمد قاسم صاحب مدظلہ کی بہت بیمار ہو گئی تھی ایسا کہ ایک روز نوبت یاس پہنچ گئی گی مگر فضل الٰہی نے دستگیری فرمائی اور مرض رفع ہوا مگر ضعف ایسا ہو گیا ہے کہ اب تک طاقت نے بحالت اصلی عود نہیں کیا اب بھی ادنےٰ تکان سے حرارت ہو جاتی ہے۔ اب جناب مولوی صاحب وطن تشریف رکھتے ہیں۔ باقی سب امور بحمد اللہ بخیر وخوبی ہیں حال مدرسہ کا بدستور پایا البتہ قلت آمدنی کے سبب یہ تمام سال تنگی سے گزرتا نظر آتا ہے اللہ تعالیٰ دستگیری فرمائے تعمیر جاری ہے مگر بقدر ضرورت۔ اگر روپیہ کافی ہوتا اب تک تعمیر قریب ختم ہوتی۔ خیر جو اس کی مرضی وہی ہوتا ہے۔ تم نے حال روم وروس کا پوچھا ہے۔ عرب میں بہ نسبت یہاں کے کم خبر پہنچتی ہے وہاں کے لوگ اخبار کے شائق نہیں ترکوں کو عادت افشاء خبر نہیں البتہ کونسل انگریز جو جدہ میں رہتا ہے اس کی زبانی کوئی

خبر تار برقی کی جدہ سے مکہ میں پہنچتی تھی۔ اور اب یہاں بھی خبر کی پوری پوری امید نہیں فقط والسلام اپنے والد اور بھائیوں کو سلام اور بچوں کو دعا کہیو۔ میاں بھورے خاں کی تحریر دیکھی وعلیکم السلام۔ تم نے تعویذ کے لئے لکھا ہے یوں چاہیئے کہ مابین سنت و فرض وقت فجر کے سورہ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ لیا کرو۔ یہ وظیفہ دائمی ہے اور بعد مغرب سورہ واقعہ اور جب حاکم کے سامنے جاؤ واللہ المستعان علیٰ ما تصفون۔ اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر اور شہادت کی انگلی پر دم کر کے ماتھے پر الف کھینچ لو۔ اور افیون چھوٹنے کے لئے تھوڑی سی ہمت درکار ہے اور علاج یہ ہے کہ وزن افیون سے جو عادت ہو کسی قدر کم کرو اور اتنے وزن کچلہ کی گولیاں کھاؤ یہاں تک کہ افیون نہ رہے اور گولیاں اس کے قائم مقام ہو جاویں پھر ایک ایک گولی کم کرو کہ وہ گولیاں بھی چھوٹ جاویں اس ترکیب سے افیون بھی چھوٹ جاوے گی اور خلل بھی کچھ نہ ہوگا۔ ترکیب گولی کچلہ کی کچلہ کسی قدر لیکر کنوار کے پٹھے کے لعاب میں تر کرو اور لعاب کو ہر روز بدلتے رہو، چودھویں دن کچلہ کو چھیل کر گرم پانی سے دھو ڈالو اور ہموزن سیاہ مرچ پیس کر اور ہموزن مغز بادام کے ساتھ کوٹ لو جب کٹ جاوے لعاب کنوار پٹھہ ڈالکر کوٹتے رہو جب قابل گولی بندھنے کے ہو گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنا لو اور یہ گولیاں نزلہ کو بھی بہت مفید ہیں فقط ۸ ربیع الثانی ۱۲۹۵ھ۔

مکتوب ۴۷ مشفق و مکرم طالب صادق محب الفقرا منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہم۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں خط تمہارا آیا تمام حال منکشف ہوا اس خط کے آنے سے پہلے انتظار تھا کہ کیا وجہ ہے کہ اب تلک خط نہیں آیا۔ بعد تمہاری روانگی کے جناب مولوی محمد قاسم صاحب اتفاقاً تشریف لے آئے اور اب تلک تشریف رکھتے ہیں افسوس ہوا کہ اگر تم دو چار روز اور ٹھہر جاتے تو مولوی صاحب سے مل لیتے۔ خیر جو ہوا بہتر ہوا تم نے خط میں چند امور پوچھے تھے وہ خط کہیں گم ہو گیا اب جواب لکھتے میں بہت ڈھونڈا ملا نہیں۔ جو بات یاد ہے اس کا جواب لکھتا ہوں اور جو بھولا معاف فرمائیو اور پھر تکلف فرما کر لکھیو۔ تم نے اپنی مشغولی کا حال

لکھا جی خوش ہوا اللہ تعالیٰ استقامت نصیب فرمادے استقامت کرامت سے بڑھ کر ہے ورد و وظائف کی کثرت خوب نہیں ہوتی تھوڑی مقدار ہر چیز کی نبہ جاتی ہے اور زیادہ میں طبیعت اکتا جاتی ہے اور گھبرا کر چھوٹ جاتی ہے بارہ تسبیح شد و مد کے ساتھ کرتے رہو اس کے جاری ہونے سے امید نفع کی ہے۔ ذکر ارہ میں اللہ ہو جاری ہو تو خوب ہے یوں معلوم ہوا کہ انشاء اللہ تعالیٰ ذکر میں گرمی آنے لگی ہے اول ذوق شوق خوب ہوا کرتا ہے مگر بعد میں کبھی کچھ کمی ہو کر کیفیت گم سی ہو جایا کرتی ہے اس وقت مردانگی چاہیئے اور رحمت خداوندی سے مایوس نہ ہو۔ اور اپنے قصور پر معترف اور کام معمولی کتنا ہی گراں معلوم ہو پورا کرے ہاں خوب یاد آیا کہ ہر وظیفہ اور معمول میں ایک مقدار ضروری ٹھہرالو کہ وہ ہر حال میں کر لو اور وہ کبھی نہ چھوٹے اور ایک مقدار زائد کہ اگر فرصت ہوئی اور ذوق شوق ہوا کیا نہیں تو نہیں۔ مثلاً بارہ تسبیح معمولی ہیں اور اگر گرمی آ گئی اور ذوق شوق جوش پر ہوا بے تعداد یا تعداد سے اور زائد کر گئے ایسا ہی ہر وظیفہ کے لیئے مثلاً درود شریف کے لیئے سو بار ضروری گنو اور زائد کو موقوف وقت اور ذوق کے رکھو یا اور کم و بیش مقرر رکھو اور تم نے پوچھا تھا حزب البحر میں کہیعص کے اول میں جو انگلیاں بند کریں تو اس لفظ کو تین بار کہیں دو بار انگلیاں بند کر کے کھول دیں اور تیسری بار کے بند کئے ہوئے انصرنا فانت خیر الناصرین وغیرہ کے ساتھ ایک ایک انگلی کھولدے۔ اور تم نے یاد دلایا ہے کہ ایک کتاب در باب سلوک لکھی جائے۔ بھائی یہ کام شیخ کامل مکمل کا ہے یعقوب ناکارہ اب تلک مرتبہ طلب میں خام ہے سلوک اور وصول کس کا اور حضرات مشائخ رحمہم اللہ نے اتنی تصانیف فرمائی ہیں کہ کچھ حاجت نہیں رہی اور تاہم جو کچھ تم پوچھو گے اس کا جواب جو کچھ سنا سنایا بزرگوں کا ہے یہ عاجز لکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ چند عرصہ میں یہی مجموعہ ایک کتاب ہو جاوے گی اور صراط مستقیم تمام علم سلوک میں ایک کتاب تصنیف مولوی اسمٰعیل شہید کی ہے کہ ارشاد حضرت میر سید احمد صاحب کو بطرز عمدہ جمع کیا ہے وہ کتاب چھپ گئی ہے فقط حال بیاری کا یہاں بدستور ہے اگرچہ وہ زور شور نہیں مگر بالکل نجات بھی نہیں نرخ کا رخ بھی گرانی کی طرف ہے

اللہ تعالیٰ اپنے عاجز بندوں پر رحم فرمائے۔ باقی اور کوئی بات یاد نہیں آتی کہ لکھوں فقط والسلام اپنے والد کی خدمت میں سلام فرمائیو اور سب عزیزوں کو سلام تمہاری مطلوب کتابیں جب کوئی ہاتھ آئی روانہ کروں گا فقط اخیر ذیقعدہ ۱۲۹۵ھ

مکتوب ۴۸ | برادر دینی محب یقینی عزیز القدر طالب صادق منشی محمد قاسم زاد اللہ شوقہ وذوقہ باللہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمادیں۔ خط تمہارا آیا معلوم ہوا کہ میرا خط نہ پہنچا۔ تعجب ہے کہاں ضائع ہوا۔ اب اتنی گنجائش نہیں کہ چھٹی ساتویں تلک یہ خط پہنچے۔ زکوٰۃ حزب البحر کی دو ترکیبیں ہیں۔ اول ۳۶۰ دفعہ پڑھنا تین دن میں یا بارہ دن میں۔ اس میں اعتکاف اور احتیاط کھانے پینے کی اور پہننے کی شرط ہے جیسے ترک جلالی وجمالی کہتے ہیں ایک جنس غلہ کی بے نمک بے دودھ مٹھائی وغیرہ کھانا ہے اور کپڑا ایک مثل احرام کے اور ہر روز غسل مگر سردی میں سینکنا یا آگ پاس رکھنا مضائقہ نہیں ایسا ہی کمل رضائی وغیرہ اوڑھ لے یہ بھی ڈر نہیں۔ مگر اس کے لئے کوئی وقت معین نہیں گرمی کے موسم میں کرلے کہ یہ تکلف نہ کرنا پڑے۔ دوسری ترکیب خاص صفر کے مہینہ میں تین دن کا اعتکاف اور تین بار ہر روز پڑھنا۔ اس میں کچھ شرط نہیں البتہ کھانے میں، اگر ترک لذات یعنی نمک مٹھائی وغیرہ کرے بہتر ہے ضروری نہیں اور سبحان اللہ سوا لاکھ بار پڑھنے کے لئے جو کہا تھا غرض یہ تھی کہ تین دن اعتکاف کے جو دوسری ترکیب میں ہیں اسمیں پڑھنا حزب البحر کا تین بار ہوتا ہے باقی وقت فرصت کا ہے اس میں اس سبحان اللہ کو پورا کرے تاکہ وقت بیکار نہ جاوے اور رات کو کچھ جاگنا سونا معین نہیں اپنے معمول کی موجب سووے جاگے دونوں صورت میں اور تیسری صورت زکوٰۃ کی یہ ہے کہ مدام پڑھتا رہے برس دن میں زکوٰۃ ہو جاتی ہے حاجت اعتکاف وغیرہ کی نہیں اور یہ قاعدہ عام ہے جب حزب کو چند بار پڑھنا ہوتا ہے خواہ زکوٰۃ میں یا عمل میں ایکبار اشارات اور مکرر پڑھنا سب معمولی امور ادا کرتے ہیں باقی میں صاف بدون تکرار واشارہ وغیرہ کے پڑھ لیتے ہیں اور چراغ جلانے اور خوشبو جلانے کا کچھ مضائقہ نہیں اور ان ترکیبوں میں نہ حصار کی حاجت ہے نہ خوف رجعت کا ہے

اور نہ کسی قسم کی دہشت اور خوف انشاء اللہ ہو باقی تم نے فوائد سورۂ فاتحہ کے پوچھے یہ خصوصیت ہر حاجت دینی ہو یا دنیوی کے لئے مفید ہے اور سلوک میں معین ہوتی ہے اور درود ہر وظیفہ کے اول و آخر تین بار یا سات بار یا گیارہ بار پڑھ لینا بہتر اور افضل ہے اور یا حی یا قیوم کو بقدر ذوق بھر و ضرب سے کرے باقی کو ویسے ہی وظیفہ کے طور سے ادا کرے۔ جواب تمہاری باتوں کا پورا ہوا طالب حق کو ذکر و شغل کو اصل سمجھنا چاہیئے اور درود و وظیفہ کو اور زکوٰۃ عمل وغیرہ کو فرع۔ اگر بن پڑا کر لیا یا جیسا ہو سکا پورا کر لیا کیونکہ منظور رضائے مولا اور یہ اپنی خواہشوں کا علاج ہے فقط نرخ یہاں بھی گراں ہو رہا ہے ۱۱ آنار گیہوں ہے باقی غلہ اسی کے قریب ہے اللہ رحم کرے میر امداد علی جو یہاں آئے تھے تو اس زمانہ میں طبیعت جناب مولوی محمد قاسم صاحب کی بدرجہ علیل تھی وہ مولوی صاحب کے ملنے کے لئے گئے تھے۔ اور حکیم جناب مولوی رشید احمد صاحب تھے کہ احقر نے جب مولوی صاحب[1] بالکل صحیح و سالم ہیں نقاہت اب تلک باقی ہے۔ فقط ۳ صفر ۱۲۹۶ھ۔

مکتوب ۴۹ عزیز القدر گرامی شان طالب صادق بلند ہمت منشی محمد قاسم اطال اللہ عمرہٗ و زاد شوقہ باللہ۔ بعد ادعیہ وافیہ و سلام مسنون مطالعہ کریں خط تمہارا آئے ہوئے بہت دن ہو گئے اسی دن سے جیب میں ہے فرصت جواب کی نہ ہوئی جمعہ کو مہلت ہوتی ہے۔ پہلے جمعہ کو مظفر نگر جناب مولوی محمد قاسم صاحب کے دیکھنے کو گیا تھا۔ جناب مولوی صاحب کو ان کے ایک مرید بنظر علاج وہاں لے گئے ہیں اب طبیعت مولوی صاحب کی اچھی ہے کسی قدر کھانسی باقی ہے آج جواب لکھنے بیٹھا ہوں خدا کرے پورا ہو جائے۔ تم نے درباب زکوٰۃ حزب البحر چند امور پوچھے ہیں۔ اعتکاف کے لئے بعد عصر سامان کرے اور قبل غروب آفتاب بیٹھے مثلاً یکم ربیع الثانی روز سہ شنبہ ہے تو دوشنبہ کے عصر سے سامان کرے اور کچھ پہلے غروب آفتاب سے اعتکاف کی جگہ میں جا بیٹھے اور آخر اس کا وقت غروب آفتاب تیسرے دن یا گیارہویں دن ہوگا۔ تعداد معین تمام شب درود میں پورا کر لے مگر ایک سو بیس بار پڑھنے میں

[1] کی طبیعت کا حال پریشان تب ان کو بلا لیا تھا اب بحمد اللہ مولوی صاحب ...

فرصت نہیں ملتی کہ کچھ کہہ سکے بعد سونے اور حاجت ضروری اور وظیفہ معمولی قلیل ہی وقت سے اسے پڑھ کر بچے یا شاید نہ بچے جب ترک جلال و جمال باحتیاط ہے کھڑاؤں کھونٹی دار پہننے اور کتاب کا بعضوں نے مضائقہ نہیں سمجھا۔ تہ بند اور چادر خواہ ملی ہو یا جدا برابر ہیں مقصد یہ ہے کہ چادریں ہوں بشکل کفن سی ہوئی ہوں یا نہ ہوں۔ اور جانماز دوختہ کا کچھ مضائقہ نہیں۔ ایسے ہی بچھونا وغیرہ اور جائے مقرری اعتکاف میں ہی بیٹھے لیٹے سووے کیونکہ خلوت مقصود ہے بے ضرورت باہر نہ نکلے۔ جو وظائف و اوراد تم نے اختیار کئے بہت بہتر ہے اللہ تعالیٰ اور توفیق زیادہ دیوے۔ استقامت فوق ہے کرامت سے اور جب کبھی ادائے معمولی میں طبیعت بسبب دیر کے تنگ ہو نعمت الٰہی کا شکر کرو کہ حرج بہ نسبت کام کے کم ہے اور دوسرے تیسرے وقت اس کو ادا کر لو اور یہ سمجھو کہ عجز و خطا اور کمی و کوتاہی بندہ کی اصل اور خمیر ہے اور جو کچھ قوت یا درستی یا کمال یا ہمت ہوتی ہے یہ محض اس کا فضل ہے۔ ورنہ یہ خاک ناپاک کجا اور اس کا ذکر اسکی عبادت اس کی تابعداری کجا چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔ سورۃ فاتحہ اگر مابین سنت و فرض نہ ہو سکے بعد فرض یا بعد طلوع آفتاب پوری کرے اور یہ جو غلبہ نیند اور اونگھ کا لکھا ہے اس کا باعث کسی قدر زیادتی پانی پینے کی ہوتی ہے اور زیادہ کھانا بھی اس کا باعث ہے اگر چند لقمے کم کھایا کرو تو اچھا ہے

اور پانی پینے میں

ایک معمول کر لو کہ اس سے زائد نہ پیا جاوے اور رمشق اس کی بآہستگی اور دیر میں ہوتی ہے خشکی وقت ذکر کچھ مضائقہ نہیں اس کیلئے پانی کا استعمال نہ چاہیئے کہ مضر ہوا کرتا ہے اس کے لئے یہ تدبیر ہے اگر جہر میں پیش آوے تھوڑی دیر خفی کرتا رہے اور نشست کو بدل دے یا سکوت کر کے مراقب ہو بیٹھے جب طبیعت اصلاح پر آ جاوے جب پھر جہر کرے اگر اسوقت نہ ہو سکے دوسرے وقت پر رکھے اور اگر ذکر خفی یا مراقبہ میں پیش آوے تھوڑی دیر تامل کر کر چھوڑ دے۔ تم نے لکھا ہے کہ اتفاق گھی کھانے کا نہ ہوا، بھائی گھی پر موقوف نہیں خربوزہ یا تربوزہ یا کدو یا ککڑی کھیرے کے بیج یا مونگ پھلی یا بادام

یا اور کوئی مغز یا تیل تلوں کا یا جو چکنی چیز میسر آوے اور کھا سکو کھاؤ۔ تم نے تنگی معاش کی لکھی بھائی اس صابریہ خاندان کا یہ اثر ہے گھبراؤ مت، انشاء اللہ تعالیٰ خدائے کریم بہت کچھ عنایت فرمائے گا اگر کوئی ایسی نوکری میسر آوے جس میں مشغولی تھوڑی ہو کر لو۔ اس زمانہ میں اکثر کارخانوں کا حال ایسا ہی ہو گیا ہے مزدوری کم چلتی ہے بندہ بھی تمہاری کشائش کے لئے دعا کرتا ہے تم بھی دعا ہی کرو اور سب عملوں سے دعا کو افضل سمجھو یہ لطیفہ جو تم نے لکھا ہے کہ یا یہ دعا تھی کہ تیری رضا کے لئے دنیا اور سب کچھ ترک کیا اور یا یہ دعا کرنے لگا کہ نعمت دنیا اور آخرت عنایت فرما اور اس پر ہنسی آئی، بھائی یہ بظاہر مخالف ہے نعمت دنیا مال کی وسعت اور جاہ کی ترقی نہیں نعمت دنیا عبادت الٰہی بفراغ خاطر کرنا ہے اور نعمت آخرت جنت میں دیدار محبوب حقیقی سے مشرف ہونا ہے غرض ان دونوں میں کچھ مخالفت نہیں طالب حق جو تلاش روزی کرتا ہے یا روزی کی دعا کرتا ہے طالب روزی کا نہیں ضرورت کے سبب کرتا ہے بخلاف طالبین دنیا کے کہ انکا اصلی مطلب دنیا کا حصول ہے۔ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور یا حی یا قیوم برحمتک استغیث اور یا حی یا قیوم لا الٰہ الا انت اور آیت کریمہ یہ وظیفہ عام ہیں ہر حاجت دینی اور دنیوی اور برکت اور اعانت اور حفاظت کے لئے مؤثر ہیں دوام شرط ہے تسخیر مخلوق اور تسخیر سلاطین مطلوب طالب حق نہیں ہوتی اور اگر کوئی کسی غرض خاص دینی کے سبب طلب کرے اس کے لئے بھی یہی وظائف کافی ہیں اور تسخیر کا عمدہ نسخہ یہ ہے اگرچہ مشکل ہے جو شیخ سعدیؒ نے کسی بزرگ سے نقل کیا ہے ؎

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ
کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

تم نے یہ پوچھا ہے کہ حزب البحر کے روز پڑھنے میں کیا نفع ہے منافع اس کے یہ ہیں حفاظت بلایا سے نجات دشمنوں سے خاصکر غلبہ نفس و شیطان پر۔ تسخیر عام

عہ قولہ اس صابریہ خاندان کا۔ مراد تنگی سے زیادہ کشائش نہ ہونا ہے حضرت مرشدنا و مرشد عالمؒ کے اس ارشاد سے تعلق نہ رہا کہ ہمارے یہاں فاقہ نہیں ہے وجہ تعلیق ظاہر ہے کہ حد فاقہ تک تنگی مراد نہیں ۱۲ حظوظ۔

کشائش رزق ۔ دفع کید اعدا ۔ پناہ امراض ناکارہ سے غرضکہ بہت ہی کچھ منافع ہیں ۔
اور اس صورت پر برس دن کے وظیفہ میں زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے ۔ ہاں تم بعد نماز مغرب
یا بعد عشا سورۂ واقعہ ایک بار پڑھ لیا کرو امید کہ ہر بلا اور تنگی دور ہو فقط والسلام اپنے
بھائیوں اور والد کو اور سب احباب کو سلام کہو اور سب تم کو سلام کہتے ہیں ۔ مشفقی
جمعدار بھورے خاں سلمہ بعد سلام مطالعہ فرمادیں آپ کی تحریر دیکھی تعجب ہے کہ افیون
چھوڑی نہیں ۔ بھائی نامردی اور مردی میں ایک ہی قدم کا فرق ہے اگر اجوائن اور ارنڈ
کی کوپل اور دار چینی کی گولیاں یا سفوف استعمال کرو اور تھوڑا تھوڑا کم کر کے چھوڑ دو
تو ہو سکتا ہے یہ تو کام مدبر حقیقی کا ہے کہ تمہارے قلب میں نفرت اس رد سیاہ گندی
کی ڈال دے اور چھڑا دے یا یہ دو ہاتھ کو بند کر دے کہ کھانہ سکو اور تم نے پوچھا ہے کہ
ترقی کے لئے کوئی وظیفہ اور اپنے صاحبزادہ کی ترقی کے لئے ۔ ہمارے یہاں سورہ یٰسین
کا عمل اس بارے میں بہت مجرب ہے ترکیب اس کی جدا کاغذ پر لکھی ہے پڑھو انشاء اللہ
تعالیٰ ترقی ہوگی ۔ یا گیارہ سو بار یا مغنی اور گیارہ بار یا مغنی اور گیارہ بار سورہ مزمل کو
دائمی وظیفہ کرلو فقط ۱۰ ربیع الثانی ۱۲۹۶ھ ۔

ترکیب سورۂ یٰسین برائے کشائش رزق و حصول نوکری وغیرہ

اوّل گیارہ بار درود شریف پھر سات بار سبحان اللہ پھر سات بار استغفر اللہ پھر
اعوذ بسم اللہ کہکر سورت کو شروع کیا جب اول مبین پر پہنچے لفظ مبین کو سوائے لفظ
قرآن کے سات بار کہا ۔ مبین مبین مبین مبین مبین مبین مبین پھر بسم اللہ کہکر
اول سے سورت کو پڑھا اوّل مبین کو برابر پڑھ گئے اور دوسرے پر پہنچ کر اس کو سات
بار کہا پھر اول سے سورت کو پڑھا اور تیسرے مبین پر سات بار کہہ کر اول سے سورت کو لیا
پھر چوتھے مبین پر اس کو سات بار کہا اور اوّل سے لیا پھر پانچویں مبین پر سات بار کہہ
کر اوّل سے سورت کو لیا پھر چوتھے مبین پر اس کو سات بار کہا اور اول سے لیا پھر
پانچویں مبین پر سات بار کہہ کر اوّل سے شروع کیا پھر چھٹے مبین پر اس کو یعنی لفظ مبین

کو سات بار کہا اور اول سے سورت کو شروع کر کے پھر ساتویں مبین پر پہنچ کر اسکو یعنی لفظ مبین کو سات بار کہا اور اول سے سورت کو شروع کر کے آخر تلک پہنچا دیا سورت ختم کر کے سات بار سبحان اللہ سات بار استغفر اللہ اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا، کشائش رزق کی کرے اسی عمل کو ایک چلہ کرے اور ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں صورت روزگار یا ترقی کی ہو گی فقط۔

مکتوب ۵۰ مشفق و مکرم مخزن لطف و کرم طالب اللہ در طلب صادق منشی محمد قاسم زاد اللہ شوقہ و ذوقہ و عرفانہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں خط تمہارا آیا اور سب حال معلوم ہوا۔ اس دیار میں رمضان کے کچھ پہلے سے تا بقر عید بیماری کی کثرت رہی چنانچہ احقر بھی آخر رمضان میں بیمار ہو کر عید کو اچھا ہو گیا۔ پھر دہم عید الفطر کو بیمار ہوا قریب دو ہفتہ بیمار رہا پھر کبھی کبھی بخار کا دورہ ہوتا رہا۔ اثر ضعف کا اب تلک باقی ہے اب بحمد اللہ تعالیٰ ہر گونہ صحت ہے تمہارے خط کے نہ آنے سے زیادہ تر خیال بیماری کا تھا کیونکہ یہ بلا عام تھی۔ میاں دوست محمد سے تمہاری خیریت سنی رفع تفکر کا ہوا۔ تم نے افسوس نہ رہنے کا یہاں لکھا ہے۔ بھائی جو کچھ فیض بزرگوں کا ہے اس کے لئے کوئی جا اور کوئی زمانہ ضرور نہیں اولوں سے آخروں کو اور شرقیوں سے غربیوں کو نفع پہنچتا ہے اور واقعی فیض مفیض حقیقی کا ہے کہ وہ زمانی اور مکانی نہیں جو واسطہ ظاہری ہوتا ہے بے اعتبار محض ہے پرنالہ سے پانی آتا ہے پرنالہ ایک راہ ہے آسمان سے پانی چھت پر برستا ہے پرنالہ اس کا راہ ہے۔ اس سے بہتر اور مثال اس مضمون کی نہیں۔ اس بات سے بہت جی خوش ہوا کہ اپنے معمولات پر استقامت ہے استقامت کرامت پر فوق ہے شکر الٰہی بجالانا چاہیئے کہ شکر سبب مزید نعمت ہے۔ یہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ اس غنی مطلق نے اپنے ذکر کی توفیق دی کہاں یہ مشت خاک ناپاک اور کہاں وہ بارگاہ بلند از ادراک۔ جو کتاب تم نے لکھی ہے مخزن الانوار کبھی دیکھی نہیں غالباً توحید کے مضامین ہوں گے کیا مضائقہ ہے سب ایک وضع کی کتابیں ہیں ایک جلد ہو جائیں بہتر ہے۔ شب کے وقت کھلنے کا لحاظ رہا کرے

قدر سے کم کھایا جاوے اور دن کو قیلولہ کر لینا تھوڑا سا ضرور چاہیئے انشاءاللہ آنکھ
رات کو کھلے گی اور نماز قضا نہ ہوگی اور بعد مغرب چپ چاپ تنہا گھڑی دو گھڑی،
بیٹھنا ہر روز معمول کر لو۔ اور اگر چپکے جی نہ لگے آہستہ اللہ اللہ کا ذکر ضرب خفیف سے
یا بے ضرب یا اللہ مجرد کا ذکر کرتے رہے۔ عبدالقیوم کے پیدا ہونے سے خوشی ہوئی
اللہ تعالیٰ عمر دے اور موفق بخیر کرے۔ کیفیت مدرسہ اب کے سال بسبب حرج
بیماری کے اب تلک طبع نہیں ہوئی بعد طبع ہونے کے انشاءاللہ تعالیٰ روانہ ہوگی
ٹکٹ دو آنے کے پہنچے رسید ملفوف ہے۔ تم نے آنکھ کے لئے لکھا ہے اس کی آسان
صورت یہ ہے کہ مصری باریک سرمہ سا پیس کر رکھ لو ایک چاول بھر احتیاط سے
ناخونہ پر لگا دیا کرو چند روز میں ناخونہ انشاءاللہ تعالیٰ دفع ہو جاوے گا اور التزام
سرمہ لگانے کا آنکھ میں رکھو تاکہ آنکھ کو قوت ہو اور کوئی تیز دوا آنکھ میں مت لگائیو
اس سے اتنی نفع کی امید نہیں جتنا خوف ضرر کا ہے ناخونہ میں اکثر معمول تیز دواؤں کا ہے
فقط ملا عبداللہ صاحب اور میاں خواجہ بخش سوداگر کو سلام کہیئے۔ فقط میاں دوست
محمد صاحب کو بعد سلام مسنون فرما دیجیو کہ موافق تمہاری تحریر کے بندوبست کر دیا
اور مہتمم صاحب سے کہدیا اب امید ہے کہ کوئی تکلیف ان کو نہ ہو فقط مکرر میاں محمد
قاسم کو جناب مولوی رفیع الدین صاحب اور راحقر کی طرف سے معلوم ہو کہ میاں دوست
محمد کی تحریر خرچ بھیجنے کی طرف سے اطمینان دلاتی ہے اور میاں صدیق کی زبانی معلوم
ہوا کہ یہ امر دائم نہ ہو سکے گا اس لئے چندے خرچ آوے گا پھر ضرورت کھانا مقرر
کرنے کی ہوگی اسلئے مناسب ہے کہ یہ امر بے اطلاع میاں دوست محمد کے یا بعد انفصال
ان کے کے تحریر کرو تاکہ اس کا فکر رہے اور یہ فرما دیویں کہ میاں صدیق کو شرح مأتہ عامل میں
شریک کر دیا ہے اور فارسی میں زلیخا شروع کی ہے اور غوث کو صرف کی کتابیں شروع
کرائی ہیں فقط ۲۹ر صفر ۱۲۹۷ھ چہار شنبہ۔

مکتوب ۵۱ شفقتی مکرمی منشی محمد قاسم صاحب سلمہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرما دیں
تمہارا خط آیا بندہ میرٹھ گیا ہوا تھا۔ آکر خط تمہارا ملا جواب کی فرصت نہ ہوئی کئی دن

میں آج جواب لکھتا ہوں۔ تم نے وقت ذکر کے بلاحظہ کے لئے پوچھا کہ کیا کرے۔ اللہ حاضری اللہ ناظری کرے یا ہوالاول والآخر والظاہر والباطن کرے۔ اصل یہ ہے کہ ملاحظہ معین چیز نہیں ہوتی جو جیسا مناسب سمجھتا ہے مقرر کر دیتا ہے اگر عادت اول و آخر کی ہوگئی ہو وہی رکھو حاضر و ناظر کا فکر مت کرو۔ اور اگر جی حاضر و ناظر پر لگے اس کو کرو غرض اختیار ہے اور بدن کا کانپنا اور رونگٹوں کا کھڑا ہونا اور نعرہ کی آواز بے ساختہ حلق سے نکل جانا یہ اثر ذکر کا ہے۔ اگر فضل الٰہی شامل حال ہے سلطان الذکر پیش آوے گا اپنا معمول کرتے رہو فیض الٰہی دستگیری کرے گا اور مراقبہ جیسے کرتے ہو کرتے رہو۔ انشاء اللہ اس میں بھی کچھ معلوم ہونے لگیگا اگرچہ اب بے حاصل معلوم ہوتا ہے مگر فائدہ اس کا آگے کو ظاہر ہوگا تم نے سال انتقال جناب مولانا محمد قاسم صاحب مرحوم کا پوچھا ہے مولوی صاحب سہارنپور تشریف لے گئے تھے کسی قدر طاقت آگئی تھی وہاں دورہ معمولی صفرا کا ہوا اس میں درد ذات الجنب بھی ہوا جب خبر یہاں ہوئی اسی وقت جاکر لے آئے حرکت راہ سے درد نے شدت کی یہاں تلک کہ سانس بند ہوگیا ناچار فصدلی درد کو تخفیف ہوئی رات کو پھر درد نے عود کیا کچھ تدبیر کارگر نہ ہوئی جونکیں لگیں درد موقوف ہوا مگر حرارت میں کمی نہ ہوئی اگلے روز کچھ طبیعت اصلاح پر آئی ایک طبیب دہلی سے آئے تھے انہوں نے کوئی مفرح اور کوئی کشتہ دیا اس سے کچھ قوت کو نفع ہوا مگر بخار کی شدت ہوگئی پہلے ایک ہوا تھا اور اس کا نفع معلوم ہوا اس پر پھر مسہل کی رائے ہوئی مسہل دیا کچھ دن چڑھے تلک ہوش رہے دو دست آئے۔ دوپہر کے قریب بے ہوشی نے غلبہ کیا اور دست بند ہوگئے حرارت کی شدت تھی اسوقت شربت وغیرہ دیا نفع نہ کیا بلکہ نفخ ہوگیا اور بیہوشی ایسی ہوئی کہ نماز ظہر ادا نہ ہوسکی یہ منگل کا دن تھا شام کو حالت نزع کی سی ہوگئی مگر پھر سانس درست ہوگیا۔ یہ دورہ مرض کا تھا رات بھر وہی کیفیت رہی اور بدھ کا تمام دن یہی حالت رہی زبان بند ہوش مطلقاً مفقود البتہ سانس کے ساتھ پاس انفاس جاری جمعرات کی صبح کو پھر فصدلی سینگیاں لگائیں اقسام علاج کئے مگر کچھ نفع نہ تھا۔ بدھ کے روز تشنج ہوتا تھا آج صورت اس کی لرزہ کی سی ہوگئی آخر بعد ظہر قریب

تین بجے رخصت ہوئے ہم سب لوگ، نماز کو آئے تھے اندر اول زنانہ تھا پھر کچھ آدمی پہنچ گئے تھے کہ یکایک بلغم بول کر قے بلغم کی ہوئی اور سانس لمبا ہو کر منقطع ہوگیا جب ہی سے تجہیز و تکفین کا فکر کیا بعد عصر نماز جنازہ ہوئی بعد مغرب دفن کیا اور میرا حال کیا پوچھتے ہو یہ صدمہ جانکاہ ایک جہان پر ہے میں تو سخت دل سخت جان آدمی ہوں کسی کے مرنے کا رنج بہت نہیں ہوتا مگر اتنا غم کسی کا نہیں ہوا خلاصہ یہ ہے کہ اب زندگی تلخ ہوگئی۔ دو دن بعد جناب مولوی احمد علی صاحب کا انتقال ہوگیا کئی مہینے سے بیمار تھے یہ سہارنپور کے رہنے والے محدث فقیہہ مشہور تھے ہمارے استاد تھے بخاری مسلم کتابیں حدیث کی دہلی میں میرٹھ میں انہوں نے چھاپی ہیں نہایت مشہور بڑے عالم تھے اور مولوی عبدالحی صاحب لکھنؤ کے مشہور عالم ہیں مگر خبر انتقال ان کی غلط معلوم ہوئی مولوی لطف اللہ صاحب لکھنوی کا انتقال ہوا یہ دھوکہ ہوگیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون جہاں گذران جائے مقام نہیں آدمی کمر بستہ رہے جب کام درست ہو اللہ تعالیٰ استقامت نصیب کرے ۲۳ جمادالاول ۱۲۹۷ھ

مکتوب ۵۲ | مشفق و مکرم طالب صادق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ خط تمہارا پہنچا حال مولوی امیر علی صاحب کے تشریف لانے سے اطلاع ہوئی رائے حافظ قدرت اللہ شاہ صاحب کی درست ہے اکثر بزرگوں کو بمقتضائے بشریت رنج ہوا کرتا ہے مگر یہ امر چھپنا معلوم۔ اس سے اگر بطور معذرت اور ضرورت ذکر کر دیا جاوے بہتر ہے اگر راضی رہے اس سے کیا بہتر ہے اور اگر ناخوش ہوئے تمہارا کام ان کی طرف اعتقاد کو درست رکھنا ہے اور ہر امر کی تابعداری واجب و لازم نہیں مشائخ نے جو منع کیا ہے اس سے منع کیا ہے کہ ایک شخص کی رائے پر طریق ذکر و شغل اور تربیت سلوک کر رہا ہے اسی وقت میں دوسرے سے کچھ نہ پوچھے اور اس کا مضائقہ نہیں کہ بیعت کسی سے کرے اور سلوک کسی جائے پورا کرے اور پیر طریقت اور ہو اور پیر صحبت اور ہو۔ مشائخ نے بعد تکمیل بہت بہت بزرگوں کی خدمت میں رہ کر فیض حاصل کیا ہے ہاں کسی بزرگ سابق کی نسبت سوء عقیدت نہ جاوے

ورنہ کسی کی خدمت فائدہ مند نہیں ہوتی کیونکہ گھر ایک ہے وہ ہی مختلف ہیں اس ناکارہ کی رائے یہ ہے اور یہ ناکارہ رہزن نہیں اگر وہ بزرگ کوئی اور طریق ارشاد فرماویں یا کوئی فیض پہنچاویں مضائقہ نہیں فائدہ سے مطلب ہے کام ہو نام کسی کا ہو یا نہ ہو۔ اور بندہ کا نام کیا یہ کام سب بدست ہادی مطلق ہیں یھدی من یشاء الی صراط مستقیم تم نے درباب مراقبہ اور ملاحظہ جو لکھا ہے اصل ان سب کی خیال سے جمانا ہے تاکہ حدیث النفس خلل انداز نہ ہو اور تفرقہ نہ پیش آوے جتنی تصور سے طبیعت جمی رہے اتنے پر اکتفا کرو اور ان تصورون کا خیال اجمالی بس کرتا ہے اگر تفصیل سے کرے یہ خود طبع کو پریشان کر دیتا ہے اور پیش آنا کاہلی وغیرہ کا یہ آمد قبض کی ہے اللہ تعالی اس کے شر سے بچاوے حالت قبض میں ذوق شوق کم ہو جاتا ہے بلکہ گم ہو جاتا ہے اور ذکر کرنا گرانبار ہوتا ہے مگر علاج اس کا سوائے توجہ جانب مرشد اور کام کرتے رہنا اور کچھ نہیں اور لذت ہو یا نہ ہو جی لگے یا نہ لگے کام کرے بلکہ ہجوم خطرات اور حدیث النفس سے طبیعت کو نہ روکے تاکہ اس کے شغل میں کام نہ کر سکے تم نے پوچھا ہے کہ ضرورت میں لیٹ کر ذکر کرنا کیسا ہے۔ بھائی ؎

لنگ ولوک خفتہ شکل و بے ادب   تو بہر رنگے کہ باشی می طلب

ہر صورت ذکر کرے اور ہر حال میں ذکر الٰہی کرے مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ اگر سب آداب و تکلفات مقرری نہیں بنتے جو کچھ ہو سکے کرے اور ذکر کرے اور حزب البحر میں قرأت مصنف کی چاہے کچھ ہو یہ آیت قرآن ہے اپنی قرأت کے موافق پڑھنے میں آسانی ہے اور مقصود سب میں وہی ایک ہے اور تم نے حال ضعف دماغ وغیرہ کا لکھا ہے بھائی غریب آدمی کو مشکل ہے اگر کسی قدر دھنیا اور بادام اور خشخاش جمع کر کے کچھ شکر ملا کر بطور سفوف یا حلوا پکا کر کھاتے رہو بہتر ہے اور گندم بریاں چبانا ان کا حلوا بھی کر بنا کر کھانا مقوی دماغ ہے اور مجرب ہے اور عمدہ تدبیر یہ ہے کہ آواز ذکر کی کم کر دو تاکہ خشکی کم ہو اور درود شریف کا وظیفہ زیادہ کر دو تاکہ راحت قلب کو ہو۔ کدو کا کھانا مقوی قلب و دماغ ہے کبھی کبھی کھاتے رہا کرو۔ تمہارے

خط سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ اثر تپ کا ہوا اللہ تعالیٰ صحت دے۔ مسلمان کے لئے بیماری صفائی ہے اور گناہوں سے نجات ہے اللہ تعالیٰ عافیت نصیب کرے اس سے بڑھ کر اور کوئی نعمت نہیں بلکہ تمام نعمتیں عافیت سے ہی نعمتیں ہیں۔ عافیت، ظاہری جسم کا صحیح وسالم ہونا اور عافیت، باطنی گناہوں سے بچا رہنا ہے تاکہ کدورت قلب پیش نہ آوے اللہ تعالیٰ نصیب کرے اور ظاہری باطنی امراض سے شفاء کامل وعاجل عطا فرما دے فقط۔

مکتوب ۵۳ مشفق و مکرم طالب صادق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہم۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ تمہارا خط پہنچا پہلا خط جو آیا تھا اس کے جواب نہ لکھنے کے عجیب اسباب پیش آئے جب خط آیا تھا ان دنوں ایک ضرورت سے دہلی جانا ہوا پھر بہت دنوں کے بعد میرٹھ وغیرہ ہو کر یکم رمضان کو گھر پہ پہنچا۔ رمضان بھر چاند کے جھگڑے میں مختلف تحریرات کرنی پڑیں۔ غرض کہ بعد رمضان وہ خط جو اکثر وقت جیب میں رہتا تھا خدا جانے کہاں رکھ کر بھولا پھر خیال رہا کہ جواب لکھوں گا جو بات یاد آوے مگر اتفاق نہ ہوا فرصت بہت کم ہوتی ہے دن چھوٹے ہونے کے سبب اکثر لکھنا رہجاتا ہے رات کو لکھنا چھوڑ دیا ہے اور لکھنا کسی قدر دشوار بھی ہو گیا ہے دن کو بالکل فرصت نہیں اب تمہارا یہ خط آیا جواب لکھنے کے لئے کئی روز سے تہیہ کرتا تھا آج جمعہ ہے صبح سے کئی اور جواب لکھے اب تمہارے خط کا جواب لکھتا ہوں تم نے اپنی پریشانی بسبب جدا ہو جانے کے بھائی سے لکھی ہے۔ میاں یہ بھی بہت اچھا ہے یوں توفیق امداد کی ایک دوسرے کو ہے سبحان اللہ گھر پر تاؤ روزمرہ تنہائی میں خوب ہے۔ عورتوں پر کیا مدار ہے یہ زمانہ کا مقتضا ہے اب اجتماع کی صورت بندھی رہنی دشوار ہے اپنے فکر کی طرف سے جو حال لکھا ہے اس سے تشویش ہو گئی۔ بھائی رزق کے لئے کوئی ظاہری سامان قلیل سا کر لو۔ بہتر تو مزدوری اور ہاتھ کا کام ہے اگر یہ نہ ہو سکے کوئی مختصر سی نوکری کر لو۔ اور عرضی نویسی ہر چند مزدوری ہے مگر اسمیں احتیاط کرنی دشوار ہے ایسا کرو اگر کوئی اچھا آدمی تابعدار ملے کہ اس کو اپنا ساتھی اپنے قابو کا رکھو جو کام بے ڈھنگا دیکھا اس کو سپرد کر دیا ورنہ جو موافق شرع کے ہوا اس کو آپ

کرلیا اور اجرت تحریر پر لکھوا ور گھر کا فکر اگر جدا بھی ہو تو کیا کوئی تمہاری غیبت میں اتنا بھی نہ کر سکے گا کہ خبرگیری رکھے۔ اگر دورہ ہوا اور باہر گئے آخر والد تمہارے اور بھائی گھر پر رہتے ہیں۔ ایک خیال اور آتا ہے کسی سیٹھ کی نوکری کرلو یا کوئی شغل پڑھانیکا ہو وہ کرلو غرض کہ ایسی تدبیر کرو کہ بے فکری ہو جائے تشویش دور ہو ا ہوا اگر کچھ نہ بنے توکل بخدا صبر کرو اور بیٹھ رہو روزی دینے والا ایک طور پر مقرر نہیں کہ دے کوئی اور صورت ہوگی جس سے روزی مقدر ہے وہ ظہور کر آوے گی بالجملہ تشویش کو دور کرو اور منتظر لطیفۂ غیبی کے رہو تاکہ کیا ظہور کرے۔ تم نے لکھا ہے کہ اپنا کام معمولی ادا ہوتا ہے سبحان اللہ میاں ہم جیسے پریشان اوقات سے تو تمہیں اچھے استقامت کرامت سے عمدہ چیز ہے۔ اور جو شوق ملاقات کا تمہارے دل میں ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیا دشوار ہے وہ مسبب الاسباب ہے جب کبھی چاہے ارادہ کیجیو۔ اور ملاقات پر کیا موقوف ہے فیض خداوندی سب جائے پر یکساں ہے اور اس کے آگے سب جائے ایک نسبت وہ ہر جائے قریب ہے۔ بعد نماز مغرب گھڑی دو گھڑی چپ چاپ بیٹھ کر انتظار وصول فیض کرو کہ ایک نور بقدر دو شکل شعلہ چراغ جانب قبلہ سے میرے قلب کی طرف آتا ہے اور ہر روز بیٹھو خواہ جی لگے یا نہ لگے اور خواہ تصور بندھ سکے یا نہ بندھے بیٹھنا شروع کرو ترکیب اس حلوہ کی یہ ہے گندم بریاں کو پیس لو اور دھنیا صاف۔ تخشخاش۔ مغز بادام شکر سفید۔ روغن زرد۔ بطور حلوہ پکالو۔ اور اگر قدرے دانۂ الائچی کلاں۔ سونٹھ ملالو تو امید ہے کہ ہضم بھی خوب ہو اور نا خون کے لئے اگر مصری لگانا کافی نہ ہو سیاہ چوڑیاں کانچ کی کوٹ کر کھرل کرلو کہ سرمہ سا ہو جاویں اور کچھ درد راپن نہ رہے اس کو مصری کے ساتھ ملا کر لگاؤ تم نے کمل کے لئے لکھا ہے کمل اس مہم کابل کے سبب ایسے گراں ہوگئے ہیں کہ اب ان کا لینا فضول ہے چار پانچ روپیہ کو کمل اچھا لائق اوڑھنے کے آتا ہے میرے نزدیک اس سے اچھی بانات یا لوئی۔ اس سے اس کی تلاش موقوف رکھی سا اب مہم ختم ہوگئی اگر نرخ کچھ انداز پر آگیا تو خیال رہے گا کوئی مناسب کمل خرید ا جاوے گا۔ فقط ملا رحیم بخش صاحب کے انتقال سے افسوس ہوا انا للہ وانا الیہ راجعون

اس زمانہ میں کیا امید فلاح کی ہو اچھے لوگ برابر اٹھتے چلے جاتے ہیں اللہ مغفرت کرے اور ہم لوگوں کو توفیق نیک اور استقامت نصیب کرے فقط والسلام ترکیب حبس کی جدا کاغذ پر لکھی ہے اگر بن سکے کرو اللہ مددگار ہے ترقی ہوگی۔

ترکیب حبس ذکر میں حبس بہت مفید ہے کیونکہ دھیان ایک طرف رہتا ہے اور خطرات موقوف ہو جاتے ہیں اوّل دم کا روکنا اس کا طریق یہ ہے کہ سانس کو ناف سے اوپر کو کھینچے اور سینے میں لاکر روک رکھے اور زبان کو تالو سے لگا کر ذکر الٰہی تصور کرے دوسرے ذکر کا طریق یہ ہے کہ ذرا گردن داہنے مونڈھے کی طرف لاکر قلب پر ضرب کا اشارہ آہستگی کرے اور اس کو ایک گنے۔ تیسرے یہ عدد ہر روز ایک یا دو تین تک بڑھاتا ہے۔ چوتھے اگر اسم ذات کا حبس کرے اللہ کی تشدید اور مد کا خیال رکھے پانچویں جب عدد معین پورا ہو جاوے اگرچہ سانس پورا نہ ہوا ہو اور ابھی اور طاقت کشش کی معلوم ہوتی ہو بڑھاوے نہیں چھوڑ دے۔ چھٹے سانس جب چھوڑے باآہستگی چھوڑے ایسا کہ پاس بیٹھنے والے کو معلوم نہ ہو۔ اور اول تھوڑا تھوڑا سانس لے کہ پورا سانس لے اور دوسری بار جب شروع کرے جب سانس اپنی حالت اصلی پر آ جاوے اور اتنی دیر مراقبہ میں رہے۔ ساتویں وقت حبس کا بلکہ سب اشغال کا آخر شب بہتر ہے کہ نہ بھوک ہو نہ پیٹ غذا سے پر ہو۔ نہ کوئی کام فکر کا ہو اور اگر وہ وقت میسر نہ آوے بعد نماز صبح۔ اور پیٹ بھرے پر ہرگز نہ کرے اور نہ یا دتی کی ہوس نہ کرے۔ آٹھویں ہر روز دس سانس کر لیا کرے۔ اور سات سانس سے ہرگز کم نہ کرے۔ نویں زیادہ سردی سے اور زیادہ گرمی سے اپنے آپ کو روکے تھامکر وقت حبس اگر جی گھبراوے یا پیاس لگے جلدی نہ کرے نہ ہوائے سرد کا استعمال کرے نہ سرد پانی پیوے۔ ذرا ٹھہر جاوے۔ اور اگر ذوق وشوق ہو کچھ اشعار عشق خیز پڑھے۔ اور غذائے گرم سے بھی پرہیز کرے اگر اتفاق ہو کم کھاوے دسویں سانس کھینچے اور چھوڑنے میں منہ کو بند رکھے اور ناک سے سانس لے اور اور آہستگی کا دونوں میں دھیان رکھے۔ تم اگر اسی شغل کو کرو اول اسم ذات کیجیو۔ اور اوّل روز گیارہ بار کیجیو۔ اور ہر روز دو یا ایک بڑھائیو جب ایک تسبیح ایک سانس

میں ہونے لگے تب نفی اثبات کو شروع کیجیو۔ اور اگر فرصت اور ذوق ذلی ہوا ایک دو دم اسم ذات کا بھی کر لیا ورنہ نفی اثبات کرتے رہو جب یہ نوبت آوے کہ ایک سانس میں دو سو پورے ہوں تب مت بڑھائیو اور اس کو دوام کرتے رہیو۔ اور اب وقت سردی کا ہے اب سے شروع کرو گے تو گرمیوں کی آمد تک پورا ہو جاوے گا۔ سردی میں اس شغل میں پسینہ آجاتا ہے اور گرمیوں میں تو پسینہ میں نہا جاتے ہیں اسلئے لنگی باندھ کر اس موسم میں کیجیو۔ اور اگر آڑ بند کس لیا کرو گے تو اکثر آفتوں سے حفاظت رہے گی۔ اور وہ ضلع گرم بہت ہے اگر شدت گرمی میں جی گھبراوے تو عدد کم کر دیجیو مگر بالکل ترک مت کیجیو۔ اور جو کچھ کیفیت پیش آوے لکھتے رہیو تاکہ اس کے موجب لکھا جاوے اللہ تعالیٰ امداد فرمائے اور توفیق مزید دیوے۔ ہر کام میں دوام شرط ہے اور استقامت مثمر برکات اور کوئی بات معلوم ہو یا نہ ہو اس کی طرف کچھ التفات نہ کرو کام پورا کر لینے کو اصل سمجھو فقط یکم محرم ۱۲۹۸ھ۔

مکتوب ۵۴ برادر دینی طالب صادق عزیز القدر منشی محمد قاسم صاحب زاد اللہ ذوقہ وشوقہ باللہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں تمہارا خط آیا فرصت جواب کی نہ ہوئی اس سے دیر ہوئی معاف کیجیو۔ سانس روکنا ایسا چاہیئے کہ سانس کو حرکت نہ ہو اور سر کو قلیل ہلا کر ضرب تصور سے کرے اور شد و مد بھی تصور ہی میں رکھے اور تعداد ہاتھ پر بطور عقد انامل یا تسبیح پر کرنی چاہیئے تصور سے نہیں ہوا کرتی اور زبان تمام تالو سے ملی رہے اور منہ بھی بند رہے اور آنکھیں بھی بند رکھنا بہتر ہے جب سانس چھوڑے تب آنکھ کھول دے اور سردی گرمی سے بچانے کے یہ معنی ہیں کہ عین رقت شغل ہوا سرد میں نہ نکل آوے اور نہ ایسی بند گرم جگہ میں کرے جہاں ہوا کا مدخل بالکل نہ ہو اور علاوہ وقت شغل کے جو بہت سرد تاثیر رکھتے ہیں جیسے کافور وغیرہ استعمال نہ کرے باقی اور سرد چیز کا مضائقہ نہیں اگر حرارت قلب میں یا سر میں یا تمام بدن میں مثل تپ کے کبھی ظہور کرے یہ اثر ذکر کا ہے اسکے علاج کے درپے نہ ہو اور تبرید کا فکر نہ کرے اور گرم چیز جیسے بعضی دوائیں جو شدید گرم ہیں استعمال نہ کرے اور جو غذا گرم ہو

جیسے میتھی وغیرہ کم کھاوے۔ اس شغل میں اصل تاثیر اساک کی ہے مگر کبھی شدت حرارت
کے سبب کچھ خلل ہوا کرتا ہے اگر خدانخواستہ کچھ ہوا دیکھا جائیگا۔ اور مجامعت کا پرہیز
نہیں اور گرم و سرد پانی میں نہانے کا مضائقہ نہیں ہے۔ حلوہ میں اگر مقوی چیزیں ڈالی گیا
ڈر ہے موسلی وغیرہ۔ سیر بھر گیہوں ہوں تو تولہ بھر کافی ہوگی۔ ناخونہ کے علاج میں تھوڑی سی
کاچ قدر ہے اور مصری کوئی چہار چند ہو جو مرض دائمی ہوتا ہے اس میں پرہیز مشکل ہے
میاں اشعار دیوان حافظ اور مثنوی وغیرہ میں بہت۔ شعراء ہند میں سے خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ
کا سودا کا ذوق کا دیوان ہے کہ کچھ اشعار متفرق ہے بوقت شغل حبس تصور نفی کا یعنی تمام
وجود اشیاء کے نیست محض میں رکھنا چاہیئے اور اللہ ہی موجود ہے اور ہر جگہ حاضر۔ یہ تصور
رہے شغل اسم ذات کبھی سر کو قابل جنبش ... ی ہے۔ فقط والسلام فقط۔

مکتوب ۵۵ | برادرم طالب صادق شاغل باللہ مکرمی منشی محمد قاسم ... سلمہ ربہ د ابغہ الی
متمناہ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ کریں۔ تمہارا خط آیا تمام حال معلوم
ہوا عاشق کو شغل اپنے یار سے ہے دوسرے شغل میں کب اس کا جی پھنستا ہے مگر کیا کیجیئے
یہ بھی اس کے حکم اور اس کی رضا کے واسطے چار و ناچار جن کا حق ذمہ رکھدیا ہے جو کچھ بن پڑے
ادا کرنا۔ اگر کوئی سبیل معاش آسان سی ہو سکے کرو ورنہ توکل خدا پر کر کے بیٹھ رہو اس کے
فضل سے انشاء اللہ سب حوائج جاری رہیں گے مگر طمع کسی سے نہ رکھو اور امید بھائی باپ
دوست قریب سے قطع کر دو اور کسی طرف سوائے ذات پاک خداوند بھر رسانہ کر د۔ جو کوئی
کچھ کر دے یا دیدے اس پر بھی نظر نہ کرو اس کو بھی پرتو اعنایات مالک حقیقی کا گنو۔ جب زانو
سے تکان ہے اور قوی کا ضعف ہے مراقبہ کرو کام سے خالی نہ ہو۔

گئے دن باندھنے کے ٹکٹکی کے اب آنکھیں رہتی ہیں دو پہر بند

احقر بھی دست بدعا ہے کہ خدائے تعالیٰ اپنے محبت و ذکر اور الطاف و عنایات
نصیب کرے اور بقیام قوائے ظاہری و درستی ہوش و حواس کمالات مردوں کے
نصیب ہوں کام اپنے کا مدار افعال پر نہیں بلکہ رحمت پر ہے اور رحمت بے سبب ہے
یہ سب صورت سوال ہے اور کھٹکانا در کریم کا ہے ورنہ کہاں چال مور ضعیف اور کعبہ مقصود

بود مورے ہوسے داشت کہ در کعبہ رسد دست بر پائے کبوتر زد و ناگاہ رسید

کبوتر کیا ہے وہی عشق و محبت۔ طلب کام بندہ کا ہے عطا کام اس کا ہے اس درماندہ کو بھی دعائے خیر سے یاد رکھو۔ کہ عمر اخیر ہوئی اور قدم راہ مقصود میں نہ پہنچا ؎

سر راہ بیٹھے صدا ہے یہ اپنی کہ اللہ یاور ہے بے دست و پا کا

صاحبان ہمت کہاں کہاں پہنچے۔ یہ کم ہمت استخواں دنیا پر کتوں کی طرح چمٹ رہا ہے کیا کیجئے قسمت نہیں بدلتی جو نصیب ہے پہنچتا ہے۔ فقط اپنا حال مختصر طور پر لکھتے رہو نگرانی رہتی ہے ان بغدادی کے باب میں مختصر یہ ہے کہ یہ لوگ سائل ہیں اور طامع ان کا ٹالنا اور نرم جواب کفایت ہے۔ یہ خط کئی دن سے لکھا ہوا رکھا ہا روانہ کرنے کی نوبت نہ آئی منگل کے روز بضرورت تحقیق بعضے مسائل چاند کے ایک آدمی گنگوہ مولانا مولوی رشید احمد صاحب کی خدمت میں بھیجا تھا اور اس کو کہا تھا کہ سہارنپور ہو کر آئیو۔ جب وہ سہارنپور آیا وہاں سنا کہ ایک شخص سہارنپور کے رہنے والے اٹیہ سے آئے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ میں نے رمضان کا چاند بدھ کی شام کو اٹیہ میں بچشم خود دیکھا اور ان کے ساتھ ان کے بیٹے نے اور ان کے گھر کی عورتوں نے اور اس بستی کے اور آٹھ آدمیوں نے چاند دیکھا اور اسی بنا پر وہاں روزہ جمعرات سے شروع ہوا۔ آخر انہوں نے اور ان کے بیٹے نے یہ گواہی قاضی صاحب کے سامنے دی اور قاضی صاحب نے اس دن کو کہ ہمارے حساب سے ۲۸ تھا ۲۹ قرار دیا یعنی جمعرات کو۔ اور وہ آدمی اسی روز ریل میں پہنچا اور خط مہری قاضی صاحب کا احقر کے نام لایا بنظر احتیاط دو آدمی معتمد رات کو روانہ کئے انہوں نے قاضی صاحب اور میر جمیعت علی اور ان کے بیٹے شاہ علی سے خبر چاند کی پوچھ کر جمعہ کی نماز آ پڑھی اور تحقیق خبر دی اس وقت اعلان کیا گیا آج تیسویں ہے اور کل کو عید ہے شام کو باوجودیکہ کھلا تھا مگر مطلع میں قبل مغرب اور بعد مغرب ابر غلیظ رہا۔ دیوبند میں بھی چند آدمیوں نے چاند دیکھا مگر دیکھا نہیں یا شبہ رہا۔ مگر صبح کو اطراف دیہات سے خبر چاند کی متواتر آئی اور آج عید باتفاق جملہ مسلمانوں کے ہوگئی الحمد للہ فقط۔

مکتوب ۵۶ مشفق ومکرم منبع الطاف مخزن اشفاق طالب صادق واصل واثق منشی محمد قاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ واوصلہ الی متمناہ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرمادیں پہلا خط عزیز از جان کا پہنچا عجائب اتفاق سے ان روز دں میرٹھ جانا ہوا خط جیب میں رکھا کہ جواب لکھوں گا فرصت نہ ملی وہاں سے آیا قلت فرصت رہی چند بار ارادہ کیا مگر لکھنا نہ ہوا۔ یاد تمہاری اکثر رہتی ہے خطوط کے لکھنے کی ان دنوں ایک اور دشواری ہے رات کو لکھنا مدت سے چھوڑ رکھا ہے اور دن بہت چھوٹا ہوتا ہے کچھ مدرسہ کا کام باقی کاہلی۔ بالجملہ اب ضرور ہوا کہ جواب لکھوں۔ منی آرڈر پانچ روپیہ کا پہنچا حاجی سراج الحق آج وصول کر لائے کل انشاء اللہ تعالیٰ رسید اسی خط کے ساتھ روانہ ہوگی۔ اب جواب اپنے خط کا سنو۔ پہلے خط میں چند خوابیں تعبیر طلب تھیں ان میں ایک قید ہونا بجائے ایک لڑکے کے یہ لڑکا نفس امارہ ہے اور قید ثابتی دین پر ہے کہ بجائے اس کے خود اپنے اوپر آدمی یہ بوجھ اٹھاتا ہے اور وضو کا کرنا طہارت اور نہانا اور ناپاک پانی معلوم ہوتا آلودگی دنیا کی ہے کہ پھر اس سے بھی اللہ نے طہارت نصیب کی بہت عمدہ خواب ہے۔ ستاروں اور چاند کا دیکھنا یہ انوار ذکر کے ہیں مبارک ہے اور دروازہ بلند بنائے دین ہے اور اس کا رخ شرق وغرب کو جانب قبلہ ہے اور چشمہ جاری علم ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اب کام دین کا چل نکلا۔ جو کیفیات ذکر کی لکھی ہیں دوام توفیق مبارک ہو۔ اگر حبس میں دو سو سے قدرے کم میں سانس بدستور رہے کچھ کم کا التزام کرو اور پھر اگر بڑھ سکے بڑھاؤ ورنہ جتنا اچھی صورت سے ہو سکے اُتنا ہی کرنا بہتر ہے۔ اور جو کبھی نعرہ یا آواز بلند نکل جاتی ہے اس کا روکنا نہ چاہیئے جو بات غیب سے ہو اسمیں کیا عیب ہے اپنی طرف سے تکلف نہ کرنا چاہیئے۔ اور در باب معاش کے جو لکھا ہے۔ بھائی دینا اسی طرح اہل اللہ کو ملی ہے کہ کوئی ان کا بار اٹھانیوالا ہو جاتا ہے اپنا ہو یا بیگانہ تم کام کرو انشاء اللہ کام دنیا کے بند نہ رہیں گے اور یہی تو نکتہ ہے کہیں اللہ میاں اپنے ہاتھ سے کسی کو تھوڑا ہی دیتے ہیں جس کے ہاتھ سے چاہتے دلوا دیتے ہیں یہ پہلے خط کا جواب ہوا۔ اب دوسرے خط میں تم نے کوئی نئی بات کیا

لکھی ہے دیکھوں دو خواب اسمیں ہیں ایک اونچے مکان سے جہاں گرنے کا خوف تھا کسی بزرگ کی مدد سے نیچے اتر آئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بزرگوں کی پناہ میں ہر قسم کے مکروہات سے محفوظ رہو گے اور آفتاب کا نور نور مرشد و ہادی ہے جو ہر وقت مربی ہے دوسری خواب بچپانے ٹوپی کھال۔ یہ نفس امارہ ہے کہ درپے خرابی ہے اچھا کیا کہ اس کو کھانے کی طرف لگا دیا نفس کی خواہش کچھ پوری کر دینا اس کے تقاضہ سے چھوٹ جانا ہے دودھ فیض خداوندی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ بہت کچھ پہنچے گا۔ اور امید ہے کہ چشمۂ ہدایت تم سے جاری ہو اور بہت خلق کو تمہاری ذات سے فیض ملے اللہ کریم کی بارگاہ میں کیا کمی ہے اور اس کے نزدیک کیا مشکل ہے۔ یہ عاجز درماندہ دور افتادہ امیدوار دعا ہے اور جو کچھ تکلیف مخلوق کی طرف سے پہنچتی ہے لائق التفات نہیں۔ حال خلق کا یہی ہے آدمی اپنا کام کرے اور کسی سے کچھ غرض نہ رکھے۔ امامت عید کی اگر مخلوق کی طرف سے اصرار ہو کرو ورنہ ترک کر دو اور اس موذی کا کچھ خیال نہ کرو جو ایسی نیت کے آدمی ہوا کرتے ہیں مآل اکثر پشیمان ہوا کرتے ہیں اگر زیادہ کچھ اس کا شر ہو لایلاف ستر بار پڑھ لیا کرو انشاء اللہ وہ موذی دفع ہو جاوے گا وہ لکھنے والا خود برا ہے تم اللہ کے فضل سے سب سے اچھے ہو وہ نابینا لوگ ہیں تمہاری قدر کیا جانیں۔ جس کے آنکھ نہ ہو وہ معذور ہے۔ یہ حسن و جمال خوبرویوں کا اندھوں کو اس سے بھلا کیا فیض؟ بالجملہ تم ہرگز ایسے امور سے تشویش مت کرو اور بفراغ خاطر اور بکشادہ پیشانی اپنا کام کرتے رہو کسی کا کیا مقدور ہے کہ تمہارے درپے ہو ع

با دردکشاں ہر کہ درافتاد برافتاد

انشاء اللہ تعالیٰ وہ موذی ایسی پچھاڑ کھاوے کہ پھر پتہ نہ ملے۔ حاجی قدرت اللہ صاحب کے لئے ضیاء القلوب کا نسخہ طلب کیا ہے کل اس خط کے ساتھ ہی ایک نسخہ روانہ ہوگا خاطر جمع رکھو تم خود ان کو دیکھو۔ اور یہ جو ارادہ آنے کا جلسہ میں کیا اور پورا ن نہ ہوا اس کا کیا خیال ہے ع

دل را بدل رہیست درین گنبد سپہر

ملاقات ظاہری معتبر نہیں اسی کا اعتبار ہے فقط ۲۹ ر ذی الحجہ ۱۲۸۹ھ

مکتوب ۵۷ | منبع عنایات والطاف برادرم عزیز القدر مکرم معظم طالب صادق باللہ واثق قاضی محمد قاسم صاحب دام لطفہ۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمائیں۔ خط تمہارا آیا اور منی آرڈر للعہ کا پہنچا۔ رسیدیں مدرسہ سے روانہ ہوئیں پہنچی ہوں گی بندہ کو اتفاقاً جانا میرٹھ کا ہوا اس سے دیر جواب میں ہوئی۔ اور ضیاء القلوب پہلے روانہ کرنی بھول گئے تھے اب حاجی سراج الحق نے روانہ کردی ہے تم نے لایلاف کے اول و آخر درود شریف کو پوچھا ہے اکثر اعمال کے اول و آخر درود شریف معمول ہے۔ اور در باب اونگھ کے جو الفاظ غلط منہ سے نکلجاتے ہیں ہر چند آدمی ان میں معذور ہے مگر یوں چاہیئے کہ ایسے وقت میں اٹھ کر ٹہل لیوے نیند کو دفع کردیوے یا کچھ سکوت کر کر ذرا آرام لے لیوے اور لاالہ کہہ کر چپ ہو رہے کا کچھ ڈر نہیں اس لئے کہ لاالہ سے نفی معبود غیر حقیقی کی مراد ہے اگر اس پر سکوت کیا کچھ ڈر نہیں۔ اور حبس کے باب میں جو کیا بہتر ہے شغل وہی اچھا جس سے تکان ہو۔ تم نے حال شرح المذاہب کتاب کا پوچھا ہے یہ کتاب نہ میں نے دیکھی نہ سنی اور مصنف سے البتہ شناسائی تھی وہ کچھ اہل علم شمار نہ ہوتے تھے پیرزادہ تھے غالباً کتابوں کی نقل ہوگی زیادہ ان کو نہوں سے کیا آ گاہی فقط والسلام آخر محرم ۱۲۹۰ھ

مکتوب ۵۸ | برادرم مکرم طالب صادق داسل واثق منشی محمد قاسم صاحب دام لطفہ بعد سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ خط تمہارا پہنچا زکوٰۃ حزب البحر ادا کی اس سے بہت خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ توفیق نیک اور مزید عطا کرے اب وظیفہ مدام ایک بار روزانہ پڑھنا دعا کا لازم ہے اگر قضا ہو جاوے اگلے روز قضا کرے اور جو ترکیب وقت حاجت کے لکھی ہے ؎ خواب جو لکھا ہے بہت مبارک ہے۔ پہاڑ مقام شہادت ہے اور نیچے اترنا مقام عبودیت اور عجز ہے اور وقت عصر بہ آخری زمانہ کی طرف اشارہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ ترقی روز افزوں ہو اور آخر نہایت عمدہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ایسا ہی کرے فقط والسلام اور جیسے سبحان اللہ کو سوا لاکھ بار ختم کر لیا ایسے ہی کسی فرصت میں سوا لاکھ بار یا حی یا قیوم کو بھی ختم کر لو انشاء اللہ تعالیٰ موجب برکات ہوگا۔ اور حزب البحر کے

؎ اس کے لئے کوئی وقت متعین نہیں نہ کسی حاجت کی ہر حاجت کے لئے یہی صورت کافی ہے

طریق میں جو جو باتیں لکھی ہیں اب جس طور پر کرو گے انشاء اللہ تعالیٰ نفع ہوگا۔ اول نیت کشائش رزق اور ترقی باطن کی کرو اور کید نفس اور شیطان کے دور ہونے کی نیت رکھو فقط صفر سنہ ۱۳ھ۔

مکتوب ۵۹ | بخدمت عزیزم طالب صادق واصل واثق قاضی محمد قاسم صاحب دام لطفہ ذوقہ باللہ۔ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرمادیں۔ بعد مدت خط تمہارا آیا ہر چند معتمد علاقہ قلبی ہے اور یہ سب تعلقات ظاہری بے اعتبار مگر تاہم کبھی کبھی اپنا حال لکھتے رہا کرو مکان کی تعمیر کا حال معلوم ہوا جی خوش ہوا۔ اللہ تعالیٰ مبارک کرے اور موضع برکت و خیر اور جائے عبادت و تقویٰ کرے اور مدام آباد رکھے تم نے قطعہ تاریخ کو لکھا تھا ایک بے جوڑ سا مضمون تاریخ کے چار مصرعہ ہیں سر دست لکھا اب فکر شعر گم ہے اور طبیعت لگتی بھی نہیں اگر کبھی کچھ حسب حال کوئی بیت دو بیت ہوئے تو یاد کرنا اور لکھنا کہاں۔ بالجملہ وہ چار مصرعہ یہ ہیں ؎

میاں قاسم نے اپنے رہنے کو کیا مکاں یہ بنایا ہے انمول
پھر تاریخ یہ اشارہ ہوا ، برکت کی ہے جائے خوبی بول

اور آیت جدی کاغذ پر لکھ کر روانہ کرتا ہوں چاہو ہی یا کسی خوشنویس سے لکھوا کر چسپاں کرلو۔ اور حزب البحر کو تم نے پوچھا ہے ایکبار یا دوبار صبح و شام پڑھ لیا کرو اور سات بار بوقت کسی حاجت کے ہے۔ اور شغل کا دوام اللہ تعالیٰ مبارک کرے اور اپنی محبت و معرفت و تابعداری نصیب کرے اور مدارج قربت عطا فرماوے فقط آیہ۔ فاذا دخلتم بیوتاً فسلموا علیٰ انفسکم تحیۃ من عند اللہ مبارکۃ طیبۃ ط۔

مکتوب ۶۰ | منبع عنایات والطاف طالب صادق واصل واثق منشی قاضی محمد قاسم صاحب دام لطفہم۔ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمادیں۔ دو خط تمہارے پہنچے اور منی آرڈر مدرسہ کے لئے پہنچا۔ اول خط کا جواب قلتِ فرصت کے سبب نہ لکھ سکا اور ارسال قانون دکان اسلامی بھولا تھا اب دوسرے خط پر دو عدد قوانین دوکان تمہارے نام

عدد برکات بفتح با ۱۳۰۱ ملحوظ

مرسل کیئے ہیں۔ اس سال میں شروع دو ہزار روپیہ تھے اور اب دس ہزار کی رقم جمع ہو گئی ہے باوجود اس کے کہ کام جیسا چاہیئے پورا انجام نہ ہوا مگر حساب سے معلوم ہوتا ہے کہ صورت نفع کی ہے اخیر ذی الحجہ پر سب حساب پورا پورا ہوگا۔ اور اس سال سے انشاء اللہ تعالیٰ صورت ترقی دوکان کی لگائی جاوے گی۔ منی آرڈر مدرسہ میں وصول نہیں ہوا آج شاید وصول ہو رسید بعد میں روانہ ہوگی۔ کئی دن رسید کے انتظار میں خط لکھنے کا اتفاق نہ ہوا آج جمعہ ہے لکھا۔ مقدمہ مسجد کا امید ہے کہ بہتر ہو ایک استفتاء اجمیر سے بھی اس بابت آیا تھا وہی جواب ہے کہ روپیہ لگانے سے مسجد میں اختیار نہیں ہوتا جو اصل متولی مسجد کا ہو وہی مسجد کے کاروبار کا اختیار رکھتا ہے۔ انتظار اور نگرانی لگی ہوئی ہے اور دست بدعا ہوں مقدمہ کے حال سے مطلع کرتے رہو تم نے احقر کے ادھر آنے کی استدعا کی ہے معلوم ہے کہ فرصت معدوم ہے اور مدرسہ والے چھوڑتے نہیں مگر بہت دنوں سے طبیعت متوحش ہو رہی ہے جی سفر کو چاہتا ہے ارادہ ہے کہ اب کے محرم سے قید تنخواہ کی اٹھا دوں اور گزر توکل بخدا رہے اور محرم میں رخصت مدرسہ سے لے کر پندرہ بیس روز کے قصد سے اجمیر شریف کی طرف چلوں اور اسی ذریعہ سے نیا نگر بھی جاؤں آئندہ دیکھئے مرضی الٰہی کیا ہے اور ارادہ کس طور ظہور پکڑتا ہے فقط والسلام ۷ ذی الحجہ ۱۲۹۹ھ

مکتوب ۱۶۱ منبع عنایات و ارطاف طالب صادق واصل واثق منشی محمد قاسم صاحب رفعہ اللہ الی مدارج الکمال۔ بعد ادعیہ وافیہ و سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرمائیں نامۂ سامی پہنچا اور دوسرا خط کل پہنچا۔ مولانا صاحب ۲۸ صفر کو جہاز سے اترے دو روز ٹھہر کر قصد تھا غالباً آج یا کل اجمیر پہنچے ہوں۔ وہ خیال جو تم نے کیا وہ اور لوگ تھے سوار کپڑے کے کہ گاڑھے کا نرخ دو روپیہ جوڑی ہے یعنی ۱۲ گز یہاں کے گز سے قریب بائیس کچھ اوپر انگریزی گز سے۔ اور کوئی چیز لائق روانہ کرنے کے سمجھ میں نہیں آئی یہاں ابکی بار گڑ ارزاں ہے مگر لاڈوا اور اس کے اطراف میں دو روپیہ من ہے اور نانوتہ میں بائیس سیر فی روپیہ ہے مگر مال ناقص۔ اور نیل اڑھائی روپیہ

سیر یہاں بک رہا ہے۔ ارادہ ہے کہ کچھ تھان گاڑھے کے روانہ کریں اگر نفع نکلا پھر روانہ ہونے آسان ہیں جو باتیں تم نے پوچھی ہیں ان کے جواب۔ قواعد کا جو وعدہ کیا تھا وہ میرٹھ ہیں وہاں سے آویں تب روانہ ہوں اور نماز تہجد کی قضا مستحب ہے طلوع آفتاب سے دوپہر تلک ع

دل بدست آور کہ حج اکبر است

اس سے مراد دل اہل اللہ کا ہے احقر نے ایک رباعی میں یہ مضمون کہا ہے ؎

جسکو نہ سما سکا ہو یہ ارض و سما عہ   اس جائے ہیں کس طور سے وہ
گمنام یہ بھید اور کچھ ہے ورنہ   اک مضغۂ گوشت کی حقیقت ہی کیا

یہ ترجمہ ہے حدیث قدسی کا لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی عہ المؤمن یعنی نہیں وسعت رکھتا ہے میرے لئے میری زمین اور میرا آسمان مگر وسعت رکھتا ہے میری دل میرے بندہ مومن کا۔ مومن سے مراد کامل ہے اور یوں راحت رسانی ہر دل کی اچھی ہے یہاں تلک کہ کفار فجار اور سگ و خوک تلک۔ اور جو نعرہ نکلجانے کو لکھا ہے واقعی یہ اثر ذکر ہے مبارک ہو۔ بندہ نے بھی دیکھا تھا اس کو ہرگز مت رد کو اور خلق کی کیا شرم طالب دنیا کا کسی سے شرم نہیں کرتا طالب حق کیوں شرم کرے۔ حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ ایسی ہی جگہ فرماتے ہیں ؎

مے نوش و مے جوش و مے خروش   و ہیچ مفروش

عہ قولہ جس کو نہ سما سکا ہوا الخ دنعم ما قیل بالفارسیۃ ؎

پر تو حسنت نہ گنجد در زمین و آسمان   در حریم سینہ حیرانم کہ چوں جا کردۂ   ۱۲ محفوظ

عہ قولہ حدیث قدسی لا یسعنی الخ کتب تصوف میں اس کو حدیث باعتبار روایت بالمعنی کے کہدیا گیا ہے الفاظ حدیث کے مع سند یہ ہیں۔ فی شرح الاحیاء قد روی الطبرانی فی الکبیر فی حدیث عتبۃ الخولانی رفعہ ان اللہ تعالیٰ آنیۃ من اھل الارض وآنیتہ ربکم ومن شان الآنیۃ وسعھا لما فیھا فحصل المعنی قلوب عبادہ الصالحین واحبھا الیہ ارقھا وفی سندہ بقیۃ بن الولید وھو مدلس الکنہ صرح بالتحدیث فیہ وقال البیھقی اسنادہ حسن اھ ملخصًا کذا فی التخریج علی المثنوی ۱۲ محفوظ۔

نہ کسی کی طرف طلب قبول ہے نہ کسی سے خوف رد چاہیئے۔ یہ شروع سلطان الذکر کا ہے انشاءاللہ تعالیٰ ہر بن مو سے یہ شور جاری ہو جائیگا اور استقامت ہو جائے گی اور کسی کو خبر تلک بھی نہ ہوگی اور نور کا نہ ظاہر ہونا کچھ بات نہیں امید کہ ظاہر ہو گیا ہو یا ظاہر ہو جاوے ان چیزوں پر طالب کو نظر نہ چاہیئے۔ تمہارا حال الحمدللہ بہت اچھا ہے اللہ کا شکر ادا کرو اور کام میں چست رہو استقامت فوق ہے کرامت اور خرق عادت سے اور وہ بحمدللہ تعالیٰ تمہارے اندر موجود ہے بزرگوں کی برکت سے فیض پہنچاوے گا فیاض حقیقی کہ جو قوت ظاہری اس کو نہ اُٹھا سکے اس کا فضل ہی ہوگا کہ استقامت ہوگی اور اتباع شرع قائم رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ ناکارہ دعا کرے گا سوائے دعا اور کسی کام کا نہیں تمہارے قلب کی گرمی سے لذت اٹھاتا تھا اللہ تعالیٰ اپنے طالبوں کو اپنی طلب میں چست و چالاک رکھے اور مطلوب حقیقی تلک فائز فرماوے تم کسی طرف التفات مت کرو اور بود و نہ بود دیکھا جاتو کسی کی کوشش رائیگاں نہیں جاتی تمہاری کوشش بھی انشاءاللہ تعالیٰ رائگاں نہ جاوے گی۔ فقط چودھری رمضانی بعد سلام مطالعہ فرماویں۔ درود شریف اور استغفار سے بڑھ کر دین دنیا کا نافع کوئی وظیفہ نہیں، کوئی پانچ پانچ تسبیح دونوں کا وظیفہ مقرر کرلو اپیل کی خبر معلوم ہوئی دعا سے غفلت نہیں خبر اس کی لکھ بھیجو فقط والسلام مکرر یہ کہ کیفیت سفر چتوڑ کی حاجی قدرت اللہ صاحب کے خط سے واضح ہو چکی تھی جو ہوا بہتر ہوا احقر کا جی کچھ ادھر جانے کو نہ چاہا اور یہی بہتر تھا یہاں پہنچنے پر ایسا ہی سمجھ میں آیا۔ اب جناب مولانا رشید احمد صاحب کے تشریف لانے پر معاملہ احقر کا شاید طے ہو دیکھئے حضرت کا کیا ارشاد ہوتا ہے اور مولانا کیا فرماتے ہیں محرم اور صفر ایسے ہی گذرا میرے پیچھے میرے گھر والوں نے مدرسہ سے بے کر کچھ اٹھایا تھا اور کچھ پہلا قرض میرے ذمہ تھا شاید کل پچاس روپیہ ہو گئے ہوں۔ عادت قرض کی اول سے پڑی ہوئی ہے یہ ایک بلا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بچائے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ کام چلے گا اور مدرسہ سے لینے کی احتیاج نہ رہے۔ جب سے دیوبند آیا ہوں مدرسہ سے کچھ نہیں لیا اور کام چل رہا ہے۔ تم بھی دعا

کیجیئو کہ اللہ تعالیٰ استقامت نصیب فرماوے اور کسی آزمائش میں نہ ڈالے۔ ہم لوگ کم ہمت اور بے صبر ہیں اور تم نے لکھا تھا کہ شادی کی تاریخ ٹھہر گئی ہے اللہ تعالیٰ طرفین کو یہ شادی مبارک کرے کچھ بکھیر امت کیجیئو موافق سنت کے نکاح کردو اور اگلے دن ولیمہ کردو فقط ۲ صفر ۱۳۰۱ھ۔

مکتوب ۶۲ برادرم مکرم طالب صادق واصل واثق قاضی محمد قاسم صاحب دام لطفہ بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ کریں۔ خط تمہارا آیا اولاد علی کی خوابیں معلوم ہوئیں الحمد للہ اطفال طریقت کے لئے یہ ایک عنایت خداوندی ہوا کرتی ہے جس سے ان کا جی کام میں لگا رہے ہے۔ چاہیئے کہ ان کی طرف بہت التفات نہ کریں اور اپنے کام میں سرگرم اور مشغول رہیں۔ اور مشغولی ذکر اور مراقبہ کو لازم اور ضروری سمجھیں اور یہ جو خواب میں دیکھا ہے کہ بجلی مجھ پہ گری یہ اثر ذکر کا ظہور ہے اللھم زد فزد اور یہ جو دیکھا کہ سر تلوار سے کاٹ ڈالا یہ اشارہ دفع اوصاف ذمیمہ کی طرف ہے۔ اور نعرہ الا اللہ کا نکلنا ایسے وقت اور گریاں نا مبارک ہو اس سے بہتر آدمی کو اور کیا ہے کہ بوقت مرنے کے یاد خدا زبان اور دل سے ہو۔ الحمد للہ کا اثر ذکر کا شروع ہو گیا۔ اور جو کسی بزرگ نے ایک ہزار سورۂ اخلاص اور ہزار بار درود شریف فرمایا بہت بڑا وظیفہ ہے چند روز پڑھلو انشاء اللہ تعالیٰ نفع سے خالی نہ ہوگا۔ اور در باب اپنے بھائیوں کے جو لکھا ہے کہ میرا بتلانا بے سود ہے۔ تم نیابۃً بزرگوں کی طرف سے بتلادو جیسا میں بتلا رہا ہوں ورنہ میں خود لائق اس کام کے نہیں۔ یہ ایک خدمت ہے خیر تم ان کو کسی قدر دسو دکسی قدر استغفار پانسو بار یا ہزار بار یا کم و بیش جیسا ان سے دوام ہو سکے بتلادو اور ذکر یوں بتلادو کہ کام کے وقت دونوں حرکتوں کے ساتھ اللہ اللہ ضرب کے ساتھ کچھ تسبیح کر لیا کریں۔ یہ ان کو دکھلا کر سمجھادو اور ان کے ذکر کرتے کو دیکھ لو کہ موافق قاعدہ کے ہو انشاء اللہ تعالیٰ بہت نفع ہوگا۔ اور ایک بار سورۂ واقعہ رات کو پڑھ لیا کریں اور گیارہ بار سورۂ مزمل اور گیارہ سو بار یا مغنی اور مابین سنت و فرض فجر کے ورنہ بعد نماز فجر کے اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ لیا کریں

ان وظیفوں میں سے جتنا ہو سکے کریں۔ اور بعد نماز مغرب تم معہ ان سب کے مراقب ہو کر تھوڑی دیر تلک چند روز بیٹھو انشاء اللہ تعالیٰ فیاض حقیقی کی طرف سے بواسطہ بزرگان دین فیض پہنچے گا۔ اور اطمینان خاطر میسر آوے گا۔ اور یہ وظیفہ دونوں کو بتلا دو کہ بعد ہر نماز اور سوتے وقت آیۃ الکرسی ایک بار اور سبحان اللہ ۳۳ بار اور الحمد للہ ۳۳ بار اور اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھ لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ ظاہری اور باطنی کام پہ جی لگے گا اور مدد ہوگی۔

اور حال نماز عید کا معلوم ہوا تشویش تھی الحمد للہ یہ خرخشہ رفع ہوا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ ملاں کی عزت عوام کی نظروں میں کم ہو جاوے گی ایسا ہی ہوا اب وہ بے حیا ہے، جو اپنی بات کی پچ پر پڑا ہوا ہے خدائے تعالیٰ بڑا قوی اور غالب ہے امید ہے کہ کوئی لطیفہ غیبی ایسا ہو کہ یہ فتنہ بہت آسانی سے دفع ہو جاوے بارش کی اس اطراف میں بھی کمی ہے خاص دیوبند میں اور جگہ کی نسبت بارش زیادہ ہے مگر نرخ غلہ گراں ۱۶ اثار یہاں بھی غلہ ہے مگر یہاں کی تول انگریزی تول سے چھٹانک بھر زیادہ ہے اس حساب سترہ سیر ہوئے۔

عید کے چاند میں اب کے بہت اختلاف ہوا ہمارے اطراف میں کہیں شنبہ کی شام چاند نظر نہ آیا۔ بعض جا ابر قلیل اور بعض جا صاف تھا۔ اسلئے اتوار کو تیس ۳۰ پورے کر کے پیر کو عید کی۔

تم نے پوچھا ہے کہ اس وقت تنگی میں کیا کیا جاوے۔ اس وقت میں کثرت استغفار اور دعائے عفو زیادہ کرنی چاہیے۔ اور جتنا ممکن ہو ہر آدمی بقدر حیثیت تصدق کرے اور راضی قضا الٰہی پہ ہو۔ وہ حکیم مطلق ہے جو کچھ کرتا ہے وہی عین مصلحت ہے۔ ہم بیچارے نادان کیا جانیں کہ ہمارا بھلا کس صورت میں ہے اور اس دعا کو اکثر پڑھتے رہیں۔ اللھم مغفرتک اوسع من ذنوبنا ورحمتک ارجی عندنا من اعمالنا۔ یعنی یا اللہ تیری مغفرت بہت واسع ہے ہمارے گناہوں سے۔ اور تیری رحمت کی زیادہ امید ہے بہ نسبت ہمارے اعمال کے اور جو تنگی یا تکلیف پیش ہو

اس کو کشادہ پیشانی سے منظور کریں۔ اور کچھ جزع فزع نہ کریں۔ اور سمجھیں کہ ہم اس سے بھی زیادہ عتاب کے لائق ہیں اور ہر وقت التجا اور استدعا صبر کی کریں الٰہی تو نے ہی بلا بھیجی ہے اور تو ہی صبر عنایت فرما ورنہ ہم کیا اور ہماری قوت کیا۔

اور امید اللہ کے فضل سے یہ ہے کہ قحط کو امتداد نہ ہو جلد دور ہو جاوے آئندہ اس کی مرضی۔ اور یہ سمجھنے کی بات ہے کہ وہی رازق مطلق ہے۔ یہ نہ ایک طریقہ ہے اس طریق سے نہ دے کسی اور طریق سے رزق پہنچا دے سبحان اللہ کیا قدرت کاملہ ہے اس کی۔ غرض بندہ اپنے مالک کی طرف متوجہ رہے رزق کی کمی بیشی سے متغیر نہ ہو۔ رزق بہرحال ملے گا۔ اور اگر موت فاقہ سے مقدر ہوئی ہے تو اس کا ٹالنے والا کون؟۔

غرض کہ اسی قسم کے دھیان رکھے۔ اور تم نے جو حال برخوردار عبد القیوم کا لکھا ہے اس سے جی خوش ہوا۔ اللہ تعالیٰ سعادت اور خوبی نصیب کرے۔ اس بچہ کے اندر آثار خوبی کے معلوم ہوتے تھے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ایسا ہی کرے۔

فقط والسلام۔

مکتوب ۶۳ | بخدمت برادرم عزیز القدر گرامی شان واصل الی اللہ منشی محمد قاسم صاحب زاد اللہ فیضہ۔

بعد سلام مسنون اشواق مشحون مطالعہ فرماویں۔ اس سال جو عریضہ عرب کو حضرت مخدوم العالم جناب حاجی امداد اللہ صاحب مدظلہ العالی کی خدمت میں معروض ہوا تھا اس میں تمہارا ذکر بھی تحریر کیا تھا اور یہ استدعا کی تھی کہ حضرت کے نزدیک اگر مناسب نظر آوے ان کو اجازت سلسلہ پیران جاری کرنے کی ہو جاوے اور خلافت اسلاف کرام سے عزت بخشی ہو جاوے۔ چنانچہ اب جواب اس عریضہ کا حضرت نے تحریر فرمایا اور اجازت لکھی۔ عبارت مخدوم کی یہ ہے۔

میاں محمد قاسم نیانگری کا حال جو تم نے لکھا تھا معلوم ہوا کہ مرد نیک اور مستعد اذکار و اشغال میں ہیں۔ فقیر کو بھی

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اجازت دی جاوے اور ہدایت
کی جاوے کہ خلاف شریعت سے بچیں اور اپنے طالبین
کو مسائل فقہ ضروریہ اور تصحیح عقائد اہلسنت وجماعت
تعلیم کریں اور اوامر شرع کے اوپر مستقیم رہیں اور ممنوعات
اس کے سے بچتے رہیں اور حسب استعداد طالب کو ذکر
اور شغل تلقین کریں فقط انتہے بلفظہ۔

اب احقر تحریر کرتا ہے کہ اس خدمت کو اپنے حق میں نعمت عظمیٰ تصور فرمائیں اور اذکار واشغال میں بقدر طاقت وفرصت خود بھی مشغول رہو۔ اور جو کوئی طالب نام خدا کا ہو اس کو بھی تاکید کرد۔ عجب نہیں کہ رحمت الٰہی جوش فرمائے اور تمہاری بدولت ہم جیسے ناکارہ روسیاہ بھی فائز مقصود اصلی اور واصل مطلوب حقیقی ہو جاویں ؏

با کریماں کارہا دشوار نیست

فقط تاریخ جلسہ دستار بندی کی مدرسہ کی طرف سے اطلاع پہنچی ہو گی اگر گنجائش ہو تو ارادہ کیجیو اسمیں بزرگوں کی زیارت ہو جاوے گی اور ملاقات احباب سے جی خوش ہو جاوے گا اور یہ جلسہ قابل دید ہے۔ فقط والسلام

مکتوب ۶۴ ایک خط قاضی محمد قاسم صاحب کے ایک دوست نے قاضی صاحب کو دیا کہ اس کا جواب مولانا محمد یعقوب صاحب سے منگا دو اس لئے قاضی صاحب نے یہ خط مولانا کی خدمت میں بھیجا چنانچہ مولانا نے اس کو جواب مرحمت فرمایا پہلے اس خط کو نقل کر کے اس کے بعد مولانا کا جواب منقول ہے۔

نقل خط جناب مولانا محمد یعقوب صاحب دام عنایتکم

بعد سلام علیک کے معلوم ہووے کہ تاریخ ۲۲ ماہ ذیقعدہ ماہ حال کو بعد پڑھنے نماز ظہر میں سوتا ہوا تھا۔ خواب آیا کہ دہلی کی جامع مسجد میں باہر کے دروازہ پر میں کھڑا ہوا ہوں۔ منہ قطب رخ تھا پشت طرف جنوب تھی۔ میں نے وہاں دیکھا

کہ مسجد کے اندر سے پانی صاف ونفیس بہتا ہے اور طرف مغرب سے بہہ کر طرف مشرق کے جاتا ہے پانی ہردم ہر طرف سے جاتا ہے اور جو حوض ہیں ان کے اوپر ہو کر پانی برابر بہتا ہے دیوار شمال وجنوب کی چھوڑ کر در کے اندر سے پانی نکلتا اور برابر بہتا ہے فقط۔

جواب مولانا محمد یعقوب صاحبؒ

جامع مسجد دہلی اس کی یہ تعبیر ہے کہ دہلی ہندوستان کی دارالسلطنت اور اصل ہے اور مسجد جگہ دین کی"

اور جامع مسجد جو سب مسلمانوں کو عام ہو۔ پانی بہنا صاف شفاف ترقی باطنی اور ظاہری ہے۔ امید ہے کہ حالت ہندوستان کے مسلمانوں کی مبدل ہو۔ ظاہر میں بھی اور باطن میں بھی۔ فقط اور یہ فیض مغرب کی طرف سے آویگا۔

مزید | ان مکتوبات کے علاوہ ایک پرچہ خاص حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے دست مبارک کا تحریر فرمایا ہوا دستیاب ہوا جسکی پشت پر قاضی محمد قاسم صاحب مرحوم کی لکھی ہوئی ایک عبارت بھی تھی اول اس عبارت کو جو بطور تمہید کے ہے اور اس کے بعد حضرت کی تحریر کو جو بطور مقصود کے ہے نقل کیا جاتا ہے۔

تمہید | محرم ۱۳۰۰ھ میں حضرت مولانا مرشدنا صاحب غریب خانہ پر رونق افروز نیا نگر ہوئے برادر کریم بخش مرحوم کی تحریک سے آیات وغیرہ اکھاڑہ کی حضرت نے بدستخط شریف خود تحریر فرمائیں فقط محمد قاسم۔

مقصود | جب اکھاڑہ میں آوے یَا جَبَّارُ یَا قَہَّارُ یَا سَتَّارُ یَا غَفَّارُ۔ اور جب کثرت کا ارادہ کرے پڑھے یا قادر یا مقتدر یا علی یا کبیر۔ اور جب مقابل حریف کے ہو پڑھے۔ انا فتحنا لک فتحا مبینا یا حی یا قیوم جب وار دکھے کہے۔ اللہ اکبر نصر من اللہ و فتح قریب۔ جب پھری اٹھاوے کہے۔ یا مانع یا نصیر یا ظہیر یا ندیر۔ جب وار روکے پڑھے۔ بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ

شئی ۔ جب طمانچہ مارے کہے ۔ فضرب الرقاب ۔ جب ہنکی لگاوے پڑھے اللھم انصر من نصر دین محمد ۔ جب پالٹ مارے پڑھے ۔ سبحان اللہ القادر القاھر القوی ۔ جب الٹا ہاتھ مارے کہے ۔ قل ان الامر کلہ للہ ۔ جب پاؤں پر مارے پڑھے ۔ حسبی اللہ و نعم الوکیل ۔ جب دشمنوں کا خوف ہو پڑھے اللھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذ بک من شرورھم ۔ جب دشمن دعوے کرے پڑھے ۔ واللہ المستعان علی ما تصفون ۔ جب دشمن مقابل کھڑا ہو کہے ۔ ان رحمۃ اللہ قریب من المحسنین ۔ جب دشمن پر غالب ہو پڑھے الحمد للہ رب العلمین ۔ اور اگر مغلوب ہو پڑھے فصبر جمیل الحمد للہ علی کل حال ۔ جب ہول لگاوے پڑھے لاحول ولا قوۃ الا باللہ ۔ جب علم بناوے لکڑی پر پڑھے یا رفیع یا علی ۔ جب کپڑا لپیٹے کہے ۔ یا عظیم یا کبیر ۔ جب پھریرہ لگاوے پڑھے ان ینصرکم اللہ فلا غالب لکم ۔ جب علم اٹھاوے پڑھے ۔ لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون فقط ۔

خاتمۃ الحواشی

بعض کتب کی ایک خاص روح ہوتی ہے جیسے مثنوی معنوی کی روح دو مضمون ہیں توحید اور حب شیخ کما قال بنفسہ ؎

مثنوی من دکان وحدت است ہرچہ بینی غیر وحدت آں بت است

اور ثانی متمم ہے اول کا اسی طرح ان مکتوبات کی روح اضمحلال وجود ہے تعلیماً وحالاً بھی ۔ چنانچہ تمام اذکار واشغال مندرجہ مکتوبات کے ثمرہ میں اسی کی تصریح ہے اور ذوقاً وحالاً بھی ۔ چنانچہ ہر مکتوب میں حضرت کاتب کے قلم سے اس کے جو عنوانات صادر ہوئے ہیں ان کو پڑھ کر جسم وروح پگھلا جاتا ہے خود صاحب حال کا تو کیا حال ہوگا ؎

ساقی تر امستی سے کیا حال ہوا ہوگا جب تونے یہ مے ظالم شیشہ میں بھری ہوگی

میں بلا تردد کہتا ہوں کہ اگر طالب کی استعداد میں تھوڑی صلاحیت بھی ہو تو ان عنوانات سے جو فیض حالی اس کو پہنچے گا وہ غالباً فیض قال سے مغنی ہو جاوے گا۔ شروع میں یہ خیال تھا کہ حواشی میں رفع اشکالات کے ساتھ مسائل کی تحقیق اور تفصیل بھی کردی جائے مگر اسمیں تطویل ہوتی تھی اسلئے تھوڑی دور چل کر صرف مقصود اول پر اکتفا کیا گیا تاکہ اختصار کے ساتھ ضرورت پوری ہو جاوے ۱۲ محفوظ

تمہید بیاض یعقوبی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ۔ یہ نقل ہے ایک بیاض کی جس میں زیادہ حصہ لکھا ہوا دست مبارک حضرت استاذنا مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور کہیں کہیں دوسروں کے ہاتھ کا بھی۔ چونکہ ایسے مضامین کے اکثر حصہ میں احتمال غالب تھا کہ حضرت رح کی نظر انور سے گزرا ہوا ہے بلکہ غالباً حضرت کی فرمائش سے لکھا گیا ہے اسلئے اس کو بھی مکتوب تقریری کے حکم میں سمجھ کر باقی رکھا گیا اور امتیاز کے لئے ایسے مضامین پر (بخط غیر) کا لفظ بڑھا دیا گیا باقی جہاں کچھ نہ لکھا ہو یا بخط خاص لکھا ہو وہ سب حضرت کے دست مبارک کا ہے اشرف علی یکم جمادی الاوّل ۱۳۴۲ھ

نوٹ (۱) اس بیاض کے مضامین بطور کشکول کے مختلف مختلط تھے احقر نے ان میں ترتیب دے کر ان کو پانچ حصوں پر منقسم کر دیا۔ **حصہ اوّل تاریخیات۔ حصہ دوم علمیات۔ حصہ سوم عشقیات۔ حصہ چہارم عملیات۔ حصہ پنجم ادویات**

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی کمال جامعیت کا علم جن حضرات کو ہے وہ ان مضامین کی عظمت اور وقعت کو سمجھ سکتے ہیں بخصوص آخر کے دو حصے جن کی ضرورت عوام و خواص سب کو واقع ہوتی ہے اس مجموعہ کی عام مقبولیت کے لئے کافی ہے واقعی بات یہ ہے کہ ایسے عزیز ذخیرہ کا ہاتھ آجانا یہ منجملہ احسانات و آثار سخاوت مولانا حکیم معین الدین صاحب مرحوم خلف حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ ہے ورنہ ایسی چیز کو تو کوئی ہوا بھی

نہیں لگاتا۔

(۲) اس بیاض کے بعض مقامات شرعی ضرورت سے تنبیہ طلب تھے اور بعض مقامات مقتضی تصریح فوائد تھے تنبیہات و فوائد کو بصورت حواشی جن کا لقب سواد خوبی بر بیاض یعقوبی قبل سے تجویز ہو چکا تھا پیش کیا جاتا ہے۔

(۳) اس کے طبی حصہ کو احتیاطاً مولانا حکیم محمد مصطفےٰ صاحب مقیم میرٹھ کی نظر سے گزارنا گیا ہے کہیں کہیں حاشیہ کے طور پر کچھ فوائد حکیم صاحب نے بھی لکھے ہیں ان حواشی کا لقب بمناسبت اپنے حاشیہ کے لقب سواد کے میں نے مداد تجویز کیا ہے پس حواشی کے ختم پر کہیں لفظ سواد لکھا ہوا ملے گا۔ کہیں لفظ مداد فقط منتصف۔

صفر ۱۳۴۴ھ۔

بیاض یعقوبی

حصہ اوّل

تاریخیات

(یعنی واقعات تاریخی)

سواد خوبی بر بیاض یعقوبی یہ حاشیہ ہے بیاض یعقوبی کا جس کی حقیقت بیاض کی تمہید میں مذکور ہے۔

کیفیت سفر عرب[1] (بدست خاص) | یکم ماہ جمادی الاول ۱۲۷۷ھ مطابق ۱۵ر نومبر ۱۸۶۰ء یوم پنجشنبہ (کوئی کیفیت نہیں لکھی) ۲ر مطابق ۱۶ر جمعہ۔ آج انبہٹہ سے ہمشیرہ آئیں۔ ۳ر مطابق ۱۷ر شنبہ۔ آج خط اٹاوہ سے آیا ہنڈوی تیرہ روپیہ کی بھیجی۔ ۴ر مطابق ۱۸ یکشنبہ (سے) ۷ر مطابق ۲۱ر چہار شنبہ (تک کوئی کیفیت درج نہیں) ۸ر مطابق ۲۲ر پنجشنبہ۔ میں دیوبند گیا۔ ۹ر مطابق ۲۳ر جمعہ (کوئی کیفیت درج نہیں) ۱۰ر مطابق ۲۴ر شنبہ۔ دیوبند سے مولوی خورشید حسین صاحب کو ساتھ لے کر وطن آیا۔ ۱۱ر مطابق ۲۵ر (سے) ۱۳ر مطابق ۲۷ر (تک کوئی کیفیت نہیں لکھی) ۱۴ر مطابق ۲۸ر چہار شنبہ سواری زنانہ دیوبند سے آئی میری رخصت کے لئے۔ ۱۵ر مطابق ۲۹ر پنجشنبہ۔ نانوتہ سے

---

[1] قولہ کیفیت سفر عرب ہرچند کہ اس عنوان کے تحت میں ظاہر کوئی علمی مضمون نہیں محض تاریخی مضامین ہیں لیکن جو حضرات تاریخ کے افادہ کا درجہ جانتے ہیں وہ اس کی اہمیت کو سمجھ سکتے ہیں چنانچہ اس جدول سے یہ فوائد حاصل ہوتے ہیں ۱ مختلف مقامات کے حالات ۲ معاصرین کے بالخصوص بزرگوں کے باہمی تعلقات ۳ واقعات مختلفہ کے ازمنہ ۴ اس زمانہ کا اس زمانہ سے تفاوت وجوہ مختلفہ سے ۵ مقامات کی ترتیب تقدیم وتاخیر جغرافیائی ۶ بزرگوں کا طرز ۷ اشرت دمذاق جس کی تقلید خلف کے لئے موجب سعادت ہے ۸ بہت سے بزرگوں کے زمانہ کی تعیین ۹ بعض مزارات کے مقامات ۱۰ مختلف ومفید تجارب ۱۱ احقوق ومدد کے اہتمام اور سفر ار حضر استقامت علی الاحکام میں بزرگوں کا طریق را شالہامن الفوائد الجلیلۃ الجزیلۃ کما یستفہم من النظر فی ھذہ الجدول اور اسی طرح کے فوائد بعد کے موالید ووفیات میں ہیں جو اس بیاض میں سند کتب مشیہ تک درج ہیں۔ ۱۲ سواد

ڈیڑھ پہر دن چڑھے چلے بعد نماز ظہر رامپور میں مقام کیا۔ ۵ کوس۔ ۱۶ر مطابق ۳۰ جمعہ
رام پور سے چار گھڑی دن چڑھے چلے عصر کے وقت سہارنپور پہنچے۔ دس کوس عشاء
کے بعد حافظ عابد حسین مع سواری زنانہ دیوبند سے آئے ایک روپیہ کرایہ گاڑی از
رامپور تا سہارنپور۔ ۱۷ر مطابق یکم دسمبر ۱۸۶۰ء شنبہ۔ ہنڈوی اٹاوہ عـــہ ۱۱ر
کو فروخت ہوئی ایک روپیہ سائی کو دیا۔ لعـــہ کو گاڑی کرایہ ہوئی بشرکت مولوی
مولابخش صاحب بحساب پچہ دو حصہ ہمارے اور تین حصہ (باقی لفظ پڑھے نہیں گئے
اور سہارنپور میں مقام ہوا اور حافظ عابد حسین صاحب نے بسبب ہمارے مقام کیا
۱۸ر مطابق ۲ یکشنبہ صبح سے سامان لادنے اسباب اور سایہ کرنے چھکڑے کا کیا اور
گاڑیبان کو للعہ احقر نے اور چھ روپیہ مولوی صاحب نے کل دس روپیہ دیئے اور بعد نماز
ظہر چلکر سرساوہ میں دو گھڑی رات گئے مقام کیا۔ آردنی روپیہ ۹ ثار اور دال بھی اسی
بھاؤ یہ منزل سات کوس۔ ۱۹ر مطابق ۳ دوشنبہ سرساوہ سے بعد نماز فجر چلے ظہر کی نماز
جگادھری میں پڑھی آردنی روپیہ ۹ ثار ۸ کوس۔ ۲۰ر مطابق ۴ سہ شنبہ ڈیڑھ پہر رات
رہے جگادھری سے چلے راہ میں ریتی مارکنڈی کے طے کر کے نماز ظہر ملانہ میں پڑھی
۱۴ کوس۔ ۲۱ر مطابق ۵ چہار شنبہ۔ ملانہ سے پہر رات رہے چلے قریب دو پہر
چھاؤنی انبالہ میں پہنچے سب دوستوں سے ملاقات ہوئی وہاں سنا کہ مولوی مظفر حسین
صاحب کل رات تشریف لائے اور صبح روانہ آگے کو ہوئے اسی خیال پر وہاں سے
بعد نماز ظہر چلے اور شہر انبالہ میں مقام کیا وہاں اتفاقات سے راؤ عبداللہ خاں صاحب
اور راؤ فاضل بخش خاں صاحب اور راؤ امیر علی خاں سے ملاقات ہوئی اور کھانا مولوی
محمد تقی صاحب کے ساتھ کھایا۔ ۴ کوس۔ ۲۲ر مطابق ۶ پنجشنبہ۔ پہر رات رہے
انبالہ سے چلے اور دو پہر تیپارسی کی سرائے میں پہنچے حافظ عابد حسین صاحب ہمراہ
کر آگے کو روانہ ہوئے اور ہمارے گاڑیبان آگے جانے پر راضی نہ ہوئے۔ ۱۲ کوس
۲۳ر مطابق ۷ جمعہ۔ حسب معمول پہر رات سے چلے اور پڑاؤ سرہند میں کہ سڑک کے
کنارے شہر سے ایک کوس کے فاصلہ پر واقع ہے مقام کیا اثناء راہ سے میں زیارت

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے شہر میں گیا وہاں سے ہٹ کر حافظ عابد حسین صاحب سے ملاقات ہوئی وہ قافلہ سے مل کر ٹھہر رہے تھے اور مولوی محمد قاسم صاحب بھی۔ اور قافلہ روانہ آگے کو ہوا ہم سے ملاقات نہ ہوئی بعد نماز عصر اتفاقاً میاں غلام فخر الدین دہلوی ساکن حویلی خان ددراں خاں سے ملاقات ہوئی یہاں ریاست پٹیالہ کی طرف سے داروغہ مقرر ہیں میں ان کے مکان پر گیا اور اگلے روز بعد نماز ظہر رخصت ہوا۔ ۲۴ر مطابق ۸ر شنبہ سب ہمراہی حسب معمول رات سے چلے اور لشکری خاں کی سرائے میں مقام کیا اور میں قبل ظہر میاں فخر الدین سے رخصت ہو کر بسواری یکہ بعد نماز مغرب اسی سرائے میں سب کے آشامل ہوا۔ ۱۴ کوس۔ ۲۵ر مطابق ۹ر یکشنبہ حسب معمول کچھ رات سے چلے اور قبل دوپہر لدھیانہ پہنچے قافلہ نے مقام کیا تھا سب بزرگوں سے ملاقات ہوئی الحمد للہ علیٰ ذالک سب کو خیال کشتی کرایہ کرنے کا یہاں سے تھا مگر شام کو یہ رائے مخالف ہوئی اور ارادہ فیروز پور براہ خشکی مصمم ہوا مولوی محمد شفیع صاحب اور مولوی ابوالقاسم صاحب سے ملاقات ہوئی انہوں نے دعوت کی ۱۴ کوس۔ ۲۶ر مطابق ۱۰ر دوشنبہ۔ لدھیانہ میں مقام کیا اور قافلہ بعد نماز صبح روانہ آگے کو ہوا ۔ ۲۷ر مطابق ۱۱ر سہ شنبہ بعد نماز عشا لدھیانہ سے چلے اور قبل دوپہر پڑاؤ جگراؤں پہنچے یہاں سے شہر جگراؤں متصل ہے معلوم ہوا کہ قافلہ بعد نماز مغرب یہاں پہنچا اور صبح روانہ ہوا ۔ ۱۷ کوس ۲۸ر مطابق ۱۲ر چہار شنبہ۔ آخر شب چلے اور قبل دوپہر پڑاؤ مینان میں پہنچے ۔ حافظ عابد حسین صاحب بعد نماز صبح چلے اور ہم سے کچھ دیر بعد پہنچے یہاں بھی قیام قافلہ معلوم ہوا اور روانگی ۹ کوس ۔ ۲۹ر مطابق ۱۳ر پنجشنبہ۔ بعد نماز عشا چلے اور قریب دوپہر پڑاؤ کھل میں پہنچے یہاں بھی معلوم ہوا کہ قافلہ شب باش ہو کر روانہ آگے کو ہوا۔ ۲۱ کوس۔ ۳۰ر مطابق ۱۴ جمعہ -- آدھی رات سے چلے اور کچھ دن چڑھے فیروز پور پہنچے ہم لوگ شہر کی سرائے میں ٹھہرے اور معلوم ہوا کہ قافلہ کے لوگ مختلف مکانوں میں ٹھہرے ہیں سب بزرگوں سے ملاقات ہوئی اور نماز جمعہ ادا کی ۹ کوس ۔

یکم جمادی الثانی مطابق ۱۵ ار شنبہ۔ صبح بعد نماز میں مع مولا بخش صاحب کشتیوں کے دیکھنے کو گھاٹ پر گئے۔ وہاں سے ہٹ کر کوئی ایک کوس آئے تھے کہ مولوی نورالحسن صاحب و مولوی مظفر حسین صاحب سے جو وہاں ہی جاتے تھے ملاقات ہوئی ان کے ساتھ پھر واپس گئے اور ظہر کی نماز وہیں دریا پر پڑھی بعد اس کے شہر کو آئے عصر کی نماز راہ میں پڑھی دریا فیروزپور سے پانچ چھ کوس ہے ۲ر مطابق ۱۶ ار دوشنبہ۔ خطوط وطن کو لکھے اور سامان سفر کا تہیہ کیا آٹا چاول دال خرید کیا ۳ر مطابق ۱۷ ار دوشنبہ صبح سے ارادہ دریا پر چلنے کا کیا کھانا کھا کر اسباب لادا اور بعد نماز ظہر کچھ دیر بعد چلے بعد مغرب دریا کے گھاٹ کنڈھو نامی پر پہنچے اور رات وہیں گزاری سردی نہایت ہوئی ۴ر مطابق ۱۸ ار سہ شنبہ۔ تفریق کشتیوں کی اور سواریوں کی جب کی تو نہایت تنگی معلوم ہوئی اسی سبب سے ہمارے رفقاء نے بشرکت بعض اہل قافلہ ایک اور کشتی کرایہ کی (باقی عبارت نہیں پڑھی گئی) اعے ۔ ۵ر مطابق ۱۹ ار چہار شنبہ۔ تیاری چھپر بندی وغیرہ اس کشتی کا ہوا اور سب اہل قافلہ نے تینوں کشتیوں میں اسباب لادا اور سوار ہو کر ہمراہی اس کشتی کے ہوئے عصر کے وقت کشتی تیار ہوگئی اور نصف شب تک اسباب لادا اور کشتی ہی میں سو رہے۔ ۶ر مطابق ۲۰ ار پنجشنبہ۔ صبح کی نماز کے بعد ترتیب اسباب کی کی اور قبل ظہر کشتی کھلی نماز ظہر کشتی میں پڑھی اور ایک کشتی ان کشتیوں میں سے ہمارے ساتھ ہوئی اور دو کشتیاں مولوی مظفر حسین صاحب و مولوی نورالحسن صاحب کی بسبب غائب ہونے ملاحوں کے گھاٹ پر رہیں۔ عصر کے وقت کنارہ مغربی پر نزدیک ملاحوں کے گاؤں کے گھاٹ سے بفاصلہ دو کوس کے مقام کیا رات بھر وہیں رہے نام گاؤں کا ابیلیے ہے اور ہمارے ملاح شامی نام کا وطن ہے شامی اپنے گھر رہا اور اس کا بھائی گاما نام ہمارے ہمراہ ہوا۔ ۷ر مطابق ۲۱ ار جمعہ کھانا کھا کر صبح کا اور حاجی جی کی کشتی روانہ ہوئی اور وہ دونوں کشتیاں باقی بھی نظر آنے لگیں اس لئے قصد چلنے کا کیا ظہر کے وقت مقام کیا دریا کے کنارہ امروٹ شہر سے بفاصلہ (عبارت کٹ گئی) اور چاروں کشتیاں اکٹھی ہوگئیں ۵ کوس چلے۔ ۸ر مطابق ۲۲ ار شنبہ صبح کی نماز

پڑھتے ہی کشتیاں کھلیں۔ہم نے کھانا کچھ رات سے پکار کھا تھا کشتی میں بیٹھ کر کھانا کھایا
راہ میں ریتے بہت آئے اس سبب سے کشتیوں کے چلنے میں حرج ہوا عصر کے وقت
مولوی مظفر حسین صاحب نے ایک گاؤں پنجڈانوں کے قریب لنگر کیا اور ہماری کشتی
اور حافظ عبدالسمیع صاحب کی کشتی بھی وہیں آٹھہری اور مولوی نورالحسن صاحب کی
نہ پہنچی وہ راہ میں پھنسے رہے شام تک انتظار رہا دس کوس چلے۔ ۹ر مطابق ۲۳ر
یکشنبہ۔صبح کی نماز کے بعد مولوی مظفر حسین صاحب مع چند آدمیوں کے واسطے تلاش
حال کشتی مولوی نورالحسن صاحب کے روانہ ہوئے کہ اتنے میں کشتی نظر آئی اور اس کے
پہنچتے ہی سب کشتیاں چل نکلیں اور آج کشتیاں پاس پاس رہیں راہ میں ظہر کے وقت
ایک گاؤں کے قریب لنگر کیا اور سب ملاح کشتی والے گاؤں میں گئے گوشت خرید
کر کے لائے عصر کے وقت وہاں سے چلے اور قریب مغرب لنگر کیا۔ ۱۰ر مطابق
۲۴ر دوشنبہ۔صبح کی نماز کے بعد چلے دوپہر کو مولوی مظفر حسین صاحب کی کشتی
بسبب خلل سکان کے ٹھہری اور کشتیاں ایک گاؤں کے قریب آٹھہریں۔ہماری
کشتی میں بھی کچھ خلل تھا اس کی درستی کی ظہر اور عصر وہیں پڑھی بعد نماز مغرب لنگر کیا
آج کہتے ہیں کہ پندرہ کوس چلے۔ ۱۱ر مطابق ۲۵ر سہ شنبہ۔صبح کی نماز بعد چلے دوپہر
کے بعد سب کشتیاں ادائے نماز ظہر کے لئے ٹھہریں۔ہماری کشتی کے ملاحوں نے
کچھ درستی سکان وغیرہ کی کی ایک گاؤں یہاں تھا اسمیں سے شلجم خریدے اور عصر کی
نماز اول وقت پڑھ کر سوار ہوئے عبدالسمیع کی کشتی آگے ہم سے چلی اور شام ہم تینوں
کشتی والوں نے ایک جگہ مقام کیا اور ان کی (عبارت کٹ گئی) ہی رہی اس راہ میں
دریا کے کنارے جھاؤ بکثرت ملتا ہے اور ایندھن سب قافلہ کو ملتا ہے۔ ۱۲ر
مطابق ۲۶ر چہار شنبہ۔آج صبح سے چلے اور راہ میں ظہر کی نماز پڑھی عصر کی نماز کے
وقت لنگر کیا یہاں سے پاک پٹن جانب غرب واقع ہے مولوی محمد قاسم و حافظ
عابد حسین و مولوی مولا بخش صاحبان اسی وقت روانہ ہوئے اور اگلے روز مقام
کی ٹھہری۔ ۱۳ر مطابق ۲۷ر پنجشنبہ۔صبح کے بعد کھانا کھا کر اکثر اہل قافلہ شہر کو

گئے میں بھی گیا۔ چوتھی ریشمی پلہ حضرت کی نذر کے واسطے (عبارت کٹ گئی) اور زیارت مزار حضرت بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کی کی اور مولوی دلاور بخش سے ملا (عبارت کٹ گئی) ملاح اس جائے گھاٹ سے تین کوس بتلاتے تھے مگر قریب پانچ کوس معلوم ہوئے ظہر کی نماز کے بعد چلے اور مغرب کی نماز گھاٹ پر پڑھی۔ اور خطوط وطن کو روانہ کئے ۱۴ر مطابق ۲۸ جمعہ صبح چلے اور راہ میں بسبب ٹوٹ جانے سکان کشتی مولوی صاحب کے دوپہر کے وقت ٹھہرے۔ اور ظہر کی نماز اور عصر کی اوّل وقت وہیں پڑھی ہماری کشتی پیچھے رہی اور شام کو مقام کیا اور تینوں کشتیاں آگے ٹھہریں۔ ۱۵ر مطابق ۲۹ر شنبہ۔ موافق معمول چلے کچھ دور چلے تھے کہ کشتیاں نظر آئیں اور سب ہمراہ راہ میں ظہر کی نماز ادا کی اور عصر کے وقت مقام کیا۔ ۱۶ر مطابق ۳۰ر یکشنبہ۔ صبح سے چلے اور راہ میں ظہر کی نماز پڑھی۔ پھر عصر کے اور مغرب کے وقت ایک گاؤں کے قریب ملکھا نام کے مقام کیا۔ یہاں سے بہاولپور پچاس یا ساٹھ کوس ہے اور چالیس کوس پاک پٹن سے آئے۔ ۱۷ر مطابق ۳۱ر دوشنبہ۔ حسب معمول چلے اور مغرب کے وقت مقام کیا۔ ۱۸ر مطابق یکم جنوری ۱۸۶۱ء سہ شنبہ حسب معمول چلے اور کچھ دن رہے مقام کیا۔ ۱۹ر مطابق ۲ر چہار شنبہ۔ صبح سے چلے اور بیچ میں نمازیں ادا کر کے شام کو مقام کیا۔ ۲۰ر مطابق ۳ر پنجشنبہ۔ آج توقع تھی کہ بہاولپور پہنچیں مگر صبح سے ہوا شدت کی چلی اور کچھ دور چل کے مقام کیا۔ ۲۱ر مطابق ۴ر جمعہ۔ آج بھی کچھ دور چلے تھے کہ ہوا کی شدت ہوئی اور ظہر تک مقام رہا بعد ظہر کے شام تک چلے۔ ۲۲ر مطابق ۵ر شنبہ آج ہوا کم ہوئی اور علی الصباح چلے دوپہر کو بہاولپور کے گھاٹ پر مقام کیا اور اسی وقت اکثر اہل قافلہ اور ہمارے سب ہمراہی شہر کو گئے۔ یہ بستی دریا سے دو ڈھائی کوس ہے اور سب جنس خرید کی۔ ۲۳ر مطابق ۶ر یکشنبہ۔ آج مقام رہا اور بعضے لوگ اسباب خریدنے شہر کو گئے مولوی مولا بخش صاحب بھی گئے اور مولوی محمد مظہر صاحب کی کتابیں چند فروخت ہوئیں ۲۴ر کو جن کی تفصیل اس کتاب میں ہے (بیاض میں ایک جگہ یہ تفصیل تھی مگر نقل نہیں

کی گئی)۔ ۲۴ر مطابق ۷ر دوشنبہ۔ صبح چلے اور شام کو بعد عصر تین کشتیوں نے مقام کیا اور حافظ عبدالرحمٰن کی کشتی کچھ آگے بڑھ گئی تھی۔ ۲۵ر مطابق ۸ر سہ شنبہ صبح چلے سامنے سے کشتی نظر آئی اور سب ہمراہ چلے ظہر کے وقت ایک گاؤں میں سے گھی خریدا اور مغرب کے وقت مقام کیا اس گاؤں سے سات کوس اُچ اور بیس کوس بہاول پور رہا۔ ۲۶ر مطابق ۹ر چارشنبہ۔ حسب معمول چلے کوئی چار پانچ کوس آئے تھے کہ ملاؤ دریا چناب جہلم راوی کا آملا اور پانی بہت گہرا اور صاف اور ٹھنڈا معلوم ہوا دوپہر کو بسبب ہوا کے ٹھہرے یہ کنارہ اچ کے قریب تھا تین کوس اچ کو بتلاتے تھے بعد نماز ظہر آگے کو چلے اور مغرب کے وقت مقام کیا۔ (عبارت کٹ گئی۔) ۲۷ر مطابق ۱۰ر پنجشنبہ۔ کچھ چلے تھے کہ دریائے سندھ بھی آملا۔ اور شام کو کچھ مٹھن کوٹ کے مقام کیا ۲۸ر مطابق ۱۱ر جمعہ صبح چلے راہ میں مٹھن کوٹ کے کنارہ ٹھہرے یہ شہر بہت اچھا ہے اکثر لوگوں نے غلہ وغیرہ خریدا ہم نے کھجوریں لیں اور ایک (پڑھا نہیں گیا۔) شیخ محمد عاقل نظامی خاندان کے بزرگ کی زیارت کی یہ بزرگ خلیفہ مولانا فخرالدین دہلوی کے ہیں اور شام کو حافظ عبدالرحمٰن صاحب کی کشتی آگے بڑھ گئی اور ہماری کشتی نے بیچ میں مقام کیا بعد نماز عصر اور دونوں کشتیاں باقی کچھ ہم سے پیچھے ٹھہریں۔ ۲۹ر مطابق ۱۲ر شنبہ۔ صبح سے چلے اور سب کشتیوں نے ہمراہ مقام کیا اور چاند نظر آیا اور حافظ عابد حسین ایک گاؤں سے گھی خرید کے لائے سے کا ۶ر ثار۔ یکم رجب مطابق ۱۳ر یکشنبہ۔ صبح چلے اور ظہر کے وقت پہلے بسبب ہوا کے ٹھہرے اور وہیں سب نے مقام کیا۔ ۲ر مطابق ۱۴ر دوشنبہ۔ حسب معمول چلے اور شام کو یکجا مقام کیا۔ ۳ر مطابق ۱۵ر سہ شنبہ۔ رات سے ابر محیط آسمان رہا اور ترشح رہا اور ہوا شدت چلی اسی لئے اسی کنارہ مقام رہا اگرچہ بعد ظہر سے ترشح موقوف تھا مگر ہوا شام تک ویسی ہی رہی۔ ۴ر مطابق ۱۶ر چارشنبہ۔ رات کو ابر وہوا موقوف ہوا نماز صبح کی پڑھ کے چلے عصر کے وقت سب کشتیوں نے باہم مقام کیا۔ ۵ر مطابق ۱۷ر پنجشنبہ صبح چلے اور کچھ دن رہے سکھر کے

نزدیک پہنچے اور خیال تھا کہ آج پہنچتے مگر بسبب شام کے مقام کیا۔ ۶ر مطابق ۱۸ر جمعہ۔ بعد نماز صبح چلے اور کچھ دن چڑھے سکھر پہنچے اور جنس آرد و برنج و دال خریدی اور نماز جمعہ مولوی عبدالرحمٰن صاحب کی مسجد میں پڑھی۔ یہ بزرگ بہت بڑے عالم اور نیک ہیں۔ ملاقات ہوئی۔ ۷ار مطابق ۱۹ر شنبہ۔ آج مقام کیا میں نے بھی شہر کی سیر کی خط وطن کو لکھے تلاش میاں عبدالحق کی کی (یہاں عبارت پڑھی نہیں گئی) میں ہیں ان کے پاس معرفت نوکران ٹین صاحب کے خط بھیجا۔ ۸ر مطابق ۲۰ر یکشنبہ۔ صبح ملاح ہماری کشتی کے چھپ کے بھاگ گئے گاما اور اس کا بھائی (یہاں لفظ پڑھا نہیں گیا)۔ ناچار مقام ہوا اور شام تک بندوبست میں مصروف رہے اور مولوی صاحب (یہاں بھی عبارت پھٹ گئی) ۹ر مطابق ۲۱ر دوشنبہ مولوی صاحب عشاء کے وقت روڑی سے آئے اور اس وقت جو (یہاں الفاظ بوجہ پھٹ جانے کے پڑھے نہیں گئے)۔ ہوئیں صبح سے اسی فکر میں لگے ظہر ظہر کے وقت تین آدمی مقرر کئے (یہاں الفاظ پھٹ گئے) یہاں ایک گاؤں ہے کہتے ہیں سکھر سے آٹھ کوس ہے۔ ۱۰ر مطابق ۲۲ر سہ شنبہ۔ صبح نماز پڑھ کے چلے ظہر کی نماز راہ میں پڑھی کچھ دور چلے کہ بسبب اس کے کہ مولوی (یہاں بھی لفظ رہ گیا) بھاگ تھا مقام ہوا یہاں ایک گاؤں نزدیک ہے سکھر سے بیس کوس (یہاں بھی الفاظ پڑھے نہیں گئے تھے۔) کو بسبب ساگ توڑنے کے گاؤں کے لوگ پکڑ لیگئے بعد عشا کے مولوی (یہاں بھی لفظ رہ گیا) وہاں ایک سوار ملا پیران انبہٹہ کا رہنے والا (یہاں کچھ الفاظ پھٹ گئے تھے۔) ۱۱ر مطابق ۲۳ر چہار شنبہ۔ صبح چلے ظہر کے وقت دریا کے کنارہ ایک منڈی اناج کی تھی وہاں ٹھہرے مولوی مولا بخش صاحب بیس روپے کے اناج خرید کے لائے مولوی نورالحسن صاحب آگے چلدئے اور بعد ان کے مولوی مظفر حسین صاحب پھر ہماری کشتی چلی مغرب کے وقت ایک جا مقام ہوا۔ حاجی کی کشتی پیچھے رہگئی۔ ۱۲ر مطابق ۲۴ر پنجشنبہ۔ بعد اشراق چلے ظہر کے وقت حاجی کی کشتی بھی آملی قریب مغرب مقام کیا رات کو ترشح ہوا اور ابر محیط رہا صبح تلک اور ہوا چلتی رہی

۱۳ر مطابق ۲۵ر جمعہ۔ صبح سے چلے عصر کے وقت مقام کیا۔ ابر و ہوا بدستور رہا
اور حاجی کی کشتی ہم سے کچھ آگے ٹھہری۔ ۱۴ر مطابق ۲۶ر شنبہ۔ ابر و ہوا اور ترشح
رات سے رہا۔ صبح سے انتظار ہوا کا کیا قریب ظہر چلے اور سب نے باہم یکجا مقام کیا
ملاح سندھی بخش جو سکھر سے ساتھ ہوا تھا بھاگ گیا۔ ۱۵ر مطابق ۲۷ر یکشنبہ رات
کو ترشح اور ہوا موقوف ہوئی صبح باوجود ابر کے روانہ ہوئے ظہر کی نماز کے وقت شہر لعل
شہباز میں پہنچے اور میاں خدابخش نے اور گاما نے گھن[عہ] کھینچا اور حافظ عابد حسین صاحب
سکان پر رہے۔ یہاں ٹھہرے اور شہر کو دیکھا اور زیارت قبر حضرت لعل شہباز کی کی
یہ شہر خام اور چوبی تعمیر ہے اس شہر کا نام سوان ہے۔ ۱۶ر دوشنبہ۔ صبح چلے راہ
میں ظہر کے وقت ہماری کشتی بسبب درستی سکان کے کچھ ٹھہری عصر کے اول وقت
نماز پڑھ کے چلے قریب مغرب حاجی کی کشتی کے پاس جو ہم سے آگے آ ٹھہری تھی
مقام کیا دونوں کشتیاں پیچھے رہیں آج دو آدمی حاجیوں میں سے دو دو روپیہ کے
نوکر رکھے کشتی کے گھن کھینچنے کے لئے۔ ۱۷ر مطابق ۲۹ر سہ شنبہ صبح سے انتظار
کشتیوں کا کیا جب کچھ دن رہا نہیں گیا، تردد زیادہ ہوا ہم چند آدمی کنارے کنارے
واسطے دریافت حال کے چلے بعض کشتیاں جو ادھر سے آئیں ان سے معلوم ہوا کہ
ہماری روانگی کے بعد ان کے یہاں کے ملاح بعضے بھاگ گئے اور یہ باعث دیر کا ہوا
شام کو بعد عصر دونوں کشتیاں آ پہنچیں ملاحوں کا بھاگنا اور پھر ملاح نوکر رکھنا اور ان
کا انکار اور قافلہ کے لوگوں کا کشتی کھینچ کر لانا بیان کیا شکر الٰہی کیا۔ ۱۸ر مطابق ۳۰ر
چہارشنبہ۔ صبح سے چلے اور ہوا چلتی رہی اور مولوی نور الحسن صاحب کی کشتی کو ان
کے یہاں کے لوگ کھینچ کر ہی شام کو ٹھہر گئے سب کشتیاں یکجا ہوئیں۔ یہاں معلوم
ہوا کہ سوان اور حیدرآباد کے بیچوں بیچ ہے۔ ۱۹ر مطابق ۳۱ر پنجشنبہ۔ صبح سے
چلے بعد نماز ظہر مولوی نور الحسن صاحب کی کشتی کی طرف سے آواز آئی کہ ٹھہرنا چاہیئے
اور وجہ توقف نہ معلوم ہوئی اسی میں تینوں کشتیاں ایک کنارہ آ ٹھہریں اسوقت معلوم

[عہ] مفہوم سمجھ میں نہیں آیا غالباً کوئی اصطلاح کشتی کی ہے ۱۲۔

ہوا کہ مولوی صاحب کی کشتی چکر میں آگئی تھی ان کے لوگ کنارے کو دکر رسی سے اسے
کھینچنے لگے پھر موقع چڑھنے کا نہ ملا اور کشتی میں کوئی کھینے والا نہ رہا۔ اور پانی تیز تھا کشتی کو
اپنے طرز پر لے چلا وہ ایک ریت پر جا چڑھی مولوی مظفر حسین صاحب نے توقف کر
کے ملاح آگے کو بھیجے اور جو لوگ کنارے پر تھے پریشان حال ان کو اپنے یہاں سوار
کیا حاجی کی کشتی آگے بڑھ گئی تھی۔ دو روز سے گرمی نے ظہور پکڑا ہے۔ ۲۰ر مطابق
یکم فروری ۱۸۶۱ء جمعہ۔ صبح سے باہم چلے اور وقت ظہر کوٹلے حیدرآباد میں
پہنچے جانب شرق حیدرآباد واقع ہے بفاصلہ دو تین کوس وہاں جانا نہیں ہوا
اور کنارۂ غربی پر یہ بستی واقع ہے یہ چھاؤنی ہے اور اکثر کارخانہ انگریزی یہاں ہیں
یہاں سکھر سے ہر چیز کا نرخ گراں یہاں پان چھالیہ وغیرہ اشیاء ملے۔ ۲۱ر مطابق
۲ر شنبہ۔ بعد نماز صبح چلے اور ظہر کے بعد ایک شہر جھرک نام کے متصل ٹھہرے دامن
کوہ میں یہ بستی واقع ہے اور ہوا چلنے لگی۔ ۲۲ر مطابق ۳ر یکشنبہ۔ بعد نماز چلے
کچھ دور چلے تھے کہ ہوا بشدت چلی اور کنارۂ شرقی پر مقام کیا تینوں کشتیاں ہم سے کچھ
آگے بڑھ گئی تھیں حاجی کی کشتی بیچ میں دریا کے ایک لکڑ میں اٹک گئی اور شدت ہوا
کی تھی بہت خوف ہوا چنانچہ ملاح مولوی مظفر حسین صاحب کی کشتی کا کشتی کو سواری
زنانہ مردانہ سے خالی کر کے اس کی مدد کو لے گیا اور اس کی سواریاں اور بعض اسباب
اپنی کشتی میں لے کے اور کشتی کو زور لگا کر کھینچا بہت وقت سے اس بلائے ناگہانی
سے نجات ہوئی اور بخیر اللہ نے کنارہ لگایا۔ ۲۳ر مطابق ۴ر دو شنبہ۔ تمام شب
ہوا کی شدت رہی صبح کچھ تخفیف ہوئی تھی سورج نکلے چلے کچھ دور نہیں چلے تھے کہ پھر
ہوا کی شدت بدستور ہوئی ہماری کشتی کنارہ غربی پر لگی اور وہ تینوں کشتیاں کنارہ
شرقی پر اتنا نہ ہو سکا کہ ہم وہاں پہنچتے یا وہ یہاں آتے۔ ۲۴ر مطابق ۵ر سہ شنبہ
ہوا بدستور تمام شب رہی صبح حسب دستور کچھ تخفیف تھی کچھ دور نہیں چلے تھے کہ
پھر ہوا کی شدت ہوئی کشتی کو رسی سے کھینچ کر بہت دقت سے تین کشتیاں کنارۂ
شرقی پر آئیں اور مولوی مظفر حسین صاحب کی کشتی کنارہ غربی پر رہی شام کو وہ بھی

اس کنارہ آگئی ۔ ۲۵ر مطابق ۶ر چارشنبہ رات سے کچھ تخفیف ہوا کو رہی صبح ہوتے ہی سب کشتیاں چلیں اللہ کے فضل سے تمام روز ہوا ر(عبارت کٹ گئی)، اور عصر کے اول وقت مقام کیا ۔ ۲۶ر مطابق ۷ر پنجشنبہ ۔ صبح چلے اور ہوا کی شدت ہوئی تینوں کشتیاں آگے بڑھ گئیں ہماری کشتی پیچھے ایک کنارہ (عبارت کٹ گئی) بعد ظہر کھینچ کھانچ کر ان کشتیوں کے پاس کنارہ لا لگائی ۔ ۲۷ر مطابق ۸ر جمعہ ۔ صبح چلے اور کچھ دور چل کے کچھ ہوا تھی سب کشتیاں ٹھہر گئیں مولوی نورالحسن صاحب کی کشتی پیچھے رہ گئی تھی وہ بھی کچھ دیر بعد وہیں آٹھہری معلوم ہوا کہ چکر کھا کے ایک پہاڑ میں اٹک گئے تھے ۔ ۲۸ر مطابق ۹ر شنبہ ۔ یہاں تک اثر مد و جزر دریائے شور سے پانی گھٹتا بڑھتا ہے ۔ پانی ہٹنے کے ساتھ رات سے چلنے کا قصد کیا مگر صبح چلے اور دوپہر کو بسبب ہوا کے کچھ ٹھہرے پھر عصر کے وقت (عبارت کٹ گئی) ۔ ۲۹ر مطابق ۱۰ر یکشنبہ بعد عشا کے کشتیاں چھوڑیں اور آخر شب میں جب آمد موج کی زیادتی ہوئی صبح تک ٹھہرے بعد نماز پھر چلے ظہر کے بعد سے مزاحمت موج کی پھر ہوئی قبل عصر مقام کیا ۔ ۳۰ر مطابق ۱۱ر دوشنبہ بعد مغرب چلے اور قریب آدھی رات کے پھر آمد موج ہوئی مقام کیا کچھ رات رہے چلے اور صبح کی نماز راہ میں ادا کر کے چلے ہوا کی شدت اور آمد موج ہوئی کشتی کو رسی باندھ کر کھینچ کھانچ کر کنارہ شرقی پر لا لگائی یہ گھاٹ گھوڑا باری کا ہے ایک مختصر بستی یہاں ہے الحمد للہ علی ذلک ظہر کے وقت ۔ یکم شعبان ۱۲۷۰ھ مطابق ۱۲ر سہ شنبہ ۔ کونٹوں کی تلاش رہی اور بعضے لوگ مجھے جانے والی کونٹوں پر کرایہ کر کے روانہ ہوئے شام کو ایک غنجہ مال کا بھرا ہوا آیا اس کا معاملہ شام کے وقت کیا ۔ عدن تک الساء عسے کو کرایہ ہوا ۔ سائی دیدی اور سب نے جا کر اس کو دیکھا ۔ ۲ر مطابق ۱۳ر چارشنبہ صبح اس مرکب کے دیکھنے کو اور مساحت اور تجویز زنانہ مردانہ سواریوں کا کرنے گئے دوپہر کو آئے بعد ظہر سے اہل کشتی سے بالاجمال روپے وصول کر کے عشا تک فراغت پائی ۔ ۳ر مطابق ۱۴ر پنجشنبہ ۔ روپے جا کر ابراہیم سیٹھ مالک غنجہ کو دیئے اور اس

سے اقرار نامہ اسٹامپ کے کاغذ پر لکھوایا اور ناخدا نے غنجہ کو اسباب سے خالی کیا۔ ۴ر مطابق ۱۵ ارجمعہ۔ مقام رہا اور غنجہ میں مٹی بھری اور جگہ کو برابر کیا اور سہارنپور کا قافلہ سکھر سے آگبوٹ پر سوار ہو کر یہاں پہنچا دو گھنٹہ ٹھہر کر کراچی کو روانہ ہوا۔ چودھری رحم علی اور حافظ اللہ دیا ساتھ تھے حجام نانوتہ کے اور شراتن پیچھے رہے۔ ۵ر مطابق ۱۶ ارشنبہ۔ آج ناخدا نے لکڑی اور پانی کا سامان کیا۔ ۶ر مطابق ۱۷ اریکشنبہ۔ ناخدا غنجہ کو لے کر ہماری کشتیوں کے قریب لایا۔ مگر سامنے کی ہوا کے سبب ذرا فاصلہ سے ٹھہرا۔ ۷ر مطابق ۱۸ اردوشنبہ صبح سے سامان اسباب لادنے کا جہاز پر کیا قریب شام کے اسباب لادکر بعضے مرد اور سب عورتیں جہاز میں رہیں اور ہم نے اور بعضے لوگوں نے کنارہ پر رات گذاری ۸ر مطابق ۱۹ ارسہ شنبہ۔ صبح سب سوار ہوئے اور لنگر اٹھا جس جگہ غنجہ اول کھڑا تھا وہاں پہنچ کر مقام کیا۔ ۹ر مطابق ۲۰ رچہارشنبہ صبح لنگر اٹھایا اور کچھ دور چل کے ٹھہرے اور معلم ابراہیم آئے اسی میں ان کے انتظار میں ٹھہرے رہے۔ ۱۰ر مطابق ۲۱ رپنجشنبہ صبح لنگر اٹھایا اور جہاں دریائے شور میں آب سندھ ملتا ہے وہاں ٹھہرے۔ ۱۱ر مطابق ۲۲ رجمعہ۔ سرکاری ہوڑی نے آکر جہاز کو اس جگہ سے کہ جائے خوف تھی نکالا اور تمام دن چلتے رہے۔ ۱۲ر مطابق ۲۳ رشنبہ۔ نصف شب سے ہوا کم ہوئی اور سب کو چکر اور قے آئی معلوم ہوا کہ سہارنپور کا قافلہ اب تک مقیم ہے اور جہاز کرایہ کرلیا السماصہ کو مگر اب تک چلنے (شاید کچھ لکھنے سے رہ گیا)۔

۱۳ر مطابق ۲۴ ریکشنبہ۔ بعد ظہر کراچی بندر پر لنگر کیا بعضے لوگ اسی وقت ہوڑیوں میں بیٹھکر کنارے گئے۔ ۱۴ر مطابق ۲۵ ردوشنبہ۔ صبح اکثر آدمی ہوڑیوں میں کنارے پر گئے ہم بھی گئے سہارنپور کے قافلہ سے ملاقات ہوئی انہوں نے جہاز السماصہ کو کرایہ کیا مگر چلنے میں توقف تھا۔ ۱۵ر مطابق ۲۶ رسہ شنبہ۔ صبح معلوم ہوا کہ بسبب پانی کے آج مقام ہے قاضی فضل الرحمن معہ فوجدار کے کہ نام کوتوال کا اس ملک میں ہے ہمارے جہاز پر آئے کوتوال بسبب تنگی جائے اور کثرت

آدمیوں کے مانع ہوا مگر وہ بلحاظ خاموش واپس گیا اور جہاز قاضی صاحب کو جا کر دیکھا ہمارے جہاز سے کچھ بڑا تھا دوپہر کو ہم اپنے جہاز میں واپس آئے۔ ۱۶ر مطابق ۲۷ر چہار شنبہ آج صبح فوجدار آیا اور حکم سرکاری سنایا کہ یہ جہاز روانہ نہ ہو سکے گا حساب سرکاری سے آدمی اس میں دو گنے ہیں پھر سیٹھ ابن جی مالک بغلہ آیا اس کی صلاح سے فرنگی کے یہاں گئے اور اس باب میں گفتگو کی۔ ۱۷ر مطابق ۲۸ر پنجشنبہ گفتگو باہم اسی مقدمہ میں پیش رہی مولوی مظفر حسین صاحب اور اکثر لوگ کنارے پر اترے اور قافلہ سہارنپور میں شب باش ہوئے۔ ۱۸ر مطابق یکم مارچ ۱۸۶۱ء جمعہ۔ سیٹھ نے ایک اور جہاز جو ۷۰ ٹن تھا تجویز کیا اور بہتر آدمی اس بغلہ کیلئے تجویز ہوئے ہم سب جمعہ کی نماز کے لئے شہر کراچی کو گئے اور نماز جمعہ ایک مسجد میں ادا کی۔ ۱۹ر مطابق ۲ر شنبہ۔ سامان اس نئے جہاز کا ہوتا رہا اور اکثر لوگ شہر میں رہے۔ ۲۰ر مطابق ۳ر یکشنبہ۔ ہم کئی آدمی جہاز کو دیکھنے گئے مٹی اس میں پڑی تھی اور کاغذ لکھوایا اور ہم نے رمضان شریف کے لئے گھی خریدا۔ ۲۱ر مطابق ۴ر دوشنبہ۔ صبح سے اطلاع سرکار میں کی اور اجازت اسباب رکھنے کی ہوئی۔ بعد ظہر سے اسباب رکھا اور بعضے آدمی جہاز میں رات کو سوئے۔ اس کے بعد ۲۲ر مطابق ۵ر سے ۳۰ر مطابق ۱۳ر تک میں کوئی کیفیت نہیں لکھی۔ یکم رمضان ۱۲۷۷ھ مطابق ۱۴ر پنجشنبہ۔ بعد نماز مغرب کراچی سے لنگر تینوں جہازوں کا اٹھایا اور راہ میں تراویح پڑھی۔ ۲ر مطابق ۱۵ر جمعہ۔ ہوا پچھوا چلتی رہی اور خط جنوبی پر جہاز چلا۔ ۳ر مطابق ۱۶ر شنبہ۔ ایضاً۔ ۴ر مطابق ۱۷ر یکشنبہ ہوا بدستور مغربی چلتی رہی اور ہم جنوب کو چلتے رہے۔ ۵ر مطابق ۱۸ر دوشنبہ آج ہوا شمالی چلی اور ہم رخ بمغرب جنوب مغرب کو چلتے رہے۔ ۶ر مطابق ۱۹ر سہ شنبہ کل کی نسبت آج مائل بمغرب رہے۔ ۷ر مطابق ۲۰ر چہار شنبہ مائل بمغرب چلتے رہے شام کو ہوا سست ہو گئی بلکہ نہ چلی۔ ۸ر مطابق ۲۱ر پنجشنبہ۔ آج ہوا بدستور بند ہے۔ اس کے بعد تو تاریخ ۹ر رمضان مطابق

۲۲ر مارچ یوم جمعہ سے ۶ر شوال مطابق ۱۷ر اپریل یوم چہار شنبہ میں کوئی کیفیت نہیں لکھی)۔ ۷ر شوال مطابق ۱۸ر اپریل پنجشنبہ۔ آج بندر مکلا میں پہنچے مولوی نور الحسن صاحب ایک دن پہلے پہنچ چکے تھے ان سے ملاقات ہوئی۔ ۸ر مطابق ۱۹ر جمعہ شہر میں گئے نماز جمعہ ادا کی سہارنپور کا قافلہ منشی ایزد بخش وغیرہ ممبئی کی راہ پہنچے تھے ان سے ملاقات ہوئی (۹ر، ۱۰ر مطابق ۲۰ر، ۲۱ر شنبہ، یکشنبہ میں کوئی کیفیت نہیں لکھی۔ ۱۱ر مطابق ۲۲ر دوشنبہ۔ مولوی نور الحسن مال کے سنبوق پر روانہ جدہ ہوئے۔ ۱۲ر مطابق ۲۳ر سہ شنبہ میں کوئی کیفیت درج نہیں)۔
۱۳ر مطابق ۲۴ر چہار شنبہ۔ مولوی مظفر حسین صاحب مع خلیفہ جی وغیرہ سنبوق پر سوار ہوئے ۱۴ر مطابق ۲۵ر پنجشنبہ۔ آج مولوی مظفر حسین صاحب روانہ ہوئے ۱۵ر مطابق ۲۶ر جمعہ۔ بعد نماز جمعہ سنبوق آیا اور اسباب لادا اور سوار ہوئے۔ ۱۶ر مطابق ۲۷ر شنبہ۔ آج مقام رہا اور بیگم صاحب تن نرزا اترنے کی فکر میں رہے ۱۷ر مطابق ۲۸ر یکشنبہ۔ آج مکلا سے بسواری سنبوق روانہ ہوئے بیگم صاحب مع حاجی الٰہی بخش اتر گئے ۱۸ر مطابق ۲۹ر دوشنبہ سے ۲۰ مطابق یکم مئی ۱۸۶۱ء چہار شنبہ تک ہوا کم چلی۔ ۲۱ر مطابق ۲ر پنجشنبہ۔ آج صبح سے عدن کا پہاڑ نظر آتا ہے آتا رہا۔ دوپہر کو اس کے برابر سے گزرے جہاز اور بغلہ نظر آتے رہے۔ ۲۲ر مطابق ۳ر جمعہ آج کچھ دن چڑھے چلے باب المندب نظر آیا اور ہوا سیدھی تھی بعد دوپہر کو باب سے گزرے اور شکر الٰہی کیا عصر کے قریب بندر مخہ پہنچے اور لنگر کیا۔ ۲۳ر مطابق ۴ر شنبہ۔ آج مقام کیا اور اکثر اہل قافلہ شہر میں گئے زیارت شیخ ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کی کی اور خربوزہ اور تربوزہ اور انب خرید کر کے کھائے پیئے۔
۲۴ر مطابق ۵ر یکشنبہ۔ کچھ رات رہے سے چلے اور رات کو لنگر کیا۔ ۲۵ر مطابق ۶ر دوشنبہ۔ صبح چلے اور ظہر کے وقت حدیدہ میں پہنچے اسی وقت اکثر آدمی شہر کو گئے حجام نانوتہ اور شبراتن ملے۔ ۲۶ر مطابق ۷ر سہ شنبہ۔ صبح لنگر اٹھایا اول ہوا کم رہی پھر کچھ ہوا نکلی شام کو لنگر کیا۔ ۲۷ر مطابق ۸ر چہار شنبہ

بعد نماز فجر لنگر اٹھا ہوا کم رہی دوپہر جزیرۂ کامران میں لنگر کیا۔ اور پانی بھرا ۲۸ر مطابق ۹ر پنجشنبہ بدستور چلتے رہے۔ ۲۹ر مطابق ۱۰ر جمعہ۔ دوپہر جیزان میں پہنچے یہ وطن ناخدا اور مالک سنبوق کا ہے۔ ۳۰ر مطابق ۱۱ر شنبہ آج ہم اتر کر شہر کو گئے اور اور شام کو ناخدا نے کھانا کھلایا اور جامع مسجد میں ٹھہرے۔ یکم ذیقعدہ ۱۲۷۷ھ مطابق ۱۲ر یکشنبہ۔ مقام رہا اور صبح کو ناخدا نے کھانا کھلایا۔ ۲ر مطابق ۱۳ر سے ۶ر مطابق ۱۷ر جمعہ تک مقام۔ ۷ر مطابق ۱۸ر شنبہ۔ بعد نماز صبح جہاز پر گئے اور دوپہر کو لنگر اٹھایا بسبب ہوا سامنے کے کم چلنا ہوا قریب مغرب لنگر کیا۔ ۸ر مطابق ۱۹ر یکشنبہ سے ۱۱ر مطابق ۲۲ر چہارشنبہ تک کوئی کیفیت نہیں لکھی) ۱۲ر مطابق ۲۳ر پنجشنبہ۔ آج کچھ دن چڑھے بندر قنفدہ میں لنگر کیا اور صبح روانہ ہوئے۔ ۱۳ر مطابق ۲۴ر جمعہ (کوئی کیفیت نہیں لکھی) ۱۴ر مطابق ۲۵ر شنبہ۔ آج لیس پہنچے اور جہاز سے اتر کر شہر کو گئے جامع مسجد میں ٹھہرے اور فکر اونٹوں کا کیا۔ ۱۵ر مطابق ۲۶ر یکشنبہ۔ اسباب جہاز سے اتارا بسبب دیر ہو جانے کے شہر میں نہ لا سکے۔ ۱۶ر مطابق ۲۷ر دوشنبہ آج اسباب شہر میں لائے اور ایک مکان اترے۔ ۱۷ر مطابق ۲۸ر و ۱۸ر مطابق ۲۹ر چہارشنبہ (میں کوئی کیفیت نہیں لکھی) ۱۹ر مطابق ۳۰ر پنجشنبہ۔ صبح سے اونٹوں کا کرایہ اور وصول لوگوں سے اور اسباب باندھنے کا فکر کیا بعد مغرب روانہ ہوئے مولوی عبدالرحمن بسبب لڑکا پیدا ہونے کے وہیں مقیم رہے۔ ۲۰ر مطابق ۳۱ر جمعہ۔ قریب ڈیڑھ پہر دن چڑھے منزل خضرا میں اترے حافظ عبدالسمیع صاحب کے اونٹ ہم سے جدا ہو گئے ان کا حال معلوم نہ ہوا۔ ۲۱ر مطابق یکم جون ۱۸۶۱ء شنبہ۔ تمام رات چلے صبح کچھ دن چڑھے سعدیہ میں اترے۔ بعد نماز ظہر غسل کر کے سب نے احرام باندھا اور بعد مغرب چلے۔ ۲۲ر مطابق ۲ر یکشنبہ۔ کچھ دن چڑھے منزل بیضا میں اترے اور قریب عصر روانہ ہوئے۔ ۲۳ر مطابق ۳ر دوشنبہ۔ تمام رات چلتے رہے صبح پہر دن چڑھے مکہ شریف پہنچے طواف بیت اللہ اور سعی کر کے احرام عمرہ سے حلال

ہوئے اور قدمبوسی حضرت کی حاصل کی اور اسی رباط میں مقیم ہوئے دونوں قافلہ ہم سے پہلے جدہ ہو کر پہنچ چکے تھے مولوی نور الحسن ایک دن پہلے اور مولوی مظفر حسین پانچ دن پہلے اور شبراتن بھی۔ ۲۴ر مطابق ۴ر سہ شنبہ۔ آج حافظ عبد السمیع بھی آپہنچے (۲۵ر مطابق ۵ سے ۲۸ر مطابق ۸ تک کوئی کیفیت نہیں لکھی)

۲۹ر مطابق ۹ یکشنبہ۔ آج مولوی عبد الرحمٰن بھی آپہنچے۔ ۳۰ر مطابق ۱۰ر دوشنبہ سے ۷ر مطابق ۱۷ر دوشنبہ (تک کوئی کیفیت نہیں لکھی) ۸ر ذی الحجہ ۱۲۷۰ھ مطابق ۱۸ر سہ شنبہ۔ حضرت مع رفقاء کے بعد نماز صبح اوّل وقت منا کو پیادہ پا تشریف لے گئے اور میں اونٹ پر ہمراہی مولوی مولا بخش صاحب و حافظ عابد حسین صاحب کے کچھ دن چڑھے چلے اور ظہر کے وقت منا میں پہنچے۔ ۹ر مطابق ۱۹ر چہارشنبہ۔ بعد نماز صبح روانہ عرفات کے ہوئے قریب دوپہر پہنچا اور بعد زوال وقوف عرفات ہوا بعد مغرب وہاں سے چل کے مزدلفہ میں عشا اور مغرب کو اکٹھا پڑھا۔ ۱۰ر مطابق ۲۰ر پنجشنبہ۔ صبح مزدلفہ سے چل کے کچھ دن چڑھے منا آئے رمی کی ذبح کیا سر منڈایا طواف کو مکہ گئے شام کو واپس آئے۔ ۱۱ر مطابق ۱۲ر جمعہ۔ رمی کی اور نمازِ جمعہ منا میں پڑھی۔ ۱۲ر مطابق ۲۲ر شنبہ۔ رمی کی اور بعد عصر مکہ شریف کو روانہ ہوئے قریب عشا مکان پر پہنچے۔

حالاتِ سفر

بخطِ خاص

(اسمیں نقشہ مذکورہ کے بعض احوال کا خلاصہ ہے)

حال ۱ جائے مقام سرائے وغیرہ حال ۲ منازل و تعداد آں دوری در خشکی حال ۳ کشتی و اندازہ نرخ و اندازہ جائے آں و متعلقات آں حال ۴ جائے مقام در سفر کشتی و سامان خورد و نوش وغیرہ حال ۵ آب و ہوا ممالک کہ دریں سفر خشکی و تری واقع می شود حال ۶ تحائف و عجائب ہر دیار و دستیابی اشیاء حال ۷ دوری مقامات باعتبار

دریا باندازنقشہ تخمیناً وزبانی مردم۔

حال منازل وتعداد آں و دوری در خشکی از نانوتہ تا فیروزپور

رامپور ۵ کوس۔سہارنپور ۵ کوس۔سرساوہ ۷ کوس۔جگادری ۸ کوس ملانہ ۱۴ کوس۔شہر انبالہ ۱۲ کوس۔پڑاو جلراؤں ۱۰ کوس۔پڑاو ندیان ۹ کوس پڑاؤ گھل ۱۲ کوس۔فیروزپور ۹ کوس۔گھاٹ گندھو ۱۲ کوس۔شہر انبالہ تک بھٹیاری سرائے ملتی ہے۔اور حال ان کا اور سرایوں کا سا ہے آگے پڑاؤ ملتے ہیں کہ مکان ان کے خوبصورت سرائے بنے ہیں مگر تنگ اور مسافروں کی کثرت اور کرایہ مکان کہیں ۱؍ اور کہیں ۲؍ اور کہیں کچھ کم اور بعضی جگہ ادھیلا آدمی اور بعضی جگہ علاوہ کرایہ مکان کے ادھیلا آدمی اور گاڑی کا آدھ آنہ اور کہیں دو[ع] پیسے۔اور انبالہ سے آگے بھٹیاری نہیں ہے یہ سرائیں ٹھیکہ داروں کے پاس ہیں۔اور کھانا چاہے آپ پکاوے چاہے مزدوری سے پکوائے ایک دو بھٹیارے دونوں وقت وہاں آکر چولہا گرم کرتے ہیں۔اور پانی خاص شہر انبالہ میں بہت کم ہے اور اس کی تکلیف ہے اور باقی راہ میں کوئیں ملتے ہیں اور بعد لدھیانہ کے کھاری پانی کہیں کہیں آتا ہے اور کہیں کہیں میٹھا پانی خاص کر بیچ کی دو منزلیں لدھیانہ بہت اچھا شہر ہے۔ہر قسم کی اجناس وہاں دستیاب ہوتی ہیں۔علی الخصوص پشمینہ کا وہاں کارخانہ ہے۔فیروزپور بڑا شہر ہے مگر لدھیانہ کی نسبت وہاں اجناس کم ملتی ہیں اور چھاؤنی اور شہر کچھ فاصلہ سے واقع ہے مگر چھاؤنی کچھ چنداں آباد نہیں بخلاف چھاؤنی انبالہ کے کہ باوجودیکہ شہر سے چار پانچ کوس ہے مگر نہایت پر رونق اور لاہوری نمک اس ملک میں بکثرت ملتا ہے اور سانبھر کم۔اور لدھیانہ میں گوڑ بہت اچھا ملتا ہے آگے وہاں سے پھر مٹھائی اچھی نہیں ملتی اور جفت پاپوش پنجابی جتنے خوش وضع لدھیانہ اور اس کے اطراف میں ملتے ہیں ایسے آگے نہیں ملتے۔اور لدھیانہ میں لنگیاں

[ع] مراد منصوری پیسہ جو ڈبل سے کم ہوتا ہے ۱۲

پنجابی بہت اچھی ہوتی ہیں اور سوسی اور دری شہر انبالہ کی قابل پسند ہے اور چھاؤنی انبالہ میں یہ اجناس نہیں ملتی بلکہ مال ہندوستانی اور اسباب انگریزی کا اس میں بہت چلتا ہے فیروزپور لدھیانہ سے قریب ساٹھ کوس ہے اور راہ میں آٹھ جگہ بمسافت مختلف پڑاؤ بنے ہیں مگر اکثر مسافر اس کو چار روز میں یا تین روز میں طے کرتے ہیں اس سبب سے بعضی منزلیں بہت بڑی اور بعضی چھوٹی کرنی پڑتی ہیں اور راہ میں اور جگہ ٹھہرنے کی کہیں نہیں۔ پڑاؤ سہرند سے کہ ایک گاؤں بارہ نام کے پاس واقع ہے شہر کوئی کوس بھر سے کچھ زائد ہوگا اور مزار حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا اور ان کے صاحبزادوں کے مزار اجاڑ کے اندر شہر سے کچھ فاصلہ سے واقع ہیں یہ شہر کبھی بہت بڑا ہوگا اب نہایت اجاڑ اور خراب ہے۔ صابون لدھیانہ سے بہتر آگے نہیں ملتا۔ گھاٹ ستلج کا لدھیانہ سے کوئی چار پانچ کوس ہے۔ اور وہاں سے بھی کشتیاں کرایہ ہوتی ہیں مگر وہاں کی کشتیاں چھوٹی اور تنگ اور سکھر تک جانیوالی ہوتی ہیں اور کرایہ میں کچھ بہت تخفیف نہیں ہوتی اور فیروزپور کا گھاٹ شہر سے پانچ چھ کوس ہوگا۔ حال کشتیوں کا یہ ہے کہ یہاں دو قسم کی کشتیاں اکثر ملتی ہیں۔ ایک چپو کہ لدھیانہ میں بکثرت اور فیروزپور میں کم ہوتا ہے اور صورت اس کی مثلث ناتمام کی سی ہوتی ہے اور ایک بلند مخروط مجوف اس کے اوپر سرکی طرف کھڑا ہوتا ہے بطرز پردے کے اسکے اندر جھاؤ کی لکڑیاں بچھا کے اوپر گھاس کے بنے ہوئے فرش بچھاتے ہیں اور ٹٹیاں سرکی کی لگا کر مکان بنا دیتے ہیں اور حال اس کا باقی ہمیں خوب معلوم نہیں ہوا کہ اس میں کیا راحت اور کیا تکلیف ہے کیونکہ اسمیں اتفاق سواری کا نہیں ہوا اور دوسری قسم زورق یا کشتی اس کی ہیئت ہمارے ملک کی کشتیوں کی سی ہوتی ہے اس کی تہ میں جو لکڑیاں لگی ہوتی ہیں ان پر جھاؤ کی لکڑیاں بچھا کر بدستور فرش کرتے ہیں اور سرکی کا مکان بنا کر سرکی کا چھپر ڈالدیتے ہیں گنجائش ان کشتیوں کی مختلف ہے اور کرایہ بھی مختلف۔ ہماری کشتی جس میں ہم سوار ہوئے ہیں تین گز عرض اور ۱۸ گز طول بیچ میں ایک نالی قریب

گز بھر کے پانی نکال لنے کے لئے بنی ہوتی ہے اور اس کے ایک جانب کوئی چار گز طول اور تین گز عرض میں مردانہ مکان مقرر کیا اور اُس میں بارہ آدمی کے لیٹنے کی گنجائش اس طرح نکلی کہ اسباب کو ایک دو بلیاں کہ ایک پہلے سے لگی ہوئی تھی اور ایک ہم نے لگائی اون پر لگایا اور ایک دو بانس چھت میں رگا کر ایک جانب ایک مختصر ٹانڈ بنایا اس پہ بعضا ہلکا اسباب رکھا۔ اور کپیاں گھی اور تیل کی چھپر میں اور ٹٹیوں میں لٹکا دیں اور نالی چھوڑ کر باقی پانچ گز سے کچھ زیادہ طول میں زنانہ مکان تھا جس میں پندرہ عورتیں اور چھ بچے شیر خوار اور تین لڑکے دس گیارہ برس کی عمر کے لیے جگہ مقرر ہوئی اور اس کشتی میں نہایت آسائش ہے اور سفر بہت آسان مگر جگہ کی گنجائش شرط ہے۔ حتی المقدور زیادتی کرایہ پر لحاظ نہ کرے۔ جتنے آدمی کم ہو سکیں اتنی خوبی ہے یہ کشتی ایک سو تیس روپیہ کو کرایہ ہوئی اور پندرہ روپیہ چھپر بندی میں صرف ہوئے اور لوگوں سے وصول اس طرح ہوا کہ ستائیس مرد و عورت سے فی کس پانچ روپیہ جس کے ۱۳۵ روپے ہوئے اور چھ روپیہ چھ شیر خوار لڑکوں سے اور سات روپیہ تین بڑی عمر کے لڑکوں سے وصول ہوئے کل ایک سو اڑتالیس[۱۴۸] روپیہ جس میں سے کرایہ اور خرچ چھپر بندی ۱۴۵ روپیہ محسوب ہوئے اور باقی تین روپیہ متفرق ضروریات کے لئے رکھے جیسے چپڑاسی گھاٹ کو چار آنہ دئے اور چال کشتی کی اُچ تک کہ بہاولپور سے میں کوس آگے ہے اور وہاں پانچوں دریا پنجاب کے آملے ہیں۔ اگر صبح سے شام تک چلے پندرہ یا سولہ کوس سے زائد نہیں اور آگے اُس سے مٹھن کوٹ تک کہ اُچ سے تیس چالیس کوس ہے اور وہاں دریائے سندھ جس کو اباسین اور اٹک کہتے ہیں آملتا ہے قریب ۱۸ یا بیس کوس اور اس سے آگے ۲۰ کوس یا کچھ زائد اس سے اور بحساب نقشہ تخمیناً سہارنپور سے فیروزپور تک ۱۵۰ کوس اور فیروزپور سے بہاولپور تک ۱۹۰ اور بہاولپور سے حیدرآباد تک ۳۲۵ اور حیدرآباد سے گھوڑا بارگ تک ۷۵ کوس اور حال ملاحوں کا یہ ہے کہ ملاح مسلمان اس دیس کے رہنے والے ہیں اور مبتدع ہر دم کشتی کے چلنے میں مدد بہا ، الحق اور ایسے الفاظ کہتے ہیں اور پابند

خیالات کے کبھی مقدار راہ کی نہیں بتلاتے اور بتلا دیں تو غلط بتلا دیں اور اس امر کو منحوس سمجھتے ہیں اور ہوا کا چلنا کشتی کے لئے بہت مضر ہے ایسا ہی مینہ کا برسنا اگر ہوا مخالف ہو تو اکثر مقام رہتا ہے اور موافق ہوا میں بھی دشواری ہوتی ہے اور نماز کشتی میں بہت دشواری سے ہوسکتی ہے حتی المقدور کنارہ پر اتر کر پڑھے عورتیں اندر نماز پڑھ لیتی ہیں اور جتنا ملاحے لوگ یعنی ملاح خوش رہیں اتنی اکثر آسانی رہتی ہے اور یہ لوگ غریب آدمی ہوتے ہیں تھوڑے سے کھانے دینے میں یا کچھ کپڑا پھٹا پرانا دینے سے راضی ہو جاتے ہیں اور ان کے ساتھ منت اور درگزر سے بہت کام چلتا ہے اور کشتی تمام روز چلتی ہے اور رات کو دریا کے کنارے ٹھہر جاتی ہے۔ سب کنارہ اتر کر کھانا پکا لیتے ہیں اور صبح کا کھانا سویرے رات سے اٹھ کر پکا رکھتے ہیں بعد نماز کے اکثر کشتی چلتی ہے کشتی میں بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں پانی اس دریا کا بہت ہاضم اور ٹھنڈا اور خوشگوار ہے۔ کھانا ڈیوڑھا ہو جاتا ہے مگر آخر میں کچھ ریاح کے غلبہ کی شکایت لوگوں نے کی اس لئے چار چیزیں جیسے گرم مصالحہ اور ادرک اور کثرت مرچ کی چاہیئے ہم لوگ اکثر دو وقتہ کھانے کے سوا بعد ظہر کے بطرز نقل تلوشکے اور چنے کی دال اچھے کھانے کے موافق کھاتے رہے اور کسی روز کسی کو کچھ گرانی معلوم نہ ہوئی اور دریا کے کنارہ اکثر جنگل جھاؤ کا یا ریگستان، ملتا ہے اور ایندھن بکثرت ملتا ہے اور کنارے دریا کے کہیں کہیں کوئی گاؤں یا بستی ملتی ہیں کسی میں کوئی چیز کھانے پینے کی ملے یا نہ ملے۔ اس لئے سب سامان فیروز پور سے یا اور شہروں سے جو راہ میں آتے ہیں خرید کے رکھ لے۔ اور بعضے گاؤں میں گوشت بھی ہاتھ آجاتا ہے اور کہیں کہیں شلجم بھی ملتے ہیں۔ فیروز پور سے چل کے ساتویں دن پاک پٹن شریف کے گھاٹ پر پہنچے یہ شہر گھاٹ سے قریب پانچ کوس کے جانب غرب واقع ہے اور اس میں مزار حضرت مخدوم بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے صاحبزادی اور پوتے کا یکجا اور ان کے ایک خلیفہ حضرت شیخ بدر الدین اسحٰق کا ایک دوسری جگہ اور مسجد میں واقع ہے ہم لوگ گئے تھے اور مشرف بزیارت ہوئے۔ یہ شہر

مختصر ہے چوتھی یہاں کا تحفہ ہے پھر پاک پٹن سے چل کے نو روز میں بہاولپور پہنچے۔
یہ شہر کنارہ شرقی سے قریب دو تین کوس کے فاصلہ سے واقع ہے اور یہاں کی لنگی
ریشمی مشہور ہے اور پنڈ کھجور یہاں سے ملنے لگتی ہے۔ یہاں سات سیر کی خریدی تھی
اور اکثر اجناس یہاں ملتی ہیں بہاولپور سے چل کے تیسرے روز تین دریا راوی جہلم
چناب آملتے ہیں۔ یہاں سے شہر اچ نزدیک ہے اور مزار حضرت جلال بخاری
کا وہاں واقع ہے اور کنارہ سے تین کوس کہتے تھے۔ مگر ہمیں اتفاق وہاں جانے کا نہ
ہوا وہاں سے چل کے اگلے روز دریائے سندھ جسے اباسین اور اٹک بھی کہتے ہیں آملتا
ہے اس نزدیکی میں سردی زیادہ ہوئی اور فیروزپور میں البتہ سردی تھی آگے چل کے
روز بروز سردی کم ہوتی تھی یہاں دو تین روز سردی زیادہ ہوئی اس سے اگلے روز مٹھن
کو راہ میں دیکھا یہ شہر عین کنارہ پر واقع ہے اور مختصر سی بستی ہے اور خوشنما یہاں
بھی پنڈ کھجور انار کی ملی اور ہر قسم کے اجناس غلہ وغیرہ بعضے لوگوں نے یہاں سے
خریدا یہ جگہ متعلق ڈیرہ غازی خاں ہے اس گھاٹ پر کشتی لکھی جاتی ہے اور اگلے
گھاٹ پر ایک کاغذ سند کا یہاں سے پہنچاتے ہیں۔ اس میں ایک دو پیسے صرف
ہوتا ہے یہاں سے دریا بہت بڑا ہے اس شہر میں ایک مزار شیخ محمد عاقل خلیفہ
مولانا فخر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے بہت مکان خوبصورت اور خوش وضع
اور جائے برکت ہے۔ ہم نے بھی زیارت کی ساتویں روز وہاں سے سکھر پہنچے بیچ میں
ایک مقام ہوا بسبب مینہ کے اور ایک روز کم چلنا ہوا اور جس روز پہنچے کچھ دن
چڑھے جا پہنچے یہ شہر کنارہ غربی پر واقع ہے اور بھکر اسی میں شامل اور چھاؤنی اور نئی
آبادی سب مل کے ایک بستی ہے اور کنارہ شرقی پر بفاصلہ ایک کوس تخمیناً
روہڑی واقع ہے۔ یہ شہر بھی بہت آباد ہے اور وہاں موئے شریف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی ہے کہتے ہیں کہ بہت معتبر اور سندی ہے
سکھر میں ہر طرح کی اجناس بہت ملتی ہیں اور بڑی تجارت کی جگہ لاکھوں من کے اناج
کی آمد و رفت ہے صدہا اونٹ لدا آتا ہے اور صدہا جاتا ہے اور یہی حال کشتیوں

کا ہے اور ان دنوں بسبب قحط ہمارے اطراف سے اناج ادھر کو بہت جاتا تھا اور
اس سے وہاں بھی گرانی تھی ۸ اثار آٹا اور چاول خریدے اور اکثر اسباب انگریزی
اور اجناس کشمیری وغیرہ یہاں ملتی ہے ہمارے رفقاء نے جو پان کھاتے تھے
یہاں بہت توقع سے تلاش کی پر پان نہ ملے اس ملک میں کچھ چرچا نہیں یہاں بہت
درخت کھجور کے ہیں یہاں پنڈ کھجور پیسے فی من ملی ہمارے ساتھیوں نے ایک من خریدی
یہاں ایک واقعہ عجیب پیش آیا از بس کہ اس ملک کے لوگ معاملہ کے نہایت سست
اور اقرار کے بہت کچے اور اکثر بے ایمان ہوتے ہیں جو نوکر ہماری کشتی کے ملاح نے نوکر
رکھے تھے اس سے اول ناخوشی اظہار کرتے رہے اور یہ خبر سنی کہ اکثر آدمی نوکر کشتیوں
کے بھاگ جاتے ہیں ان کو نہایت خوشامد سے باہم مصالحہ کیا وہ دغا سے رات کو بھاگ
گئے ایک کشتی والا اور ایک اس کا بھائی تنہا رہ گئے۔ اور یہاں سکھر میں بسبب کثرت
اناج بھیجنے کے کرایہ بھی مہنگا تھا اور آدمیوں کو تنخواہ کی نوبت دونے تگنے کی تھی اور اس
پر بھی ہاتھ نہیں آتے تھے آخر کشتی والے سے بہت گفتگو آئی اور سب قافلہ کو ہمارے
سبب ضرورت مقام ہوئی اور نوبت درشتی کی پہنچی قصہ مختصر بہت اُتار چڑھاؤ کے
بعد کشتی والا احمق اس پر راضی ہوا کہ مجھے پندرہ روپیہ دو اور ایک چٹھی دو مہاجنوں کے ذریعہ
اس اقرار سے لکھ دے کہ یہ گھوڑا بارگ پہنچ کرادا کروں گا شام کو یہ معاملہ پھر اکھڑ گیا
غرض صبح کو ایک آدمی ایک دوسری کشتی ہمراہی سے لیا اور ایک مسکین حاجی کو دو
روپے اور کھانے پر مدد کے لئے مقرر کیا۔ اور ایک آدمی سکھر سے نوکر رکھا وہ آدمی راہ
میں سے بھاگ گیا دو آدمی قافلہ میں سے ہم نے اپنے روپے سے نوکر رکھے اور کھانا
اپنے ذمہ کیا اس پریشانی سے یہ بندوبست ہوا اور راہ میں سے مولوی نور الحسن صاحب
کی کشتی کے آدمی بھاگ گئے کشتی والا اور ایک آدمی باقی رہ گیا۔ سوان شہر میں انہوں نے
دو آدمی نوکر رکھے وہ پھر گئے بہت دشواری سے ان سے اپنا روپیہ لیا اور ایک روز حرج
کیا اور کشتی کے آدمی مولوی صاحب کے بیٹے وغیرہ کشتی کو کھے کر لائے اور یہ دشواری
یوں معلوم ہوا کہ اسی سال میں پیش آئی ہے۔ اس امر کے لئے چاہیئے کہ جب کشتی کرایہ

کرے ایک اقرار نامہ اسٹامپ پر لکھوالے تاکہ ریاست انگریزی میں سماعت ہو سکے اور یہ اقرار ہو کہ گھوڑا بارگ پہنچانا راہ میں جو کچھ پیش آوے ہمیں عذر نہ ہوگا اس وقت کشتی والوں پر اس کا بوجھ رہے اور وہ درصورت دیگر مجرم ہوں گے۔ اور مستحق قید اور جرمانہ کے ورنہ یہ جواب دیتے ہیں کہ ہم کیا کریں آدمی بھاگ گئے ہمارا روپیہ لے گئے ہم لٹ گئے۔ ہم اب کیا کریں اور جانتے ہیں کہ مسافر بیچارہ آپ ناچار ہو کر یا کشتی چھوڑ دے گا یا اپنا کچھ خرچ کر کے پہنچیگا اور یہ بھی چاہیئے کہ روپیہ کرایہ کا کچھ نہ کچھ باقی رکھے گھوڑا بارگ تک اور کشتی کا کرایہ دوہر تک کرنا بہتر ہے کبھی بیچ میں سے نہ کرے اور ایسا ہی لدھیانہ سے ہرگز نہ کرے وہاں کی کشتیاں سکھر تک آتی ہیں ہم نے جس کرایہ کو کشتیاں فیروزپور سے گھوڑا بارگ تک کئے تھے سکھر سے گھوڑا بارگ تک کچھ اس کے قریب کو ہوئی تھی۔ بالجملہ سکھر سے چل کے آٹھویں دن شہر سوان میں پہنچے۔ یہاں مزار حضرت لعل شہباز قلندر کا مشہور زیارت گاہ اور سائلوں کا بہت ہجوم۔ یہ بستی بھی بہت اچھی ہے خام اور چوبی تعمیر اکثر ہے میں نے بھی اس شہر کو دیکھا اور زیارت حضرت لعل شہباز کی بہت شان وشکوہ کی زیارت ہے یہاں بہت حاجتمند آتے ہیں اور پڑے رہتے ہیں اور مانگ کر کھاتے ہیں اور اپنے عقیدہ کے رو یہاں سے مرادیں پاتے ہیں۔ سوان سے چل کے پانچویں روز کوٹلے پہنچے یہ بستی کنارہ غربی پہ واقع ہے۔ اور کنارہ شرقی کوئی دو کوس حیدرآباد سندھ واقع ہے یہ بستی بہت آباد ہے بعض، چھاؤنیوں کے اور اکثر چیزیں ملیں پان بھی ملے نرخ یہاں کا سکھر کی نسبت گراں ہے یہاں سے گھوڑا باگ دس روز میں پہنچے سوا ایک منزل کے کوئی منزل ایسی نہ ہوئی کہ اکثر روز میں چلنا ہوا ہو تین دن کا راہ تھا اول تو ہوائے مخالف کی شدت رہی دوسرے مدوجزر دریائے شور کے اثر سے کئی منزل سے دریائے سندھ کا پانی بھی مدوجزر میں آتا ہے اس کا لحاظ کر کے چلنا ہوا۔ تیسرے ایک نالہ ہٹوا نام جسمیں کو راہ کشتیوں کا ہے دریائے سندھ سے جدا ہو کر غرب کی جانب بہکر دریائے شور میں جا ملتا ہے اس کی چکر ایسی ہے کہ شرقاً غرباً دو کوس تک جا کر ہٹ آیا ہے سارے دن میں چار

کوس سیدھے طے نہیں ہو سکتے غرض کچھ کم دو مہینے میں فیروز پور سے یہاں تک پہنچے یہ بستی دریا کے کنارہ انگریزی آبادی ہے۔ اور غلہ کے اجناس یہاں بکثرت ہیں باقی اشیاء کمیاب کشتیاں اور ڈنگو اور کونٹ سیکڑوں آتے جاتے رہتے ہیں بمبئی کو یہاں آمد و رفت بہت ہے اور قدیمی آبادی یہاں سے کچھ فاصلہ سے ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اب کچھ آباد نہیں یہ سفر دریا کا دیر طلب ہے اور بے اختیاری کا جو کوئی آگے پیچھے ہو جاوے پھر ملنا وقت ہے باقی سواری بے تکان جو کام چاہو کشتی میں کرتے رہو۔ سوتے جاگتے لکھتے پڑھتے چلے جاؤ کسی کام کا حرج نہیں مگر ٹھہرنا اور کنارہ اترنا اپنے قابو میں نہیں گاڑی کے سفر میں تکان اور اسباب اتارنا لگانا وقت رہتی ہے اور اتنا بوجھ نہیں لدھ سکتا۔ اور ان دنوں اس طرف میں قحط بھی تھا اور اس جانب میں ارزانی بہر حال اس سفر میں آسائش بہت ہے اور حرج بھی اور خشکی کے سفر میں تکلیف بہت اور حرج بھی اور خشکی کے سفر میں تکلیف بہت اور حرج کم باقی جو واقعہ خوفناک دریا میں پیش آسکتا ہے۔ اس کے مشابہ خشکی کے سفر میں بھی ممکن ہے۔

حالات سفر دوم حج

بخط دیگر

سنہ ۱۲۹۴ھ پنجشنبہ یکم ذیقعدہ بحساب یکم شوال چہارشنبہ بعد نماز صبح از بمبئی روانہ شدہ۔ بنواخت سہ بر مرکب دخانی رسیدیم و سامان لنگر برداشتن از نواخت مادو شد بعد چار لنگر برداشتہ روانہ شدند باز توقف کرد باز روانہ شد آخر بعد مغرب از کھاڑی خارج شدہ در دریائے اعظم رسیدیم در روز جمعہ ہم شوال بنواخت دوازدہ دلہ عدن رسیدیم ولنگر انداختند۔ بقیہ روز جمعہ و شب شنبہ توقف ماندمال عدن خارج کردند مال حدیدہ و جدہ از یکجائے در جائے دیگر انگندند و برائے مساوات وزن در روز شنبہ بوقت عصر سامان لنگر برداشتن شد و قبل مغرب حرکت کرد و بعد

مغرب روانہ شدیم آخر شب روشنی مینار باب المندب بنظر آمد و بعد طلوع، صبح صادق از باب کبیر جانب یسار گذشتیم و باب صغیر بہ یمین ماند۔ از صبح ہوائے موافق در خواہش است وقدرے تلاطم و جہاز در حرکت است سہ شنبہ سیزدہم ذیقعد ۱۲۹۴ھ ہجری امید بود کہ بجدہ رسیم مگر بسبب آنکہ خوف بود کہ روز آخر شود و لیشب رسیدن دشوار حرکت کم کردند تمام شب ہمیں طور ماند صباح چہار شنبہ چاردہم ذیقعدہ جبل جدہ بنظر می آمد مگر کپتان جہاز و دربان اختلاف کردند و راہ گم کردند آخر بنواختن دہ از اتفاق ماہی گیر کہ در وقت رسید و خضر راہ شد بالجملہ بہ یازدہ لنگر انداختند و در وقت ظہر بجدہ رسیدیم بر کنار با عبد اللہ مستان ملاقات شد۔

ولادت جناب مولانا محمد یعقوب صاحب بخط دیگر | ۱۲۴۹ھ ۱۳ تاریخ صفر کو جناب مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب پیدا ہوئے و نام تاریخی منظور احمد و غلام حسنین و شمس الضحیٰ ہست۔

وفات زوجۂ اولیٰ جناب مولانا محمد یعقوب صاحب بخط خاص | واقعہ ۱۲۹۲ھ شب چہاردہم رمضان المبارک روز جمعہ بوقت نواختن دہ گھنٹہ شب انتقال زوجۂ محمد یعقوب عمدۃ النساء اسم با مسمی بنت شیخ کرامت حسین مرحوم والدہ معین الدین و قطب الدین و علاء الدین و جلال الدین و فاطمہ و خدیجہ کہ دید برائے یاد نوشتہ شد و بروز جمعہ دفن شد

چو ذات الصدع گفتم بے سر دل ازیں تاریخ ایں ماتم ہویدا

